روحانی خزائن

تصنیفات

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

۸

ISLAM
INTERNATIONAL
PUBLICATIONS LTD

روحانی خزائن

مجموعہ کتب حضرت مرزا غلام احمد قادیانی
مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام
(جلد ہشتم)

Ruhaani Khazaa'in

(Volume 8)

Collection of the books of Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian,
The Promised Messiah and Mahdi (1835-1908), peace be upon him.
Volumes 1-23

© Islam International Publications Ltd.

First Published in Rabwah, Pakistan in the 1960s
Reprinted in the UK in 1984
Reprinted in 1989
Second edition (with computerized typesetting) published in 2008
Reprinted in the UK in 2009
Published in Qadian, India in 2008 (Vol. 1-10)
Present edition published in the UK in 2021

Published by:
Islam International Publications Ltd
Unit 3, Bourne Mill Business Park,
Guildford Road, Farnham, Surrey, GU9 9PS UK

Printed in Turkey at:
Levent Offset

ISBN: 978-1-84880-134-9 (Set Vol. 1-23)
10 9 8 7 6 5 4 3 2 1

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب
کے مطالعہ کے متعلق

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس
ایّدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

کا

احباب جماعت کے نام

پیغام

روحانی خزائن کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن ۲۰۰۸ء
کی اشاعت کے موقع پر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

وعلٰی عبدہِ المسیح الموعود

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصــــر

وَاجْعَلْ لِّی مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا

امام جماعت احمدیہ

لندن

10-8-2008

پیغام

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے　　اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

اللہ تعالیٰ نے وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ کے مصداق حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس زمانے کے امام اور مہدی کے طور پر مبعوث فرمایا کہ تا اس کی توحید کا دنیا میں بول بالا ہو اور ہمارے پیارے نبی اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی اور قرآن کریم کی صداقت دنیا پر روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے۔

قرآن کریم اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات مبارکہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہی وہ زمانہ تھا کہ جب اسلام کی اشاعت اور تبلیغ ساری دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے سامان اس خدائے قادر مطلق نے پہلے سے مقرر کر رکھے تھے۔ اسی لئے اس زمانے میں سائنسی ایجادات اتنی تیزی اور کثرت سے ہوئی ہیں کہ انسانی عقل وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَھَا کے مصداق حیران ہو جاتی ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے کہ جس کے بارے میں وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ کی پیشگوئی فرما کر یہ بتلا دیا کہ اس زمانے میں ایسی ایسی ایجادات ہوں گی کہ کتابوں اور رسالوں کی نشر و اشاعت عام ہو جائے گی۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”اور نشر صحف سے اس کے وسائل یعنی پریس وغیرہ کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو کہ اللہ نے ایسی قوم کو پیدا کیا جس نے آلات طبع ایجاد کئے۔ دیکھو کس قدر

پریس ہیں جو ہندوستان اور دوسرے ملکوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے تا وہ ہمارے کام میں ہماری مدد کرے اور ہمارے دین اور ہماری کتابوں کو پھیلائے اور ہمارے معارف کو ہر قوم تک پہنچائے تا وہ ان کی طرف کان دھریں اور ہدایت پائیں"۔ (آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۴۷۳)

ایک اور کتاب میں آپؑ فرماتے ہیں:

"کامل اشاعت اس پر موقوف تھی کہ تمام ممالک مختلفہ یعنی ایشیا اور یورپ اور افریقہ اور امریکہ اور آبادیٔ دنیا کے انتہائی گوشوں تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہی تبلیغ قرآن ہو جاتی اور یہ اس وقت غیر ممکن تھا بلکہ اس وقت تک تو دنیا کی کئی آبادیوں کا ابھی پتا بھی نہیں لگا تھا اور دور دراز سفروں کے ذرائع ایسے مشکل تھے کہ گویا معدوم تھے...... ایسا ہی آیت وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ اس بات کو ظاہر کر رہی تھی کہ گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اور ہدایت کا ذخیرہ کامل ہو گیا مگر ابھی اشاعت ناقص ہے اور اس آیت میں جو مِنْهُمْ کا لفظ ہے وہ ظاہر کر رہا تھا کہ **ایک شخص اس زمانہ میں جو تکمیل اشاعت کے لئے موزوں ہے مبعوث ہوگا جو آنحضرت** صلی اللہ علیہ وسلم کے رنگ میں ہوگا...... اس لئے خدا تعالیٰ نے تکمیل اشاعت کو ایک ایسے زمانہ پر ملتوی کر دیا جس میں قوموں کے باہم تعلقات پیدا ہو گئے اور برّی اور بحری مرکب ایسے نکل آئے جن سے بڑھ کر سہولت سواری کی ممکن نہیں۔ اور کثرت مطابع نے تالیفات کو ایک شیرینی کی طرح بنا دیا جو دنیا کے تمام مجمع میں تقسیم ہو سکے۔ سو اس وقت حسب منطوق آیت وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ اور حسب منطوق آیت قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے بعث کی ضرورت ہوئی اور ان تمام خادموں نے جو ریل اور تار اور اگن بوٹ اور

مطابع اور احسن انتظام ڈاک اور باہمی زبانوں کا علم اور خاص کر ملک ہند میں اردو نے جو ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایک زبان مشترک ہوگئی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بزبان حال درخواست کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم تمام خدام حاضر ہیں اور فرض اشاعت پورا کرنے کے لئے بدل وجان سرگرم ہیں۔ آپ تشریف لایئے اور اس اپنے فرض کو پورا کیجئے کیونکہ آپ کا دعویٰ ہے کہ میں تمام کافہ ناس کے لئے آیا ہوں اور اب یہ وہ وقت ہے کہ آپ ان تمام قوموں کو جو زمین پر رہتی ہیں قرآنی تبلیغ کر سکتے ہیں اور اشاعت کو کمال تک پہنچا سکتے ہیں اور اتمام حجّت کے لئے تمام لوگوں میں دلائل حقانیت قرآن پھیلا سکتے ہیں تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت نے جواب دیا کہ دیکھو میں بروز کے طور پر آتا ہوں۔ مگر میں ملک ہند میں آؤں گا۔ کیونکہ جوش مذاہب واجتماع جمیع ادیان اور مقابلہ جمیع ملل ونحل اور امن اور آزادی اسی جگہ ہے"۔

(تحفہ گولڑویہ، روحانی خزائن جلد ۱۷ صفحہ ۲۶۰-۲۶۳)

سو اس زمانے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ساری دنیا تک پہنچانے اور اسلام کی سچائی کو ساری دنیا پر ثابت کرنے اور خدائے واحد و یگانہ کی توحید کا پرچار کرنے کے لئے اسلام کا یہ بطل جلیل، جری اللہ، سیف کا کام قلم سے لیتے ہوئے قلمی اسلحہ پہن کر سائنس اور علمی ترقی کے میدان کارزار میں اترا اور اسلام کی روحانی شجاعت اور باطنی قوت کا ایسا کرشمہ دکھایا کہ ہر مخالف کے پرخچے اڑا دیے اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کا پرچم پھر سے ایسا بلند کیا کہ آج بھی اس کے پھریرے آسمان کی رفعتوں پر بلند سے بلند تر ہو رہے ہیں اور ساری دنیا پر اسلام کا یہ پیغام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تحریرات کے ذریعہ پھیل رہا ہے اور پھیلتا رہے گا۔ مسیح محمدی کی زندگی بخش تحریرات کی ہی یہ برکت ہے کہ ایک جہان روحانی اور جسمانی احیاء کی نوید سے مستفیض ہو رہا ہے اور صدیوں کے مردے ایک دفعہ پھر زندہ ہو رہے ہیں اور ایسا کیوں

نہ ہوتا کہ اسلام کی گزشتہ تیرہ صدیوں میں صرف آپ کا ہی کلام ایسا تھا جسے کبھی خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے ''مضمون بالا رہا'' کی سند نصیب ہوئی تو کبھی الہاماً یہ نوید عطا ہوئی کہ:

''در کلامِ تو چیزے است کہ شعراء را دراں دخلے نیست۔ کَلَامٌ اُفْصِحَتْ مِنْ لَّدُنْ رَّبٍّ کَرِیْمٍ''۔ (کاپی الہامات حضرت مسیح موعود علیہ السلام صفحہ ۶۲۔ تذکرہ صفحہ ۵۰۸)

ترجمہ: ''تیرے کلام میں ایک چیز ہے جس میں شاعروں کو دخل نہیں ہے۔ تیرا کلام خدا کی طرف سے فصیح کیا گیا ہے۔'' (حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۱۰۶)

چنانچہ ایسی ہی عظیم الٰہی تائیدات سے طاقت پا کر آپ فرماتے ہیں:

''میں بڑے دعویٰ اور استقلال سے کہتا ہوں کہ میں سچ پر ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے اس میدان میں میری ہی فتح ہے۔ اور جہاں تک میں دور بین نظر سے کام لیتا ہوں تمام دنیا اپنی سچائی کے تحت اقدام دیکھتا ہوں اور قریب ہے کہ میں ایک عظیم الشان فتح پاؤں کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کے لئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دنیا نہیں دیکھتی مگر میں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے''۔ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۴۰۳)

ایک اور جگہ آپ فرماتے ہیں:

''میں خاص طور پر خدا تعالیٰ کی اعجاز نمائی کو انشاء پردازی کے وقت بھی اپنی نسبت دیکھتا ہوں کیونکہ جب میں عربی یا اردو میں کوئی عبارت لکھتا ہوں تو میں محسوس کرتا ہوں کہ کوئی اندر سے مجھے تعلیم دے رہا ہے''۔ (نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۳۴)

پس یہ آپ کی دلی خواہش تھی کہ وہ آب حیات جو آپ کے مبارک قلم سے آپ کی کتابوں کی شکل میں دنیا کی روحانی اور علمی پیاس بجھانے کے لئے نکلا ہے اس سے سارا عالم فیضیاب ہو۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

''میں سچ سچ کہتا ہوں کہ مسیح کے ہاتھ سے زندہ ہونے والے مر گئے مگر جو شخص میرے ہاتھ سے جام پیئے گا جو مجھے دیا گیا ہے وہ ہرگز نہیں مرے گا۔ وہ زندگی بخش باتیں جو میں کہتا ہوں اور وہ حکمت جو میرے منہ سے نکلتی ہے اگر کوئی اور بھی اس کی مانند کہہ سکتا ہے تو سمجھو کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں آیا۔ لیکن اگر یہ حکمت اور معرفت جو مردہ دلوں کے لئے آبِ حیات کا حکم رکھتی ہے دوسری جگہ سے نہیں مل سکتی تو تمہارے پاس اس جرم کا کوئی عذر نہیں کہ تم نے اس سرچشمہ سے انکار کیا جو آسمان پر کھولا گیا زمین پر اس کو کوئی بند نہیں کرسکتا''۔ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۱۰۴)

عزیزو! یہی وہ چشمۂ رواں ہے کہ جو اس سے پیئے گا وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا اور ہمارے سید و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی **یفیض المال حتی لا یقبلہ احد** (ابن ماجہ) کے مطابق یہی وہ مہدی ہے جس نے حقائق و معارف کے ایسے خزانے لٹائے ہیں کہ انہیں پانے والا کبھی ناداری اور بے کسی کا منہ نہ دیکھے گا۔ یہی وہ روحانی خزائن ہیں جن کی بدولت خدا جیسے قیمتی خزانے پر اطلاع ملتی ہے اور اس کا عرفان نصیب ہوتا ہے۔ ہر قسم کی علمی اور اخلاقی، روحانی اور جسمانی شفا اور ترقی کا زینہ آپ کی یہی تحریرات ہیں۔ اس خزانے سے منہ موڑنے والا دین و دنیا، دونوں جہانوں سے محروم اٹھنے والا قرار پاتا ہے اور خدا کی بارگاہ میں متکبر شمار کیا جاتا ہے، جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

''جو شخص ہماری کتابوں کو کم از کم تین دفعہ نہیں پڑھتا۔ اس میں ایک قسم کا کبر پایا جاتا ہے''۔

(سیرت المہدی جلد اول حصہ دوم صفحہ ۳۶۵)

اسی طرح آپؑ نے فرمایا کہ:

''وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی باتوں کو غور سے نہیں سنتا اور اس کی تحریروں کو غور سے

نہیں پڑھتا اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ سو کوشش کرو کہ کوئی حصہ تکبر کا تم میں نہ ہو تا کہ ہلاک نہ ہو جاؤ اور تا تم اپنے اہل و عیال سمیت نجات پاؤ''۔

(نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۰۳)

پھر آپ نے ایک جگہ یہ بھی تحریر فرمایا کہ:

''سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں، کیونکہ علم ایک طاقت ہے اور طاقت سے شجاعت پیدا ہوتی ہے''۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۳۶۱)

یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ہمیں اس امام مہدی اور مسیح محمدی کو ماننے کی توفیق ملی اور ان روحانی خزائن کا ہمیں وارث ٹھہرایا گیا۔ اس لئے ہمیں چاہیے کہ ہم ان بابرکت تحریروں کا مطالعہ کریں تا کہ ہمارے دل اور ہمارے سینے اور ہمارے ذہن اس روشنی سے منور ہو جائیں کہ جس کے سامنے دجال کی تمام تاریکیاں کافور ہو جائیں گی۔ اللہ کرے کہ ہم اپنی اور اپنی نسلوں کی زندگیاں ان بابرکت تحریرات کے ذریعہ سنوار سکیں اور اپنے دلوں اور اپنے گھروں اور اپنے معاشرہ میں امن و سلامتی کے دیئے جلانے والے بن سکیں اور خدا اور اس کے رسول کی محبت اس طرح ہمارے دلوں میں موجزن ہو کہ اس کے طفیل ہم کل عالم میں بنی نوع انسان کی محبت اور ہمدردی کی شمعیں فروزاں کرتے چلے جائیں۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفۃ المسیح الخامس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خصوصی ہدایات اور راہنمائی میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ تصانیف کا سیٹ ’’روحانی خزائن‘‘ پہلی بار کمپیوٹرائزڈ شکل میں پیش کیا جا رہا ہے۔ اس سیٹ کی خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

۱۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تاکیدی ارشاد کی تعمیل میں ہر کتاب فسٹ ایڈیشن کے عین مطابق رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زندگی میں ایک سے زائد ایڈیشن چھپے ہیں تو آخری ایڈیشن کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

۲۔ پورے سیٹ میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ صفحہ کی سائیڈ پر ایڈیشن اوّل کا صفحہ نمبر دیا گیا ہے۔

۳۔ ایڈیشن اوّل میں اگر سہو کتابت واقع ہوا ہے تو متن میں اس لفظ کو اسی طرح کمپوز کیا گیا ہے۔ البتہ حاشیہ میں یہ نوٹ دیا گیا ہے کہ متن میں سہو کتابت معلوم ہوتا ہے اور غالباً صحیح لفظ یوں ہے۔

۴۔ یہ ایڈیشن روحانی خزائن کے سابقہ ایڈیشن کے صفحات کے عین مطابق ہے تا کہ جماعتی لٹریچر میں گزشتہ نصف صدی سے آنے والے حوالہ جات کی تلاش میں سہولت رہے۔

۵۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے اس سیٹ میں مندرجہ ذیل اضافے کئے گئے ہیں۔

(الف) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک مضمون جو آپ نے منشی گردیال صاحب مدرس مڈل اسکول چنیوٹ کے استفسار کے جواب میں تحریر فرمایا تھا اور روحانی خزائن میں شامل نہیں ہو سکا تھا۔ اسے روحانی خزائن کے نئے ایڈیشن میں جلد نمبر ۲ میں شامل اشاعت کر دیا گیا ہے۔

(ب) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک اہم مضمون **’’ایک عیسائی کے تین سوال اور ان کے جوابات‘‘** جو پہلے ’’تصدیق النبی‘‘ کے نام سے سلسلہ کے لٹریچر میں موجود ہے اسے روحانی خزائن جلد نمبر ۴ کے آخر میں شامل اشاعت کر لیا گیا ہے۔

(ج) روحانی خزائن جلد ۴ میں الحق مباحثہ دہلی کے عنوان سے ایک کتاب شامل ہے۔ اس کے صفحہ ۲۲۱ پر مراسلت نمبر ۱ مابین مولوی محمد بشیر صاحب اور مولوی سید محمد احسن صاحب ہے۔ اس کے بعد مراسلت نمبر ۲ مابین منشی بوبہ صاحب و منشی محمد اسحاق و مولوی سید محمد احسن صاحب کسی وجہ سے روحانی خزائن میں شامل

ہونے سے رہ گئی ہے۔ اسے روحانی خزائن جلد نمبر ۴ کے نئے ایڈیشن میں شامل کر لیا گیا ہے۔

(د) روحانی خزائن جلد نمبر ۵ آئینہ کمالات اسلام کے آخر میں "التبلیغ" کے نام سے جو عربی خط شامل ہے اس کے آخر میں عربی قصیدہ درج ہے۔ ایڈیشن اول میں اس قصیدہ کے بعد ایک عربی نظم شائع شدہ ہے جو کسی وجہ سے روحانی خزائن جلد ۵ میں شامل نہیں ہوسکی تھی۔ نئے ایڈیشن میں یہ نظم شامل کر دی گئی ہے۔

(ہ) جلسہ اعظم مذاہب ۱۸۹۶ء کیلئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا تحریر فرمودہ بے مثال مضمون جو "اسلامی اصول کی فلاسفی" کے نام سے اردو اور دوسری زبانوں میں چھپ چکا ہے اس کے اصل مسودہ کے کچھ صفحات کسی وجہ سے شامل اشاعت نہیں ہو سکے تھے انہیں اصل مسودہ سے جو خلافت لائبریری میں موجود ہے نقل کر کے جلد نمبر ۱۰ میں شامل کیا گیا ہے۔

(و) ریویو آف ریلیجنز اردو کا پہلا شمارہ ۹؍ جنوری ۱۹۰۲ء کو شائع ہوا۔ اس میں صفحہ ۹ تا ۳۴ پر مشتمل "گناہ کی غلامی سے رہائی پانے کی تدابیر کیا ہیں؟" کے عنوان سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک بصیرت افروز مضمون شائع ہوا تھا۔ اس مضمون کو روحانی خزائن جلد نمبر ۱۸ کے آخر میں کتاب نزول المسیح کے بعد شامل کیا جا رہا ہے۔

(ز) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دست مبارک سے لکھا ہوا "**عصمت انبیاء**" کے عنوان سے ایک اور مضمون بھی ریویو آف ریلیجنز اردو مئی ۱۹۰۲ء صفحہ ۱۷۵ تا ۲۰۹ میں شائع ہوا تھا۔ یہ مضمون اب تک کتابی شکل میں شائع نہیں ہوا۔ اسے بھی روحانی خزائن جلد ۱۸ کے آخر میں شامل اشاعت کیا جا رہا ہے۔

والسلام

سید عبد الحی

ناظر اشاعت

اکتوبر ۲۰۰۸ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کے فرستادہ حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے اپنی ساری زندگی اشاعت و تبلیغِ اسلام کے جہاد میں صَرف کی اور اس مقصد کے لئے آپ نے نہ صرف کثیر تعداد میں کتب تصنیف فرمائیں بلکہ اشتہارات و تقاریر کے ذریعہ بھی خدمت اسلام کے اس فریضہ کا حق ادا فرمایا۔ حضور علیہ السلام کی جملہ تصانیف کو روحانی خزائن کی تیئیس جلدوں کے سیٹ میں طبع کیا جاچکا ہے۔ اسی طرح آپؑ کے پُر معارف کلمات و تقاریر و مجالس علم و عرفان کو ملفوظات کی دس جلدوں میں، جبکہ آپؑ کے تحریر فرمودہ اشتہارات کو مجموعہ اشتہارات کے عنوان سے تین جلدوں میں تیار کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کی روشنی میں علوم و فیوض روحانی سے لبریز اس لٹریچر (روحانی خزائن، ملفوظات اور مجموعہ اشتہارات) کے نئے ایڈیشن تیار کئے گئے ہیں جن کی اب سیدنا حضور اقدس کی منظوری سے یہاں انگلستان سے طباعت کی جارہی ہے تا کہ بیرون ممالک میں قائم جماعتوں کی بھی علمی و روحانی تشنگی دور ہو۔

حضرت اقدس مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جملہ تصانیف منیفہ جو روحانی خزائن کے نام سے ۲۳ جلدوں میں شائع شدہ ہیں، اس کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن میں بعض مقامات پر کتابت کے سہو اور اغلاط کی نشاندہی ہوئی تھی۔

امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس کے نئے ایڈیشن کی تیاری کا ارشاد فرماتے ہوئے بعض درج ذیل ہدایات سے نوازا:

> ”حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کی صحت کو قائم اور بر قرار رکھنے کے لئے لازم ہے کہ ان کو اوّل ایڈیشن کے عین مطابق اور اسی حال میں برقرار رکھا جائے۔ اگر اوّل ایڈیشن میں کہیں سہوِ کتابت ہے تو اس کو بعینہٖ

قائم رکھا جائے۔ البتہ واضح سہو اور غلطی کی ناشر کی طرف سے حاشیہ میں وضاحت دی جائے۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی حیات مبارکہ میں اس کے ایک سے زیادہ ایڈیشنز شائع ہوئے تھے تو آپ کی زندگی میں مطبوعہ آخری ایڈیشن کو پیشِ نظر رکھا جائے۔

غرضیکہ اوّل ایڈیشن سے تقابل کرکے اگر مابعد کسی سہو یا کتابت کی غلطی کی درستگی کی گئی ہے تو اسے نظر انداز کرکے اوّل ایڈیشن کے بالکل مطابق کر دیا جائے اور متن میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔"

اوّل ایڈیشن کے وقت اس زمانہ کی طرزِ کتابت کے مطابق "ے" اور "ی" کو اکثر و بیشتر "ی" لکھا گیا ہے۔ پہلے قارئین خود سمجھ جاتے تھے کہ فقرہ کی ترتیب کے لحاظ سے یہاں یائے معروف ہے یا یائے مجہول۔ لیکن اب اس تفریق کو سمجھنے میں قاری کو دقت اور مشکل درپیش ہوتی ہے۔ اس لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے کہ فقرہ کی مناسبت سے یائے معروف اور یائے مجہول کو ظاہر کر دیا جائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ "روحانی خزائن کے پہلے ایڈیشن کے مطابق صفحات نمبر اور عبارات رکھی جائیں۔" چنانچہ اس ہدایت کی پابندی کی گئی ہے۔ اس لئے ناشر کی طرف سے اگر کوئی وضاحت ضروری سمجھی گئی تو اس کو بارڈر سے باہر رکھا گیا ہے۔

ایسے انگریزی الفاظ، اسماء وغیرہ جو اردو رسم الخط میں تحریر شدہ ہیں اور جن کو صحیح تلفظ سے پڑھنا مشکل ہے سہولت کی غرض سے ان کو انگریزی طرز میں بھی حاشیہ میں دے دیا گیا ہے۔

الحق مباحثہ دہلی کا ایک حصہ "مراسلت نمبر ۲" جو روحانی خزائن کی تدوین کے وقت دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے شامل نہ ہو سکا۔ کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن کے وقت یہ مراسلت مل گئی اور اسے جلد ۴ کے آخر پر صفحہ ۴۸۳ پر دے دیا گیا۔ اس ایڈیشن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے الحق مباحثہ دہلی کے آخر پر مراسلت نمبر ا کے بعد شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔

محمود کی آمین تو جلد ۱۲ میں آچکی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب، حضرت مرزا شریف احمد صاحب اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی آمین بھی لکھی تھی۔ یہ نظم ۱۹۰۱ء میں شائع ہوئی جو روحانی خزائن کی کسی جلد میں شامل نہیں۔

اب روحانی خزائن کی نظر ثانی کے دوران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے اپنے زمانی اعتبار سے روحانی خزائن جلد ۱۷ میں شامل کیا گیا ہے، مگر جلد کے آخر پر تاکہ صفحات کی ترتیب میں فرق نہ آئے۔

روحانی خزائن میں جو فارسی اشعار، عبارات اور رقوم بیان ہوئی ہیں ان کا ترجمہ اس ایڈیشن میں متن کے اختتام پر دے دیا گیا ہے تاکہ قارئین کو مفہوم سمجھنے میں سہولت ہو۔

یہاں انگلستان میں متعدد مرتبہ خاکسار نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں حاضر ہو کر مختلف امور میں راہنمائی حاصل کرنے کی سعادت حاصل کی اور ان ہدایات کی تعمیل کروائی۔ فالحمد للہ علیٰ ذلک۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفائے کرام نے بارہا ان بیش بہا علوم کو پڑھنے اور پھیلانے کی نصیحت فرمائی ہے۔ اللہ کرے کہ ہم سب ان سے کماحقہ فائدہ اٹھانے والے ہوں۔ آمین

خاکسار

منیر الدین شمس

ایڈیشنل وکیل التصنیف

فروری ۲۰۲۱ء

ترتیب

روحانی خزائن جلد ۸

نورالحق حصہ اوّل ۱
نورالحق حصہ دوم ۱۸۷
اتمام الحجّة ۲۷۳
سرّ الخلافة ۳۱۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمده و نصلی علی رسوله الکریم

تعارف

(از حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمسؓ)

روحانی خزائن کی یہ آٹھویں جلد ہے۔ جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب نور الحق ہر دو حصہ اور اتمام الحجۃ اور سر الخلافۃ پر مشتمل ہے۔ یہ چاروں کتابیں ۱۸۹۴ء کی تصنیف ہیں۔

نور الحق حصّہ اوّل

کتاب نور الحق حصّہ اوّل جو فروری ۱۸۹۴ء میں شائع ہوئی۔ فصیح و بلیغ مقفّٰی و مسجّع عربی زبان میں ہے۔ اور نظم ونثر پر مشتمل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی خاص تائید سے لکھی گئی ہے۔

اِس کتاب کی تالیف کا باعث یہ ہوا کہ جنگ مقدس میں جس کی تفصیل ہم روحانی خزائن کی جلد ششم کے پیش لفظ میں لکھ چکے ہیں عیسائی فریق کو جو شکست فاش ہوئی اس نے عیسائیوں کی کمر توڑ دی۔ اس سے نہ صرف ہندوستانی پادری بوکھلا اُٹھے بلکہ یورپین مشنری سوسائٹیز بھی جو ہندوستان میں مشنری بھیجتی تھیں اس سے فکر مند ہوئیں کہ آئندہ اسلام کا مقابلہ کیونکر ہوگا۔ بہرحال اس شکست کی خفت اور ندامت کو مٹانے کے لئے مرتدین از اسلام پادریوں میں سے پادری عماد الدین نے ایک کتاب ''توزین الاقوال'' لکھی جو نہایت دلآزار اور اشتعال انگیز تھی۔ چنانچہ ہندو اخبارات ''رائے ہند'' و ''پرکاش'' امرتسر ''آفتاب پنجاب'' اور عیسائی پرچہ ''شمس الاخبار'' لکھنؤ نے اس کے متعلق لکھا کہ یہ حددرجہ اشتعال انگیز اور شر رخیز ہے۔ اور ۱۸۵۷ء کے مانند اگر پھر غدر ہوا تو اس شخص کی بدزبانیوں اور بے ہودگیوں سے ہوگا۔

(جلد ھذا صفحہ ۱۴۰ و ۱۴۱)

اِس کتاب میں اس نے قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت پر اعتراضات کئے اور لکھا کہ وہ فصیح و بلیغ نہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مقدس پر نہایت رکیک اور بودے اور شرمناک حملے کئے اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے خلاف گورنمنٹ کو اُکسایا اور لکھا کہ یہ شخص ایک مفسد آدمی اور گورنمنٹ کا دشمن ہے اور مجھے اس کے طور وطریق میں بغاوت کے آثار دکھائی دیتے ہیں۔اور ساتھ ہی جہاد کے مسئلہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ قرآن مخالفینِ اسلام سے ہر حال میں جہاد کرنے کا حکم دیتا ہے۔اِس لئے جب اسے طاقت حاصل ہوگی تو ضرور بغاوت کرے گا۔جب یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو پہنچی تو آپ نے اس کے جواب میں یہ رسالہ نور الحق حصّہ اوّل لکھا۔اور پادری مذکور کے جملہ اعتراضات کے مدلل اور مسکت خصم جوابات دیئے۔

جہاد

جہاد سے متعلق آپ نے اس رسالہ میں ایک نہایت جامع مانع نوٹ لکھا جو ہر زمانہ کے مسلمانوں اور اعداءِ اسلام کے لئے بھی اسلامی جہاد کی حقیقت سمجھنے کے واسطے شمع کا حکم رکھتا ہے۔حضورؑ فرماتے ہیں:۔

”جاننا چاہئے کہ قرآن شریف یُونہی لڑائی کے لئے حکم نہیں فرماتا بلکہ صرف ان لوگوں کے ساتھ لڑنے کے لئے حکم فرماتا ہے جو خدا تعالیٰ کے بندوں کو ایمان لانے سے روکیں اور اس بات سے روکیں کہ وہ خدا تعالیٰ کے حکموں پر کاربند ہوں اور اس کی عبادت کریں اور اُن لوگوں کے ساتھ لڑنے کے لئے حکم فرماتا ہے جو مسلمانوں سے بے وجہ لڑتے ہیں اور مومنوں کو اُن کے گھروں اور وطنوں سے نکالتے ہیں اور خلق اللہ کو جبراً اپنے دین میں داخل کرتے ہیں اور دین اسلام کو نابود کرنا چاہتے ہیں اور لوگوں کو مسلمان ہونے سے روکتے ہیں۔یہ وہ لوگ جن پر خدا تعالیٰ کا غضب ہے اور مومنوں پر واجب ہے جو اُن سے لڑیں اگر وہ باز نہ آئیں۔“

(نور الحق حصہ اول روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۶۲)

عربی زبان میں تالیف کی وجہ

اس کتاب کے عربی زبان میں لکھنے کی بڑی وجہ یہ ہوئی کہ یہ مرتدین از اسلام پادری لوگ اپنا

مولوی اور علماء اسلام میں سے ہونا مشہور کرتے تھے اور اِسی وجہ سے انگریز پادریوں کی نظر میں بھی عزّت سے دیکھے جاتے اور ان کی خوب خاطر و مدارات کی جاتی تھی۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ان کے جواب میں یہ کتاب عربی زبان میں لکھی۔ اور ان کو چیلنج کیا کہ اگر وہ اپنے اس دعویٰ میں سچے ہیں کہ وہ عالم ہیں اور عربی زبان جانتے ہیں تو اس کے مقابلہ میں عربی زبان میں ایسی ہی کتاب لکھیں اور ان پادریوں کے نام بھی اس کتاب میں درج کر دیئے (صفحہ ۱۵۷) بصورت مقابلہ ان کے لئے پانچ ہزار روپیہ انعام دینے کا بھی وعدہ فرمایا۔ اور لکھا کہ ان کی درخواست پر ہم یہ روپیہ جہاں وہ چاہیں جمع کرا دیں گے۔ مگر ساتھ ہی آپ نے یہ بھی اعلان فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اطلاع دی ہے کہ ان میں سے کوئی بھی اس مقابلہ کے لئے تیار نہیں ہوگا۔ اور یہ ذلیل و رُسوا ہوں گے اور شکست کھائیں گے۔ اور تمام دُنیا پر ظاہر ہو جائے گا کہ یہ لوگ عربی زبان سے بالکل جاہل ہیں اور ان کے عالم اور عربی دان ہونے کا دعویٰ غلط ہے۔ اور ہر عقلمند سمجھ سکتا ہے کہ اس شخص کو جو عربی زبان سے بالکل جاہل ہو قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت پر اعتراض کرنے کا کوئی حق نہیں۔ جس شخص کی فصاحت و بلاغت کا عرب کے بڑے بڑے ادیب اور شعراء جیسے لبید بن ربیعہ وغیرہ اور عرب کے فصحاء و بلغاء سِکّہ مان چکے ہیں۔ اور اس کی فصاحت و بلاغت پر کسی عرب نے کسی زمانہ میں بھی کوئی اعتراض نہیں کیا۔

پھر آپ نے اسی کتاب میں پادری مذکور کی پولیٹیکل نکتہ چینی کا جواب دیتے ہوئے حکومت کو واشگاف الفاظ میں یہ مشورہ بھی دیا کہ ’’یہ بھوکے ننگے لوگ جو اپنا گذارہ نہیں کر سکتے تھے اور نہ مسلمان ان کے کھانے پینے کا انتظام کر سکتے تھے دنیاوی طمع اور مال و زر اور اچھے کھانوں کے لالچ سے گرجوں میں اکٹھے ہو گئے ہیں اور اپنے آپ کو اسلام سے متنفّر ثابت کرنے کے لئے پاکوں کے سردار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر زبانِ طعن دراز کرتے اور گالیاں دیتے اور بدزبانی کرتے ہیں۔ اور بے کار رہ کر اپنے نفس کی خواہشات پورا کرنا چاہتے ہیں۔ اور ان کے اکابر نے اُنہیں فارغ بٹھا رکھا ہے۔ اور اس قسم کی بدزبانی کے گناہوں سے اُنہیں روکنے کے لئے کوئی انتظام نہیں کرتے۔ اُنہیں میرا مشورہ یہ ہے کہ انہیں ایسی خدمات دی جانی چاہئیں جو اُن کی قوم اور پیشہ کے لحاظ سے مناسب ہوں۔ اُن میں سے جو نجّار ہے اُسے تیشہ دیا جائے اور دھنے والے کو ایک مضبوط دھنکی (پنجن) اور نائی کو نشتر اور اُسترا۔ اور تیلی کو ایک بڑا سا کولھو سپرد کیا جائے۔ تا ہر شخص ان میں سے اپنے کام میں مشغول ہو جائے جس کا وہ اہل ہے۔ اور تا کہ اس انتظام سے وہ فضول گوئی اور بے ہودہ اور

گناہ کی باتوں سے رک جائے۔'' (نور الحق حصہ اول روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۴۷ تا ۵۰ ملخصًا) اِس کتاب کے ایک قصیدہ میں آپ نے صلیبی فتنہ کے بداثرات سے محفوظ رہنے کیلئے اوراس کی تباہی کے لئے ایک درد انگیز دُعا بھی فرمائی ہے۔ (نورالحق حصہ اوّل روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۱۲۷و۱۲۸)

نور الحق حصّہ دوم

نورالحق حصہ اوّل کے آخر میں حضرت مسیح موعودعلیہ السلام نے نہایت عاجزانہ رنگ میں اللہ تعالیٰ سے ایک لمبی دُعا کی ہے۔ اِس میں آپ اللہ تعالیٰ سے مخاطب ہوکر عرض کرتے ہیں:۔

''اے خدا! ......کیامَیں تیری طرف سے نہیں؟ اس وقت لعنت وتکفیر کی کثرت ہو گئی۔......فافتح بيننا و بين قومنا بالحق و انت خير الفاتحين. اے خداتو آسمان سے میرے لئے نصرت نازل فرما......اورمصیبت کے وقت اپنے بندے کی مدد کے لئے آ۔مَیں کمزوروں اور ذلیلوں کی طرح ہوگیا اورقوم نے مجھے دھتکار دیا۔اور موردِ ملامت بنایا۔پس تو میری ایسی نصرت فرما جیسی تُو نے اپنے رسُولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی بدر کے دن فرمائی۔واحفظنا يا خير الحافظين انک الرب الرحيم كتبت علٰى نفسک الرحمة فاجعل لنا حظًا منها و ارنا النصرة وارحمنا و تب علينا و انت ارحم الراحمين.'' (نورالحق حصہ اول۔روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۱۸۴ ترجمہ ازعربی عبارت)

اِس دعا پر بمشکل ایک ماہ گذرا ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی یہ دعا قبول فرمائی اورسُورج چاند کا گرہن جس کی احادیث نبویہ میں خبر دی گئی تھی کہ سچّے مہدی کے ظہور کی یہ علامت ہوگی کہ ماہ رمضان میں تیرھویں رات کواس کے پہلے حصّہ میں چاند گرہن اور ۲۸رمضان کو سورج گرہن ہوگا۔اورقرآن مجید کی آیت وَخَسَفَ الْقَمَرُ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ میں بھی اسی گرہن کی طرف اشارہ تھا۔اوراسی طرح انجیل متی اور یوئیل نبی کی کتاب وغیرہ اورصلحائے امت محمدؐیہ کی کتب میں بھی اس کا تذکرہ پایا جاتا تھا۔اورحضرت نعمت اللہ ولی اورحافظ محمد صاحب لکھوکے والے نے صاف طور پراس گرہن کومہدی کے ظہور کی علامت قرار دیا تھا۔اورملتان کے ایک مشہور ولی کامل حضرت شیخ محمد عبدالعزیز پرہاوری نے توازرُوئے الہام یہ خبر بھی دے دی تھی کہ یہ نشان ۱۳۱۱ھ میں ظاہر ہوگا۔ (بدر ۱۴/مارچ ۱۹۰۷ء صفحہ ۸)

سو اِس مشہور و معروف پیشگوئی کے مطابق جو مختلف زمانوں میں کتابوں میں شائع ہوتی رہی۔ اور جو شیعہ اور سنی دونوں کی کتب حدیث میں ظہور مہدی کی علامت قرار دی گئی تھی ۲۰/ مارچ ۱۸۹۴ء کو چاند گرہن اور ۶/ اپریل ۱۸۹۴ء کو سورج گرہن ہوا۔ اور جیسا کہ آپ نے دعا کی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے نصرت نازل فرمائی اور آپ کی صداقت پر چاند اور سورج کو دو آسمانی شاہد بنا دیا۔ اور اس نشان کا ظہور بالکل یوم بدر کے نشان کی طرح ہوا جسے قرآن مجید میں یوم الفرقان کا نام دیا گیا ہے۔

یہ چاند اور سورج کا گرہن جسے ہزار سال سے صادق مہدی کی شناخت کا معیار قرار دیا جاتا تھا۔ جب ظاہر ہوا تو مولویوں نے ہدایت حاصل کرنے کی بجائے از راہِ تعصب قسم قسم کے اعتراضات شروع کر دیئے۔ کبھی حدیث کو ضعیف اور مجروح قرار دیا۔ اور کبھی کہا کہ اس کے راویوں میں سے بعض راوی فاسق اور مبتدع اور وضاع ہیں۔ اور کبھی کہا کہ حدیث کے الفاظ کے مطابق رمضان کی پہلی رات کو چاند گرہن نہیں ہوا۔ تب حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے نور الحق حصہ دوم تحریر فرمایا۔ جس میں آپ نے اس نشان کا ایک بے نظیر نشان ہونا ثابت کیا۔ اور علماء کے ان تمام اعتراضات کے جوابات معقول اور مدلل طریق سے بہ شرح و بسط تحریر فرمائے اور فرمایا کہ حدیث متعلقہ خسوف و کسوف ایک نہایت عظیم الشان غیبی خبر پر مشتمل ہے۔ اور پہلے زمانوں میں کسی مدعی مہدویت یا ماموریت کے لئے ایسا خسوف و کسوف کبھی بطور نشان ظاہر نہیں ہوا۔ اور میں ایسے شخص کو ایک ہزار روپیہ انعام دوں گا جو یہ ثابت کر دے کہ ماہ رمضان کی انہی تاریخوں میں جو حدیث میں مذکور ہیں کسی مدعی مہدویت اور ماموریت کے لئے خلق آدم سے لے کر آج تک کبھی ایسا خسوف کسوف ہوا ہے۔ نیز آپ نے اس شخص کے لئے بھی ایک ہزار روپیہ انعام مقرر فرمایا جو کتب لغت اور اشعار عرب وغیرہ سے یہ ثابت کرے کہ پہلی تاریخ کے چاند کو قمر کہا جاتا ہے۔ مگر ان انعامات کو حاصل کرنے کے لئے کسی کو جرأت نہ ہوئی۔ اس رسالہ کے ٹائٹل پیج پر زیر عنوان ’’تنبیہ‘‘ یہ بھی تحریر فرمایا کہ:۔

> ’’یہ کتاب مع پہلے حصہ اسکے کے پادری عماد الدین اور شیخ محمد حسین بطالوی صاحب اشاعة السنّة اور ان کے انصار و اعوان کی حقیقت علمیہ ظاہر کرنے کے لئے تیار ہوئی ہے جس کے ساتھ پانچ ہزار روپیہ انعام کا اشتہار ہے۔ اگر چاہیں تو روپیہ پہلے جمع کرا لیں۔ اور اگر بالمقابل کتاب لکھنے کے لئے تیار ہوں اور انعامی روپیہ جمع کرانا چاہیں تو ایسی درخواست کی میعاد اخیر جون ۱۸۹۴ء تک ہے۔ بعد اس کے سمجھا جائے

گا کہ بھاگ گئے اور کوئی درخواست منظور نہیں ہوگی۔‘‘

(ٹائیٹل پیج۔نور الحق حصہ دوم۔روحانی خزائن جلد۸صفحہ ۱۸۷)

اور اسی طرح ’’اتمام الحجّة‘‘ میں بھی رسالہ نور الحق سے متعلق لکھا:۔

’’ہماری طرف سے تمام پادریان اور شیخ محمد حسین بطالوی اور مولوی رسل بابا امرتسری اور دوسرے ان کے سب رفقاء اس مقابلہ کے لئے مدعو ہیں اور درخواست مقابلہ کے لئے ہم نے ان سب کو اخیر جون ۱۸۹۴ء تک مہلت دی ہے اور رسالہ بالمقابل شائع کرنے کے لئے روزِ درخواست سے تین مہینہ کی مہلت ہے۔‘‘

(اتمام الحجة۔روحانی خزائن جلد۸صفحہ ۳۰۴)

وہ جون کا مہینہ گذر گیا مگر نہ بطالوی اور نہ اُن کے رفقاء میں سے اور نہ پادریوں میں سے کسی کو مقابلہ میں آنے کی طاقت ہوئی۔اور نہ ہی دوسرے انعامات کو حاصل کرنے کے لئے سامنے آنے کی جرأت۔ اور اپنی خاموشی سے انہوں نے ثابت کر دیا کہ وہ درحقیقت عالم نہیں بلکہ عربی زبان سے بالکل بے بہرہ اور بے نصیب ہیں۔

اتمام الحُجَّة

یہ رسالہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے مولوی رسل بابا امرتسری پر اتمام حُجّت کرنے کے لئے جون ۱۸۹۴ء میں شائع کیا۔ اِس رسالہ کا کچھ حصّہ عربی میں ہے اور کچھ اُردو میں۔اس کی تالیف کا باعث مولوی رسل بابا امرتسری کا رسالہ حیات المسیح ہوا۔جس میں حضرت مسیح ناصری علیہ السلام کے آسمان پر بجسمہ العنصری زندہ ثابت کرنے کی ناکام کوشش کی گئی تھی۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس رسالہ میں قرآن مجید اور احادیث اور ائمہ اور سلف صالحین کے اقوال سے مسیحؑ کی وفات پر مختصراً لیکن جامع بحث کی ہے۔مولوی مذکور نے اپنے رسالہ میں ان کے دلائل کو ردّ کرنے والے کے لئے ایک ہزار روپیہ انعام دینے کا بھی اعلان کیا تھا۔اس کا ذکر کر کے حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے تحریر فرمایا:۔

’’کہ وہ ماہ جون ۱۸۹۴ء کے اخیر تک ہزار روپیہ خواجہ یوسف شاہ صاحب اور شیخ غلام حسن صاحب اور میر محمود شاہ صاحب کے پاس یعنی بالاتفاق تینوں کے پاس

جمع کرا کر ان کی دستی تحریر کے ساتھ ہم کو اطلاع دیں جس تحریر میں ان کا یہ اقرار ہو کہ ہزار روپیہ ہم نے وصول کر لیا اور ہم اقرار کرتے ہیں کہ مرزا غلام احمد یعنی راقم ھٰذا کے غلبہ ثابت ہونے کے وقت یہ ہزار روپیہ ہم بلا توقف مرزا مذکور کو دے دیں گے اور رسل بابا کا اس سے کچھ تعلق نہ ہوگا'' (اتمام الحجۃ ۔ روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۳۰۵)

اور فیصلہ کرنے والے کے بارہ میں فرمایا کہ ہم

''اس بات پر راضی ہیں کہ **شیخ محمد حسین بطالوی** یا ایسا ہی کوئی زہرناک مادہ والا فیصلہ کرنے کے لئے مقرر ہو جائے۔ فیصلہ کے لئے یہی کافی ہوگا کہ **شیخ بطالوی** مولوی رسل بابا صاحب کے رسالہ کو پڑھ کر اور ایسا ہی ہمارے رسالہ کو اوّل سے آخر تک دیکھ کر ایک عام جلسہ میں قسم کھا جائیں اور قسم کا یہ مضمون ہو کہ اے حاضرین بخدا میں نے اوّل سے آخر تک دونوں رسالوں کو دیکھا اور میں خدا تعالیٰ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ درحقیقت مولوی رسل بابا صاحب کا رسالہ یقینی اور قطعی طور پر حضرت عیسٰیؑ کی زندگی ثابت کرتا ہے اور جو مخالف کا رسالہ نکلا ہے اس کے جوابات سے اس کے دلائل کی بیخ کنی نہیں ہوئی۔ اور اگر مَیں نے جھوٹ کہا ہے یا میرے دل میں اس کے برخلاف کوئی بات ہے تو میں دعا کرتا ہوں کہ ایک سال کے اندر مجھے جذام ہو جائے یا اندھا ہو جاؤں یا کسی اور بُرے عذاب سے مر جاؤں۔ فقط۔ تب تمام حاضرین تین مرتبہ بلند آواز سے کہیں کہ آمین آمین۔ اور جلسہ برخاست ہو۔

پھر اگر ایک سال تک وہ قسم کھانے والا ان بلاؤں سے محفوظ رہا تو کمیٹی مقرر شدہ مولوی رسل بابا صاحب کا ہزار روپیہ عزّت کے ساتھ اس کو واپس دے دی گی۔ تب ہم بھی اقرار شائع کریں گے کہ حقیقت میں مولوی رسل بابا نے حضرت مسیح علیہ السلام کی زندگی ثابت کر دی ہے۔ مگر ایک برس تک بہر حال وہ روپیہ کمیٹی مقرر شدہ کے پاس جمع رہے گا۔ اور اگر مولوی رسل بابا صاحب نے اس رسالہ کے شائع ہونے سے دو ہفتہ تک ہزار روپیہ جمع نہ کرا دیا تو ان کا کذب اور دروغ ثابت ہو جائے گا۔''

(اتمام الحجۃ ۔ روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۳۰۵، ۳۰۶)

یہ رسالہ رؤسائے امرتسر اور مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی اور خود مولوی رسل بابا صاحب کو رجسٹری کر کے بھجوایا گیا مگر مولوی رسل بابا صاحب نے اپنے ہزار روپیہ انعام کے اعلان کا پاس نہ کرتے ہوئے خاموشی اختیار کر کے اپنا کذب اور دروغ ثابت کر دیا۔

مولوی رسل بابا صاحب امرتسری حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے اشد ترین مخالفوں میں سے تھے۔ آپ نے اپنی کتاب انجام آتھم میں ان کا شمار نومشہور مفسد مخالفین میں کیا ہے۔ اور وہ آخر کار ۸/ دسمبر ۱۹۰۲ء کو طاعون سے امرتسر میں وفات پا گئے۔

سِرّ الخلافة

یہ کتاب بھی فصیح و بلیغ عربی زبان میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے تصنیف فرمائی۔ اور جولائی ۱۸۹۴ء میں شائع ہوئی۔ اِس کتاب میں آپ نے مسئلہ خلافت پر جو اہلِ سُنّت اور شیعوں میں صدیوں سے زیر بحث چلا آتا ہے سیر کن بحث کی ہے۔ اور دلائل قطعیہ سے ثابت کر دیا ہے کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم اگرچہ چاروں خلیفہ برحق تھے لیکن حضرت ابوبکرؓ سب صحابہ سے اعلیٰ شان رکھتے تھے اور اسلام کے لئے وہ آدم ثانی تھے۔ اور بنظرِ انصاف دیکھا جائے تو آیت استخلاف کے حقیقی معنوں میں وہی مصداق تھے۔ چنانچہ اِس امر کو آپ نے اِس کتاب میں شرح وبسط سے ذکر فرمایا ہے۔ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ پر شیعہ صاحبان کی طرف سے غصب وغیرہ کے جو اعتراضات کئے جاتے ہیں ان کے مدلل اور مسکت جوابات بھی دیئے ہیں۔ نیز ان کے اور باقی صحابہؓ کے فضائل کا بھی ذکر فرمایا ہے اور شیعوں کی غلطی کو قرآنی آیات کی روشنی میں الم نشرح کیا ہے۔ پھر اہل سنت اور شیعوں کے آپس کے جھگڑوں کا جن میں اکثر لڑائی اور مقدمات تک نوبت پہنچتی ہے ذکر کر کے فیصلہ کا ایک یہ طریق پیش کیا ہے کہ ہم دونوں فریق ایک میدان میں حاضر ہو کر خدا تعالیٰ سے نہایت تضرع اور الحاح سے دُعا کریں۔ اور لعنة الله على الكاذبين کہیں۔ پھر اگر ایک سال تک فریق مخالف پر میری دُعا کا اثر ظاہر نہ ہو تو میں ہر عذاب اپنے لئے قبول کروں گا۔ اور اقرار کروں گا کہ مَیں صادق نہیں۔ اور علاوہ ازیں ان کو پانچ ہزار روپیہ بھی انعام دوں گا۔ اور یہ روپیہ اگر چاہیں تو میں گورنمنٹ کے خزانے میں جمع کرا سکتا ہوں یا جس کے پاس وہ چاہیں۔ لیکن اس مقابلہ کے لئے جو حاضر ہو وہ عام آدمی نہ ہو۔ اور ایسے شخص کے لئے یہ ضروری ہو گا کہ پہلے وہ میرے

اس رسالہ کی طرح عربی زبان میں رسالہ لکھے تا معلوم ہو کہ وہ اہلِ علم وفضل سے ہے۔
(ترجمہ۔سرالخلافہ۔روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۳۳۵ تا ۳۳۷ ملخصًا)

مگر اہلِ تشیع کی طرف سے صدائے برنخواست۔

نیز آپ نے اس کتاب میں عقیدۂ ظہور مہدی کا ذکر کر کے اپنے دعویٰ مہدویت پر شرح وبسط سے بحث کی ہے۔ الغرض مسئلہ خلافت پر یہ ایک بیش بہا کتاب ہے۔ جس کی قدر و قیمت کا اندازہ اس کے پڑھنے سے ہی لگ سکتا ہے۔

اس کتاب کے عربی زبان میں لکھنے کا ایک مقصد حضور علیہ السلام نے یہ بھی تحریر فرمایا ہے کہ:۔

”یہ کتاب شیخ محمد حسین بطالوی اور دوسرے علماء مکفرین کے الزام اور افحام اور ان کی مولویّت کی حقیقت کھولنے کے لئے بوعدۂ انعام ستائیس روپیہ شائع ہوئی ہے۔ ستائیس دن بالمقابل رسالہ بنانے کے لئے مہلت دی گئی ہے اور یہ ستائیس دن روز اشاعت سے محسوب ہوں گے۔“

(ٹائٹل پیج سرالخلافہ۔روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۳۱۵)

اور فرمایا ”**آپ کو خدا تعالیٰ کی قسم ہے کہ اگر آپ کو علم عربی میں کچھ بھی دخل ہے۔ ایک ذرہ بھی دخل ہے** تو اب کی دفعہ تو ہرگز مُنہ نہ پھیریں ...... **پچیس جولائی ۱۸۹۴ء** تک اس درخواست کی میعاد ہے۔ اگر آپ نے **۲۵ / جولائی ۱۸۹۴ء** تک یہ درخواست چھاپ کر بذریعہ کسی **اشتہار** کے نہ بھیجی تو سمجھا جائے گا کہ آپ اس سے بھاگ گئے۔“

(سرّ الخلافہ۔روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۴۱۸)

مگر جس طرح وہ اور دوسرے مکفر مولوی اس سے پہلی کتابوں کرامات الصادقین اور نور الحق وغیرہ کے مقابلہ میں جن کے ساتھ ہزار ہا روپیہ کا انعام مقرر تھا کتابیں لکھنے سے عاجز آ گئے۔ اسی طرح رسالہ سرالخلافہ کے مقابلہ میں خاموشی اختیار کرنے سے اپنا عاجز ہونا ثابت کر دیا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور عربی زبان

روحانی خزائن جلد ہفتم کے پیش لفظ میں ہم بہ تفصیل لکھ چکے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو عربی زبان کا علم اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطور نشان دیا گیا تھا۔ اور آپ نے جس قدر کتابیں عربی زبان میں

لکھیں وہ تائید الٰہی سے لکھیں، چنانچہ آپ سرّ الخلافہ میں بھی تحریر فرماتے ہیں۔

’’میں کئی دفعہ بیان کر چکا ہوں کہ یہ رسائل جو لکھے گئے ہیں تائید الٰہی سے لکھے گئے ہیں۔ میں ان کا نام وحی اور الہام تو نہیں رکھتا مگر یہ تو ضرور کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی خاص اور خارق عادت تائید نے یہ رسالے میرے ہاتھ سے نکلوائے ہیں۔‘‘ (سر الخلافة۔ روحانی خزائن جلد ۸ صفحہ ۴۱۵، ۴۱۶)

پھر عجیب بات یہ ہے کہ باوجود مقابلہ کرنے والوں کے لئے ہزار ہا روپیہ بطور انعام دینے کا وعدہ کیا گیا۔ مگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام جنہیں خدا تعالیٰ نے اسد اللہ یعنی شیر خدا کا خطاب دیا تھا نہ کسی مکفر مخالف کو اور نہ ہی عیسائی پادریوں میں سے کسی کو آپ کا مقابلہ کرنے کی جرأت ہوئی۔

خاکسار

۱۰؍ مارچ ۱۹۶۱ء جلال الدین شمسؔ

❁❁❁

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

ٹائیٹل بار اوّل

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ ۔

الحمد لله الموفق إلى كتب هذه الرسالة والصحيفة العجالة لعلاج مرض المتنصرين الذي امتد مداه وعرقهم مُداه واكلتهم نار انكار الفرقان والصول على كتاب الله القرآن ۔ فاردنا ان نجيهم من مخلب الحمام ۔ ونريهم سوء داءهم ونهديهم الى دواء السقام ۔ فالّفنا هذا الكتاب مع انعام كثير لمن اجاب ۔ وهو خمسة آلاف من الدراهم لكل من اتى بمثله واری العجاب ۔ وهو بفضل الله حسن وطيب والطف وادق ۔ وسميته الحصة الاولى من

نُورُ الحقّ

عسىٰ ربكم ان يرحمكم

وان عدتم عدنا وجعلنا جهنم

للكافرين حصيرا ان هذا القرآن يهدي

للتي هي اقوم ويبشر المؤمنين الذين يعملون الصالحات ان

لهم اجرًا كبيرا ۝

قد طبع في المطبع المصطفائي پریس فی لاہور سنة ۱۳۱۱ هجري

بار اول جلد ۱۴۰۰

قیمت فی جلد ۱۲/

﴿۱﴾ طوبٰی للذی قام لإعلاء کلمة الدین و نهَض یستقری طرق
مبارک وہ جو دین کی مدد کے لئے کھڑا ہو گیا اور ربانی رضا مندی کی راہوں کو
مرضاة اللّٰہ النصیر المعین
ڈھونڈھتا ہوا اٹھا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للّٰہ ربّ العالمین، والصلاة والسلام علٰی سیّدِ رسله وصفوةِ أحبّته
تمام تعریفیں خدا کے لئے ثابت ہیں جو تمام عالموں کا پروردگار ہے اور درود اور سلام اس کے نبیوں کے سردار پر
وخِیرته مِن خَلقه ومِن کل ما ذرَأ وبرَأ، وخاتَمِ أنبیائه، وفخرِ أولیائه، سیّدِنا
جو اس کے دوستوں میں سے برگزیدہ اور اس کی مخلوق اور ہر یک پیدائش میں سے پسندیدہ اور خاتم الانبیاء اور فخر اولیاء ہے
وإمامنا ونبیّنا محمد ن المصطفی الذی هو شمس اللّٰہ لتنویر قلوب أهل
ہمارا سید ہمارا امام ہمارا نبی محمد مصطفٰی جو زمین کے باشندوں کے دل روشن کرنے کے لئے خدا کا آفتاب ہے اور سلام اور
الأرضین، وآلِه وصحبه وکلٍّ من آمن واعتصم بحبل اللّٰہ واتقی، وجمیع
درود اس کی آل اور اس کے اصحاب اور ہر یک پر جو مومن اور حبل اللہ سے پنجہ مارنے والا اور متقی ہو اور ایسا ہی خدا کے
عباد اللّٰہ الصالحین. أما بعد فاعلموا أیها الإخوان، بارک اللّٰہ فیکم ولکم
تمام نیک بندوں پر سلام۔ بعد اس کے اے بھائیو خدا تم میں اور تمہارے لئے اور تم پر برکت نازل کرے
وعلیکم، أن فساد زماننا هذا قد بلغ إلی النهایة، وسوّد الشرک والفسق
تمہیں معلوم ہو کہ ہمارے اس زمانہ کا فساد انتہا تک پہنچ گیا اور شرک اور بدکاریوں اور بے ایمانیوں نے بہتوں کے
والارتداد وجوهَ کثیر من الناس، وانتابت الفتن المبیدة والبدعات المُسحِتة،
منہ کو سیاہ کر دیا ہے اور ہلاک کرنے والے فتنے اور بیخ کنی کرنے والی بدعتیں یکے بعد از دیگرے ظاہر
ولم تَخُلُ تَتابعُ إلی أن أدرکَ عَطَبُ الضلالة الذین کانوا سفهاءً بادیَ الرأی،
ہو رہی ہیں ان کا پے در پے آنا کم نہ ہوا یہاں تک کہ ان لوگوں کو موت نے گھیر لیا جو احمق اور موٹی عقل والے

و كانوا من تعاليم اللّٰه غافلين. و أنتم ترون العواصف التی هبت فی هذه
اور الٰہی تعلیموں سے غافل تھے۔ اور تم دیکھ رہے ہو کہ ان دنوں میں کیسی تیز آندھیاں چل رہی
الأيام، والشرور التی هاجت وماجت من كلّ طرف وصُبّت كوابلٍ ﴿۲﴾
ہیں اور کیسی ہریک طرف سے شرارتیں برانگیختہ اور موجزن ہوکر بارش کی طرح اسلام پر گر رہی ہیں
على الإسلام، حتى حل كلَّ قلب حُبُّ الدنيا وشهواتها، إلا الّذی
یہاں تک کہ ہریک دل میں دنیا کی محبت اور دنیا کی شہوات گھر کر گئیں اور ان سے
عصمه رحم اللّٰه، فانثنی بفضل منه ورحمه وكان من المحفوظين.
کوئی نہیں بچ سکا بجز اس کے جس کو خدا کے رحم نے بچالیا جس پر رحم ہوا وہ فضل اور رحم الٰہی کے ساتھ ان تمام بلاؤں سے
وترون كيف ذهبت ريح عامة المسلمين وتفرّقوا، وانتشروا انتشار
باہر نکل آیا اور بچ گیا۔ اور تم دیکھ رہے ہو کہ کیسی عام لوگوں کی ہوا نکل گئی اور ان میں نا اتفاقی اور تفرقہ پیدا ہوگیا اور
الجراد، واستنّت نفوسهم الأمّارة استنانَ الجِياد، وتركوا سِيَرَ المتقين
وہ ٹڈیوں کی طرح الگ الگ جا پڑے اور ان کے بیراہ نفسوں نے خودرو گھوڑوں کی طرح توسنے شروع کئے اور پرہیزگاروں
المتواضعين. هذه أحوال العامة، وأما حال علماء هذه الديار فهو شرٌّ
اور فروتنوں کی خصلتیں انہوں نے چھوڑ دیں۔ یہ تو عام لوگوں کا حال ہے مگر اس ملک کے اکثر عالموں کا حال اس سے
من ذٰلك، ما بقِی لأكثرهم شغل من غير أن يُكذّبوا صدوقًا، أو
بھی بدتر ہے ان میں سے بہتوں کا شغل بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ کسی سچے کو جھوٹا قرار دیں یا
يُكفّروا مؤمنًا، وليس معهم من العلم إلا كنُغُبةِ طيرٍ أصغرِ الطيور أو أقلّ
کسی مومن کو کافر ٹھہراویں ان کا علم تو فقط اس قدر ہے جیسے کہ چھوٹے سے بلکہ بہت سے کم قدر پرند کی چونچ میں پانی
منها، ولكن الكبر أكبرُ مِن كِبر الشياطين. يُعلُون أنفسهم بغير حق،
سما سکتا ہے مگر تکبر شیطان کے تکبر سے بھی زیادہ ہے۔ یہ لوگ اپنے تئیں بے وجہ اونچا کھینچتے ہیں
ومن كان تبوّأ ذروةً فی الفضل والعلم فهو ليس فی أعينهم إلا جاهِلٌ غَبیٌّ
اور جو شخص درحقیقت فضل اور علم کے بلند ٹیلے پر جا گزین ہو وہ ان کی نظر میں ایک جاہل غبی ہے۔

ومَن مُلئ قلبه إيمانًا ومعرفة، فهو ليس عندهم إلا كافر دجّال. فانظروا
اور جو شخص درحقیقت ایمان اور معرفت سے بھر گیا وہ ان کے نزدیک ایک کافر دجال ہے۔ سو دیکھو
كيف عُمِّيتْ عليهم الحقائق، وكذلك يجعل الله مآل الزائغين
کیسے حقیقتیں ان پر چھپ گئیں اور خدا ایسا ہی ان لوگوں کا انجام کرتا ہے جو ٹیڑھے چلتے اور حد سے گذرتے ہیں۔
المعتدين. وقد رأيتم أننا كيف أوذينا من لُسُنِهم إنهم كذّبونا،
اور آپ لوگوں نے دیکھا کہ ہم کیسے ان لوگوں کی زبانوں سے ستائے گئے انہوں نے ہمیں جھٹلایا گالیاں نکالیں لعنتیں کیں
شتمونا، لعنونا، وما كان لهم علينا ذنب وما كنّا مجرمين. ثم ما
اور ہم نے کوئی ان کا گناہ نہیں کیا تھا اور نہ کوئی جرم سرزد ہوا تھا۔ پھر انہوں نے اسی پر قناعت نہ کی
اقتصروا عليه بل جاء وا يُهرعون إلينا مشتعلين، وسمَّونا كافرين. وما ﴿۳﴾
بلکہ اشتعال طبع سے ہماری طرف دوڑے اور ہمارا نام کافر رکھا اور انہیں نہیں چاہیے تھا کہ بے ڈر ہوکر
كان لهم أن يتكلموا فی مُسلمين إلا خائفين. ولكنهم لا يبالون نَهْيَ
مسلمانوں کے حق میں ایسے کلمات منہ پر لاتے مگر وہ لوگ خدا تعالیٰ کی ممانعت کی کچھ پرواہ نہیں کرتے بلکہ
ذی الجلال بل لهم أعمال دون ذٰلك يقولون للمسلم لستَ مؤمنا،
وہ تو اور ہی کاموں میں لگے ہوئے ہیں مسلمانوں کو کہتے ہیں کہ تو مومن نہیں اور جانتے ہیں کہ ایسا کہنے سے
ويعلمون أنهم تركوا القرآن بقولهم هذا واتخذوه مهجورا، فبعدوا عن الحق
وہ قرآن کو چھوڑتے ہیں اور قرآن کو تو وہ چھوڑ ہی بیٹھے ہیں سو اسی وجہ سے وہ سچائی سے دور جا پڑے اور ان کے دل
فقستْ قلوبهم يفعلون ما يشاء ون، ولا يتقون افتراءً ولا زورا، وكذلك
سخت ہوگئے۔ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں نہ افترا سے کچھ پرہیز اور نہ جھوٹ سے کچھ خوف اور اسی طرح انہوں نے ہم پر
افتروا علينا وحثُّوا ناسًا كثيرا من ذوی سفه علٰى إيذاءنا، وكفّرونا من غير
افترا کیا اور بہت سے نادان لوگوں کو ہمارے ستانے کے لئے اٹھایا اور ہمیں کافر ٹھہرایا حالانکہ کوئی
علم ولا برهان مبين. وأَمَّهم فی هذه الفتاویٰ شيخٌ عاری الجلدة من
بھی وجہ کفر نہیں تھی اور ان فتووں میں پیشوا ان کا ایک شیخ ہے جو انسانیت کے پیرایہ سے بے بہرہ

الـحُـلل الإنسانية والديانة الإيمانية، وتبعوه أمثـالـه جهلا وحمقا، وما
اور برہنہ اور ایمانی دیانت سے عاری ہے اور اس کے پیرو اسی کی مانند ہیں جو محض جہل اور حمق
كـنـا كـمـجهول لا يُعْرَف، بل كانوا على إسلامنا مطّلعين. وما صرنا
سے اس کے پیچھے ہو لئے اور ہم ایسے نہیں تھے جو ہمارا حال ان سے پوشیدہ ہو بلکہ ہمارے اسلام پر وہ مطلع تھے اور
بتـكـفيـرهـم كـافـريـن عـند الله، ولكن سُبِرَ إيمانهم وتقواهم ومبلغ
ان کے کہنے سے ہم خدا کے نزدیک کافر نہیں ہو گئے مگر ان کا ایمان اور ان کا تقویٰ اور ان کا اندازہ
فهـمهم وعلمهم، وتبيّنَ ما كانوا يسترون، وبَان أنهم كانوا حاسدين.
فہم اور علم سے آزمایا گیا اور جو کچھ وہ چھپاتے تھے وہ سب ظاہر ہوگیا اور کھل گیا کہ وہ حاسد ہیں۔
يا حسرة عـليهـم ما عطف إلينا أحد منهم ليسأل ما أشكل عليه حلمًا
ان پر افسوس کہ ان میں سے ایک بھی ہماری طرف متوجہ نہ ہوا تا اپنی مشکلات کی نسبت حلم
ورفـقًـا، وما سمعْنا صَكّةَ مستفتحٍ من المسترشدين. ومـا جاء نا أحد
اور رفق سے سوال کرتا اور ہم نے کسی کھٹکھٹانے والے کا کھٹکا نہ سنا جو رشد حاصل کرنے کا طالب ہو اور کوئی
مـنهم بصدق القلب وصحة النيّة، بل بادروا إلى التكفير وكفّروا قبل
ان میں سے ہمارے پاس صدق قلب اور صحت نیت سے نہ آیا بلکہ جھٹ پٹ تکفیر کی طرف دوڑے اور
أن يثبُـت كـفـرنـا. ثـم مـا اقـتـصـروا عـليه بل قالوا إن هؤلاء مرتدون
قبل اس کے جو ہمارا کفر ثابت ہو کافر ٹھہرایا اور پھر اسی پر بس نہ کیا بلکہ یہ کہا کہ یہ لوگ مرتد
خـارجـون من الدّين، وفي قتـلهـم أجـر عظيم، ونهبُ أموالهم حلالٌ ﴿۴﴾
اور دین سے خارج ہیں اور ان کا قتل کرنا بڑے ثواب کی بات ہے اور ان کا مال لوٹنا اگرچہ چوری سے ہی
طيب ولو بالسرقة، وأخذُ نسائهم وسبيُ ذراريهم عملٌ صالح حسن،
کیوں نہ ہو حلال طیب ہے اور ان کی عورتوں کو پکڑ لینا اور ان کی اولاد کو غلام بنا لینا عمل صالح میں داخل ہے
ومَـن انسـل بسُـحرة وسقط على أحد من مسافريهم كاللصوص فهو
اور جو شخص فجر کو پہلے وقت اٹھے اور جنگل میں نکل جائے اور ان کے مسافروں میں سے کسی پر چوروں کی طرح ڈاکہ مارے

مِن نُخب الصالحين. هذه أقوالهم وفتاواهم، وما امتنعوا إلى هذا الوقت
تو وہ بڑا ہی نیک بخت اور چنے ہوئے نکوکاروں میں سے ہے۔ یہ ان کی باتیں اور یہ ان کے فتوے ہیں اور اب تک ان
من هذه الفتن الصمّاء، وما فاءوا إلى الارعواء، وما كانوا متندّمين.
نہائت پُر شر فتنوں سے باز نہیں آئے اور حیا کی طرف رجوع نہیں کیا اور نہ نادم ہوئے۔
ولولا خوف سيف الدولة البرطانية لمزّقونا كلّ ممزّق، ولكن
اور اگر انگریزی سلطنت کی تلوار کا خوف نہ ہوتا تو ہمیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے لیکن
هذه الدولة القاهرة السائسة المباركة لنا - جزاها الله منّا خير الجزاء -
یہ دولت برطانیہ غالب اور باسیاست جو ہمارے لئے مبارک ہے خدا اس کو ہماری طرف سے جزاء خیر دے۔
تؤوي الضعفاءَ تحت جناح التحنّن والترحم، فما كان لقويٍّ أن يظلم
کمزوروں کو اپنی مہربانی اور شفقت کے بازو کے نیچے پناہ دیتی ہے پس ایک کمزور پر زبردست کچھ تعدی نہیں کرسکتا
الضعيف، فنعيش تحت ظلها بالأمن والعافية شاكرين. وإنّ هذا فضل
سو ہم اس سلطنت کے سایہ کے نیچے بڑے آرام اور امن سے زندگی بسر کر رہے ہیں اور شکر گذار ہیں
الله علينا وإحسانه أنه ما فوّض أمرنا إلى مِلكٍ ظالمٍ يدوسنا تحت
اور یہ خدا کا فضل اور احسان ہے جو اس نے ہمیں کسی ایسے ظالم بادشاہ کے حوالہ نہیں کیا جو ہمیں پیروں کے نیچے کچل ڈالتا
الأقدام ولا يرحم، بل أعطانا مِلكةً راحمةً التي تربينا بوابل الإحسان
اور کچھ رحم نہ کرتا بلکہ اس نے ہمیں ایک ایسی ملکہ عطا کی ہے جو ہم پر رحم کرتی ہے اور احسان کی بارش سے اور مہربانی کے مینہ سے
والإكرام، وتنهضنا من حضيض الضعف والهوان، فجزاها الله خير ما
ہماری پرورش فرماتی ہے اور ہمیں ذلت اور کمزوری کی پستی سے اوپر کی طرف اٹھاتی ہے سو خدا اس کو وہ جزاء خیر دے
جازى مِلكًا عادلًا عن رعيته، وأجزلَ لها الأجر وباركَ فيها ولها،
جو ایک عادل بادشاہ کو اس کی رعیت پروری کی وجہ سے ملتی ہے اور اس کو بہت ہی بدلہ دے اور اس میں اور اس کے لئے برکت
وتفضّلَ عليها بنعماء التوحيد والإسلام، ورحمها كما هي رحمنا ☆
نازل کرے اور اس پر یہ احسان بھی کرے کہ وہ مسلمان جائے ہو اور توحید اور اسلام کی نعمت اس کو ملے اور اس پر

☆ سهو والصحيح ”رحمتنا“ (الناشر)

وهو ربنا أرحم الراحمين. ﴿۵﴾

رحم کرے جیسا کہ اس نے ہم پر رحم کیا اور وہ ہمارا خدا رحم میں سب سے بڑھ کر ہے۔

وأنتم تعلمون أيها الإخوان أن فتاوى التكفير ما كانت مبنيّة على

اور بھائیو آپ لوگ جانتے ہیں کہ تکفیر کے فتوے کسی تحقیق پر مبنی نہیں تھے

تحقيق وما كان فيها رائحة صدق، بل نسجوا كلها بمنسج الكيد

اور ان میں سچائی کی بُو بھی نہیں تھی بلکہ وہ سب فتوے مکر اور

والظلم والزور افتراءً وحسدًا من عند أنفسهم، وكانوا يعرفوننا ويعرفون

ظلم اور جھوٹ کی تُر پر بُنے گئے تھے لیکن محض افترا اور نفسانی حسد سے اور یہ لوگ خوب جانتے تھے کہ

إيماننا، ويرون بأعينهم أنّا نحن مسلمون، نؤمن بالله الفرد الصمد

ہم مومن ہیں اور اپنی آنکھوں سے دیکھتے تھے کہ ہم مسلمان ہیں خدائے واحد لاشریک پر ایمان لاتے ہیں اور

الأحد، قائلين لَا إِلٰه إلّا هو، ونؤمن بكتاب الله القرآن، ورسولِه سيدنا

کلمہ لا الہ الا اللہ کے قائل ہیں اور خدا کی کتاب قرآن اور اس کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جو

محمد خاتم النبيين، ونؤمن بالملائكة ويوم البعث، والجنة والنار،

خاتم الانبیاء ہے مانتے ہیں۔ اور فرشتوں اور یوم البعث اور دوزخ اور بہشت پر ایمان رکھتے

ونصلي ونصوم، ونستقبل القبلة، ونحرّم ما حرّم الله ورسوله، ونُحِلُّ ما

ہیں اور نماز پڑھتے اور روزہ رکھتے ہیں اور اہل قبلہ ہیں اور جو کچھ خدا اور رسول نے حرام کیا اس کو حرام

أحَلَّ الله ورسوله، ولا نزيد في الشريعة ولا ننقص منها مثقال ذرّة، ونقبل

سمجھتے اور جو کچھ حلال کیا اس کو حلال قرار دیتے ہیں اور نہ ہم شریعت میں کچھ بڑھاتے اور نہ کم کرتے ہیں اور ایک ذرہ

كل ما جاء به رسول الله صلى الله عليه وسلم وإنْ فهِمْنا أو لم نفهَم سِرَّه

کی کمی بیشی نہیں کرتے اور جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمیں پہنچا اس کو قبول کرتے ہیں چاہے ہم اس کو

ولم نُدرك حقيقته، وإنّا بفضل الله من المؤمنين الموحّدين المسلمين.

سمجھیں یا اس کے بھید کو سمجھ نہ سکیں اور اس کی حقیقت تک پہنچ نہ سکیں اور ہم اللہ کے فضل سے مومن مؤحد مسلم ہیں۔

وما خالفنا المكفّرين إلّا في وفاة عيسى ابن مريم عليه السلام،
اور جن لوگوں نے ہمیں کافر ٹھہرایا ان سے ہم صرف اس بات میں ان کے مخالف ہیں کہ ہم حضرت عیسٰی علیہ السلام کی وفات
فاغتاظوا غيظا شديدا، ومُلئوا منه كأنهم لا يؤمنون بآية يٰعِيْسٰٓى اِنِّيْ
کے قائل ہیں وہ لوگ بہت غضبناک ہوئے اور غصہ سے بھر گئے گویا انہیں اس بات پر کچھ ایمان نہیں کہ اے عیسےٰ میں
مُتَوَفِّيْكَ[1] ولا يؤمنون بوعد الوفاة الذي قد صُرّح فيها، وكأنهم لا ﴿۶﴾
تجھے وفات دوں گا اور نہ وعدہ وفات پر ایمان ہے جس کی اس آیت میں تصریح ہے اور گویا وہ لوگ اس آیت کو بھی پہچانتے نہیں
يعرفون آية فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي التي فيها إشارة إلى إنجاز هذا الوعد ووقوع
جس میں حضرت عیسٰی کا اقرار ہے کہ تو نے مجھے وفات دی یہ وہی آیت فلما توفیتنی ہے جس میں اس وعدہ موت کے پورے
الموت. والآيات بيّنة منكشفة، فلعلّهم في شك من كتاب مبين،
ہونے کی طرف اشارہ ہے جو آیت انّی متوفیک میں ہو چکا تھا۔ آیات کھلے کھلے ہیں مگر شاید یہ لوگ قرآن پر یقین نہیں
فنبذوا كتاب الله وراء ظهورهم بعدما كانوا مؤمنين.
رکھتے اور شک میں ہیں اور کتاب اللہ کو انہوں نے ایمان لانے کے بعد اپنی پس پشت پھینک دیا ہے۔

وتعجّبتُ. ولا تعجُّبَ مِن ختم الله وإضلاله. أن أكثر علماء
اور میں نے تعجب کیا اور خدا کے قہر اور اس کے گمراہ کرنے سے کچھ تعجب بھی نہیں کہ اس ملک کے اکثر
هذه الديار فسدوا حتى عُطّلت حواسّهم، وسُلبت عقولهم، وغُمرت
مولوی بگڑ گئے یہاں تک کہ ان کے حواس بے کار اور معطل ہوگئے اور ان کی عقلیں مسلوب ہوگئیں اور ان کی
مداركهم، وكُدّرت آراؤهم، وغُشيت أعينهم. فيا عجبًا لفعل الله
دماغی قوتیں گم ہوگئیں اور ان کی راؤں پر تاریکی چھا گئی اور آنکھوں پر پردے پڑ گئے سو دیکھو خدا کا کام اور
وقهره كيف أخذ كلَّ ما كان عندهم من البصيرة والمعرفة والدراية،
اس کا قہر کس طرح سے اس نے ان کی بصیرت اور معرفت اور دانائی لے لی
وتركهم في ظلماتٍ لا يبصرون. لا يأخذهم رِقّةٌ على مصائب الإسلام
اور ان کو اندھیرے میں چھوڑ دیا۔ ان کا دل اسلام کی مصیبتیں دیکھ کر کچھ بھی نرم نہیں ہوتا

[1] اٰل عمران:۵۶

یـکـفّرو ننا ویکفّرون کلَّ من خالفھم من المسلمین فی أدنٰی أمر ولو
ہمیں کافر ٹھہراتے ہیں اور نہ صرف ہمیں بلکہ ہریک مسلمان ان کے نزدیک کافر ہے جبکہ وہ ایک ادنیٰ بات میں بھی
فـی بـعض مسائل الاستنجاء ، ویَدُعُّون المسلمین بأیدیھم ویریدون
ان کا مخالف ہو اگرچہ کسی استنجاء کے مسئلہ میں ہی اختلاف ہو۔ مسلمان کو دھکے دے دے کر دین سے باہر نکالتے ہیں
أن یُقلّلوا الإسلام. ویرون بأعینھم أن النصاری قد غلبوا و کثر
اور چاہتے ہیں کہ اسلام بہت کم رہ جائے اور اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ نصاریٰ غالب آ گئے اور ان کا مذہب
مذھبھم وامتد إلی أقطار الأرض، وھم ینسلون من کل حدب،
زمین پر بہت بڑھ گیا اور زمین کے کناروں تک پھیل گیا اور ہریک بلندی انہیں کے حصہ میں آ گئی اور
واتخذوا العبدَ العاجز إلھًا، ونحتوا ابنًا وأبًا، ورسَوا علی خزعبلا تھم
ایک عاجز بندہ کو انہوں نے خدا ٹھہرایا اور اپنی طرف سے باپ اور بیٹا تراش لیا اور اپنی باطل باتوں پر
أمثالَ الجبال والرُّبی. وعلماؤنا ھؤلاء عقدوا لجھلا تھم الحُبی،
پہاڑوں اور ٹیلوں کی طرح استحکام پکڑ گئے اور یہ ہمارے مولوی لوگ ان کے آگے ان کی باطل باتوں کے سننے کے لئے
وصارت کلماتھم لزھرِ فِرْیتِھم کالصبا، وجمعوا روایاتٍ واھیۃ ﴿۷﴾
زانو باندھ کر بیٹھ گئے اور ان کی باتیں عیسائیوں کے شگوفوں کے لئے بادصبا کے حکم میں ہوگئیں اور بے ہودہ اور سست
کحاطب لیل أو طالب سیل، ونصروا النصاری بکلماتھم، وقالوا إن
روائتیں انہوں نے جمع کیں جیسے کوئی رات کو ہر ایک قسم کی خشک تر لکڑی جمع کرتا ہے یا جیسے کوئی طوفان کا طالب ہوتا ہے اور
المسیح منفرد ببعض صفاتہ، وما وُجد فیہ من کمال وجلال وعظمۃ
انہوں نے نصاریٰ کو اپنی باتوں سے مدد دی جیسا کہ انہوں نے کہا کہ مسیح ابن مریم اپنی بعض صفات میں بے مثل ہے اور جو کمال
فھو لا یوجد فی غیرہ. إنہ کان علی أعلی مراتب العصمۃ، ما مسّہ
اور بزرگیاں اس میں پائی جاتی ہیں اس کے غیر میں نہیں پائی جاتیں وہ ہی ایک ہے جو اعلیٰ درجہ پر گناہوں سے پاک ہے
الشیطان عند تولُّدہ، ومسَّ غیرَہ من الأنبیاء کلّھم، ولا شریک لہ
شیطان نے اس کی پیدائش کے وقت اس کو چھُوا نہیں اور بجز اس کے سب نبیوں کو چھوا اور کوئی شیطان کے مس سے بچ

فی هذه الصفة حتی خاتم النبیین. وقالوا إنه کان خالق الطیور
نہ سکا مگر ایک مسیح اور اس صفت میں نبیوں میں سے اس کا کوئی بھی شریک نہیں یہاں تک کہ خاتم الانبیاء بھی۔ اور خدا تعالیٰ
کخلق اللّٰہ تعالٰی، وجعله اللّٰہ شریکه بإذنه، والطیور التی توجد فی
کی طرح وہ پرندوں کا بھی خالق تھا اور خدا تعالیٰ نے اپنے اذن سے اس کو اپنا شریک بنایا۔ سو وہ سب پرندے جو
هذا العالم تنحصر فی القسمین خَلْق اللّٰہ وخَلْق المسیح. فانظر
دنیا میں پائے جاتے ہیں دو قسم کے ہیں کچھ خدا کی پیدائش اور کچھ مسیح کی سو دیکھو کیوں کر
کیف جعلوا ابن مریم من الخالقین. ویُشیعون فی الناس هذه
ابن مریم کو خالق بنا دیا۔ اور لوگوں میں یہ عقائد شائع کرتے ہیں اور نہیں جانتے کہ
العقائد ولا یدرون ما فیها من البلایا والمنایا، ویؤیّدون المتنصِّرین.
اقبال کے لئے دعا کریں اور اس کے عقبٰی کے لئے خدا تعالیٰ سے یہ مانگیں کہ اسلامی توحید کی راہ اس کے
وتنتهج سبل الحق وتؤمن بعظمة المليك العلّام، وتعرف الرب الذى
نصیب کرے اور حق کی راہوں پر چلے اور اس بادشاہ کی بزرگی کی قائل ہو جو غیب کی باتیں جانتا ہے اور اس رب کو
أحدٌ صمدٌ ما ولد وما وُلِد، وتُعطَى نعماء أبد الآبدين.
پہچانے جو اکیلا اور تمام مخلوق کا مرجع اور نہ مولود اور نہ والد ہے اور اس کو ابدی نعمتیں ملیں۔

فألّفتُ كُتبًا وحرّرتُ فى كل كتاب أن الدولة البريطانية مُحسنة
سو میں نے کئی کتابیں تالیف کیں اور ہر یک کتاب میں میں نے لکھا کہ دولت برطانیہ مسلمانوں کی محسن ہے
إلى مسلمى الهند وتنتجعها ذرارى المسلمين، فلا يجوز لأحد منهم أن
اور مسلمانوں کی اولاد کی ذریعہ معاش ہے۔ پس کسی کو ان میں سے جائز نہیں جو اس پر
يخرج عليها ويسطو كالباغين العاصين، بل وجب عليهم شكرُ هذه
خروج کرے اور باغیوں کی طرح اس پر حملہ آور ہو بلکہ ان پر اس گورنمنٹ کا شکر واجب ہے اور
الدولة وإطاعتها فى المعروف، فإنها تحمى دماء هم وأموالهم وتحفظهم
اس کی اطاعت ضروری ہے کیونکہ یہ گورنمنٹ مسلمانوں کے خونوں اور مالوں کی حمایت کرتی ہے اور
مِن سطوة كل ظالم، وقد نجّتْنا من أنواع الكروب وارتجاف القلوب،
ہریک ظالم کے حملہ سے ان کو بچاتی ہے اور درحقیقت ہمیں اسی نے بے قراریوں اور دل کے لرزوں
فإن لم نشكر فكنا ظالمين. فالشكر واجب علينا دينًا وديانة، ومن
سے بچایا سو اگر شکر نہ کریں تو ظالم ٹھہریں گے۔ پس شکر ہم پر از روئے دین و دیانت کے واجب ہے اور جو شخص

لا یشکر الناس مَا شکر اللّٰه، واللّٰہ یحب المقسطین. وإنّا لن ننسی ﴿۳۰﴾
آدمیوں کا شکر نہیں کرتا اس نے خدا کا بھی شکر نہیں کیا اور خدا انہیں کو دوست رکھتا ہے جو طریق انصاف پر چلتے ہیں اور ہم
أیّامًا وأزمنة مضت علینا قبلها، وواللّٰہ ما کان لنا أمنٌ فیها إلٰی دقیقتین
ان دنوں اور ان زمانوں کو بھول نہیں گئے جو اس گورنمنٹ سے پہلے ہم پر گذرے اور بخدا ہمیں ان وقتوں میں دو منٹ بھی
فضلًا عن یوم أو یومین، وکنا نُمسی ونصبح متخوّفین.
امن نہیں تھا چہ جائیکہ ایک دن یا دو دن ہو اور ہم ڈرتے ڈرتے شام کرتے اور صبح کرتے تھے۔

فأشعتُ تلک الکتب المحتویة علی تلک المضامین فی کل
سو میں نے اس مضمون کی کتابوں کو شائع کیا ہے اور تمام ملکوں اور تمام لوگوں میں ان کو شہرت دی ہے
دیار وفی أناس أجمعین، وأرسلتها إلی دیار بعیدة من العرب والعجم
اور ان کتابوں کو یعنی دور دور کی ولایتوں میں بھیجا ہے جن میں سے عرب اور عجم اور
وغیرها، لعل الطبائع الزایغة تکون مستقیمة بمواعظها، ولعلّها تکون
دوسرے ملک ہیں تا کہ کج طبیعتیں ان نصیحتوں سے براہ راست آ جائیں اور تا کہ وہ طبیعتیں اس گورنمنٹ کا
صالحة لشُکر الدولة وامتثالها، وتقلّ غوائل المفسدین، ولعلهم
شکر کرنے اور اس کی فرمانبرداری کے لئے صلاحیت پیدا کریں اور مفسدوں کی بلائیں کم ہو جائیں اور تا کہ
یعلمون أن هذه الدولة محسنة إلیهم فیحبونها طائعین. هٰذا عملی
وہ لوگ جانیں کہ یہ گورنمنٹ ان کی محسن ہے اور محبت سے اس کی اطاعت کریں۔ یہ میرا کام اور
وهذه خدمتی، واللّٰه یعلم نیّتی، وهو خیر المحاسبین. وما فعلت
یہ میری خدمت ہے اور خدا میری نیت کو جانتا ہے اور وہ سب سے بہتر محاسبہ کرنے والا ہے اور مَیں نے یہ کام
ذلک خوفًا من هذه الدولة أو طمعًا فی إنعامها وإکرامها، إن فعلتُ إلّا
گورنمنٹ سے ڈر کر نہیں کیا اور نہ اس کے کسی انعام کا امیدوار ہوکر کیا ہے بلکہ یہ کام محض لِلّٰہ اور
للّٰه وامتثالا لأمر خاتم النبیین. فإن نبیّنا وسیّدنا ومولانا حبیب اللّٰه
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق کیا ہے کیونکہ ہمارے نبی اور ہمارے سردار اور ہمارے مولا نے جو خدا کا پیارا

وخليله محمد ن المصطفٰى صلعم قد أمرَنا أن نثني على المنعِمين، ونشكر
اور اس کا دوست محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم ہے ہمیں یہ حکم دیا ہے کہ ہم ان کی تعریف کریں جن کے ہم نعمت پروردہ
المحسنين، فلأجل ذلك شكرتها ونصرتها ما استطعتُ، وبثثتُ مِننَها
ہیں اور ان کا ہم شکر کریں جن سے ہمیں نیکی پہنچی ہو پس اسی وجہ سے میں نے اس گورنمنٹ کا شکر کیا اور جہاں تک
وأشعتُها في كل بلدة مِن مُلكنا المعلوم إلى بلاد العرب والروم، وحثثتُ
بن پڑا اس کی مدد کی اور اس کے احسانوں کو ملک ہند سے بلاد عرب اور روم تک شائع کیا اور لوگوں کو اٹھایا کہ تا اس
الناس على إطاعتها. ومن كان في شك فليرجع إلى كتابي البراهين، وإن
کی فرمانبرداری کریں اور جس کو شک ہو وہ میری کتاب براہین احمدیہ کی طرف رجوع کرے اور اگر وہ اس کے
لم يكفِ لِشَكّه فلينظر كتابي التبليغ، وإن لم يطمئن فليقرأ كتابي الحمامة، ﴿۳۱﴾
شک کے دور کرنے کے لئے کافی نہ ہو تو پھر میری کتاب تبلیغ کا مطالعہ کرے اور اگر اس سے بھی مطمئن نہ ہو تو پھر
وإن بقي مع ذٰلك شك فليُفكّر في كتابي الشهادة، وليس حرام عليه أن
میری کتاب حمامة البشریٰ کو پڑھے اور اگر پھر بھی کچھ شک رہ جائے تو پھر میری کتاب شہادۃ القرآن میں غور
ينظر في هذه الرسالة أيضا ليتضح عليه كيف أعلنتُ بصوت عالٍ في منع
کرے اور اس پر حرام نہیں ہے جو اس رسالہ کو بھی دیکھے تا کہ اس پر کھل جائے کہ میں نے کیونکر بلند آواز سے کہہ دیا
الجهاد والخروج على هذه الدولة وتخطية المجاهدين.
ہے کہ اس گورنمنٹ سے جہاد حرام ہے اور جو لوگ ایسا خیال رکھتے ہیں وہ خطا پر ہیں۔
فلو كنتُ عدوًّا لهذه الدولة لفعلتُ أفعالًا خلاف ذلك، وما
پس اگر میں اس گورنمنٹ کا دشمن ہوتا تو میں ایسے کام کرتا جو میری اس کارروائی کے مخالف ہوتے اور
أرسلتُ هذه الكتب وهذه الاشتهارات إلى ديار العرب وبلاد إسلامية،
یہ کتابیں اور یہ اشتہار بلاد عرب اور تمام بلاد اسلامیہ کی طرف روانہ
وما قدّمتُ قدمي لهذه النصائح. فانظروا يا أولي الأبصار، لِمَ فعلتُ
نہ کرتا اور ان نصیحتوں کے لئے آگے قدم نہ اٹھاتا۔ پس اے آنکھوں والو! تم سوچو کہ میں نے یہ کام کیوں

هٰـذه الأفعال، ولِمَ أرسلتُ هذه الكتب التی فیها منع شدید من الجهاد
کئے اور کیوں یہ کتابیں جن میں جہاد کی سخت ممانعت لکھی ہے۔
لهـذه الـدولة فی دیار العرب وفی غیرها من البلاد؟ أکنتُ أرجو إنعاما
ملک عرب اور دوسرے اسلامی ملکوں میں بھیجیں کیا میں ان تحریروں سے ان لوگوں کے انعام
مـن سکان تلک البلاد أو کنت أعلم أنهم یرضون عنی بسماع تلک
کی امید رکھتا تھا یا میں یہ جانتا تھا کہ وہ ان باتوں سے مجھ سے خوش ہو جائیں گے اور دوستی
الکلمات ویزیدون فی الأخوّة والاتحاد؟ فإن لم یکن لی غرض من هذه
اور برادری میں ترقی کریں گے سو اگر ان غرضوں میں سے کوئی غرض
الأغراض، بل کانت النتیجة البدیهة سخط القوم وغضبهم علیَّ وطَعُنَهم
نہیں تھی بلکہ کھلا کھلا نتیجہ قوم کی ناراضگی تھی اور ان کی تیز زبانی کے
بـالألسـنة الـحِـداد، فبـعده أیُّ شیء حملنی علی ذلک؟ أکانت لنفسی
ساتھ طعن تھے سو اس کے بعد کس غرض نے مجھ کو اس کام پر آمادہ کیا کیا میرے لئے
فـائدة أخـری فـی إرسـال تـلک الـکـتـب إلی دیار لیست داخلة تحت
ان کتابوں کی ایسے ملکوں میں بھیجنے میں جو حکومت انگریزی میں داخل نہیں تھے
الحکومة البریطانیة، بل هی ممالک الإسلام ولهم خیالات دون ذلک
بلکہ وہ اسلامی ملک تھے اور ان کے خیال بھی اور تھے کچھ اور فائدہ تھا
کـمـا لا یـخفی علی الخواص والعوام؟ فإن کانت فائدة مخفیة فلیُبیِّن لی مَن ﴿۳۲﴾
اور اگر کوئی فائدہ پوشیدہ تھا تو ایسا شخص جو میرے پر بدظن رکھتا اور اعتراض کرنے والا ہے اس فائدہ کو
کـان مـن المرتابین والمعترضین علیَّ إن کان من الصادقین. حاشا، ما کانت
بیان کرے اگر وہ سچا ہے تو سمجھو کہ بجز اظہار حق کے کوئی فائدہ نہیں تھا
فـائدة مـن غیـر إظهـار الـحق. بـل إنـی سـمعت أن أقوالی هذه قد أحفظتْ
بلکہ میں نے سنا ہے کہ یہ میری باتیں اور یہ تحریریں

بعضَ العلماء ، وكفّروني كالجهلاء ، فما باليتُهم بعد تفهُّم الحق
بعض علماء کے غضب ناک ہونے کا موجب ہوئیں اور جہالت سے مجھے کافر ٹھہرایا سو میں نے حق کے سمجھنے کے بعد اور
وانكشاف طريق الاهتداء ، ورأيت أن هذا هو الحق فبيّنتُها ولو كان
ہدایت کا رستہ کھلنے کے پیچھے ان کی کچھ بھی پروانہ کی اور میں نے دیکھا کہ یہی حق ہے سو میں نے بیان کر دیا اگر چہ میری
قومي كارهين. فإذا ثبت خلوصي إلى هذا المقدار، و برهنتُ عليه
قوم کراہت کرتی رہی۔ پس جبکہ میرا اخلوص اس گورنمنٹ سے اس قدر ثابت ہوا اور میں نے اس قدر دلائل سے اس کو
بقدرٍ كافٍ لأولي الأبصار، فمن يظن ظن السوء في أمري بعد إلا الذي
ثابت کر دیا جو دانشمندوں کے لئے کافی ہیں پس جو شخص اس کے بعد میرے پر بدگمانی کرے ایسا آدمی بجز ناپاک فطرت
خبُث عِرقه كالفُجّار، وتدرّبَ بالشرّ واللّذْعِ والأَبْرِ وسِير الأشرار،
اور بجز ایسے شخص کے جس کی عادت میں نیش زنی اور شرارت داخل ہے اور کون ہو در حقیقت یہ اسی کا کام ہے جو شرارت کو
وترَكَ سِير الصالحين.
پسند کرتا اور نیک بختی کی راہ کو چھوڑتا ہے۔

وما كان تأليفي في العربية إلا لمثل هذه الأغراض العظيمة، ولم
اور میرا عربی کتابوں کا تالیف کرنا تو انہیں عظیم الشان غرضوں کے لئے تھا اور میری کتابیں عرب کے لوگوں کو
يَخْلُ تنتاب العربيِّين كتبي حتى رأيت فيهم آثار التأثير، وجاءني بعض منهم
برابر پے در پے پہنچتی رہیں یہاں تک کہ میں نے ان میں تاثیر کے نشان پائے اور بعض عرب میرے پاس آئے اور بعضوں
وراسلني بعض، وبعضهم هجّنوا، وبعضهم صلُحوا ووافقوا كالمسترشدين.
نے خط و کتابت کی اور بعضوں نے بدگوئی کی اور بعض صلاحیت پر آ گئے اور موافق ہو گئے جیسا کہ حق کے طالبوں کا کام ہے۔

وإني صرفتُ زمانا طويلا في هذه الإمدادات حتى مضت عليَّ
اور میں نے ان امدادوں میں ایک زمانہ طویل صرف کیا ہے یہاں تک کہ گیارہ برس
إحدى عشر سنة في شغل الإشاعات، وما كنت من القاصرين. فلي
انہی اشاعتوں میں گذر گئے اور میں نے کچھ کوتاہی نہیں کی۔ پس میں

أن أدّعی التفردَ فی ھذہ الخدمات، ولی أن أقول إننی وحید فی ھذہ
یہ دعویٰ کرسکتا ہوں کہ میں ان خدمات میں یکتا ہوں اور میں کہہ سکتا ہوں کہ میں ان تائیدات

التأییدات، ولی أن أقول إننی حِرزٌ لھا وحصنٌ حافظٌ من الآفات، وبشّرنی ﴿۳۳﴾
میں یگانہ ہوں اور میں کہہ سکتا ہوں کہ میں اس گورنمنٹ کے لئے بطور ایک تعویذ کے ہوں اور بطور ایک پناہ کے ہوں جو آفتوں سے

ربی وقال ما کان اللّٰہ لیعذّبھم وأنت فیھم. فلیس للدولۃ نظیری ومثلی
بچاوے اور خدا نے مجھے بشارت دی اور کہا کہ خدا ایسا نہیں کہ ان کو دکھ پہنچاوے اور تو ان میں ہو۔ پس اس گورنمنٹ کی خیر خواہی

فی نصری وعونی، وستعلم الدولۃ إن کانت من المتوسّمین.
اور مدد میں کوئی دوسرا شخص میری نظیر اور مثیل نہیں عنقریب یہ گورنمنٹ جان لے گی اگر مردم شناسی کا اس میں مادہ ہے۔

وأمّا الذین دخلوا فی الملۃ النصرانیۃ تارکین دین الإسلام،
مگر وہ لوگ جو عیسائی دین میں داخل ہوئے اور دین اسلام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ دیا سو ہم ان کو

وباعدین عن ظل خیر الأنام، فما نجدھم قائمین لخدمۃ الدولۃ
ایسے نہیں دیکھتے کہ سرکار انگریزی کی کچھ خدمت کرتے ہوں یا مخلص ہوں بلکہ ہم تو دیکھتے ہیں کہ

والمخلصین لھذہ الحضرۃ، بل نجدھم مداھنین منافقین، وما دخلوا
وہ مداہنہ اور نفاق سے زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور اکثر لوگ دین عیسائی میں محض اسی لئے داخل ہوئے ہیں تا اپنی

أکثرُھم فی دینھم إلا لیستطبّوا لوجعِ الجوع، ولیُفعِموا کأس الولوع،
درد گرسنگی کا علاج کریں اور اپنے حرص کے پیالوں کو لبالب بھر دیں سو کسی صبح یہ لوگ تتر بتر

فسینتشرون ذات بُکرۃ إذا رأوا أنھم أُخرجوا من روض الرتوع، ویعجبون
ہو جائیں گے جبکہ دیکھیں گے چراگاہ سے نکالے گئے اور لوگوں کو اپنے جلد پھرنے

الناس من وشک الرجوع. ونحن نراھم مذ أعوام مناجین للإخفار کلئام،
سے تعجب میں ڈالیں گے اور ہم تو ان کو کئی برسوں سے دیکھ رہے ہیں کہ وہ اپنا مذہبی قول و اقرار توڑنے کو تیار

ولا نجد فیھم شیئا من الأوصاف إلا عشق الصَّعُف والصِّحاف وإلْفِ الجیفۃ
ہیں اور ہم ان میں بجز اس کے کوئی خوبی نہیں پاتے کہ وہ شراب اور خوش مزہ کھانوں کے جو پیالوں میں بھرے ہوئے ہوں

کـالـغُـداف، ومـا نجدهم إلا مترَفين، وسيعلم الدولة البريطانية كم منهم
عاشق ہیں اور دنیا کے مردار کے ایسے دوست ہیں جیسے کوا۔ اور ہم ان کو جانتے ہیں کہ دنیاوی نعمتوں نے ان کو بے راہ
من المخلصين الصادقين. وواللّٰه إنّا نشاهد بأعيننا أن أكثرهم قد خرجوا
کر دیا ہے اور عنقریب گورنمنٹ انگریزی جان لے گی کہ کس قدر ان میں مخلص صادق ہیں اور بخدا ہم اپنی آنکھوں سے
مـن الإسـلام ودخـلـوا فی النصارى من التكاليف النفسانية وأثقال الدَّين
مشاہدہ کر رہے ہیں کہ اکثر ان میں سے محض تکالیف نفسانیہ اور قرض کے بوجھ
ولَهَـبِ الأجـوفَـيـن، وكـان الـمسلمون مطّلعين على عَرِّهم وشَرِّهم، فمَا ﴿۳۴﴾
اور پیٹ اور عضو نہانی کی سوزشوں کی وجہ سے اسلام سے خارج اور نصاریٰ میں داخل ہوئے
بالوهم لاطّلاعهم على سبب مفرّهم، فتوجهت هذه الطائفة إلى قسّيسين
اور مسلمان لوگ ان کی حرص کی خارش اور ان کی شرارتوں سے مطلع تھے پس انہوں نے کچھ پرواہ نہ کی سو یہ لوگ پادریوں کی
بـمـا رأوا بـصـيـصَ إقبـالـهـم وزيـنـة دنيـاهـم وكثرة مـالـهم، ومع ذلك
طرف متوجہ ہوئے کیونکہ انہوں نے ان کے اقبال کی چمک دیکھی اور ان کی زینت دنیا اور کثرت مال کا ملاحظہ کیا اور
وجـدوهم غافلين من مقاصدهم كحمقى، وحسبوا الأديار بُقعة النوكَى،
باایں ہمہ ان کو اپنے اصلی مقاصد سے غافل پایا ایسا کہ جیسے احمق ہوتے ہیں اور انہوں نے گرجاؤں کو ایک
فتـمـايـلـوا عـلـيـهـا خـادعـيـن. ومـا كـان لمسلمي ديارنا أن يربّوا تلك
بے وقوف لوگوں کا مکان سمجھ لیا سو وہ ان کی طرف دھوکہ دینے کی نیت سے جھک پڑے اور ہمارے ملک کے مسلمان
الـكـسـالـى، ويـكـفـلوهم فـی مـآكـلـهـم ومـشـاربـهـم ولـبـوسـهم ويتركوهم
ایسے سست اور کاہل لوگوں کی پرورش نہیں کر سکتے تھے اور یہ نہیں ہو سکتا تھا کہ ان کے کھانے پینے اور پہننے کے مصارف
معذورين مستريحين كالحبالى، ويحملوا نفقاتهم على أنفسهم، ويتركوهم
اپنے ذمہ اٹھالیں اور ان کو حملدار عورتوں کی طرح معذور سمجھ کر آرام کرنے دیں اور تمام خرچ ان کے اپنے ذمہ کر لیں
لـيـأكـلـوا ويـتـمـتـعـوا فـارغـيـن، فـإن الـمـسـلـمـيـن قوم ضعفاء مُعسِرين، ولا
اور ان کو صرف کھانے پینے کے لئے فارغ چھوڑ دیں کیونکہ مسلمان ایک ناتوان اور تنگدست قوم ہے اور ان کے مالوں میں اس قدر

يَـفـضُـل عـنهـم ما يصرفون إلى غيرهم، فمن أين و كيف يُفعِمون وِعاءَ
بچت نہیں ہوتی جو کسی دوسرے کو دیں پھر کہاں سے اور کیونکر نکمے لوگوں کے برتن بھر سکیں سو مرتد عیسائیوں
البطّالين؟ فلما رأوا أن أهل الإسلام لا يحملون أثقالهم ولا يبالون
نے جب دیکھا کہ مسلمان ان کے بوجھوں کو اٹھا نہیں سکتے اور فقر و فاقہ کی پروا نہیں رکھتے تو
إقلالهم، توجّهوا إلى قسيسين مصطادين.
شکار ڈھونڈتے ہوئے پادریوں کی طرف دوڑے۔
فاجتمعوا في الكنائس مِن داء الذئب والخَوَى المذيب طمعًا
سو گرجاؤں میں بھوک کی وجہ سے جو گلاتی جاتی تھی جمع ہوئے اور یہ سب کچھ ان کے مالوں کے لالچ اور
في أموالهم، وطموحًا إلى إقبالهم، وأخذوا يسرّونهم بإغلاظ الكلام
ان کے اقبال پر نظر دوڑانے سے ظہور میں آیا اور پھر انہوں نے شروع کیا کہ آنحضرت خیر الانام کے حق میں سخت
في شأن خير الأنام، ويُطرِفون في التوهينات واختراع الاعتراضات،
اور نئے نئے درشت کلمے استعمال کر کے پادریوں کو خوش کرتے اور نئی نئی قسم کی اہانتیں اور اختراع اور اعتراض ان
ليُروهم أنهم متنفرين من الإسلام وفي التنصر متشددين، وليحصل
کے لئے بناتے تا کہ ان کو دکھلاویں کہ وہ اسلام سے متنفر اور عیسائی مذہب میں بڑے پکے ہیں اور تا کہ ان بے ادبی کی
لهم قُربتهم بوسيلتها وليقضوا أوطارهم بتوسطها ويكونوا في أعينهم
باتوں سے ان کے خاص مصاحب بن جائیں اور ان کے توسط سے اپنی حاجتیں پوری کریں اور ان کی آنکھوں میں
صالحين متنصّلين. وكذلك صابت سهامهم وحصل مرامهم، فترىٰ
پرہیز گار اور صالح دکھائی دیں اسی طرح ان مرتدوں کے تیر نشانوں پر لگے اور ان کی مرادیں بر آئیں پس تو دیکھتا
كيف اصطادوا أكابرهم ونهبوا أموالهم وختلوا جُهّالهم، فأحبّوهم ﴿۳۵﴾
ہے کہ کیونکر انہوں نے اپنے بڑوں کو شکار کیا اور کیونکر ان کے جاہلوں کو دھوکے دیئے سو وہ ان سے پیار کرنے لگے اور
وأحسنوا إليهم كأنهم فوج المتقين. وفرضوا لهم في صدقاتهم حصّةً
ان پر احسان کئے گویا یہ ایک پرہیز گاروں کی فوج ہے۔ اور ان کے لئے اپنے خیراتی مالوں میں حصے ٹھہرا دیئے

وجعلوا لهم وظائف، فيأخذ كل أحد منها ويأكلها بطّالا ضُجَعةً نُوَمةً،
اور وظیفے مقرر کر دیئے پس ہر ایک کرشٹان ان میں سے لیتا ہے اور محض نکما لیٹے سوتے اس مال کو کھاتا ہے
وتراهم كيف يتبخترون بالارتداد كتبختُرِ المطلَق من الإسار،
اور تو دیکھتا ہے کہ کیونکر مرتد ہونے کی حالت میں وہ لٹکتے پھرتے ہیں جیسے قیدی قید چھوڑ کر لٹکتا ہوا چلتا ہے اور
ويهتزّون هزّة الموسِر بعد الإعسار، ويُتلِفون أموال الناس متنعمين.
ایسے خوشی کر رہے ہیں جیسے وہ شخص خوش ہوتا ہے جو تنگی کے بعد فراخی دیکھتا ہے اور لوگوں کا مال عیاشی میں اڑا رہے ہیں۔
فليت شعرى لو بُنِيَتْ من هذه الأموال التى تُسكَبُ كالماء فى تنعّمات
کاش اس مال سے جو ناپاک دلوں کی عیاشی کے لئے پانی کی طرح بہایا جاتا ہے کوئی پل دریا کے عبور
السفهاء جسرٌ للعابرين أو خانٌ للمسافرين، لكان خيرًا وأولى وأنفع
کرنے والوں کے لئے بنایا جاتا یا مسافروں کے لئے کوئی سرا تیار کی جاتی تو بہت ہی مناسب اور بہتر
للناس مِن أن يُبذَل على هذه الطائفة مَظاهرِ الخنّاسِ التى أتلفتْ نفائسَ
اور خلق اللہ کے نفع کا موجب تھا بہ نسبت اس کے کہ اس طائفہ شیطان کے اوتار پر یہ مال خرچ ہوتا ایسا طائفہ
أموال الناس فى الخَضْم والقَضْم، وما مسَّهم فكرُ الدنيا ولا فكر
جس نے کھانے چبانے میں لوگوں کے نفیس اور عمدہ مالوں کو ناحق کھو دیا اور ان کو دنیا اور آخرت کا فکر چھو
الآخرة، وما أخرجهم من الإسلام إلا أسباب معدودة، وأكبرها كثرة
بھی نہیں گیا اور ان کے دین اسلام سے مرتد ہونے کا بڑا باعث کثرت حمق
الحمق وقلة التدبّر. ثم مع ذلك سببُ ارتداد الأكثر منهم اضطرامُ
اور قلت تدبر ہے اور پھر باوجود اس کے ان میں اکثر مرتد ہونے کا سبب بھوک کی آگ کا بھڑک
الأحشاء والاضطرار إلى العَشاء، وشُحُّ مطائبِ الطعام، وحرصُ كأس
اٹھنا ہے اور رات کی روٹی کے لئے بے قرار ہونا اور اچھے اچھے کھانوں کا لالچ اور شراب کی حرص
المُدام، والرغبةُ فى الغِيد، والتوقُ إلى الأغاريد، والميلُ إلى مغاداة
اور نازک اندام عورتوں کی رغبت اور سرود کے شوق اور لطیف بدن عورتوں کو دیکھنے کے لئے صبح کو

الغادات ومقاناة القينات وغيرها من الهنات، فسقطوا لأجل ذلک
جانا اور گانے بجانے والی عورتوں سے میل ملاپ رکھنا اور ایسا ہی اور بری خصلتیں پس وہ اسی سبب سے لالچ سے بھرے
علی الدنيا بالقلب الشحيح، كالذباب على المخاط والقيح، وكانوا
ہوئے دل کے ساتھ دنیا پر گرے جیسے مکھی پیپ اور رینٹھ پر گرتی ہے اور عاقبت سے
من العقبٰى غافلين. ما بقى لهم شغل من غير شرب الصهباء، وإسبال ﴿۳۶﴾
بالکل غافل رہے اور ان کو بجز اس کے اور کوئی شغل نہیں رہا کہ شراب پیویں اور ناز نخرے کے ساتھ
ثياب الخيلاء، وأكل الخبز السميذ، ومَلْءِ قِرب البطون بكأس النبيذ،
لٹکتے ہوئے کپڑے پہنیں اور میدے کی روٹی کھاویں اور پیٹ کی مشک کو شراب کے پیالوں کے ساتھ بھریں
وتوهين المقدّسين. أرى المُدام سكنهم، والغبوق خدينهم، والبطن
اور پاک لوگوں کی توہین کرتے رہیں۔ میں دیکھتا ہوں کہ دوست آرام دہ ان کا خمر ہے اور آدھی رات کی شراب ان کا
دينهم، ونسوا عظمة الله مجترئين.
دلی اور اندرونی یار ہے اور پیٹ ان کا دین ہے اور انہوں نے خدا تعالیٰ کی عظمتوں کو دلیری سے بھلا دیا ہے۔

لا تتحامٰى لُسُنُهم من الزور والدجل والمَين، ولا يتقون دَرَنَ
ان کی زبانیں جھوٹ اور دجالیت اور دروغگوئی سے پرہیز نہیں کرتیں اور نہ دروغگوئی کی میل سے
الكذب والشَّين. هذه أعمالهم ثم يسُبّون المعصومين. نسوا الآخرة،
بچنا چاہتے ہیں۔ یہ ان کے عمل ہیں پھر معصوموں کو گالیاں نکالتے ہیں آخرت کو بھلا دیا
وفرغوا مِن همّها بما غرَّهم الكَفّارةُ، وغلبت عليهم النفسُ الأمّارة. يأكلون
اور کفارہ کے دھوکہ سے معاد کی فکر سے فارغ ہو بیٹھے اور نفس امارہ ان پر غالب آ گیا جو چاہتے ہیں کھاتے ہیں
ما يشاء ون، ويقولون ما يريدون، لا يعرفون أوصاف الإنصاف، ويرتضعون
اور جو دل میں آتا ہے بول اٹھتے ہیں انصاف کی صفتوں سے ناشناسا اور
أخلاف الخِلاف. وما حملهم على ذلک إلا النفس التى كانت
مخالفت کی چھاتیوں کا دودھ پی رہے ہیں اور اس مخالفت پر کسی اور بات نے ان کو آمادہ نہیں کیا بجز ان کے نفس کے

خليعَ الرسن، مديدَ الوسن، فمالوا عن الحق إلى الباطل، وتركوا أصحاب
جو کھلی رسی والا اور دراز خواب والا ہے سو وہ حق کو چھوڑ کر باطل کی طرف جھک گئے اور داہنے ہاتھ کی طرف والوں کو
اليمين. لِم لا ينهاهم أكابرهم عن المنكرات، ولِم لا يمنعونهم مِن نقل
چھوڑ دیا۔ ان کے اکابر کیوں ان کو بُری باتوں سے منع نہیں کرتے اور کیوں ان کو گناہوں کی طرف قدم اٹھانے سے
الخُطُوات إلى خِطط الخطيّات، ولِم يتركونهم فارغين؟ فعندى من
منع نہیں فرماتے اور کیوں ان کو فارغ بٹھا رکھا ہے۔ سو میرے نزدیک واجبات سے ہے کہ کچھ ایسی خدمات ان
الواجبات أن تُكتَب عليهم خدماتٌ تناسبُ قومَ كل أحد وحرفةَ كل أحد.
پر مقرر کی جائیں جو قوم اور پیشہ کے لحاظ سے ان کے مناسب حال ہوں پس چاہیئے کہ نجّار کو تو تیشہ دیا جائے اور
فليُعطِ للنجّار فاسًا، وللطارق النفّاشِ مِنسجا جِرفاسا، وللحجّام مِشْراطا
دُھننے کے لئے ایک مضبوط دھنکی (پنجن) اور نائی کو نشتر اور استرا اور تیلی کو ایک بڑا سا کولھو سپرد ہو تا کہ ہر یک شخص
وموسٰى، وللعصّار معصرة عظمٰى، لكى يشتغل كل أحد منهم بما هو أهله،
ان میں سے اس کام میں مشغول ہو جائے جس کا وہ اہل ہے اور تا کہ اس انتظام سے ہر ایک ان میں سے فضول
ويمتنع مِّن كل فضولٍ ولغوٍ وتأثيم، ولكى يستريح الخلق من شرهم، ﴿۳۷﴾
گوئی اور بے ہودہ اور گناہ کی باتوں سے رک جائے تا کہ خلق اللہ اور خدا تعالیٰ کے بندوں کو ان کی شرارت اور
وعبادُ اللّٰه من أذاهم، وفى ذلك نفع عظيم لأكابرهم المغبونين.
ایذا سے راحت حاصل ہو اور اس انتظام میں ان کے اکابر کو جو زیاں رسیدہ ہیں بہت ہی نفع ہے۔

وأمّا هذا الرجل الذى صال علىَّ، فما صال إلا لحاجةٍ ألجأتْه
اور یہ آدمی جس نے مجھ پر حملہ کیا سو اس نے صرف اس اضطرار کی وجہ سے حملہ کیا ہے جو اس کو پیش آئے
إلٰى ذٰلك، وهو أنه عجِز عن جوابِ سؤالاتٍ قد أوردناها عليه وعلى
اور وہ یہ ہے کہ وہ ان سوالات کے جواب دینے سے عاجز ہو گیا جو ہم نے ایک مباحثہ میں جو ان میں اور ہم میں
رفقائه فى مباحثةٍ كانت بيننا وبينهم، وتبيّنَ أنهم على الباطل
تھا اس پر اور اس کے رفیقوں پر کئے تھے اور کھل گیا کہ وہ لوگ باطل

وفی ضلال مبین. فتندّمَ غایةَ التندّم، واضطر کمذبوح واعتاص الأمر
اور کھلی کھلی گمراہی میں ہیں۔ پس یہ شخص نہایت ہی شرمندہ ہوا اور ایسا بے قرار ہوا جیسا کہ کوئی ذبح کیا جاتا ہے اور اس پر کام
علیہ، فما رأی طریقا یُرضی به قومه إلا طریق البهتانات، فاختاره لیستر
مشکل ہو گیا پس اس کو کوئی ایسا راہ نہ مل سکا جس سے وہ اپنی قوم کو راضی کر سکتا مگر ایک بہتان کا طریق کھلا تھا سو اس کو اس نے
عُواره بتلک المفتریات. فأُشرِبَ فی قلبه أن یستمدّ بوشائه من أهل
دروغ آراستہ ۱۲
اختیار کر لیا تا وہ ان مفتریات سے اپنی پردہ پوشی کرے سو اس کے دل میں یہ خیال رچ گیا کہ سرکار انگریزی کے حکام اور اہل
الحکومة والولایة، ویریش بکلمات الشر نبُلَ السعایة، لعلهم یصلبوننی
حکومت سے بذریعہ اپنی جھوٹی مخبری کے اس کام میں مدد لیوے اور اپنی سخن چینی کے تیر سے شرارت کی باتوں کو پر لگاوے تا کہ
أو یقتلوننی، ویعلو أمر قوم متنصّرین. فمنشاء تحریراته هذه الخطرات
حکام مجھ کو پھانسی دے دیں یا قتل کر دیں اور اس طرح سے یہ کرشٹان لوگ غالب آ جائیں۔ سو اصل موجب اس کی تحریرات کا
المنسوجات لا غیرها، وما اختار هذا إلا لعدم علمه بمراحم الدولة
یہ دلی منصوبے ہیں کوئی اور سبب نہیں اور اس نے اس راہ کو محض اس سبب سے اختیار کیا ہے کہ اس کو معلوم نہیں کہ اس گورنمنٹ
علینا وحقوق مخزونةٍ لدیها ولدینا. وقد تهادَینا بأمور تزید الوِفاقَ،
کی کیسی مہربانیاں ہم پر ہیں اور کیسے باہمی حق ان کے پاس اور ہمارے پاس ہیں اور ہم نے ایسے امور ایک دوسرے کو بطور
وتُخرج من القلوب النفاقَ. فلیس علی سمائنا الغمامُ لیعزوه إلٰی ظلامِ
ابر
ہدیہ دیئے ہیں جو موافقت کو زیادہ کرتے ہیں اور نفاق کو دور کرتے ہیں سو ہمارے آسمان پر کوئی بادل نہیں تا کوئی نکتہ چین اس کو
النمّامُ، ولیس فی کنانتنا مرماة واحدة لنخاف المناضلین. وما رأی هذا
اندھیرے کی طرف منسوب کرے اور ہمارے ترکش میں صرف ایک ہی تیر نہیں تا ہم مخالف تیر اندازوں سے ڈریں۔ اور اس
المتجنّی الغبیّ أن الدولة البرطانیة فهیمة مدبّرة تعرف کل کلمة وما ﴿۳۸﴾
خطا جو غبی نے یہ بھی نہ سوچا کہ سرکار انگریزی ایک فہیم اور مدبر گورنمنٹ ہے ایسی کہ ہر یک کلمہ کو اور جو کچھ اس کے نیچے ہے
تحتها، وتفهم کل افتراء وأهله، ولا تتبع رأی کل قتّاتٍ ضَنینٍ. فما کان
پہچان لیتی ہے اور ہر یک افترا اور اس کے اہل کو سمجھ جاتی ہے اور ہر یک نکتہ چین بخیل کی رائے کے پیچھے نہیں لگ جاتی پس

لأحـد أن يـدلّـى بـغـرورٍ هـذه الـدولةَ أو يـخدعها، فإنها تعرف الخائن
کوئی شخص اس گورنمنٹ کو دھوکا اور فریب نہیں دے سکتا کیونکہ وہ خیانت پیشہ نکتہ چین کو اور ایسے کو جو دخل

الـقتّـاتَ، والـدُّخُـلُلَ الكاذبَ المِقتاتَ، ولا تشتعل كالمخدوعين، بل
بے جا دینے والا اور جھوٹا اور جھوٹی مخبری کرنے والا ہو خوب پہچانتی ہے اور دھوکا کھانے والوں کی طرح

تُهجِّمُ عِقابَها على المفترين، وتحملق إلى الذين يسطون على الضعفاء
نہیں بھڑکتی بلکہ اس کی عقوبت مفتری کو یکدفعہ پکڑ لیتی ہے اور ان کی نظر عتاب ان کی طرف متوجہ ہوتی ہے جو ضعیفوں پر

ولا تتـرُكـنُ سِيَـرَ الـظالمين. فالحجة التى تُبرِّئنا من وشاية هذا الرجل
حملہ کرتے ہیں اور ظالموں کی خصلت کو نہیں چھوڑتے۔ پس وہ حجت جو اس شخص کی مخالفانہ مخبری سے ہم کو بری کرتی اور اس کی

وتُـنقِذنا من إبرامه وتُبعِد عليه نيلَ مرامه، فهو ما ذكرنا آنفا. والله يعلم
مضبوطی فریب سے ہم کو نجات دیتی ہے اور اس کو اپنے مقصود سے ناکام رکھتی ہے سو وہی دلائل بریت ہیں جو ہم ابھی لکھ چکے ہیں

أنّـا نـحـن براءٌ من هذه البهتانات، بل نحن مستحقون أن تُسبِغ الدولة
اور خدا تعالیٰ جانتا ہے جو ہم ان بیجا الزاموں سے بری ہیں بلکہ اس بات کے مستحق ہیں جو سرکار

عـلـيـنـا مِـن أعـظـم العطيّات، وتجزى جزاءً خيرًا بمزاياها وتعيننا عند
انگریزی اپنے کامل انعام سے ہم کو متمتع فرماوے اور ہمارے نیک کام کی جزا بڑھ کر دیوے اور ضرورتوں

الـضـرورات، وتـحسبـنـا من المحسنين. هذا هو الأمر الذى ليس فيه
کے وقت ہماری مدد کرے اور ہمیں اپنے احسان کرنے والوں میں سے خیال کرے۔ یہ وہ بات ہے جس میں ایک ذرہ کے برابر

تـفـاوتٌ مثـقال ذرّة ويعلمه العالمون. ولكن ليس عندنا علاج الواشى
فرق نہیں اور جاننے والے اس کو جانتے ہیں مگر ہمارے پاس ایسے شخص کا علاج نہیں جو نکتہ چین بے حیا

الوقيح والزُّمَّحِ المَضِيح، وقد قلنا كلَّ ما هو مَدْحَرة الكاذبين.
اور سفلہ اور عیب ڈھونڈھنے والا ہو اور ہم وہ سب باتیں کہہ چکے ہیں جن میں ان جھوٹوں کا رد ہے۔

وأمّا ثناء هذا الرجل على الشيخ البطالوى، أعنى صاحب جريدة الإشاعة
اور جو اس شخص نے شیخ بٹالوی کی تعریف لکھی ہے یعنی محمد حسین صاحب رسالہ اشاعۃ السنۃ کی

محمد حسين، وقولُه إنه نِعْمَ الرجل ويستحق التحسين، فما نفهَم
اور کہا کہ یہ شخص اچھا آدمی اور قابل تحسین ہے۔ سو ہم اس بات کا بھید نہیں سمجھتے اور ہم نہایت
سرَّ هذا الأمر ونتعجّب غاية التعجّب، كيف أثنى عليه الرجلُ الذى
متعجب ہیں کہ کس طرح محمد حسین کی ایسے شخص نے تعریف کی جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا
يسُبّ رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ولا يرضى عن مؤمن الذى
ہے اور کسی ایسے مومن سے راضی نہیں جو محبّ رسول اللہ ہو اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے
يحب رسول اللّٰه، وَيشتم نبيَّنا وسيدنا صلى اللّٰه عليه وسلم ﴿۳۹﴾
کلموں کے ساتھ گالیاں نکالتا ہے جس سے مسلمانوں کے دل کانپ جاتے ہیں اور ہم تعریف سے
بكلمات ترتجف منها قلوب المسلمين. وما ننكر هذا الثناء، لعلّ
انکار نہیں کرتے شاید شیخ بٹالوی کر شتانوں کی نظر میں ایسا ہی ہو اور شاید وہ کوئی ایسا کلمہ بول اٹھا
البطالوى يكون عند المتنصّرين هكذا، ولعله نطق بكلمةٍ سرّتْ
ہے جو دشمنان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھا معلوم ہوا لیکن ہم مناسب نہیں دیکھتے جو اس بارے
أعداءَ رسول اللّٰه، ولكنا ما نرٰى أن نتكلم فى هذا ولا نطوّل الكلام
میں کلام کریں اور اس امر میں ہم کلام کو طول دینا نہیں چاہتے اور ہریک اپنے قول سے پکڑا
فيه، وكل أحد يؤخذ بقوله، واللّٰهُ يرى عباده الصالحين والطالحين.
جائے گا اور خدا تعالیٰ نیک بختوں اور بدبختوں کو دیکھ رہا ہے۔

وأما قول هذا الواشى وزعمه كأنى أريد ملكوتًا فى الأرض أو
اور اس نکتہ چین کا یہ قول اور یہ گمان کہ گویا میں دنیا کی بادشاہت چاہتا ہوں یا اپنی قوم میں امیر بننے
إمارة فى القوم، فإن هى إلا افتراءٌ مبين. ونُشهد كل من يسمع أنّا لسنا
کی مجھے خواہش ہے سو یہ باتیں کھلا کھلا افترا ہے۔ اور ہم ہریک کو جو سننے والا ہے گواہ کرتے ہیں جو ہم دنیا کی
طالبى ملكوت الأرض، ولا نريد إمارة هذه الدنيا وزينتها الفانية، إن نريد إلا
بادشاہت کے طالب نہیں اور نہ ہم دنیا کی امیری کو چاہتے ہیں اور نہ ہم اس دارفانی کی زینت کے خواہشمند ہیں ہم صرف

ملكوت السماء التی لا تنفد ولا تفنی ولا تنقضی بالموت. ولا نطلب
اس آسمانی بادشاہت کو چاہتے ہیں جس کا انجام نہیں اور نہ کبھی وہ زوال پذیر ہے اور نہ مرنے سے دور ہوسکتی ہے
قهر الناس بالحكومة والسياسة والقضاء ، بل نطلب عزيمةً قاهرة
اور ہم نہیں چاہتے کہ حکومت اور سیاست اور فرمانروائی کے ساتھ لوگوں کو مغلوب کریں بلکہ ہم ایسے عزم کے طالب ہیں
الأهواء فی الرّضاء المولٰی الذی هو أحكم الحاكمين. وليس أصولنا
جو رضائے مولیٰ احکم الحاکمین کے لئے نفسانی جذبات پر غالب ہو اور ہمارا یہ اصول نہیں کہ ہم فساد اور
إشاعة الفساد والطلاح والتبار ، بل ندعو إلى الصلح والصلاح وطريق
بدبختی اور ہلاکت کی راہوں کی اشاعت کریں بلکہ ہم ان لوگوں کو صلح اور نیکی اور نکوکاروں کے طریق کی طرف
الأبرار ، ونريد أن يتوب الخلق توبة الأخيار ، وأعظم مدّعائنا أن يطلب
بلاتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ لوگ ایسی توبہ کریں جس طرح نیک لوگ توبہ کرتے ہیں اور ہمارا بڑا مدعا یہی ہے کہ
الناس حقيقةَ الإيمان، ويرغبوا إلى فهم دقائق العرفان، ويكثر التراحم
لوگ ایمان کی حقیقت کو ڈھونڈیں اور دقائق عرفان کی طرف رغبت کریں اور باہم رحم اور مہربانی ان میں
والتحنّن فيهم، وينتهوا من السيّئات وأنواع الهنات، فنجتهد لتحصيل
زیادہ ہو جائے اور بدیوں اور بدکاریوں سے رک جائیں سو ہم ایسے مقصد کے حاصل کرنے کے لئے
هٰذا المقصد بالمواعظ الحسنة، والدعاء والنظر والهمّة. هذه أصولنا، فمن ﴿۴۰﴾
مواعظ حسنہ اور دعا اور نظر اور ہمت کے ساتھ کوشش کر رہے ہیں یہ ہمارا اصول ہے پس جو شخص اس کے
عزا إلينا خلاف ذٰلك فقد افترى علينا. وما أقامنا على هذا إلّا الربّ
برخلاف ہماری طرف کوئی بات نسبت کرے سو اس نے ہم پر افترا کیا اور ہمیں اس بات پر صرف اللہ تعالیٰ
الذی يرسل نوره عند غلبة الظلام، ويبدی دواءً عند كثرة السقام،
نے قائم کیا ہے وہ خدا جو اندھیرے کے وقت اپنا نور بھیجتا ہے اور بیماری کی کثرت کے وقت دوا ظاہر کرتا ہے
وينجّی عباده المضطرين. ولا شك أن الفتن قد كثرت فی الأرض
اور اپنے بندوں کو بے قراری کی حالت میں بچالیتا ہے۔ اور کچھ شک نہیں کہ فتنے زمین پر بہت بڑھ گئے ہیں

وصعدت الأدخنة إلى السماء، وهبّت رياح مفسدة مبيدة من كل
اور بہت سے دخان آسمان کی طرف چڑھے ہیں اور بگاڑنے والی اور ہلاک کرنے والی ہوائیں ہر یک طرف اور
طرفٍ إلى أقصى الأرجاء، ولو فصّلنا هذه الفتن كلها لاحتجنا إلى
ہر یک ناحیہ سے چلی ہیں اگر ہم ان تمام فتنوں کی تفصیل کرنا چاہیں تو ہمیں کئی کتابیں لکھنے کی طرف حاجت
المجلّدات، وأبكينا كثيرا من الباكين والباكيات، وزلزلْنا أقدام
پڑے گی اور ہم کئی مردوں اور عورتوں کو رلائیں گے اور سننے والوں کے قدم ہلائیں گے
السامعين. وأنتم تعلمون أن لكل داءٍ دواءٌ، ولكل ظلام ضياءٌ، فأراد
اور آپ جانتے ہیں کہ ہر یک بیماری کی ایک دوا اور ہریک اندھیرے کے واسطے روشنی
ربی أن ينير الدنيا بعد ظلماتها، والله يفعل ما يشاء، أ أنتم تنكرونه
ہے سو میرے پروردگار نے ارادہ کیا کہ دنیا کو اندھیرے کے بعد روشن کرے کیا اے عقلمندو! تمہیں اس سے
يامعشر العاقلين؟ ومع ذلک لسنا نميس كالأمراء، بل نحن نمشی
کچھ انکار ہے اور باوجود اس کے ہم امیروں کی طرح ناز سے نہیں چلتے بلکہ
فی الطِّمْر كالفقراء، ولا نجرّ ثوب الخيلاء، ونشكر القيصرة
ہم فقیروں کی طرح پھٹے پورانے کپڑوں میں چلتے ہیں اور رعونت کے کپڑے ہم لٹکانا نہیں چاہتے اور قیصرہ اور اس
وحكامها على ما أحسنوا إلينا فی أيّام الضرّاء، وندعو لها صدقا
کے حکام کا ان کے ان احسانوں کی وجہ سے شکر کرتے ہیں جو سختی کے زمانوں میں ہم نے دیکھے ہیں اور قیصرہ کے لئے
وحقا ونرسل إليها هدية الدعاء، وندعوها بقول ليّن إلى الإسلام
ہم صدق دل سے دعا کرتے ہیں اور دعا کا ہدیہ اس کو بھیجتے ہیں مگر یہ بات ہے کہ ہم اس کے مذہب پر راضی نہیں ہیں
لتدخل فی نعماء أبد الآبدين. بيد أننا لا نرضى بمذهبها، ونحسب
اور ہم جانتے ہیں کہ وہ خطا کاروں اور گمراہوں کا مذہب ہے اور ہم ادب اور نرمی سے اس کو اسلام کی طرف بلاتے
أنها من الخاطئين الضالين. وأعجبَنا أنها مع كمال حزمها ولطافة
ہیں تا کہ وہ ہمیشہ کی نعمتوں میں داخل ہو جائے اور ہمیں تعجب ہے کہ ملکہ مکرمہ باوجود اس قدر ہوشیاری اور لطافت

فهـمهـا فی أمور الدنیا تعبد عبدًا عاجزًا وتحسبه رب العالمین سبحانه
فہم کے جو اس کو امور دنیا میں حاصل ہے ایک عاجز بندہ کی پرستش کرے اور اس کو اپنا رب سمجھے حالانکہ وہ حقیقی معبود
لا شـریک له، وإن شـاء لـخـلـق ألـوفا مثل عیسٰی أو أکبر وأفضل منه ﴿۴۱﴾
اور پاک ہے اس کا کوئی شریک نہیں اگر چاہے تو ہزاروں عیسٰی بلکہ اس سے افضل اور اعلیٰ پیدا کردے اور پیدا کرسکتا
ویـخـلُـق، ومـن یعلم أسراره؟ فتوبوا واتقوا أن تجعلوا له شرکاء وأْتوه
ہے اور اس کے بھیدوں کو کون جانتا ہے پس ان باتوں سے توبہ کرو کہ اس کا کوئی شریک ٹھہراؤ اور اس کے فرمانبردار
مسـلمین. وکیف نظن أن عیسٰی هو اللّٰه وما قرأنا فلسفة یثبت منها أن
بدل بن جاؤ اور کس طرح ہم گمان کریں کہ عیسٰی ہی خدا ہے اور ہم نے تو کوئی ایسا فلسفہ نہیں پڑھا جس سے یہ
رجـلا کـان یـأکـل ویشـرب ویبـول ویتـغوّط وینام ویمرض، ولا یعلم
ثابت ہو کہ ایک آدمی کھاتا پیتا بَول کرتا پاخانے جاتا سوتا بیمار ہوتا اور علم غیب سے بے بہرہ
الـغیـب، ولا یـقـدر عـلی دفع الأعداء ، ودعا لنفسه عند مصیبة مبتهلًا
اور دشمنوں کو دفع کرنے سے عاجز ہو اور مصیبت کے وقت شام سے صبح تک دعا کرے
متـضـرّعـا مـن أول اللیل إلٰی آخره فما أجیبت دعوته، وما شاء اللّٰه أن
وہ دعا بھی قبول نہ ہو اور خدا تعالیٰ نہ چاہے کہ اپنے ارادہ کو اس کے ارادہ سے متحد کرے اور شیطان اس کو ایک پہاڑ کی
یـوافـق إرادتـه بإرادته، وقاده الشیطان إلی جبل فأتبعَه، فما استطاع أن
طرف کھینچ لے جائے اور وہ اس کو روک نہ سکے اور اس کے پیچھے چلا جائے اور یہ بات کہتا کہتا مر گیا ہو کہ اے میرے
یـفـارقـه، ومـات قـائـلا إیلی إیلی لما سبقتنی، ومع ذلک إلٰـهٌ وابن إله
خدا اے میرے خدا تو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا اور باوجود ان سب نقصانوں کے خدا بھی ہو اور خدا کا بیٹا بھی۔
سبحانه، إن هذا إلّا بهتان مبین.
اللہ جلّ شانہٗ ان عیبوں سے پاک ہے اور یہ صریح بہتان ہے۔

وإنی رأیت عیسٰی علیه السلام مرارًا فی المنام ومرارًا فی الحالة
اور میں نے بارہا عیسٰی علیہ السلام کو خواب میں دیکھا اور بارہا کشفی حالت میں ملاقات ہوئی اور ایک ہی

الكشفية، وقد أكل معی علی مائدة واحدة، ورأيته مرّة واستفسرتُه مما
خوان میں میرے ساتھ اس نے کھایا اور ایک دفعہ میں نے اس کو دیکھا اور اس فتنہ کے بارے میں پوچھا جس میں اس کی
وقع قومه فيه، فاستوی عليه الدهش، وذكر عظمة الله وطفِق يسبّح
قوم مبتلا ہوگئی ہے پس اس پر دہشت غالب ہوگئی اور خدا تعالیٰ کی عظمت کا اس نے ذکر کیا اور
ويقدّس، وأشار إلی الأرض وقال إنّما أنا ترابیٌّ وبریءٌ مما يقولون،
اس کی تسبیح اور تقدیس میں لگ گیا اور زمین کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ میں تو صرف خاکی ہوں اور ان تہمتوں سے بری
فرأيته كالمنكسرين المتواضعين. ورأيته مرة أخریٰ قائما علی عتبة
ہوں جو مجھ پر لگائی جاتی ہیں پس میں نے اس کو ایک متواضع اور کسر نفسی کرنے والا آدمی پایا اور ایک مرتبہ میں نے اس کو
بابی وفی يده قرطاس كصحيفةٍ، فأُلقِیَ فی قلبی أن فيها أسماء عباد
دیکھا کہ میرے دروازہ کی دہلیز پر کھڑا ہے اور ایک کاغذ خط کی طرح اس کے ہاتھ میں ہے سو میرے دل میں ڈالا گیا کہ
يحبّون الله ويحبّهم وبيان مَرَاتب قربهم عند الله، فقرأتُها فإذا فی ﴿۴۲﴾
اس خط میں ان لوگوں کے نام درج ہیں کہ جو خدا تعالیٰ کو دوست رکھتے ہیں اور خدا تعالیٰ انہیں دوست رکھتا ہے اور اس
آخرها مكتوب من الله تعالیٰ فی مرتبتی عند ربی هو مِنّی بمنزلة
میں ان کے مراتب قرب کا بیان ہے جو عنداللہ ان کو حاصل ہیں پس میں نے اس خط کو پڑھا سو کیا دیکھتا ہوں کہ اس کے
توحيدی وتفريدی، فكاد أن يُعرَف بين الناس. هذا ما رأيتُ،
آخر میں میرے مرتبہ کی نسبت خدا تعالیٰ کی طرف سے یہ لکھا ہوا ہے کہ وہ مجھ سے ایسا ہے جیسا کہ میری توحید اور تفرید اور
ويكفيك إن كنت من الطالبين. لا يقال إنها رؤيا أو كشف ومن
عنقریب وہ لوگوں میں مشہور کیا جائے گا یہ ہے جو میں نے دیکھا اور یہ تجھے کفایت کرتا ہے اگر تو حق کا طالب ہے۔ یہ کہنا
المحتمل أن يتمثل الشيطان فی مثل هذه الواقعات، فإن الشيطان لا
بیجا ہے کہ یہ تو ایک خواب یا کشف ہے اور ممکن ہے کہ ایسے واقعات میں شیطان متمثل ہو کر ظاہر ہو کیونکہ شیطان انبیاء کی
يتمثل بصورة الأنبياء، فتقبَّلْ هذا السرّ الجليل، ولا تقبل ما قيل.
صورت پر متمثل نہیں ہوتا پس اس بزرگ بھید کو قبول کر اور جو کچھ اس کے مخالف کہا گیا اس کو مت قبول کر

وإنّا قرأنا عليک معارف الله، فهل لک أن ترغب اليها وتکون من الصالحين؟
اورہم نے تجھ کومعارف الٰہی پڑھ سنائے پس کیا تجھے کچھ خواہش ہے کہ ان میں تو رغبت کرے اور نیکوں میں سے ہو جائے۔

ذكرُ بعض اعتراضات الواشی وردها

نکتہ چین مذکور کے بعض اعتراضات کا ذکر اور اُن کا رد

منها قوله أن قسّيسی هذا الزمان ليسوا بدجّالين. ثم بعد
ان میں سے ایک یہ اس کا قول ہے کہ اس زمانہ کے پادری دجال نہیں پھر اس کے بعد اس نے
ذلک حثّ الحکومة البرطانية علی إيذائی، ويشير إلی أن هذا
گورنمنٹ برطانیہ کو میرے ایذا کے لئے ترغیب دی ہے اور اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے
الرجل يعتقد أن هذه الدولة هی الدجال المعهود وأنه من الباغين.
کہ اس شخص کا یہ اعتقاد ہے کہ یہی گورنمنٹ دجال معہود ہے اور یہ شخص باغی ہے۔
أمّا الجواب فاعلم أننا لا نسمی الدولة البريطانية دجالا
سو اس کے جواب میں جاننا چاہیئے کہ ہم اس گورنمنٹ کا نام دجال نہیں رکھتے
معهودا، بل نعلم ونستيقن أن هذه الدولة محققةٌ عاقلة مفکرة فی حقائق
بلکہ ہم یقین رکھتے اور جانتے ہیں کہ یہ گورنمنٹ عقلمند اور محقق اور حقائق موجودات میں فکر
الموجودات، وقد رزقها الله مّن العلم والحکمة والفلسفة وأنواع ﴿۴۳﴾
کرنے والی ہے اور خدا نے اس کو علم اور حکمت اور فلسفہ اور کئی قسم کی
الصناعات، وحفّتْ بها لمعاتُ المعقولات، فهی تعرف الترهات،
صناعتوں سے حصہ دیا ہے اور علم معقول کی چمکیں اس کے محیط ہوگئی ہیں پس اسی وجہ سے یہ گورنمنٹ جھوٹی باتوں کو
وتفضّ خَتْمَ سرِّ المزوّرات، وليست من الذين يرضون بالهذيانات.
خوب پہچانتی اور جھوٹ کے سربستہ راز کی مہر توڑتی ہے اور ان میں سے نہیں جو بے ہودہ باتوں پر راضی ہو جائیں

فکیف یمکن أن تؤمن بهذه الخرافات، بل تحسبها کسَمُرٍ لا أصل له
پس کیونکر ممکن ہے کہ یہ گورنمنٹ ایسی باتوں پر ایمان لاوے بلکہ یہ تو اس کو ایک بے اصل کہانی سمجھتی ہے اور ایک خواب
أو کطَیفٍ مرکَّب من الخزعبلات، ومع ذلک لا میل لها أصلاً إلی
پریشان کی طرح اباطیل کا مجموعہ خیال کرتی ہے اور علاوہ اس کے اس گورنمنٹ کو دینیات کی طرف کچھ توجہ
الدینیات. وفتَن قلبها حبُّ الدنیا وشوق الحکومات، فهی غریقة فی
نہیں اور دنیا کی محبت اور حکومتوں نے اس کے دل کو اپنی طرف کھینچا ہوا ہے سو وہ سر سے قدم تک
دنیاها من الرأس إلی القدم فی کل الخطوات، ولا تمیل إلی دین، وإذا
دنیا میں غرق ہے اور کسی دین کی طرف اس کو میل نہیں اور اگر کسی وقت میل ہوگی تو
مالت فإلی الإسلام، فلا تقبل إلا هذا الدّین وملّة خاتم النبیّین.
اسلام کی طرف اور صرف دین اسلام کو قبول کرے گی اور ملت خاتم النبیین میں داخل ہوگی۔

وإنّا نری أنها ترمُقه بعین المحبّ ولیست علی الضلالة کالمکبّ،
اور ہم دیکھتے ہیں کہ وہ اسلام کو بنظر محبت دیکھتی ہے اور گمراہی پر نگونسار نہیں بلکہ تدبر میں اپنے دنوں کو بسر
بل تزجی أیامها فی التدبر، ولا تعرض کالمُتکبّر، وإنی أجد آثار رشدها،
کرتی ہے اور متکبر کی طرح کنارہ کش نہیں اور میں اس کے رشد کے آثار پاتا ہوں اور گمان کرتا ہوں کہ وہ جلد
وأظن أنها ستمیل إلیه ولا یترکها اللّٰه فی الغافلین الضالین. وقد دخل من
اسلام کی طرف میل کرے گی اور خدا اس کو گمراہوں اور غافلوں میں نہیں چھوڑے گا۔ اور ایک طائفہ ان کے
علمائهم فی دیننا طائفة من شبان رُوقةٍ وشارة مرموقة، وآخرون منهم
علماء کا ہمارے دین میں داخل ہوگیا جو جوانان خوشرو اور پسندیدہ صورت ہیں اور ان میں سے ایسے بھی
یکتمون إیمانهم إلٰی حین. وإنا نریٰ أن ملکتنا المکرمة مرجوّة الاهتداء،
ہیں جو ایمان ایک وقت تک پوشیدہ رکھتے ہیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ ہماری ملکہ مکرمہ ہدایت پانے کے لئے امید کی جگہ ہے اور
وقد أعطیتُ لقلبها حُبّ الإسلام وشوق هذا الضیاء، وعسی أن
اس کے دل کو حب اسلام اور شوق اس روشنی کا دیا گیا ہے اور عنقریب ہے کہ خداتعالیٰ اس

يُدخل اللّٰه نور توحيده فى قلب هذه الملكة الزهراء وقلوب أبنائها
ملکہ نورانی وجہ کے دل اور اس کے شہزادوں کے دلوں میں نور توحید ڈال دے اور خداتعالیٰ پر یہ
العقلاء، وليس على اللّٰه بعزيز، بل قدرته صالحة لهٰذه النور، وهو على ﴿۴۴﴾
مشکل نہیں بلکہ اس کی قدرت ایسے ہی کام کرتی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر
كل شىء قدير، وإنه يجذب إليه قلوب الطالبين. وكذٰلك نرٰى أن
ہے اور وہ اپنی طرف طالبوں کے دل کھینچ لیتا ہے اور اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ بڑے بڑے رکن اس
أعاظم أركان الدّولة يميلون إلى التوحيد يومًا فيومًا، وقد نفرت قلوبهم
گورنمنٹ کے دن بدن توحید کی طرف مائل ہوتے جاتے ہیں اور ان کے دل ان عقائد باطلہ سے نفرت
من مثل هذه العقائد الباطلة، ولا يليق بشأنهم أن يعبدوا بشرًا مثلهم فى
کر گئے ہیں اور ان کی شان کے لائق بھی نہیں کہ اپنے جیسے آدمی کی پرستش کریں جو انسانوں کی طرح صفات میں
الضعف واللوازم الإنسانية، وكيف وقد أعطاهم اللّٰه أنواع العلوم وحظًّا
اور تمام لوازم انسانیت میں ان کا شریک ہے اور ایسا شرک ان سے کیونکر ہو سکے اور خدا نے ان کو کئی قسم کے علم عطا کئے ہیں
وافرًا من الفهم والعقل، ولا نجد فى محققى هذا القوم رجلا يرضى بهذه
اور فہم اور عقل عنایت کی ہے اور ہم اس قوم کے محققوں میں سے کوئی ایسا شخص نہیں پاتے جو ان
الأباطيل إلا نادرا كالشعرة البيضاء فى اللّمّة السوداء، وإنّى أعلم أنهم
واہیات باتوں پر راضی ہو مگر شاذ و نادر جو اس ایک بال کی طرح ہے جو سیاہ بالوں میں ہو اور میں جانتا ہوں کہ
بَيضُ الإسلام، وستخرج منهم أفرُخُ هذه الملّة، وستُصرَف وجوههم
یہ لوگ اسلام کے انڈے ہیں اور عنقریب ان میں سے اس ملت کے بچے پیدا ہوں گے اور ان کے منہ
إلى دين اللّٰه. إنهم قوم يفتّشون كل أمر، ولا يغضّون الطرف من الحق
الٰہی دین کی طرف پھیرے جائیں گے کیونکہ یہ ایک ایسی قوم ہے کہ جو ہر یک بات کی تفتیش کرتی ہے اور اس حق سے آنکھ
الذى حصحص، ولا يَتئِبون من قبول الحق ويطلبون ولا يلغبون
بند نہیں کرتی جو کھل گیا ہو اور حق کے قبول کرنے سے شرم نہیں کرتی اور ڈھونڈتی ہے اور تھکتی نہیں اور جو

ومن طلب فوجد ولو بعد حين.

ڈھونڈے گا پائے گا اگرچہ کچھ دیر کے بعد پاوے۔

وأما ما خوّف الواشي المزورُ الحكومةَ البريطانية عن بغاوتنا فما

اور اس نکتہ چین نے جو دولت برطانیہ کو میری بغاوت سے ڈرایا ہے سو یہ تو ایک صرف سخن چینی اور

هذا إلا وِشاء وشَتْمٌ، وليس علٰى سِرِّنا ختمٌ، والدولة أعرَفُ من هذا الواشي

گالی ہے اس سے زیادہ نہیں اور ہمارے بھید پر تو کوئی مہر نہیں ہے اور گورنمنٹ اس نکتہ چین کی نسبت زیادہ

وهي ابن الأيام، وبيتنا عندها في هذه النواح عَلَمُ الأعلام، وتعلم رعاياها

واقف اور زمانہ دیدہ ہے اور ہمارا خاندان اس کے نزدیک اس نواح میں اول درجہ کا مشہور ہے اور اپنی رعایا

طبقًا عن طبق، فلا يخفى عليها غرضُ هذا الواشي وليس بمستور عليها

کو وہ درجہ بدرجہ پہچانتی ہے سو اس پر اس نکتہ چین کی غرض پوشیدہ نہیں اور اس پر اس نکتہ چین کے اس جزع فزع

سرُّ فزعه ومقصد جزعه، بل هي تعلَم حق العلم أمثالَه الذين يريدون

کا اصل مقصد چھپا نہیں بلکہ وہ ایسے لوگوں کو خوب جانتی ہے کہ جو حکام کو اپنے جوش تعصب اور عداوت اور فساد

مخَاتلة الحكّام مِن سَورة تعصُّبهم وفورة عداوتهم وفساد فطراتهم، وما ﴿۴۵﴾

فطرت سے دھوکا دینا چاہتے ہیں اور ان کے برتن میں بجز فساد کے زہر کے اور کچھ نہیں اور ان کے دل میں بجز

في وعائهم إلا سمّ الفساد، وما في قلبهم إلا مقت الارتداد. أعرضوا عن

مرتد ہونے کے دشمنی کی اور کوئی بات نہیں خدا تعالیٰ اور اس کے جلال سے ان لوگوں نے منہ پھیر لیا اور زمین

المهيمن وجلاله، وعثوا في الأرض مفسدين. وقد كتبْنا غير مرة أنا نحن

میں فساد پر آمادہ ہو گئے ہیں اور ہم کئی مرتبہ لکھ چکے ہیں کہ ہم گورنمنٹ کے خیرخواہوں میں سے ہیں اور کیونکر

من نصحاء الدولة ودواعي خيرها، وكيف وقد جبر الله مصائبنا بها، وأزال

نہ ہوں اور خدا تعالیٰ نے اس کے سبب سے ہماری مصیبتوں کو دور کیا اور نیز اس سے ہماری زندگی کی تلخی کو دور

بها مرارة حياتنا. وكنا في أرضٍ مَحْياةٍ، فأُهلكَ بها كلُّ حيّة كانت

فرمایا اور ہم سانپوں والی زمین پر بستے تھے تو اس کے ساتھ خدا تعالیٰ نے ان سانپوں کو

حولنا، وإن لها علينا إحسانا عظيما فلن ننسى إحسانها، وإنا من الشاكرين.
ہلاک کیا جو ہمارے گرد تھے اور اس کا ہم پر بڑا احسان ہے سو ہم اس احسان کو بھول نہیں سکتے اور ہم شکر گزار ہیں۔
وأمّا ما ذكر هذا الواشي قصةَ جهاد الإسلام، وتظنّى أن القرآن
اور جو اس نکتہ چین نے جہاد اسلام کا ذکر کیا ہے اور گمان کرتا ہے کہ قرآن بغیر لحاظ کسی شرط کے
يحثّ على الجهاد مطلقًا من غير شرط من الشرائط ، فأيُّ زور و افتراء
جہاد پر برانگیختہ کرتا ہے سو اس سے بڑھ کر اور کوئی جھوٹ اور افترا نہیں اگر
أكبرُ من ذلك إن كان أحد من المتدبرين؟ فليعلم أن القرآن لا يأمر
کوئی سوچنے والا ہو۔ سو جاننا چاہیے کہ قرآن شریف یوں ہی لڑائی کے لئے حکم نہیں فرماتا بلکہ صرف ان
بحرب أحد إلا بالذين يمنعون عباد الله أن يؤمنوا به ويدخلوا في دينه
لوگوں کے ساتھ لڑنے کے لئے حکم فرماتا ہے جو خدا تعالیٰ کے بندوں کو ایمان لانے سے روکیں اور اس بات سے روکیں
ويطيعوه في جميع أحكامه ويعبدوه كما أُمروا. والذين يقاتلون بغير الحق
کہ وہ خدا تعالیٰ کے حکموں پر کاربند ہوں اور اس کی عبادت کریں اور ان لوگوں کے ساتھ لڑنے کے لئے حکم فرماتا ہے جو
ويُخرجون المؤمنين من ديارهم وأوطانهم ويُدخلون الخَلق في دينهم جبرًا
مسلمانوں سے بے وجہ لڑتے ہیں اور مومنوں کو ان کے گھروں اور وطنوں سے نکالتے ہیں اور خلق اللہ کو جبراً اپنے دین
وقهرًا، ويريدون أن يطفئوا نور الإسلام ويصدّون الناس من أن يُسلِموا،
میں داخل کرتے ہیں اور دین اسلام کو نابود کرنا چاہتے ہیں اور لوگوں کو مسلمان ہونے سے روکتے ہیں
أولئك الذين غضب الله عليهم ووجب على المؤمنين أن يحاربوهم إن
یہ وہ لوگ ہیں جن پر خدا تعالیٰ کا غضب ہے اور مومنوں پر واجب ہے جو ان سے لڑیں اگر وہ باز نہ آویں
لم ينتهوا. فانظر هذه الدولةَ. أيُّ فساد توجد فيها من هذه المفاسد؟ ﴿۴۶﴾
مگر اس گورنمنٹ کو دیکھو کہ کون سا فساد ان فسادوں میں سے ان میں پایا جاتا ہے کیا وہ ہمیں ہماری
أتمنعنا من صلواتنا وصومنا وحجّنا وإشاعة مذهبنا؟ أو تقاتلنا في ديننا أو
نماز اور روزہ اور حج اور اشاعت مذہب سے ہم کو منع کرتی ہے یا دین کے بارے میں ہم سے لڑتی ہے یا

تـخـرجنا من أوطاننا؟ أو يجعل الناس نصارىٰ ظلمًا وجبرًا؟ كلا بل إنها
ہمیں ہمارے وطنوں سے نکالتی ہے یا لوگوں کو جبر اور ظلم سے عیسائی بناتی ہے ہرگز نہیں بلکہ وہ ہمارے لئے
بـريـةٌ مـن كـل هـذه الإلـزامـات، بـل هـى لنا من المُعينين. ثم انظرْ إلى
مددگاروں میں سے ہیں☆ پھر قرآن کے ان حکموں پر نظر ڈالو جن میں خدا تعالیٰ ہمیں سکھاتا ہے کہ ہمیں ان
أحـكـامٍ عـلّـمَـنـا الـقـرآن للذين أحسنوا إلينا، وراعوا شؤوننا وكفلوا
کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہیے جو ہم پر احسان کریں اور ہمارے کاموں کی رعایت رکھیں اور ہماری حاجات کے
شـجـوننا، ومانُونا وآوَونا، بعدما كنا تائهين. أيمنعنا ربّنا من أن نحسن
متکفل ہو جائیں اور ہمارے بوجھوں کو اٹھالیں اور ہمیں پریشان گردی کے بعد اپنی پناہ میں لے آویں کیا خدا تعالیٰ ہم کو
إلـى الـمـحـسـنـيـن ونشـكـر الـمـنعمين؟ كلا بل القرآن يأمر بالقسط
اس سے منع کرتا ہے کہ ہم نیکی کرنے والوں کے ساتھ نیکی کریں اور دلی نعمتوں کا شکرادا کریں ہرگز نہیں بلکہ وہ تو انصاف
والـعـدل والإحسـان والـلّٰه يحب المقسطين. وقد قال فى القرآن وَلْتَكُنْ
اور عدل اور احسان کرنے کے لئے فرماتا ہے اور وہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور قرآن میں اس نے یہ
مِّنْكُمْ اُمَّـةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ[1]
فرمایا ہے کہ تم میں سے ہمیشہ ایسے لوگ ہوتے رہیں جو نیکی کی طرف بلاویں اور امر معروف اور نہی منکر کریں اور یہ نہیں کہا
ومـا قـال ولتكن منكم أُمّةٌ يقتلون الكفّار ويُدخلونهم جبرًا فى دينهم. وقال
کہ تم میں سے لوگ ہمیشہ ایسے ہوتے رہیں کہ جو کافروں کو قتل کریں اور ان کو اپنے دین میں جبراً داخل کرتے رہیں اور
جَـادِلْـهـم (أى جـادِل الـنـصـارى) بـالـحكمة والموعظة الحسنة، وما قال
اس نے یہ تو کہا کہ عیسائیوں سے حکمت اور نیک نصیحت کے طور پر بحث کرو اور یہ نہیں کہا کہ ان کو تلواروں سے قتل کر ڈالو۔
اقتلوهم بالسيوف والصوارم إلا بعد صدّهم عن سبيل اللّٰه ومكرهم لإطفاء
مگر اس حالت میں جبکہ وہ دین سے روکیں اور اسلام کا نور بجھانے کے لئے منصوبے برپا کریں اور دشمنوں
نـور الإسـلام وقيـامهـم فى مقام المعادين، فانظُرْ ما قال ربّنا ربّ العالمين.
کے مقام میں کھڑے ہو جائیں پس دیکھو تو سہی ہمارے پروردگار نے جو تمام عالموں کا رب ہے کیسا کچھ فرمایا ہے۔

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے ” ہے “ ”ہونا چاہیے۔ (ناشر)

[1] اٰل عمران: ۱۰۵

وقد بيّنّا لك أن الحرب ليس من أصل مقاصد القرآن ولا من جذر
اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ لڑائی اور جہاد اصل مقاصد قران میں سے نہیں اور وہ صرف ضرورت کے
تعليمه، وإنما هو جوّز عند اشتداد الحاجة وبلوغ ظلم الظالمين إلى انتهائه
وقت تجویز کیا گیا ہے یعنی ایسے وقت میں جبکہ ظالموں کا ظلم انتہا تک
واشتعال جور الجائرين. وَ لكُمْ أسوة حسنة في غزوات رسول الله صلى ﴿۴۷﴾
پہنچ جائے اور پیروی کرنے کے لئے طریق عمل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
الله عليه وسلم، كيف صبر على ظلم الكفار إلى مدة يبلغ فيه صبيّ إلى سن
بہتر ہے دیکھو کس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کے ایذا پر اس زمانہ تک صبر کیا جس میں ایک بچہ
بلوغه، فصبر. وكان الكفار يؤذونه في الليل والنهار. ينهبون أموال
اپنے سن بلوغ کو پہنچ جاتا ہے اور کافر لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمیشہ دکھ دیتے اور رات دن ستاتے اور
المؤمنين كالأشرار، ويقتلون رجالهم ونساء هم بتعذيبات تتحدر بتصورها
شریروں کی طرح ان کے مالوں کو لوٹتے اور مسلمانوں کے مردوں اور عورتوں کو قتل کرتے اور ایسے بڑے بڑے
دموع العيون وتقشعر قلوب الأخيار، وكذلك بلغ الإيذاء إلى انتهائه
عذابوں سے مارتے کہ ان کے یاد کرنے سے آنکھوں کے آنسو جاری ہوتے ہیں اور نیک آدمیوں کے دل کانپتے ہیں اور
حتى همّوا بقتل نبي الله، فأمره ربّه أن يترك وطنه ويهرب إلى المدينة
اسی طرح دکھ انتہا کو پہنچ گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وطن سے نکالے گئے یہاں تک کہ ان لوگوں نے
مهاجرا من مكة، فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم من وطنه بإخراج
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کرنے کا قصد کیا سو اس کے رب نے اس کو حکم دیا تا وہ مدینہ بھاگ جائے سو آنحضرت
قومه. ومع ذلك ما كان الكفار منتهين، بل لم يزل الفتن منهم تستعِرُّ،
اپنے وطن سے کفار کے نکالنے سے ہجرت کر گئے اور ابھی کفار نے ایذا رسانی میں بس نہیں کی تھی بلکہ وہ فتنے
ومحجّة الدعوة تَعِرُّ، حتى جلبوا على رسول الله صلى الله
بھڑکاتے اور دعوت کے کاموں میں مشکلات ڈالتے یہاں تک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر

علیه وسلم خیلَهم ورَجِلَهم، وضربوا خیامهم فی میادین بدرٍ بفوج
معہ اپنے سواروں اور پیادوں کے چڑھائی کی اور بدر کے میدان میں جو مدینہ سے قریب ہے اپنی فوج کے
کثیر قریبًا من المدینة، وأرادوا استیصال الدین. فاشتعل غضب
خیمے کھڑے کر دیئے اور چاہا کہ دین کی بیخ کنی کر دیں تب خدا کا غضب ان پر
اللّٰه علیهم ورأی قبح جفائهم وشدة اعتدائهم، فنزل الوحی علی
بھڑکا اور اس نے ان کے بڑے ظلم اور سختی کے ساتھ حد سے تجاوز کرنا مشاہدہ کیا سو اس نے اپنی وحی اپنے
رسوله وقال أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا. وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ
رسول پر اتاری اور کہا کہ مسلمانوں کو خدا نے دیکھا جو ناحق ان کے قتل کے لئے ارادہ کیا گیا ہے اور وہ مظلوم ہیں
لَقَدِيْرٌ[1] فأمر اللّٰه رسولَه المظلوم فی هذه الآیة لیحارب الذین هم
اس لئے انہیں مقابلہ کی اجازت ہے اور خدا قادر ہے جو ان کی مدد کرے سو خدا تعالیٰ نے اپنے رسول مظلوم کو اس آیت
بدأوا أول مرة بعد أن رأی شدة اعتدائهم وکمال حقدهم
میں ان لوگوں کے مقابل پر ہتھیار اٹھانے کی اجازت دی جن کی طرف سے ابتدا تھی مگر اس وقت اجازت دی
وضلالهم، ورأی أنهم قوم لا یرجی بالمواعظ صلاح أحوالهم.
جبکہ انتہا درجہ کی زیادتی اور گمراہی ان کی طرف سے دیکھ لی اور یہ دیکھ لیا کہ وہ ایک ایسی قوم ہے کہ بجز نصیحتوں سے
فانظر کیف کان حرب رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم. وما ﴿۴۸﴾
ان کی اصلاح غیر ممکن ہے پس اب سوچو کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی لڑائیوں کی کیا حقیقت تھی اور
حارب نبی اللّٰه أعداءَ الدین إلا بعد ما رآهم سابقین فی الترامی
نبی اللہ دشمنان دین سے ہرگز نہیں لڑا مگر جب تک کہ اس نے یہ نہ دیکھ لیا کہ وہ تیر چلانے اور تلوار مارنے میں
بالسهام والتجالد بالحُسام، وما کان الکفار مقتولین فقط بل کان
پیش دست اور سبقت کرنے والے ہیں اور نیز یہ تو نہیں تھا کہ صرف کفار ہی مارے جاتے تھے بلکہ جانبین سے
یسقط من الجانبین قتلی، وکان الکفار ظالمین ضآلین.☆
مرنے والے کام آتے تھے اور کفار ظالم اور حملہ آور تھے۔

[1] الحج:۴۰ ☆ سهو، والصحیح "صائلین" کما تدل علیه الترجمة. (الناشر)

فـليتـدبّـر فی هذا المقام كل عاقل حفظه اللّٰه تعالى عن الحمق
پس اس مقام میں ہریک عاقل جس کو خدا نے حمق اور سفاہت اور بدوں کی خصلتوں سے نگاہ رکھا ہو
وصـانـه عن السفاهة وسير اللئام - ليـظهـر عليه حقيقةُ جهاد الإسلام،
فکر کرے اور سوچ تا کہ اس پر اسلامی جہاد کی حقیقت ظاہر ہو اور چاہیے کہ دیکھے کہ اس جہاد میں ظلم
ولينظُرُ أين أثر الظلم فی هذا الجهاد، وأين إيذاء المحسن ذی الإنعام؟
کا نشان کہاں ہے اور کہاں کسی محسن کو دکھ دیا گیا ہے بلکہ ان دنوں میں تو اسلام کا سر کچلنے کی جگہ میں
بـل كـان رأس الإسـلام فـی تـلـك الأيـام معرَّضًا لدوس الأقدام، وقد
پڑا ہوا تھا اور مسلمانوں پر ایسی مصیبتیں پڑی ہوئی تھیں کہ ان مصیبتوں کا قصہ آنکھوں سے
وردت عـلـى الـمـسـلـمـين مصائب إلى حد يُجری الدموع قصّتُها من
آنسو جاری کر دیتا ہے اور دلوں کو درد کی آگ سے بریان کرتا ہے
الـمُقْلتين وتشوی القلوب بنار الآلام. فهل مِن مُنصف ينظرها ويخاف
پس کوئی منصف ہے !!! جو خدا سے ڈرے اور سوچ یا یہ کہ
قهـر الـربّ الـعـلام، أم انـعدم الإنصاف من قلوب المخالفين؟ هذا هو
انصاف مخالفوں کے دلوں سے اٹھ ہی گیا ہے اور یہی بات
الـحـق ولا نـخـبّـء الـحـق ولا نستـره، والـنـفاق عندنا أكبر الذنوب،
حق ہے اور ہم حق کو پوشیدہ نہیں کرتے اور نہ چھپاتے ہیں اور نفاق ہمارے نزدیک سب گناہوں سے بڑا ہے اور
والرياء أخطر الخطوب، ومِن سِيَرِ الظالمين المشركين.
ریا سب کاموں سے زیادہ خطرناک ہے اور ظالموں اور مشرکوں کی صفات میں سے ہے۔
فـخـلاصة قـولـنـا إن مسألة الغزوة والجهاد ليست محورَ الإسلام
پس ہمارے قول کا خلاصہ یہ ہے کہ مسئلہ دینی لڑائی اور جہاد کا کچھ ایسا مسئلہ نہیں جس کو اسلام کا محور اور
واستقسـه كـما فهمه الجاهلون المخالفون أو المتجاهلون من المسلمين
استقس کہا جائے جیسا کہ جاہل مخالف سمجھتے ہیں یا جیسا کہ بناوٹ سے جاہل بننے والے بعض مسلمان خیال کرتے ہیں

بـل وردت فـی کتاب اللّٰہ تصریحاتٌ علٰی خـلافها کما سمعتَ آیاتِ ﴿۴۹﴾
بلکہ کتاب اللہ میں اس کے برخلاف تصریحات واقع ہیں جیسا کہ تو نے آیتوں کو سن لیا۔
رب الـعـالـمیـن. وأما العقیدة المشهورة. أعنی قول بعض العلماء أن
اور عقیدہ مشہورہ یعنی قول بعض علماء کا
الـمسیح الموعود ینـزل من السماء ویقاتل الکفار ولا یقبل الجزیة بل
جو مسیح موعود آسمان سے نازل ہوگا اور کفار سے لڑے گا اور جزیہ قبول نہیں کرے گا
إمـا الـقـتـل وإما الإسلام. فاعلموا أنها باطلة ومملوء ة من أنواع الخطأ
بلکہ دو باتوں میں سے ایک ہوگی یا قتل یا اسلام پس جاننا چاہیئے کہ یہ عقیدہ سراسر باطل ہے اور طرح طرح
والـزلّة ومـن أمـور تـخـالف نـصـوص القرآن، ومـا هی إلا تلبیسـات
کے خطاؤں اور لغزشوں سے بھرا ہوا ہے اور قرآن کی نصوص صریحہ سے مخالف پڑا ہوا ہے سو وہ صرف
الـمـفـتـریـن. یا حسرة علیهم إنهم أَطْرَأُوا عیسی مِن غیر حق حتی قال
مفتریوں کا افترا ہے ان پر افسوس کہ انہوں نے حضرت عیسٰی کو حد سے زیادہ بڑھا دیا
بعضهم إنه ملَک کریم ولیس من نوع الإنسان وقال بعضهم إن هو إلّا
یہاں تک کہ بعض نے کہا کہ وہ فرشتہ ہے انسان نہیں اور بعض نے کہا
کـلـمة اللّٰہ وروح اللّٰہ، ولیس فی هذه المرتبة شریکا له. وزاد بعضهم
وہ ایک کلمہ اور روح اللہ ہے اور اس صفت میں اس کا کوئی شریک نہیں اور
عـلـیـه حـواشـی أخـری، وقـال هـو مـخلوق أقرب إلی اللّٰہ وأفضل من
بعض نے اس پر اور حاشیئے چڑھائے اور کہا کہ وہ ایک الگ مخلوق ہے جو فرشتوں سے بڑھ کر
الملائکة، فإن الملائکة لا یُرفَعون إلی العرش وهو مرفوع علی العرش
ہے کیونکہ ملائک تو عرش پر جا نہیں سکتے مگر وہ عرش پر بیٹھا ہے کیونکہ خدا تعالیٰ
لأنـه مـرفـوع إلی اللّٰہ، فهو أفضل من الملائکة کلهم ومن کل ما خُلِقَ
کی طرف اُس کا رفع ہوا ہے اور خدا عرش پر ہے پس وہ ہر یک فرشتہ اور ہر یک مخلوقات سے افضل ہے

و ذُرِئَ. هـذا بيـان بـعـض الـعـلـمـاء ، و أمـا صـاحـب "الإنسـان الـكـامـل"
یہ تو بعض علماء کا قول ہے مگر صاحب کتاب انسان کامل عبد الکریم نے
عبـدُالـكـريـم الـذى هـو مـن الـمتصوفين، فبلّغ الأمرَ إلى النهاية، وقال إن
جو متصوفین میں سے ہے اس بارے میں حد ہی کر دی اور کہا کہ تثلیث
التثليث بـمـعنى حق ولا حرج فيه، وإن عيسٰى كذا وكذا، بل أشار إلى أنه
ایک معنی کے رو سے حق ہے اور اس میں کچھ حرج نہیں اور عیسٰیؑ ایسا ہے اور ایسا ہے بلکہ اس طرف اشارہ کر دیا کہ
ليـس بـمـخـلـوق. ومنهم من اعتدى فى كذبه وقال بسم الله الآب والابن
وہ خدا تعالیٰ کی مخلوق میں سے نہیں ہے اور بعض آدمی جھوٹ بولنے میں بہت بڑھ گئے اور یہ لکھا کہ بسم اللہ الاب والابن و
وروح الـقـدس. كـذلـك أيّـدوا الـفِرْية ونصروها. وكان الكذب فى أول
روح القدس اسی طرح انہوں نے جھوٹ کی تائید کی اور جھوٹ کو مدد دی اور جھوٹ پہلے پہلے تو
الأمر قليلًا، ثمّ مـن جـاء بعد كاذبٍ ألحقَ بكذبه كذبا آخر، حتى ارتفعت ﴿۵۰﴾
تھوڑا تھا پھر جو شخص ایک جھوٹے کے بعد آیا اُس نے کچھ اپنی طرف سے بھی پہلے جھوٹ پر زیادہ کیا یہاں تک کہ جھوٹ کی
عـمـارة الكذب، وجُعل ابنُ عجوزةٍ ابنَ الله، وبعد ذلـك جُعل إلٰـهَ العالمين،
عمارت بہت اونچی ہوگئی اور ایک بڑھیا عورت کا بچہ خدا کا بیٹا بنایا گیا اور پھر خدا کر کے مانا گیا خبردار رہو کہ
ألا لـعـنـة الله على الكاذبين. إنْ عيسى إلّا نبى الله كأنبياء آخرين، وإنْ هو إلا
جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہے عیسٰیؑ صرف اور نبیوں کی طرح ایک نبی خدا کا ہے اور وہ
خـادم شـريعة النبى المعصوم الذى حرّم الله عليه المراضع حتى أقبلَ على
اُس نبی معصوم کی شریعت کا ایک خادم ہے جس پر تمام دودھ پلانے والی حرام کی گئی تھیں یہاں تک کہ
ثـدى أُمّـه، وكلّمه ربُّه على طور سينين وجعله من المحبوبين. هذا هو موسٰى ☆
اپنی ماں کی چھاتیوں تک پہنچایا گیا اور اس کا خدا کوہ سینا میں اُس سے ہمکلام ہوا اور اس کو پیارا بنایا یہ وہی موسیٰؑ

☆ (الفائدة) كلّم الله موسٰى على جبل وكلم الشيطٰن عيسٰى علٰى جبل فانظر الفرق بينهما ان كنت من الناظرين . منه
خدا ایک پہاڑ پر موسیٰ سے ہمکلام ہوا اور ایک پہاڑ پر شیطان عیسیٰ سے ہمکلام ہوا سو اس دونوں قسم کے
مکالمہ میں غور کرا اگر غور کرنے کا مادہ ہے۔۱۲

فتَـی اللّٰه الذی أشار اللّٰه فی کتابه إلٰی حیاته، وفرض علینا أن نؤمن بأنه
مردِ خدا ہے جس کی نسبت قرآن میں اشارہ ہے کہ وہ زندہ ہے اور ہم پر فرض ہو گیا ہے کہ ہم اس بات پر ایمان لاویں
حیٌّ فی السماء ولم یمت ولیس من المیتین.
کہ وہ زندہ آسمان میں موجود ہے اور مُردوں میں سے نہیں۔
و أما نـزول عیسٰی من السّماء فقد أثبتنا بطلانه فی کتابنا الحمامة،
مگر یہ بات کہ حضرت عیسٰیؑ آسمان سے نازل ہوں گے سو ہم نے اس خیال کا باطل ہونا اپنی کتاب حمامۃ البشریٰ
وخلاصته أنّا لا نجد فی القرآن شیئا فی هذا الباب من غیر خبر وفاته الذی
میں بخوبی ثابت کر دیا ہے اور خلاصہ اس کا یہ ہے کہ ہم قرآن میں بغیر وفات حضرت عیسٰیؑ کے اور کچھ ذکر نہیں پاتے اور
نـجـدهـا فـی مقامات کثیرة من الفرقان الحمید. نعَمْ جاء لفظ النـزول فی
وفات کا ذکر نہ ایک جگہ بلکہ کئی مقامات میں پاتے ہیں۔ ہاں بعض احادیث میں نزول کا
بعض الأحادیث، ولکنه لفظ قد کثر استعماله فی لسان العرب علی نـزول
لفظ آیا ہے لیکن وہ لفظ ایسا ہے کہ زبان عرب میں اکثر استعمال اس کے
الـمسـافـریـن إذا نـــزلـوا مـن بـلـدة ببلدة أو من مُلک بـملک متغربین.
مسافروں کے حق میں ہے جب وہ ایک شہر سے دوسرے شہر میں وارد ہوں اور یا ایک ملک سے دوسرے
والنـزیل هو المسافر کما لا یخفی علی العالمین.
ملک میں سفر کر کے آویں اور نزیل تو مسافر کو ہی کہتے ہیں جیسا کہ جاننے والوں پر پوشیدہ نہیں۔
و أمّـا لـفـظ التـوفـی الـذی یـوجـد فی القرآن فی حق المسیح
مگر توفّی کا لفظ جو قرآن میں حضرت مسیح اور دوسروں کے حق میں پایا جاتا ہے سو اس میں بغیر معنے مارنے کے
وغیـره من بنی آدم فلا سبیل فیه إلی تأویل أخری بغیر الإماتة، وأخذنا
اور کوئی تاویل نہیں ہو سکتی اور یہ معنے مارنے کے ہم نے
مـعـنـاه مـن النبی ومن أجلّ الصحابة لا مِـن عـنـد أنـفسنا. وأنت تعلم ﴿۵۱﴾
نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اُس کے بزرگ صحابہ سے لئے ہیں یہ نہیں کہ اپنی طرف سے گھڑے ہیں اور تُو جانتا ہے کہ

أن الإماتة أمر ثابت دائم داخل فی سنن اللّٰه القديمة، وما من رسول إلا
مارنا ایک امر ثابت دائم الوقوع اور خدا تعالیٰ کی قدیم سنتوں میں داخل ہے اور کوئی نبی ایسا نہیں جو
تُـوُفّی وقد خلتْ من قبل عيسی الرسلُ. فإذا تعارض لفظ التوفی ولفظ
فوت نہ ہوا ہو اور حضرت عیسیٰؑ سے پہلے جو نبی آئے وہ فوت ہو چکے ہیں اور جبکہ لفظ نزول
الـنـزول. فإن سلّمنا وفرضنا صحة الحديث فلا بد لنا أن نؤوّل لفظ
اور لفظ توفی میں معارضہ واقع ہوا پس اگر ہم حدیث کی صحت کو قبول کر لیں تا ہم ہمارے لئے ضروری ہے کہ
الـنـزول، فإنـه ليس بـمـوضوع لنـزول رجل من السماء ، بل وُضع
نزول کے لفظ کی تاویل کریں کیونکہ وہ دراصل آسمان سے اترنے کے معنوں کے لئے موضوع نہیں ہے بلکہ وہ تو
لنـزول مسافر من أرض بأرض، فما كان لنا أن نترك معنی وُضع له هذا
مسافروں کے نزول کے لئے وضع کیا گیا ہے سو یہ تو ہم سے نہیں ہوسکتا کہ اصل موضوع لہ کو چھوڑ دیں
اللفظ فی لسان العرب ونردّ بيّناتِ القرآن. وما نجد ذكر السماء فی
اور قرآن کی بینات کو رد کریں اور ہم کسی حدیث صحیح میں آسمان
حديث صحيح، وما نجد نظير النـزول فی أمم أولی ☆، بل يثبت خلافه
کا لفظ بھی نہیں پاتے اور ہم اس نزول کی نظیر پہلی امتوں میں بھی نہیں پاتے بلکہ
فی قصة يوحنا. فلا شك أن هذه العقيدة. أعنی عقيدة نـزول المسيح
قصہ یوحنا میں اس کے خلاف پاتے ہیں پس کچھ شک نہیں کہ اس عقیدہ کو نہ ایک بیماری بلکہ کئی

☆**(الفائدة)** قال اللّٰه تعالٰی اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی. صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰی[۱]
قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ پہلی کتابوں یعنی توریت اور صحف ابراہیم میں شواہد تعلیم قرآن موجود
ولٰكنالا نجد ذكر صعود عيسٰی و ذكر نزوله فی التورٰة ولا مثالا يشابهه و ان التوراة
ہیں مگر ہم توریت میں حضرت عیسیٰ کے صعود اور نزول کا کچھ نشان نہیں پاتے اور نہ اس کی کوئی مثال پاتے ہیں حالانکہ
امام لذكر الامثلة كلها ولاجل ذٰلك سماه اللّٰه اماما فی كتابٍ مبين. منه
توریت تمام مثالوں کے لئے امام ہے اِسی لئے خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں اس کا نام امام رکھا ہے۔

[۱] الاعلیٰ:۱۹، ۲۰

من السماء . مبتلاة بأمراض لا بمرض واحد يخالف بيّنات القرآن،
بیماریاں لگی ہوئی ہیں قرآن کی بینات کا مخالف ہے
ويكذّب أمر ختم النبوة، ويباين محاورات القوم، ويخالف الآثار التی
ختم نبوت کے امر کی تکذیب کرتا ہے اور قوم عرب کے محاورات کے مغائر پڑا ہے اور ان احادیث کے
صُرحت فيها موت المسيح. فتَفكّروا أيها الناس إن كنتم من المتفكرين.
برعکس ہے جن میں حضرت عیسیٰ کی موت کی تصریح ہے پس اے لوگو فکر کرو اگر فکر کر سکتے ہو۔
وأما الشق الثانی أعنی محاربات المسيح الموعود بعد النزول، كما
اور دوسرا شق یعنی یہ کہ مسیح موعود اترنے کے بعد لڑائیاں کرے گا جیسا کہ بعض
هو زعم بعض الناس الذی ما كان إلا كالغبی الجهول، فهو ليس مذهبنا، بل
جہال کا خیال ہے پس یہ ہمارا مذہب نہیں ہے اور ہمارے نزدیک یہ خیال باطل اور فضول
عندنا هو خيال باطل لا يصلح للقبول، وبعيد عن الحق واليقين وداخلٌ فی
ہے جو لائق قبول نہیں اور حق اور یقین سے بعید ہے اور اس کے باطل کرنے کے لئے وہ
نمط الفضول. وكفى لبطلانه الحديثُ الذی موجود فی البخاری. أعنیؔ ﴿۵۲﴾
حدیث کافی ہے جو صحیح بخاری میں لکھی ہے یعنی قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یضع الحرب
يضع الحربَ، يعنی لا يقاتل المسيحُ الموعود ولا يحارب، بل يفعل كل
جس کے یہ معنے ہیں کہ مسیح موعود کفار سے نہیں لڑے گا اور نہ جنگ کرے گا بلکہ جو کچھ کرے
ما يفعل بالنظر والهمة، ويجعل اللّٰهُ فی نظره تأثيرات عجيبة، وفی أنفاسه
گا اپنی نظر اور ہمت سے کرے گا اور خدا اس کی نظر میں عجیب عجیب تاثیرات رکھ دے گا
بركات غريبة، ويجعل فی فهمه وعقله قوة السيف والسنان، ويعطی له
اور اس کے فہم اور عقل کو تلوار اور نیزہ کی قوت دے گا اور اس کو دلائل سے بھرا ہوا
بيانا مملُوًّا من البرهان، وحججًا قاطعة لِعُذْرات أهل الطغيان. فهذه
بیان عطا کرے گا اور ایسی حجتیں اس کو سکھلائے گا جو اہل طغیان کا قطع عذرات کریں پس

هی الحربة السماوية التی ما صنعها أيدی الإنسان، بل أعطيت من
یہی آسمانی حربہ ہے جس کو انسان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا بلکہ رحمان کے ہاتھوں سے ملا ہے۔
يد اللّٰه الرحمن، ونزلت من السماء لا من أعمال أهل الأرضين.
اور آسمان سے نازل ہوا ہے نہ زمین کی کارستانیوں سے پس خلاصہ کلام یہ ہے
فالحاصل أن اعتقادنا هو هٰذا، لا كما فهِم الواشی الغبیّ والنمّام الدنیّ،
جو ہمارا اعتقاد یہی ہے جو ہم نے ذکر کر دیا نہ جیسا کہ اس نکتہ چین کند ذہن اور سفلہ مزاج نے سمجھا اور وہ ہمارے
فإنه خطأٌ فاحش عندنا، ونخطّئُ قائلَ تلك الأقوال، وقد أخطأ من قال
نزدیک صریح غلطی ہے اور ہم ایسے قائل کا تخطیہ کرتے ہیں بیشک خطا کی جس نے ایسا کہا اور صریح
ووقع فی ضلال مبين. فالحق الذی أرانا الحقُّ الحكيمُ وأنبأنا اللطيف
ضلالت میں پڑ گیا۔ پس وہ حق جو ہم کو حکیم مطلق نے دکھلایا اور لطیف علیم نے بتلایا
العليم، هو أن حربة المسيح الموعود سماوية لا أرضية، ومحارباته
وہ یہی ہے کہ مسیح موعود کا حربہ آسمانی ہے نہ زمینی اور لڑائیاں اس کی
كلها بأنظار روحانية، لا بأسلحة جسمانية، وهو يقتل الأعداء بعقد
روحانی نظروں کے ساتھ ہیں نہ جسمانی ہتھیاروں کے ساتھ اور وہ دشمنوں کو نظر اور ہمت سے
النظر والهمة، أعنی بتصرف الباطن وإتمام الحُجّة، لا بالسهام
قتل کرے گا یعنی تصرف باطن اور اتمام حجت کے ساتھ نہ تیر اور
والرماح والمَشْرَفيّة، وله ملكوت السماء لا ملكوت الأرضين. وأمّا
نیزہ اور تلوار سے اور اس کی آسمانی بادشاہت ہے نہ زمینی۔ اور
الذين ينتظرون مسيحًا يأتی بالجنود ويخرج كالأسود، ويقتل كل من
وہ لوگ جو ایک مسیح کی انتظار کرتے ہیں جو لشکروں کے ساتھ آئے گا اور ہریک کافر کو جو ایمان نہ لاوے
لم يؤمن من الكافرين، وينزل كصاعقة محرقة من السماء، ولا يكون له
قتل کر دے گا اور آسمان سے ایک جلانے والی بجلی کی طرح نازل ہوگا اور بجز

شغل مِن غير سفكِ الدماء، ويكون حريصا على قتل نفس ولو كان ﴿۵۳﴾
خونریزی کے اس کا کوئی اور شغل نہ ہوگا اور وہ قتل کرنے پر بڑا حریص ہوگا اگرچہ خنزیر ہی ہو
خنزيرا، ويأخذ السيف البتّار قبل أن يتمّ حجّته على المنكرين، فنحن
اور قبل اس کے جو اپنی حجت منکروں پر پوری کرے آتے ہی تلوار پکڑ لے گا۔ سو ہم
لسنا منهم ولا نعرف ذلك المسيح ولا نعلم ولا ندرى أثرا من تلك
ان لوگوں میں سے نہیں ہیں اور ہم ایسے مسیح کو نہیں پہچانتے اور ہم خدا تعالیٰ کی کلام میں ان عقائد کا کچھ بھی
الأباطيل فى كتاب الله المبين. فلا نقبل هذه العقيدة أبدًا، ولسنا من الذين
نشان نہیں پاتے اور ہم ایسے نہیں کہ ان باتوں کو
يقرّون به مقلّدين كالعمين. فالحاصل أنه ليس من عقائدنا، بل إنما هو من
ایک اندھے مقلد کی طرح مان لیں۔ پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہ باتیں ہمارے
عقائد شيخ بطّالوى صاحبِ الإشاعة مضلِّ الجماعة، أعنى محمد حسين
عقائد میں سے نہیں ہیں بلکہ یہ شیخ بٹالوی کے عقائد ہیں جو صاحب اشاعۃ اور مضل جماعت ہے
وأمثاله الذين هُمْ فُلّاح تلك الزراعة. فالملخص أن هذا المسلك
اور ایسا ہی اس کے ہم خیالوں کا جو اس کھیتی کے بونے والے ہیں
من مساعيهم التى يسعون، وآرائهم التى ترون، وأنهم قد رسوا عليه
یہی عقیدہ ہے پس خلاصہ کلام یہ کہ یہ انہیں کا مسلک ہے جس پر وہ چل رہے ہیں اور یہ انہیں کی رائیں ہیں جو تم دیکھتے ہو
وليسوا بالمنتهين الراجعين، بل يخبرون عنه على المنابر ويذكرونه
اور وہ ان خیالات پر خوب جمے ہوئے ہیں اور باز آنے والے اور رجوع کرنے والے نہیں ہیں بلکہ منبروں پر
مُتباشِرين. ومِن أعظم مُنيتهم النفسانية أن يجىء مسيحهم الموهوم
چڑھ چڑھ کر یہ خبریں بتلاتے ہیں اور ان کو یاد کر کے ایک دوسرے کو خوشخبری دیتے ہیں اور ان کی نفسانی خواہشوں میں
كالمليك الجبّار، ويقتل كلَّ من فى الأرض من الكفار، ويجمع غنائم
سے بڑی خواہش یہ ہے کہ ان کا خیالی مسیح دنیا میں آوے اور تمام کافروں کو قتل کرے اور پھر بہت سے لوٹ کے مالوں سے

كثيـرة قنطارًا على القنطار، ثم يجعل البطالوىَّ وإخوانه من المتمولين.
بٹالوی اور اس کے بھائیوں کو مالدار کر دیوے
وأما نـحـن فـلا نـعتقد كذلك، بل نعلم أنهم أخطأوا فى هذه الآراء ،
مگر ہم ایسا اعتقاد نہیں رکھتے بلکہ ہم جانتے ہیں کہ ان لوگوں نے اپنی راؤں میں خطا کی اور ایک رات ان پر پڑ گئی
وأجنّهـم الـليـل وبـعـدوا عـن الـضياء ، فما فهموا وما مسّوا مسلك
اور روشنی سے دور جا پڑے پس انہوں نے کچھ نہ سمجھا اور سمجھنے والوں کے مسلک کو چھوا بھی نہیں
الـمتبصرين، وما سُقوا من المعارف النبويّة والأسرار الإلٰهية، بل أكلوا
اور انہوں نے معارف نبویہ اور اسرار الٰہیہ میں سے کچھ بھی نہیں پیا بلکہ انہوں نے ان لوگوں کا فضلہ کھایا جو پہلے
فُضلاتِ قـومٍ ضـلـوا من قبل ونبذوا كتاب الله وراء ظهورهم ورضوا
ان سے راہ کو بھول چکے تھے اور خدا تعالیٰ کی کتاب کو انہوں نے پس پشت پھینک دیا اور ان لوگوں کی باتوں پر راضی
بـأقـوال الختّارين. وكان سرّ هذه العقيدة مـن أدق المسائل وأصعبها، ﴿۵۴﴾
ہوگئے جو دھوکا دینے والے تھے اور اس عقیدہ کا بھید بہت باریک اور مشکل مسائل میں سے تھا اس لئے موٹی سمجھ
فـمـا فهِـمـه آراءٌ سـطـحية وعقول ناقصة، واختاروا طرقًا دون ذلك
اور ناقص عقل والے اس کو سمجھ نہ سکے اور اور راہیں جلدی سے اختیار کر لیں۔ سو وہ
مستعجلين. فتمَّ ما جاء فى فَيْجٍ أعوَجَ مِن أصدقِ الصادقين، وإن فى هذا
پیشگوئی پوری ہوئی جو فیج اعوج کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی اور وہ اصدق الصادقین ہے
بُـرهـانًا للمتفكرين. ثم تفضّلَ الله علينا وكشف هذا السرّ فضلًا ورحما
اور فکر کرنے والوں کے لئے اس میں ایک دلیل ہے پھر خدا تعالیٰ نے ہم پر فضل کیا اور فضل اور رحم سے یہ بھید ہم پر کھول دیا
وهـو أرحـم الـراحـمـين. يـرقّى من يشاء ، ويحطّ من يشاء ، ويجعل من
اور وہ ارحم الراحمین ہے جس کو چاہتا ہے اوپر لے جاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے نیچے پھینکتا ہے اور جس کو چاہتا
يشاء مـن الـعـارفـين. وعـلِـمنا بتعليمه وفهِمنا بتفهيمه وأُيِّدْنا بتـكـريمه
ہے عارفوں میں داخل کرتا ہے سو ہم نے اس کی تعلیم سے معلوم کیا اور اس کے سمجھانے سے سمجھے اور اس

وهـو خير المؤيّدين. وألهمَنا أن الحرب حرب روحانی بنظر روحانی.
خیر المؤیدین نے ہم کو مدد دی اور ہمارے رب نے ہمیں الہام دیا کہ مسیح موعود کی لڑائیاں
وأعـجـبـنـی أنهـم يقرّون أن عيسى لا يقاتل يأجوج ومأجوج، بل يدعو
روحانی لڑائیاں ہیں جو روحانی نظر کے ساتھ ہوں گی اور تعجب کہ یہ لوگ پڑھتے ہیں کہ جو
عـليهـم عـنـد اشتـداد الـمـصـائب وهجوم الأعداء كالسهم الصائب،
عیسیٰ یاجوج ماجوج سے نہیں لڑے گا بلکہ سخت مصیبتوں کے وقت بد دعا کرے گا اور نیز وہ لفظ
وكـذلك يـقـرأون لـفـظ الـنـظـر فـی كتب الأحاديث ثم ينسونـه ولا
نظر کا کتب احادیث میں پڑھتے ہیں اور پھر بھول جاتے ہیں اور عاقلوں کی طرح نہیں سوچتے
يتدبرون كالعاقلين. ختم اللّٰه على قلوبهم، فلا يفهمون دقيقة من دقائق
خدا تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی پس وہ معرفت کے دقیقوں میں سے کسی دقیقہ کو اور
الـمعرفة، ولا نكتة من نكات الحكمة، بل نرى أن ذهنهم مزمهرّ، ودَجُنُه
حکمت کے نکتوں میں سے کسی نکتہ کو بھی نہیں سمجھتے بلکہ ذہن ان کا بہت ٹھنڈا پڑ گیا ہے اور بادل
مكفهرّ، فلا يستشفّون لآلئَ الحقائق، ولا يُمعِنون فی الدقائق، ويسبَحون
اس ذہن کا تہ بتہ ہے پس وہ حقیقت کے موتیوں کو عمیق نظر سے دیکھ نہیں سکتے اور الفاظ کی سطح پر
عـلـى سطح الألفاظ، وليسوا فی بحر المعانی غوّاصين. ومن يفهّم رجلًا
تیرتے ہیں اور معانی کے دریا میں غوطہ نہیں مار سکتے اور ایسے آدمی کو کون سمجھائے جس کو خدا
ما فهّمه اللّٰهُ؟ ومن لم يهده اللّٰه فكيف يكون من المهتدين؟
نے نہیں سمجھایا اور جس کو خدا نے ہدایت نہیں دی وہ کیونکر ہدایت یاب ہو جائے۔

هـذه هی العقيدة التی أشهرناها فی كتبنا غير مرّة، ولأجل ذلك
یہ وہی عقیدہ ہے جس کو ہم نے اپنی کتابوں میں کئی جگہ ذکر کیا ہے اور انہی امور کے لئے ہم کافر
كُـفّرنا وأُوذيـنـا وكُـذّبنا وأُفْردنـا كـالذی يُترك فـی البـوادی والفلوات
ٹھہرائے گئے اور دکھ دئے گئے اور جھٹلائے گئے اور ہم ایسے اکیلے چھوڑے گئے جیسا کہ کوئی جنگل میں

منفردا، فنحن فی هذه الأوان کغَرِیب فی خانٍ، لا کشَغِبٍ فی حمایة إخوان. ﴿۵۵﴾
اکیلا چھوڑا جاتا ہے سو ہم اس وقت ایک ایسے مسافر کی طرح ہیں جو سرائے میں اترا ہوا ہو نہ ایسے شخص کی طرح
لا نـریـد الـریـاسة بل آثرنا الخصاصة، ونبذنا فروةَ إمارة، ورضینا بعباءۃِ فقرٍ
جو فساد کرنے والا اور اپنے بھائیوں کی حمایت سے مفسدہ پرداز ہو ہم کسی ریاست کو نہیں چاہتے بلکہ درویشی اختیار
ومـا بـالَیْـنـا طَعْنَ نُظّارةٍ، ولا لومَ اللائمین. فلا تُبادِرْ یا لاهِسَ کأسِ قسیسین
کی اور ہم نے ریاست کی پوستین کو پھینک دیا اور فقیرانہ گودڑی اختیار کر لی اور دیکھنے والوں کے طعن اور ملامت کی کچھ بھی
إلی ظن السوء ، ولا تنفُضْ هِذْرَوَیْکَ☆ فإنّ أمرنا متبین واضح ولیس شیء
پرواہ نہ کی سوائے پادریوں کے پیالے چاٹنے والے بدظنی کی طرف جلدی مت کر اور اپنی سُرین مت ہلا کیونکہ ہمارا حال
فـی یـدیک، ولسـت مـن الـحـاکمین. فإن کنت تشتاق أن تستقری طرق
روشن ہے اور کوئی بات تیرے اختیار میں نہیں اور نہ تو حاکم ہے۔ اور اگر تجھے یہی شوق ہے کہ نکتہ چینی کی راہوں
الـنـمیمة، فاعلم أنک خائب ولا یحصل لک شیء من غیر ظهور سِیَرِک
کو ڈھونڈے پس جان رکھ کہ یہ مطلب تیرا پورا نہیں ہوگا اور تو نامراد رہے گا اگر ہوگا تو یہی کہ تیری بُری خصلتیں ظاہر ہوں
الـذمیـمة، ولا تـقـدر أن تُـخـفـی مـا أبـداہ ربنا، ولا تضرّ مَن حفظه اللّٰه وهو
گی اور تو اس پر قادر نہیں ہو سکے گا کہ جس چیز کو خدا نے ظاہر کیا اس کو چھپاوے اور جس کو خدا نگاہ رکھے تو اس کو ضرر نہیں
خیـر الـحـافظین. فأَعرِضْ عنها واشتغِلْ بنضرة دنیاک وخضرتها، واصطبِحْ
پہنچا سکتا اور خدا سب محافظوں سے بہتر ہے۔ پس تو ان باتوں سے کنارہ کر اور اپنی دنیا کی تازگی اور سبزہ میں مشغول رہ اور دن رات شراب پی اور
واغتبِقْ وافـرَحْ عـلـی جیـفتهـا، ولا تدخُلْ فیما لستَ أهله، ولا تغضب ولا
دنیا کی مُردار پر خوشی کر اور ان باتوں میں دخل مت دے جن کی لیاقت تجھ میں نہیں اور غضب ناک نہ ہو اور مت بھڑک
تشتعل، فإن مقت اللّٰه أکبر من مقتک، وإن ناره تحرق الظالمین.
کیونکہ خدا تعالٰے کا غضب تیرے غضب سے زیادہ ہے اور اس کی آگ ظالموں کو جلا دیتی ہے۔

والعجب أن أکابر المسیحیین خُدعوا فیک، وما عرفوک حق المعرفة
اور تعجب کہ بڑے پادریوں نے تجھ میں دھوکا کھایا اور اس وقت تک تجھ کو نہیں پہچانا جیسا کہ حق پہچاننے کا ہے اور

☆ سهو والصحیح "مِذْرَوَیْکَ". (الناشر)

إلــى هــذا الـوقــت، وعجـزوا عن فَضِّ سـرِّک وكشفِ دعواک وإدراکِ
تیرے بھید کے پہچاننے اور تیری تہ تک پہنچنے سے قاصر رہے اور تو نے دھوکا دینے والوں کی طرح
عمقک، وأَکلتهم کـالـخـادعيـن. يـا حسـرة عليهم لِم يضيّعون أموالهم على
ان کو کھا لیا۔ ان پر افسوس کہ وہ کیوں تیرے جیسے لوگوں پر اپنے مال ضائع کر رہے ہیں اور
أمثالک، ولم لا يرجعون إلى اليقظة بعد التجارب المؤلمة، ولم لا يعرفون البطّالين؟
کیوں دردناک تجربوں کے بعد بیدار نہیں ہوتے اور کیوں بطالوں کو نہیں شناخت کرتے ۔
وأما قولک أن قسّيسى هذا الزمان ليسوا دجّالًا معهودًا، فهذا
اور تیرا یہ قول کہ اس زمانہ کے پادری دجال نہیں ہیں تو یہ تیری دجالیت ہے
دجلک الأکبر. وسـألـت عنى دليلا عليه فاعلم أن هذا ليس قولى بل ﴿۵۶﴾
اور تو نے مجھ سے اس دعویٰ کی دلیل پوچھی تھی سو تجھے معلوم ہو کہ یہ فقط میرا ہی قول نہیں بلکہ مجھ سے پہلے
قاله المسيح من قبلی، فانظر فی إنجيل لوقا فی الإصحاح الثالث ☆ من
مسیح نے بھی یہی کہا ہے سو تو انجیل لوقا تیسرے☆ باب چوبیس آیت میں غور کر
آية ۲۴ إلى ۳۰، فستجد ما قلنا بمزاياه وهو هذا يا عدو الطيبين. "فقال
کہ یہی قول ہمارا مع شئے زائد پائے گا اور وہ یہ ہے اے پاکوں کے دشمن۔ پس مسیح نے ان سے یعنی حواریوں سے کہا
لهـم اجتهِـدوا أن تـدخـلـوا مـن البـاب الـضيق، فإنی أقول لكم إن كثيرين
کہ کوشش کرو تا تنگ دروازے سے داخل ہو کیونکہ میں تمہیں کہتا ہوں کہ بہتیرے چاہیں گے
سيـطلبون أن يدخلوا ولا يقدرون مِن بعدما يكون رب البيت قد قام وأغلق
کہ داخل ہوں پر داخل نہیں ہو سکیں گے اس کے بعد گھر کا مالک اٹھا اور دروازہ بند کر لیا اور
البـابَ. وابتـدأتم تقِفون خارجًا وتقرعون الباب قائلين يا رب، يارب' افتحْ
تم نے دروازہ کے باہر کھڑے ہوکر یہ بات کہتے ہوئے دروازہ کو کھٹکھٹانا شروع کیا کہ اے ہمارے مالک اے ہمارے مالک ہمارے
لنا ـ يـجـيـب ويـقـول لكم لا أعرفكم مِن أين أنتم ـ حـيـنـئذ تبتدء ون نقولون
لئے دروازہ کھول وہ جواب دے گا اور کہے گا کہ میں نہیں پہچانتا کہ تم کہاں سے ہو اس وقت تم یہ کہنا شروع کروگے کہ ہم نے

☆ سهو، والصحيح، الثالث عشر اور ترجمہ میں تیسرے کی بجائے تیرھویں کیا جائے (الناشر)

أَكَلْنا قدّامک، وعلّمتَ فی شوارعنا. فیقول أقول لکم لا أعرفکم من
تیرے سامنے کھایا اور تو نے ہماری گلیوں میں تعلیم دی پس وہ کہے گا کہ میں تمہیں کہتا ہوں کہ میں تمہیں نہیں پہچانتا
أین أنتم، تباعَدوا عنی یا جمیع فاعلی الظلم. هناک یکون البکاء
کہ تم کہاں سے ہو اے ظلم پیشہ لوگو! میرے سامنے سے دور ہو اس وقت رونا اور دانت پیسنا ہوگا جب تم
وصریر الأسنان. متی رأیتم إبراهیم وإسحاق ویعقوب وجمیع الأنبیاء
دیکھو گے کہ ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب اور تمام انبیاء خدا کی بادشاہت میں داخل ہوئے اور تم
فی ملکوت اللّٰه وأنتم مطروحون خارجا ویأتون من المشارق والمغارب
باہر ڈالے گئے اور مشرق اور مغرب اور شمال اور جنوب سے آئیں گے
ومن الشمال والجنوب ویتّکئون فی ملکوت اللّٰه، وهو ذا آخرون
اور خدا کی بادشاہت میں بیٹھیں گے تب جو پچھلے ہیں وہ پہلے ہوں گے اور جو پہلے ہیں وہ پچھلے ہوں گے۔
یکونون أوّلین، وأوّلون یکونون آخرین ۔ هذا ما کتبنا من کتابکم إنجیل
یہ وہ مضمون ہے جو ہم نے تمہاری انجیل لوقا میں سے اس کی عربی عبارت میں لکھا ہے اور
لوقا بعبارته العربیة، وما زدنا وما نقصنا بل رقمناه کما هو هو کالناقلین.
نہ ہم نے زیادہ کیا اور نہ کم کیا بلکہ جیسا وہ تھا ویسا ہی نقل کر دیا ہے ۔

وللمستنکرین المستعرفین أن یرجعوا إلی ذلک الکتاب إن کانوا
اور وہ لوگ جو منکر اور تحقیق کے طالب ہوں ان کو اختیار ہے کہ اگر ان کو ہماری تحریر میں شک ہو تو اس کتاب کو
من المرتابین. فلا تضرِبْ عنه صفحًا ولا یلفَحْک الحقدُ لفحًا، وفکِّرْ ﴿۵۷﴾
دیکھ لیں پس اس کے انکار میں منہ ٹیڑھا نہ کر ایسا نہ ہو کہ کینہ تجھ کو جلا دے اور منصفوں کی طرح فکر کر۔
کالمُنْصفین. وانظر أن المسیح سمّاکم فی هذه الآیة فاعلی الظلم، وقال
اور اس بات میں غور کر کہ حضرت مسیح نے اس آیت میں تمہارا نام ظالم رکھا ہے اور کہا
أُعرِض عنکم فی یوم القیامة وأتصدی بالصدود وأقول لستم منی ولا
کہ قیامت کے دن تم سے کنارہ کروں گا اور کہوں گا کہ تم میری جماعت میں سے نہیں ہو

من هذا الجنود، فاخسأوا يا معشر الظالمين الكافرين. وأشار إلى أنكم
سو اے ظالمو کافرو دور ہو۔ اور اس بات کی طرف اشارہ
لبَستم الحق بالباطل وتركتم أمره وكنتم قومًا دجّالين. وأنت تعلم أن
کیا کہ تم نے حق کو باطل کے نیچے چھپا دیا اور تم ایک دجال قوم ہو اور تجھے معلوم ہو کہ
حقيقة الظلم وضعُ الشيء في غير موضعه عمدًا وبالإرادة لينتقب وجهُ
ظلم کی حقیقت یہ ہے کہ ایک شئے اپنے موقعہ سے اٹھا کر عمداً غیر محل پر رکھی جائے تا راہ چھپ جاوے
المحجّة ويُسَدّ طريق الاستفادة ويلتبس الأمر على السالكين. فالظالم
اور استفادہ کا طریق بند ہو جاوے اور چلنے والوں پر بات ملتبس ہو جاوے۔ پس ظالم
هو الذي يحلّ محلّ المحرّفين ويبدّل العبارات كالخائنين، ويجترء
اس کو کہیں گے جو محرفوں کا کام کرے اور خیانت پیشہ لوگوں کی طرح عبارتوں کو بدلا دے اور جرأت کرکے
على الزيادة في موضع التقليل والتقليل في موضع الزيادة كَيْفًا وكَمًّا،
کم کی جگہ زیادہ کرے اور زیادہ کی جگہ کم کر دیوے کیا کیفیت کی رو سے اور کیا کمیت کی رو سے
أو ينقل الكلمات من معنى إلى معنى ظلمًا وزورًا مِن غير وجودِ قرينةٍ
اور محض ظلم اور جھوٹ کی راہ سے کلموں کو ایک معنے سے دوسرے معنوں کی طرف لے جائے
صارفةٍ إليه، ثم يأخذ يدعو الناسَ إلى مفترياته كالخادعين. وما معنى
حالانکہ اس کے فعل کے لئے کوئی قرینہ مددگار نہ ہو اور پھر اس بناء پر دھوکا دینے والوں کی طرح لوگوں کو اپنے مفتریات
الدجل والدجالة إلا هذا، فليفكّر من كان من المفكّرين.
کی طرف بلانا شروع کرے اور دجالیت کے معنے بجز اس کے کچھ نہیں پس جو شخص فکر کر سکتا ہے اس میں فکر کرے۔

وأُلقِيَ في روعي أن المسيح سمّى الآخرين من النصارى الدجّالين
اور میرے دل میں ڈالا گیا ہے کہ حضرت مسیح نے آخری زمانہ کے نصاریٰ کا نام دجال رکھا
لا الأولين، وإن كان الأولون أيضًا داخلين في الضالّين المحرّفين. والسرّ
اور ایسا نام پہلوں کا نہیں رکھا اگرچہ پہلے بھی گمراہوں میں داخل تھے اور کتابوں کی تحریف کرنے والے تھے۔ سو

﴿۵۸﴾ فی ذٰلک أنّ الأولین ما کانوا مجتھدین ساعین لإضلال الخَلق کمثل
اس میں بھید یہ ہے کہ پہلے نصاریٰ خلق اللہ کے گمراہ کرنے کی ایسی سخت کوششیں نہیں کرتے تھے جیسی پچھلوں نے
الآخرین، بل ما کانوا علیھا قادرین. وکانوا کرجل مُصفَّد فی السلاسل
کیں بلکہ وہ ان کوششوں پر قادر نہیں تھے اور ایسے تھے جیسے کوئی زنجیروں میں
ومقرَّن فی الحبال وکالمسجونین. وأمّا الذین جاء وا بعدھم فی زماننا ھذا
جکڑا ہوا اور قیدی ہو۔ مگر وہ لوگ جو ان کے بعد ہمارے اس زمانہ میں آئے وہ
ففاقوا أسلافھم فی الدجل والکذب، ووضَع اللّٰہ عنھم أیاصرھم وأغلالھم،
دجالیت میں اپنے پہلے بزرگوں سے بڑھ گئے اور خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں کا امتحان کرنے کے لئے ان کی
ونجّاھم عن السلاسل التی کانت فی أرجلھم ابتلاءً من عندہ، وکان قدرًا
ہتھ کڑیوں اور ان کے طوق گردنوں کو ان سے الگ کر دیا اور ان زنجیروں سے ان کو نجات دے دی
مقضیًّا من رب العالمین. وکان قدرُ اللّٰہ أن یبرزوا بعد ألف سنۃ من الھجرۃ
جو ان کے پیروں میں تھے اور یہی ابتداء سے مقدر تھا اور ایک ہزار ہجری گذرنے کے بعد ان کا خروج شروع ہوا
حتی ظھروا فی ھذہ الأیام کغُولٍ خُلِّصَ وأُخرِجَ من السجن، ثم استوی
یہاں تک کہ ان دنوں میں وہ ایک ایسے دیو کی طرح ظاہر ہوئے جو زندان سے نکلا اور
علی راحلتہ لاویًا إلی زافرتہ وحزبٍ خُلقوا علی شاکلتہ، وکانوا لقبولہ
اپنی سواری پر سوار ہوا اور اپنے ان عزیزوں اور اس گروہ کی طرف رخ کر لیا جو اس کے مادہ کے
مستعدّین. ثم أشاعوا کیف شاء وا من أنواع الکفر وأصناف الوسواس
موافق اور اس کے قبول کرنے کے لئے مستعد تھے۔ پھر انہوں نے جس طرح چاہا کفروں کو شائع کیا اور طرح طرح کے
وکانوا قوما متموّلین. وھذا ھو الذی کُتِبَ فی الصحف الأولی. أن
وساوس پھیلائے کیونکہ وہ ایک مالدار قوم ہے۔ اور یہ وہی پیشگوئی ہے جو پہلی کتابوں میں لکھی گئی ہے
الثعبان الذی ھو الدجّال یلبث فی السجن إلی ألف سنۃ ثم یخرج
کہ وہ اژدہا جو دجال ہے ہزار برس تک قید رہے گا اور پھر ہزار برس کے بعد

بفوج من الشياطين، فليتذكر من كان من المتذكرين. كذٰلك
شیاطین کی ایک فوج کے ساتھ نکلے گا سو اسی طرح وہ ہزار برس کے بعد نکلے۔
خُلِّصوا بعد الألف وتناسَوا ذمام اللّٰه ونكثوا عهوده واحفظوا ربهم
اور خدا کی حرمت اور اس کے عہد کو بھلا دیا اور کل عہدوں کو توڑ دیا اور شوخیاں کر کے اپنے رب کو غصہ دلایا
مجترئين. وجمعوا كل جهدهم لإضلال الناس، واستجدّوا المكائد
اور اپنی تمام کوششوں کو لوگوں کے گمراہ کرنے میں اکٹھا کر دیا اور تمام تدابیر کو
كالخنّاس، وجاء وا بسحر مبين. وأضاعوا التقوىٰ والعمل الصالح،
کام میں لائے اور تقویٰ اور نیک عمل کو ضائع کیا اور ایسے کفارہ پر تکیہ
واتّكأوا علىٰ كَفّارة لا أصل لها، واتبعوا كل إثم واستعذبوا كل عذاب، ﴿۵۹﴾
کر بیٹھے جس کی کچھ بھی اصل نہیں اور ہر ایک گناہ کی انہوں نے پیروی کی اور ہر یک عذاب کو شیریں
وكذّبوا المقدسين. وتجنّوا وقالوا نحن عباد المسيح وأحباؤه،
سمجھ لیا اور پاک لوگوں کی تکذیب کی اور کوشش کی جو ان کے عیب ڈھونڈیں اور کہا کہ ہم مسیح کے بندے
وهيهات أن تُراجع الفاسقين مِقَةُ الصالحين. وقد سمعتَ آنفًا أن
اور اس کے پیارے ہیں مگر یہ کہاں ہوسکتا ہے کہ ایسے فاسقوں کے ساتھ نیک بختوں کا میل جول ہو۔اور
المسيح سماهم فاعلى الظلم، وسمعت أن الظلم والدجل شيء
تو ابھی سن چکا ہے کہ مسیح نے ان کا نام ظلم کے مرتکب اور بدکار رکھا ہے اور تو نے یہ بھی سن لیا ہے کہ ظلم
واحد، وقد قال اللّٰه تعالىٰ اٰتَتۡ اُكُلَهَا وَلَمۡ تَظۡلِمۡ مِّنۡهُ شَيۡـًٔا[1]، أى لم
اور دجالیت ایک ہی چیز ہے جیسا کہ اللہ جلّ شانہٗ فرماتا ہے کہ اس باغ نے اپنا پورا پھل دیا اور اس میں سے
تنقص، وإطلاق الظلم على النقص الذى كان فى غير محله أو
کچھ کم نہ کیا اور لفظ ظلم کا ایسی کمی پر اطلاق کرنا جو غیر محل ہو یا ایسی
الزيادة التى ليست فى موضعها أمرٌ شائع متعارف فى القوم، وهذا
زیادتی پر جو بے موقع ہے ایک ایسا امر ہے جو قوم میں شائع متعارف ہے اور اسی کا

[1] الکھف :۳۴

هو الدجل كما لا يخفى على المتبصرين.
نام دجالیت ہے جیسا کہ سمجھ دار لوگوں پر پوشیدہ نہیں ۔
فلا شک أن قسّيسى هذا الزمان دجّالون كذّابون يُهلكون
پس کچھ شک نہیں کہ اس زمانہ کے پادری دجال کذاب ہیں جو عام لوگوں کو
عوامّ الناس من نفثاتِ فيهم، وكلِّ نوعِ خداعٍ فيهم. الخَتر يلمع من
اپنے منہ کی پھونکوں اور اپنے فریبوں سے ہلاک کر رہے ہیں فریب ان کی پیشانیوں پر چمکتا ہے
جبهتهم، والتلبيس من صورتهم، ولا نجد فى مكايدهم ودجلهم نظيرهم
اور حق پوشی ان کی صورت سے ظاہر ہے اور ہم ان کے فریبوں اور ان کی دجالیت میں اگلے پچھلے زمانہ میں کوئی
فى تصاريف الزمان، ولا مثيلَهم فى نوع الإنسان. يقتحمون الأخطار
نظیر نہیں پاتے اور نہ نوع انسان میں ان کی مانند دیکھتے ہیں مشکل جگہوں میں گمراہ کرنے
ليُضلّوا الديار، ويبذلون المال للذى رغب إلى دينهم ومال، وتجدهم فى
کے لئے دھس جاتے ہیں اور بہت سے مال ایک ایسے آدمی پر خرچ کر دیتے ہیں جو ان کے دین کی طرف رغبت
كل تلبيس وسيع المورد، وفى كل خداع مبسوطة اليد، وتجدهم فى
کرے اور ہر ایک فریب میں ان کا ایک بڑا وسیع گھاٹ ہے اور ہریک مکر میں بڑے لمبے ہاتھ ہیں اور وہ
كل كيد ماهرين. وكما أنّ المسيح يسمّيهم الدجالين فاعلى الظلم
ہریک منصوبہ میں ماہر ہیں۔ اور جیسا کہ مسیح علیہ السلام نے ان کا نام دجال رکھا ہے اسی طرح قرآن بھی ان کو دجال
﴿۶۰﴾ كذلك القرآن سماهم دجالين، وقال يَآاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ
کے نام سے موسوم کرتا ہے کیونکہ قرآن نے فرمایا ہے اے اہل کتاب کیوں باطل کے ساتھ حق کو
بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ[1] يعنى لم لا تتجافون عن
مخلوط کرتے ہو اور تم دانستہ حق کو چھپا رہے ہو۔ یعنی کیوں تم اس بات سے
الاشتطاط فى تحريف كلمات اللّٰه وأنتم تعلمون أن الصدق
کنارہ نہیں کرتے کہ الٰہی کلمات کی تحریف میں حد سے زیادہ بڑھے جاتے ہو اور تم جانتے ہو کہ سچائی

[1] ال عمران:۷۲

وسيلة الفلاح والكذب من آثار الطلاح؛ وفي التزام الحق نباهة
نجات کا موجب اور جھوٹ تباہی کی علامت ہے اور حق کے اختیار کرنے میں نیک نامی اور
وفي اختيار الزور عاهة، فإياكم وطرقَ الكذّابين. فأشار الله في هذا
جھوٹ کے اختیار کرنے میں آفت ہے سو تم کذابوں کا طریق چھوڑ دو۔ پس اس آیت میں خدا تعالیٰ نے
أن علماء النصارى هم الدجّالون المفسدون أعداء الحق وأهله.
اس طرف اشارہ کیا کہ نصاریٰ کے علماء درحقیقت دجال اور مفسد ہیں اور حق اور حق پرستوں کے دشمن ہیں
نسوا ظلمة الرمس فلا يذكرون ما ثَمَّ، وحبُّ الشهوات فيهم عَمَّ
قبر کی تاریکی کو بھلا دیا سو وہ اس خوف کو جو اس جگہ ہے یاد نہیں کرتے اور نفسانی شہوتوں کی محبت ان میں
وتَمَّ وغاب أثر الدّين.
پھیل گئی اور کمال تک پہنچ گئی اور دین کا نشان گم ہو گیا۔

وأُشرِبَ حسّى ونبَّأَنى حدسى أنهم لا يمتنعون ولا ينتهون حتى
اور میری دانش اور میری فراست یہ خبر دیتی ہے کہ یہ کرسٹان تو عیسائی فساد سے باز نہیں آئیں گے
يروا مثلَ سننِ الله التى خلت من قبل، ويروا أبا غمرة، الذى يُضرِم فى
جب تک خدا تعالیٰ کے ان قوانین قدیمہ کو نہ دیکھ لیں جو پہلے گذر چکے ہیں اور جب تک ایسی بھوک کو نہ دیکھ لیں جو
الأحشاء الجمرةَ، ويكونوا كجريحٍ نُوِّبَ متألمين. فحاصل الكلام
اندر کو جلاتی ہے اور جب تک ایسے دردناک نہ ہو جائیں جیسا کہ کوئی حوادث کا مارا ہوتا ہے۔ پس حاصل کلام یہ ہے کہ
أنهم الدجال المعهود وأنا المسيح الموعود. وهذا فيصلة اتفق عليها
یہی لوگ دجال معہود ہیں اور میں مسیح موعود ہوں اور یہ وہ فیصلہ ہے جس پر قرآن اور
القرآن والإنجيل، وأكّدها الرب الجليل، فما لكم لا تقبلون فيصلةً اتفق
انجیل دونوں اتفاق رکھتے ہیں اور اس کو موکد طور پر خدا تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے پس کیا وجہ کہ تم ایسے فیصلہ کو
عليها حكمين☆ عدلين. أ تفرّون من الأمر الواضح وتَعرِضون عِرضكم
قبول نہیں کرتے جس پر دو عادل حاکموں نے اتفاق کیا ہے کیا تم ایک کھلے کھلے امر سے گریز کرتے اور اپنی آبرو کو

☆ سهو، والصحيح ”حكمان“ (الناشر)

لـلمفاضِح، وتُعرِضون عن نصاحة الناصح، وتسبّون مشتعلين؟ ما لكم لا
رسوائیوں کا نشانہ بناتے ہو اور ایک نصیحت دینے والے کی مخلصانہ نصیحت سے کنارہ کش اور مشتعل ہو کر گالیاں نکالتے

تتنبهون على هذا ولا تـخافون، ولا تدمع أجفانكم ولا يبدأ رجفانكم ولا ﴿۶۱﴾
ہو تمہیں کیا ہو گیا کہ تم ان باتوں سے متنبہ ہو کر نہیں ڈرتے اور تمہارے آنسو جاری نہیں ہوتے اور تمہارے بدن پر

تتـوبـون متنـدّمـين؟ ألا تـرون أنـكـم أغـربتم وشذذتم فى هذه العقائد،
لرزہ نہیں پڑتا اور پشیمان ہو کر توبہ نہیں کرتے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ انہونی اور نادر باتیں تمہارے عقیدوں میں

وتركتم الأصل وتمايلتم على الزوائد، وخالفتم الأوّلين والآخرين؟ لِم لا
داخل ہیں اور تم نے اصل کو چھوڑ دیا اور زائید اور بے اصل باتوں پر جھک گئے اور پہلوں اور پچھلوں کی تم نے

تسمعون قول الداعى ولا تتبعون الراعى، بل تلدغون كالأفاعى، وتثِبون
مخالفت کی۔ تم کیوں ایک بلانے والے کی آواز کو نہیں سنتے اور چرانے والے کے پیچھے نہیں چلتے بلکہ تم سانپوں کی

كـالـذئـب الساعى، وتمشون صُمًّا بكمًا عميًا متكبرين مغرورين؟ وإنما
طرح کاٹتے اور دوڑنے والے بھیڑیئے کی طرح حملہ کرتے ہو اور تم اپنے چلنے کے وقت نہ سنتے نہ بولتے نہ دیکھ سکتے اور

مثلنا فى دعوتكم كمثل الذى يحاور عجماءَ أو ينادى صخرةً صمّاءَ أو
تکبر اور غرور میں چلے جاتے ہو۔ اور تمہیں دعوت کرنے کے وقت ہماری مثال ایسی ہے جیسے کوئی گونگے سے بات کرے یا

يـكلّم الميّتين. يا حسرة وآهًا على هٰٓؤُلاء المتنصرين كيف يعرضون عن
ایک پتھر سخت کو بلاوے یا مردوں سے بات کرے۔ ہائے ان کرسٹانوں پر افسوس ہے کہ وہ حق سے کنارہ کئے جاتے ہیں

الـحق الصريح، ويضطجعون ضِجْعةَ المستريح، ويتركون ذيل الصبيح
اور ایسے سو رہے ہیں جیسے کوئی بڑے آرام سے سوتا ہے اور خوبصورت عقائد کا دامن چھوڑتے اور مکروہ عقیدوں

المليح، ويميلون إلى الشنيع القبيح، ويأبون الله مغمطين. نبذوا أمره نَبْذَ
کی طرف جھکے جاتے ہیں اور ناشکری کے ساتھ خدا تعالیٰ کی نافرمانی کرتے ہیں خدا تعالیٰ کے حکم کو یوں پھینک دیا جیسے

الحذاء المرقّع، وكفروا بالكتاب الموقّع مجترئين.
ایک پورانی پھٹی جوتی کو پھینک دیا جائے اور ایسی کتاب سے جس پر الٰہی نشان ہے بڑی شوخی سے انکار کر دیا ہے۔

إلی الدنیا أوَی حزبُ الأجانی
ان لوگوں نے جو بہت ہی گناہوں میں مبتلا ہیں دنیا کو اپنا جا پناہ قرار دیا ہے
وحسبوها جَنًی حُلوَ المجَانی
اور دنیا کو ایک شیریں اور سہل الحصول میوہ سمجھ لیا ہے

نسوا مِن جهلهم یوم المعادِ
اپنی نادانی کے سبب سے معاد کے دن کو بھلا دیا ہے
وترکوا الدین مِن حُبّ الدِّنانِ
اور شراب کے خموں سے پیار کر کے دین کو چھوڑ دیا ہے

تراهم مائلین إلی مُدامٍ
تُو دیکھتا ہے کہ شراب کی طرف یہ لوگ جھک گئے
وغِیدٍ والغوانی والأغانی
اور ایسا ہی نازک اندام اور حسین عورتیں اور گیت انکے دلوں کو کھینچتے ہیں

وکمْ منهم أساری عَینٍ عِینٍ
اور بہتیرے ان میں سے بڑی بڑی آنکھوں والی عورتوں کے قیدی ہیں
ومشغوفین بالبِیض الحِسانِ
اور بہتیرے سفید رنگ عورتوں کے فریفتہ ہیں

لهنّ علی بعولتهن حُکمٌ
وہ عورتیں اپنے خاوندوں پر حکم کرتی ہیں
تری کُلاًّ کمنطلق العِنانِ ﴿۶۲﴾
اور سب مطلق العنان اور بے پردہ اور شراب خوار ہیں

دماء العاشقین لهنّ شغلٌ
اپنے عاشقوں کو قتل کرنا ان عورتوں کا کام ہے
بعینٍ أخجلتْ ظَبْیَ القِنانِ
آلۂ قتل اُنکی آنکھ ہے جو پہاڑوں کے ہرنوں کو شرمندہ کرتی ہے

ومِن عَجَبٍ جفونٌ فاتراتٌ
اور تعجب تو یہ ہے کہ وہ پلکیں جو سست اور نیم خواب ہیں
أرینَ الخَلْق أفعالَ السّنانِ
لوگوں کو برچھیوں کا کام دکھلا رہی ہیں

بناظرةٍ تصید الناسَ لمحًا
وہ عورتیں اپنی آنکھ کی نیم نگاہ سے لوگوں کو شکار کرتی ہیں
تفوق بلحظها رُمْحَ الطِّعانِ
جن کے گوشۂ چشم کی ہلکی سی نظر نیزوں کے زخم پر فوقیت رکھتی ہے

وأنّی الأمن من تلک البلایا
اور ان بلاؤں سے نجات پانا لوگوں کے لئے غیر ممکن ہے
سوی اللّٰه الذی مَلِکِ الأمانِ
بجز اس کے کہ اس خدا کا رحم ہو جو امان بخشنے کا بادشاہ ہے

فعشّاق الغوانی والمثانی
سو جو لوگ عورتوں اور سرودوں کے عاشق ہیں
أضاعوا الدین مِن تلک الأمانی
انہوں نے انہیں آرزوؤں کے پیچھے دین ضائع کیا ہے

یصُدّون الوری مِن کل خیرٍ
لوگوں کو وہ ہر یک نیکی کے کام سے روکتے ہیں
ویغتاظون من تخلیصِ عانی
اور اس بات سے غصہ کرتے ہیں کہ کسی قیدی کو رہا کر دیا جائے

عِمایات الرجال تزید منهم — وفتن الدهر تنمو كل آنِ

لوگوں میں ان کے سبب سے گمراہی پھیلتی جاتی ہے — اور فتنے دم بدم بڑھتے جاتے ہیں

وما من ملجأ من دون ربٍّ — كريم قادرٍ كهف الزمانِ

اوران آفتوں سے بچنے کے لئے بجز اس خدا کے کوئی گریز گاہ نہیں — جو کریم اور قادر اور زمانہ کی پناہ ہے

فنشكو هاربين من البلايا — إلى اللّٰه الحفيظ المستعانِ

سو ہم ان بلاؤں سے بھاگ کر اسی خدا کی طرف شکایت لے جاتے ہیں — جو اپنے بندوں کا نگہبان اور بے قراروں کی مدد کرنے والا ہے

جرتْ حزنًا عيونٌ من عيوني — بما شاهدتُ فتنًا كالدخانِ

میری آنکھوں سے مارے غم کے چشمے بہ نکلے — جبکہ میں نے ان فتنوں کا مشاہدہ کیا جو دھوئیں کی مانند اٹھ رہے ہیں

فهل وجدتْ ثكالٰى مثلَ وجدي — أذًى أم هل لها شأن كشاني

پس کیا وہ عورتیں جن کے لڑکے مرجائیں ایسا غم کرتی ہیں جو میں کرتا ہوں — کیا دکھ کے وقت ان کا ایسا حال ہوتا ہے جو میرا حال ہے

﴿٦٣﴾ وكم من ظالم يبغي فسادًا — وقسيسين أصل الافتنانِ

بہتیرے ظالم یہی چاہتے ہیں جو دنیا میں فساد اور گناہ پھیلے — اور توحید میں فتنہ اندازی کی جڑ پادری لوگ ہیں

تفاحُشهم تجاوزَ كل حدّ — كأن غذاء هم فحشُ اللسانِ

پادریوں کی بدگوئی حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے — گویا بدزبانی ان کی غذا ہے۔

فكنتُ أطالعَنَّ كتابَ سابٍّ — وتمطُر مُقلَتي مثل الرّثانِ

میں نے ایک ایسے شخص کی پادریوں میں سے کتاب دیکھی جس نے گالیاں دی ہیں — سو میں اس کتاب کو دیکھتا تھا اور میری آنکھوں سے مینہ کی طرح آنسو جاری تھے

رأينا فيه كلِمًا مُحفِظاتٍ — وسبَّ المصطفٰی بحرَ الحنانِ

ہم نے اس کتاب میں وہ کلمے دیکھے جو غصہ دلانے والے تھے — اور دیکھا کہ اس شخص نے رسول اللہ صلعم کو گالیاں نکالی ہیں جو بخشائش کا دریا ہے

صبرتُ عليه حتى عِيلَ صبري — ونار الغيظ صارت في جَناني

میں نے اس بات پر صبر کیا یہاں تک کہ صبر کرتا کرتا ہار گیا — اور غصہ کی آگ مجھ میں بھڑکی

وتأتي ساعةٌ إن شاء ربي — أُقِرُّ العينَ بالخصم المُهانِ

اور وہ گھڑی آتی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ — ہم دشمن کی رسوائی دیکھ کر اپنی آنکھیں ٹھنڈی کریں گے

أخـــذُنـا الـسبَّ منهم مثلَ دَينٍ
ان کی گالیاں ہمارے ذمہ قرض کی طرح ہیں
وعـــزّتُـنـا لـــديهم كـالـرِّهـانِ
اور ہماری عزت ان کے پاس گرو کی طرح ہے

سـنَـغْـشْيـهـم ببرهـان كعَضْبٍ
ہم عنقریب دلیل کی تلوار کے ساتھ ان کے سر پر پہنچیں گے
رقيـــقِ الشفـــرتين أَخِ السنانِ
جو باریک کناروں والے نیزہ کا بھائی ہے

بـفــأسٍ نختلى تلك الخَلا تا
ہم اس گھاس کو دلائل کے تبر کے ساتھ کاٹیں گے
ورمـــحٍ ذابــلٍ وقَـنا البـيـانِ
اور نیز برچھی باریک نوک والی اور بیان کے نیزوں سے

بِـجـمـجـمة العدا قد حلَّ غُولٌ
ان دشمنوں کی کھوپڑی میں ایک بھوت داخل ہوگیا ہے
فـنُـــخـرجـــه بـآيـات الـمـثـانى
سو ہم اس کو سورۃ فاتحہ سے نکالیں گے

لـنـــا ديـن ودنيـــا لـلـنصارى
ہمارے حصہ میں دین آیا اور نصاریٰ کے حصہ میں دنیا
ومَـقْـتُ الـضـرّتـيـن مـن العِـيـانِ
سو یہ دوسوتوں کی دشمنی ہے جس کی حقیقت ہر یک کے چشم دید ہے

سـئـمـنـا كلَّ نوعِ الضيم منهم
ہم نے ہر یک ظلم ان کا اٹھا لیا
ولـكـن سَبُّـــهـم صلَّـى جـنـانـى
مگر ان کی گالیوں نے ہمارا دل جلایا

سعوا أن يـجــعـلوا أسدًا نِعاجًا
انہوں نے کوشش کی کہ تا کسی طرح شیروں کو بھیڑیں بنائیں
ولــيـثُ اللّٰه لــيـثٌ لا كـضـانِ ﴿۶۴﴾
اور شیر شیر ہی ہیں وہ بھیڑ کی طرح نہیں ہو سکتے

ووَثْـبُــتُـهـم كسِـرْحـانٍ ضَـرِيٍّ
اوران لوگوں کا حملہ اسی بھیڑیئے کی طرح ہے جو شکار کا طالب ہے
وصـورتهـم كـــذى حُـبٍّ مُقـانِ
اور صورت ان کی ایک ملنسار دوست کی طرح ہے

وبـاطـنـهـم كـجـوف العَير قَفْرٌ
اور اندران کا گدھے کے پیٹ کی طرح تقویٰ سے خالی
مـن الـتـقـوى وبـطـنٌ كـالجِـفـانِ
اور پیٹ ان پیالوں کی طرح ہے جو کھانے سے بھرے ہوئے ہوں

أرى وَغْلًا جَهـولًا وابـنَ وَغْـــلٍ
میں ایک خسیس ابن خسیس جاہل کو دیکھتا ہوں
يُـرِى كـالـمـرهَـفات لَظَى اللسانِ
جو تیز تلواروں کی طرح اپنی زبان کا شعلہ دکھاتا ہے

هـريـرُ الـكـلب لا يـحــثو بـنـبـحٍ
کتے کی آواز اس چاند پر خاک نہیں ڈال سکتی
عـلـى الـبـدر الـمـطـــهَّر مِن عُـثـانِ
جس کو خدا نے گردوغبار اور دھوئیں سے پاک پیدا کیا ہے

ألا يا أيها اللِّحزُ الشحيحُ ۔ هوَيتَ كذى اللُّبانة فى الهوانِ
اے بخیل بد خلق اور حریص ۔ تو محتاجوں کی طرح ذلت کے گڑھے میں گر گیا

وما تدری الهدی وحملتَ جهلًا ۔ أناجيلَ النصاری كالاَتانِ
اورتونہیں جانتا کہ ہدایت کیا شے ہےاور محض جہل سے تو نے ۔ انجیلوں کو اٹھا لیا جیسا کہ ایک گدھی بھار اٹھاتی ہے

تَنَضْنِضُ مثلَ نضنضة الأفاعی ۔ وتهذی مثل عادات الأدانی
اور تو اس طرح زبان ہلاتا ہے کہ جیسے سانپ ۔ اور کمینوں اور سفلوں کی طرح بکواس کرتا ہے

هَلُمّ إلی کتاب الله صدقًا ۔ وإيمانًا بتصديق الجنانِ
خدا کی کتاب کی طرف ۔ صدق اور دلی ایمان سے آجا

شُغِفتم أيها النُّوکَی بشوکٍ ۔ وأعرضتم عن الزهر الحِسانِ
بے وقوفو ! تم کانٹوں پر فریفتہ ہو گئے ۔ اور خوبصورت پھولوں سے کنارہ کیا

وآثرتم أماعِزَ ذاتَ صخرٍ ۔ علی مُخضرّةٍ قاعٍ هِجانِ
اورتم نے کنکریوں اور بڑی پتھروں والی زمین جو بہت سخت ہے اختیار کی ۔ اورایسی زمین کو چھوڑا جو پُر سبزہ اورنرم اورنہایت عمدہ اور قابل زراعت ہے

وما القرآن إلّا مثلَ دُرَرٍ ۔ فرائدَ زانَها حسنُ البيانِ
اورقرآن درحقیقت بہت عمدہ اور یکدانہ موتیوں کی طرح ہے ۔ جوحسن بیان سے اور بھی اس کی زینت اور خوبصورتی نکلی ہے

ومامسّتْ أكفُّ الكاشحينا ۔ معارفَه التی مثل الحَصانِ ﴿٦٥﴾
اور دشمنوں کی ہتھیلیاں ان معارف کو چھوئی بھی نہیں ۔ جوقرآن میں ایسے طور پر چھپی ہوئی ہیں جیسے پردہ نشین پارسا عورت چھپی ہوئی ہوتی ہے

به ما شئتَ مِن علم وعقل ۔ وأسرارٍ وأبكار المعانی
اس میں ہریک وہ علم اور عقل ہے جس کا تو طالب ہے ۔ اور انواع اقسام کے بھید اور نئی صداقتیں اس میں بھری ہیں

يُسكِّت كلَّ مَن يعدو بضغنٍ ۔ يبكّت كلَّ كذّاب وجانی
ہریک ایسے دشمن کا منہ بند کرتا ہے جو مخالفانہ طور پر دوڑ پڑتا ہے ۔ اور ہرایک ایسے شخص پر اتمام حجت کرتا ہے جو دروغ گو اور گناہ گار ہے

رأينا دَرَّ مُزْنتِه كثيرًا ۔ فدَينا ربَّنا ذا الامتنانِ
ہم نے اس کے مینہ کا پانی بہت ہی دیکھا ہے ۔ سو ہم اس خدا پر قربان ہیں جس نے ایسے احسان کئے

وما أدراک ما القرآن فیضًا
اورتو کچھ جانتا ہے کہ قرآن فیض کے رو سے کیا شے ہے
خفیرٌ جالبٌ نحو الجِنانِ
وہ ایک راہبر ہے جو بہشت کی طرف کھینچتا ہے

لہ نورانِ نورٌ من علوم
اس میں دو نور ہیں ایک تو علوم کا نور اور دوسرے
ونورٌ من بیان کالجُمانِ
فصاحت اور بلاغت کا نور جو دانہ نقرہ کی طرح چمکتا ہے

کلامٌ فائق ما راقَ طرفی
وہ ایک ایسا کلام ہے جو ہریک کلام سے فوقیت لے گیا
جمالٌ بعده والنَّیِّرانِ
اوراس کے بعد مجھے کوئی جمال اچھا معلوم نہ ہوا اور آفتاب اور قمر بھی اچھے دکھائی نہ دئے

أَیاةُ الشمس عند سَناہ دَخَنٌ
آفتاب کی روشنی اس کی چمک کے آگے ایک دھواں سا ہے
وما لِلَّعْلِ والسِبُت الیمانی
اور لعل سے نرمی کے سرخ چمڑے کو نسبت ہی کیا ہے گو یمن کی ساخت ہو

وأین یکون للقرآن مِثلٌ
اور قرآن کی مثال کوئی دوسری چیز کیوں کر ہو
ولیس لہ بھذا الفضل ثانی
کیونکہ وہ تو اپنے فضائل میں بے مثل ہے

ورِثنا الصُّحُفَ فاقتُ کلَّ کُتُبٍ
ہم اس کتاب کے وارث بنائے گئے جو سب کتابوں پر فائق ہے
وسبقتُ کلَّ أسفارٍ بشانِ
ایسی کتاب جو اپنے کمالات میں تمام کتابوں پر سبقت لے گئی ہے

وجاء ت بعد ما خرّتُ خیامٌ
اوراس وقت آیا جب کہ سب پہلے خیمے منہ کے بل گر چکے تھے
وخُرِّبت البیوت مع المبانی
اور تمام گھر مع بنیاد کی جگہوں کے خراب ہو چکے تھے

محَتُ کلَّ الطرائق غیرَ بِرٍّ
ہریک راہ کو بغیر نیکی کے راہ کے معدوم کر دیا
وجذّتُ رأسَ بدعات الزمانِ
اور ان تمام بدعتوں کا سر کاٹ دیا جو زمانہ میں شائع تھیں

کأنّ سیوفھا کانت کنارٍ
گویا اس کی تلواریں ایک آگ کی طرح تھیں
بھا حُرقتُ مَخاریق الأدانی ﴿۲۶﴾
ان سے وہ تمام گدکے جل گئے جو سفلہ لوگوں کے ہاتھ میں تھے

إذا استدعی کتابُ اللّٰہ مثلًا
جب کتاب اللہ نے اپنی مثل کا مطالبہ کیا
فعَیَّ القومُ واستتروا کفانی
سوقوم مقابلہ سے عاجز ہوگئی اور فنا شدہ چیز کی طرح چھپ گئی

و سُلبتُ جرأۃُ الإسناف منھم
اور پیش قدمی کی ہمت ان سے مسلوب ہوگئی
مِن الھول الذی حلّ الجَنانِ
اور یہ ہیبت الٰہی تھی جو ان کے دل میں بیٹھ گئی

فَمِن عجبٍ أكبّوا مثلَ مَيْتٍ — وقد مرَنوا على لطف البيانِ

سو یہ تعجب کی بات ہے کہ وہ مردہ کی طرح منہ کے بل جا پڑے — حالانکہ وہ فصیح کلمات کی مشق اور عادت رکھتے تھے

وأنزلَه مهيمننا حُدَيًّا — ففرّوا كلهم كالمستهانِ

اور خدا تعالیٰ نے اس کو بے مثل اور طالب معارض نازل کیا — پس کفار اس کی مثل بنانے پر قادر نہ ہو سکے اور سرگردان ہو کر بھاگ گئے

وصارت عُصْبُهم فِرقًا ثُبِينا — فمنهم من أتى بعد الحِرانِ

اور ان کی جماعتیں کئی فرقے متفرق ہو گئے — پس بعض ان میں سے تو سرکشی سے باز آ گئے

ومنهم من تلبّبَ مستشيطًا — لحرب الصادقين وللطّعانِ

اور بعض نے قرآن کے مقابلہ سے عاجز آ کر ہتھیار باندھے — اور غضب میں آ کر راستبازوں کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے تیار ہو گئے

فأنتم قد سمعتم ما أصيبوا — بضعضعة السيوف من الهوانِ

سو تم سن چکے ہو کہ ان کو کیا کیا سزائیں ملیں — اور تلواروں کی سرکوبی سے کیسی ذلت اٹھائی

وكان جزاء سَلِّ السّيف سيفًا — فذاقوا ما أذاقوا كالجبانِ

اور تلوار کھینچنے کا بدلہ تلوار ہی تھی سو جو کچھ انہوں نے مسلمانوں کو — چکھایا وہ آپ ہی بزدل ہو کر چکھنا پڑا یعنی تلوار کھینچنے والے تلوار سے ہی مارے گئے

إذا دارت رحى البلوى عليهم — فكانوا لُهْوَةً فوق الدّهانِ

اور جبکہ سختی کی چکی ان پر چلی سو ایسے ہو گئے — جیسا کہ آٹے کی ایک مٹھی چکی کے اس سرخ چمڑے پر ہوتی ہے جو چکی کے نیچے بچھایا جاتا ہے

فطفقوا يهربون كمثل جُبنٍ — فأُخذوا ثم قُتلوا مثل ضانِ

سو انہوں نے ایک نامرد کی طرح بھاگنا شروع کیا — پس پکڑے گئے اور بھیڑوں کی طرح قتل کئے گئے

إذا ما شاهدوا قتلَى كقُنَنٍ — فرفعوا طاعةً علَمَ الأمانِ

اور جبکہ انہوں نے اپنے مقتولوں کو ٹیلوں کی طرح دیکھا — تب انہوں نے امان طلب کرنے کے لئے جھنڈیاں اٹھائیں

﴿٦٧﴾ سَرَاةُ الحيّ جاء وا نادمينا — فرحِم المصطفٰى بحرُ الحنانِ

اور قبیلہ کے سردار شرمندہ ہو کر آئے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے — جو دریائے بخشش ہے ان کا گناہ معاف کیا

وأمّا الجاهلون فما أطاعوا — فأعدمَهم فؤوسُ الاحتفانِ

مگر جاہلوں نے ان کا حکم نہ مانا — سو بیخ کنی کے تبروں نے ان کو معدوم کیا

سُقــوا كـأس الـمنـايا ثم سيقوا
موت کے پیالے ان کو پلائے گئے
إلى نارٍ تلـوّحُ وجـهَ جـانى
اور پھر وہ اس آگ کی طرف کھینچے گئے جو مجرم کا منہ جلاتی تھی

فهـذا أجرُ جهـل الجاهلينا
سو یہ جاہلوں کے جہل کی سزا تھی
من الرحمن عند الاستنانِ
یہ سزا خدا تعالیٰ کی طرف سے اس وقت ہوئی جب انہوں نے فسادوں اور ظلموں میں دوڑنا اختیار کیا

وما كان الرحيم مُذِلَّ قومٍ
اور خدائے رحیم کسی قوم کو ذلیل نہیں کرتا
ولكن بعد ظلم وافتنانِ
مگر اس وقت جبکہ ظلم اور فتنہ اندازی اختیار کرے

وهل حُدِّثتَ مِن أنباء أممٍ
کیا ایسی قوموں کی تجھے کچھ خبر ہے
رأوا قبحًا بأفعالٍ حِسانِ
جن کو نیکی کرتے کرتے بدی پیش آئے

وكل النور فى القرآن لٰكنْ
اور تمام اور ہریک قسم کے نور قرآن ہی میں ہیں
يميل الهالكون إلى الدخانِ
مگر مرنے والے دھوئیں کی طرف دوڑتے ہیں

به نلنا تُراثَ الكاملينا
ہم نے اس کے وسیلہ سے کاملوں کی وراثت پائی
به سِرُنا إلى أقصى المعانى
ہم نے اس کے وسیلہ سے حقیقتوں کے اخیر تک سیر کیا

فقُمْ واطلُبْ معارفه بجهدٍ
پس اٹھ اور کوشش کے ساتھ اس کے معارف طلب کر
وخَفْ شرَّ العواقب والهوانِ
اور انجام بد اور ذلت کی بدیوں سے خوف کر

أتخطُب عِزّةَ الدنيا الدنيّةُ
کیا تو اس دنیا ناکارہ کی عزتوں کا طالب ہے
أتطلب عيشها والعيش فانى
کیا تو اس دنیا کے عیشوں کو ڈھونڈتا ہے اور اس کے تمام عیش فانی ہیں

أترضى يا أخى بالخان حمقًا
اے بھائی کیا تو سرائے میں رہنے میں اپنے حمق سے راضی ہوگیا
وتنسٰى وقت تبديل المكانِ
اور اس وقت کو بھلا دیا جو تبدیل مکانی کا وقت ہے

علٰى بُستان هذا الدهر فأسٌ
اس دنیا کے باغ پر تبر رکھا ہے
فكم شجرٍ يجاح من الإهانِ
سو بہت سے درخت جڑ سے اکھیڑے جا رہے ہیں

وكم عنقٍ تكسّرها المنايا
اور موتیں بہت سی گردنوں کو توڑ رہی ہیں
وكم كفٍّ وكم حسنِ البنانِ ﴿٦٨﴾
اور بہت ہتھیلیاں اور بہت سی خوبصورت پوریں ٹوٹی چلی جاتی ہیں

ترى في ساعةٍ سُرَرًا لرجُلٍ ۔۔۔ وفي الأخرى تراه على الإرانِ

اور تو یہ تماشا دیکھ رہا ہے کہ ایک گھڑی ایک مرد کے لئے کئی تخت بچھے ہوئے ہوتے ہیں ۔۔۔ اور پھر دوسری گھڑی میں وہی مرد تابوت مردہ پر پڑا ہوا ہوتا ہے

وإنی ناصح خِلٌّ أمینٌ ۔۔۔ ویدری نورَ علمی من یرانی

اور میں ایک نصیحت دینے والا دوست اور امین ہوں ۔۔۔ اور جو شخص مجھے دیکھے وہ میرے نور علم کو معلوم کر لے گا

یُکرَّمُ جاهلٌ قبل ابتلاءٍ ۔۔۔ وقدرُ الحَبُر بعد الامتحانِ

جاہل کی تعظیم آزمائش سے پہلے ہوتی ہے ۔۔۔ اور دانا آدمی کی تعظیم اس کے امتحان کے بعد کی جاتی ہے

وکفّرنی عدوّ الحق حمقًا ۔۔۔ فقلتُ اخسَأْ، یرانی من هدانی

اور ایک سچ کے دشمن نے مجھے کافر ٹھہرایا ۔۔۔ سو میں نے کہا دفع ہو جس نے مجھے ہدایت دی وہ مجھے دیکھ رہا ہے

صوارمه علیّ مسلّلاتٌ ۔۔۔ وإنی نحو وجه الحِبِّ رانی

اس دشمن کی تلواریں میرے پر کھینچی ہوئی ہیں ۔۔۔ اور میں اپنے پیارے اللہ کی طرف دیکھ رہا ہوں

وإنی قد وصلتُ ریاض حِبّی ۔۔۔ ویطلبنی خصیمی فی المَحانی

اور میں اپنے پیارے کے باغوں میں پہنچا ہوا ہوں ۔۔۔ اور دشمن مجھے جنگلوں میں تلاش کر رہا ہے

هوَیتُ الحِبَّ حتی صار روحی ۔۔۔ وأَرانی جِنانی فی جَنانی

میں نے اس پیارے سے محبت کی یہاں تک کہ وہ میری جان ہو گیا ۔۔۔ اور میرا بہشت اس نے میرے دل میں ہی دکھا دیا

بوجه الحِبّ لستُ حریصَ مُلکٍ ۔۔۔ کفانی ما أری نفسی کفانی

اس پیارے کی قسم ہے کہ میں کسی ملک کا حریص نہیں ۔۔۔ اور یہ میرے لئے کافی ہے کہ میں اپنے نفس کو فنا کی حالت میں دیکھتا ہوں

عمود الخشْب لا أبغی لسقفی ۔۔۔ وحِبّی صار لی مثل البُوانِ

میں لکڑی کے ستون اپنے چھت کے لئے نہیں چاہتا ۔۔۔ اور میرا پیارا میرے لئے ایسا ہو گیا ہے جیسا کہ ستون

ورثنا المجد من ذی المجد حقًّا ۔۔۔ وصُبِّغنا بمحبوب مُقانی

ہم نے بزرگی کو خدائے ذی المجد سے پایا ۔۔۔ اور اس ملنے والے پیارے کے رنگ سے ہم رنگے گئے

دخلتُ النار حتی صرت نارًا ۔۔۔ ونخلی فاقَ أفکارَ الأفانی

میں آگ میں داخل ہوا یہاں تک کہ میں آگ ہی ہو گیا ۔۔۔ اور میری کھجور گھات پات کے فکروں سے بہت بلند بڑھ گئی

﴿۶۹﴾

خمـوّری مـنــتقاة غـیـرُ کَدَرٍ مُشَعْـشَعةٌ بـمــاء الاقـتـرانِ

اور میری شراب ایک چنی ہوئی شراب اور مصفا ہے جس میں الٰہی محبت کا پانی ملایا گیا ہے

ولـسـتُ مـــواريًا عن عين ربّـی وإن الـلّـه خـلّاقـی یـرانی

اور میں اپنے رب کی آنکھ سے پوشیدہ نہیں ہوں اور خدا جو میرا پروردگار ہے مجھے دیکھ رہا ہے

یُـدَهْـــدِءُ رأسَ کـــذّابٍ غیورٌ ویُهلــکــه کـصـیدٍ مُستـهانِ

اور وہ جھوٹے کے سر کو خاک میں رولاتا ہے کیونکہ غیرتمند ہے اور اس کو اس شکار کی طرح ہلاک کرتا ہے جو سراسیمہ اور سرگردان ہو

وإنـــا الــنـاظـرون إلٰی قدیرٍ قــریب قــادرٍ حِبٍّ مُـدانی

اور ہم اس قدیر کی طرف دیکھ رہے ہیں جو قریب اور قادر ہے اور جو بندہ اور اس کے دل میں حائل ہو جاتا ہے

وإنّـا الشـــاربون کــؤوس جدٍّ وإنّـا الـکـاسـرون فـؤوس خـانی

اور ہم پر حکمت باتوں کے پیالے پی رہے ہیں اور ہم فضول گو کے تبروں کو توڑ رہے ہیں

وإنّا الـواصــلــون قصـور مجدٍ وإنّـا الـفـــاصـلون مـن الأدانی

اور ہم بزرگی کے محلوں تک پہنچ گئے ہیں اور ہم نے ادنیٰ لوگوں سے جدائی اختیار کر لی ہے

وأبـــدَرَنــا مـن الـرحـمـن بـدرٌ فـنحـــن الـمبـدَرون ولا نُمانی

اور ہمارے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک چاند نکلا ہے سو ہم چاند کو پانے والے ہیں اور انتظاری کرنے والے نہیں

ونـحـن الـفـــائزون کمـالَ فوزٍ ونــحـــن الـمنعَـمون ولا نعـانی

اور ہم کمال کامیابی تک پہنچ گئے ہیں اور ہم نعمتوں میں وقت بسر کرتے ہیں اور سختی نہیں اٹھاتے

وبــارزْنـــا الـعـــدا مُتسلّحـینا ولسنـــا قــاعــدین کمـثل وانی

اور ہم مسلح ہو کر مخالفوں کے مقابل پر کھڑے ہو گئے ہیں ایک سست آدمی کی طرح ہم بیٹھنے والے نہیں ہیں

ومـا جئنـا الـورٰی فی غیر وقت وذوحـجـر یـری وقت الـرَّثـــانِ

اور ہم خلق اللہ کے پاس بے وقت نہیں آئے اور عقلمند جانتا ہے کہ بارش کا وقت کونسا ہے

کـخُـذْرُوفٍ نـدحـرجُ رأسَ عجـزٍ وتُبْـــنـا مـن مـلاعـبِ صولجانِ

اور ہم پھرکی کی طرح اپنے عاجزانہ سر کو گردش دے رہے ہیں اور صولجان کی بازی گاہ سے ہم دست بردار ہیں

عریفٌ فرسُ نفسی عند حرب — ویدری السرّ مِن شدّ البطانِ
میرے نفس کا گھوڑا لڑائی کے وقت بڑی فراست رکھتا ہے — اور تنگ کو مضبوط کھینچنے سے سمجھ جاتا ہے کہ مطلب کیا ہے

مِکَرٌّ ینزلنّ کمثل برق — ولا تمضی علیہ دقیقتانِ ﴿۷۰﴾
بڑا حملہ آور ہے جو برق کی طرح اترتا ہے — اور دو منٹ کی بھی توقف نہیں کرتا

وإنا سوف نُوجَرُ مِن ملیکٍ — ونُعطَی منہ أجرَ الامتشانِ
اور ہم عنقریب اپنے بادشاہ سے پاداش پائیں گے — اور اس سپاہیانہ خدمت کا اجر ہم کو دیا جائے گا

وکأسٍ قد شربنا فی وِھادٍ — وأخری نشربنْ فوق القِنانِ
کئی پیالے تو ہم نے نشیب میں پیئے — اور کئی اور ہیں جو پہاڑوں کی چوٹیوں پر پئیں گے

وھذا کلہ مِن فضل ربّی — ملاذی عاصمی ممّن جفانی
اور یہ سب میرے رب کا فضل ہے — جو میری پناہ ہے اور ظالم سے مجھے بچانے والا ہے

أری أشجار رحمتہ عِظامًا — مفرِّحةً کزرع الزعفرانِ
اس کی رحمت کے درختوں کو میں بڑے بڑے دیکھتا ہوں — خوش کرنے والے جیسے زعفران کا کھیت ہوتا ہے

وقومی کفّرونی مِن عناد — وإلحادٍ وتحریف البیانِ
اور میری قوم نے مجھے عناد سے کافر ٹھہرایا — اور الحاد اور تحریف سے کافر بنانے میں کوشش کی

فیا لَعّانِ لا تھلَکْ عَجولًا — ولا تھجُرْ فترجِعَ کالمُھانِ
پس اے لعنت کرنے والے میرے، جلدی ہلاک مت ہو — اور مسلمان کو اپنے گروہ سے جدا نہ کر کہ اس میں تیری رسوائی ہے

ووشکُ البَین صعبٌ عند حُرٍّ — وإن الحرّ کالحانی یقانی
اور جلد جدا ہو جانا شریف آدمی کے نزدیک ایک سخت بات ہے — اور شریف آدمی ایک مشفق مہربان کی طرح ملتا ہے

ولا تعجَبْ لقولی وادّعائی — وقد عُلّمتُ مِن أخفی المعانی
اور میرے قول اور میرے دعویٰ سے تعجب مت کر — اور مجھے بہت پوشیدہ معنے بتلائے گئے ہیں

وللرّحمٰن فی کلِمٍ رموزٌ — وکم قولٍ أسرَّ کمثل کانی
اور خدا تعالیٰ اپنے کلمات میں کئی بھید رکھتا ہے — اور کئی قول اس کے ایسے ہیں جیسے کوئی اشارہ کنایہ سے باتیں کرتا ہے

وكم كلمٍ مهفهفةٍ دُقاقٍ هضيمِ الكشح كالغِيد الحِسانِ
اور بہت سے کلمے نازک اور باریک ہیں بہت نازک جیسے نازک اندام اور خوبصورت عورتیں ہوتی ہیں

فيدري الضامراتِ ذوو الضمورِ ولا يدري سفيهٌ كالسِّمانِ
پس باریک باتوں کو وہ لوگ سمجھتے ہیں جو مرتاض اور دقیق الفکر ہیں اور ان باتوں کو وہ شخص نہیں جانتا جو موٹی عقل والا موٹی عورتوں کی طرح ہو

﴿۷۱﴾ فإن تبغى الدقائقَ مثل إبرٍ فَلِجْ في سَمّها ودَعِ الأماني
پس اگر تو ایسے باریک حقائق چاہتا ہے جیسے سوئیاں سو تو سوئی کے ناکہ میں داخل ہو جا اور تمام نفسانی جذبات چھوڑ دے

وإن تستطلِعنْ أنباءَ موتى فمُتْ كالمحرَقين وكُنْ كفاني
اور اگر تو چاہتا ہے کہ مُردوں کی خبریں تجھے معلوم ہوں سو تو ان مردوں کی طرح مر جا جو جلائے گئے اور نابود ہو گئے

وبذلُ الجهد قانون قديم مَنى للطالبين قضاء ماني
اور کوشش کرنا قانون قدیم ہے جو مقدر حقیقی نے ڈھونڈنے والوں کے لئے بنایا ہے

وإني مُسلم والسِّلْمُ ديني فلا تُكفِرُ وخَفْ ربّ الزمانِ
اور مَیں مسلمان ہوں اور اسلام میرا دین ہے سو تُو کافر مت ٹھہرا اور خداتعالیٰ سے خوف کر

وإن أزمعتَ تكفيري وعذلي فقُلْ ما شئت من شوق الجنانِ
اور اگر تو نے یہی قصد کیا ہے کہ مجھے کافر کہے اور ملامت کرے سو جو تیری مرضی ہو وہ شوق سے کہتا رہ

ولا نخشى سهام اللاعنينا ولا نغتاظ من تكفير خاني
اور ہم لعنت کرنے والوں کے تیروں سے نہیں ڈرتے اور ایک بے ہودہ گو کی تکفیر سے ہم غصہ نہیں کرتے

جنحنا كاهلًا منّا ذَلولًا لأثقال المطاعن واللِّعانِ
اور ہم نے اپنا ریاضت کش شانہ طعن اور لعنت کے بوجھوں کے لئے جھکا دیا ہے

فإن شاء المهيمن ذو جلال يبرّء رحمةً مما تراني
پس اگر خدائے بزرگ چاہے گا تو اپنی رحمت سے مجھے ان الزاموں سے بری کر دے گا جو تو مجھ پر لگاتا ہے

وفي فمّي لسانٌ غير أني أُحبّ جوابَ ربٍّ مستعانِ
اور میرے منہ میں بھی زبان ہے مگر میں چاہتا ہوں کہ خدائے مددگار تجھ کو جواب دے

وآخر كلمنا حمدٌ وشكرٌ لرب محسن ذي الامتنانِ
اور ہمارا آخر کلام حمد اور شکر ہے اس محسن رب کے لئے جس کے احسان مجھ پر ہیں

☆☆☆

﴿۷۲﴾ ومِنْ اعتراضات الواشی الضال، الذی ینوم بنعاس الضلال،
اور یہ گمراہ نکتہ چین جو خواب ضلالت میں سوتا ہے اس کے اعتراضات میں سے ایک وہ اعتراض ہے جس کو اس نے
اعتراضٌ بنٰی علیه عقیدته الباطلة فی کتابه التوزین. وتفصیله أنّه
اپنی کتاب توزین الاقوال میں اپنے عقیدہ باطلہ کی بنیاد ٹھہرایا ہے اور تفصیل اعتراض یہ ہے کہ اس نے قرآن کریم کی اس آیت
رأی فی القرآن الکریم آیة یَوۡمَ یَقُوۡمُ الرُّوۡحُ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ[1]، فتلقّف
کریمہ کو دیکھا جو یوم یقوم الروح والملائکة ہے الخ۔ سو اس نے لفظ روح کو اس جگہ سے اچک لیا جیسے ایک حریص ایک
لفظَ الروح کالشحیح، وأراد أن یستنبط منه نزول المسیح، بل
چیز کو اچک لیتا ہے اور چاہا کہ اس سے نزول مسیح پر دلیل قائم کرے بلکہ بے حیائی کی وجہ سے یہ بھی چاہا کہ اس سے حضرت مسیح کی
أن یثبت ألوهیته کالوقیح، فکتَبه مستدلا کالمبطلین الفرحین.
الوہیت ثابت ہو جائے پس اس نے استدلال کے خیال سے باطل پرستوں کی طرح بہت خوش ہو کر اس آیت کو لکھا۔
أما الجواب فاعلم أن هذه الآیة لا تفیده أصلًا ولا یثبت منها
اب اس کے جواب میں سمجھ کہ یہ آیت اس شخص کو کچھ بھی مفید نہیں اور اگر اس سے کچھ ثابت ہوتا ہے تو بس
شیء إلا حمقه وجهله وکونه من السفهاء المستعجلین. ولا یخفی
یہی کہ یہ شخص احمق اور نادان اور سفیہ اور جلد باز ہے اور مشاہیر
علی الفضلاء الأعلام أن تأویل الروح بعیسی فی هذا المقام دجلٌ
علماء پر پوشیدہ نہیں کہ اس مقام میں روح کے لفظ سے عیسٰی مراد لینا دجالیت اور
وافتراء، بل جاء فی کتب التفسیر أنه جبرائیل علیه السلام، أو
افترا ہے بلکہ تفسیروں کی رو سے وہ جبرائیل علیہ السلام یا کوئی دوسرا فرشتہ
ملَکٌ آخر علی اختلاف الروایات کما لا یخفی علی الناظرین. ثم
ہے اور دونوں قسم کی روایتیں پائی جاتی ہیں جیسا کہ دیکھنے والوں پر پوشیدہ نہیں۔ پھر منطوق
منطوق الآیة یبدی بالتصریح ویحکم بالتنقیح أن هذه الواقعة متعلقة
آیت کا بتصریح ظاہر کرتا ہے اور تنقیح کے ساتھ حکم دیتا ہے کہ یہ واقعہ قیامت سے

[1] النبأ :۳۹

بـالـقيـامة ولهـا كـالـعلامة، فإن اللّٰه تعالٰى ذكر هذه القصة فى ذكر
متعلق ہے اور اس کے لئے علامت کی طرح ہے کیونکہ خدا تعالیٰ نے اس قصہ کو بہشت کے ذکر کے درمیان لکھا
قـصة الـجـنة و نـعـمائها العامة، ثم صرح بتصريح آخر وقال ذٰلِكَ
ہے اور اس کی نعمتوں کے بیان کرنے کے وقت اس کو بیان فرمایا ہے اور پھر اور بھی تصریح کر کے فرمایا ہے کہ یہ وہی حق
الْيَـوْمُ الْـحَقُّ، ولَـفـظ اليوم الحق فى القرآن بمعنى القيامة، ويعلمه ﴿۷۳﴾
کے کھلنے کا دن ہے اور الیوم الحق قرآن میں قیامت کا نام ہے چنانچہ واقف کار امانت دار اس کو جانتا ہے پس اب غور
كلُّ خبير أمين . فـانـظر كيف بيّن أنها واقعة من وقائع يوم الدين، ثم
کر کہ کیونکر خدا تعالیٰ نے کھول کر بیان کر دیا کہ یہ واقعہ قیامت سے متعلق ہے پھر تو غور کر کہ وہ لوگ جن کے دل بیمار
انـظـرْ كيف يفتـرون الـذيـن فى قلوبهم مرض ولا يخافون اللّٰه وما
ہیں اور ان کے دل میں خدائے تعالیٰ کا خوف نہیں کیونکر افترا پردازیاں کر رہے ہیں اور تقویٰ اختیار نہیں کرتے۔
كانوا متقين. فالحاصل أن الآية لا تؤيّد زعم هذا الواشى بل تمزّقه،
پس حاصل کلام یہ ہے کہ یہ آیت اس نکتہ چین کے زعم کی کچھ مؤیّد نہیں بلکہ یہ تو اس کے قول کو ٹکڑے ٹکڑے کرتی ہے
وبهـا يقع القول عليه وتجعله الآية من الكاذبين . فإنه يقول إن عيسٰى
اور اس کے ساتھ بات اسی پر پڑتی ہے اور یہ آیت اس کو جھوٹوں میں سے ٹھہراتی ہے کیونکہ اس نکتہ چین کا یہ قول ہے کہ
إلٰـه وابـن إلـٰه، ويـقـول إن الـروح هو اللّٰه وعينه، والآية تبدى أن هذا
عیسیٰ خدا اور خدا کا بیٹا ہے اور کہتا ہے کہ روح خدا کو ہی کہتے ہیں اور روح اور خدا ایک ہی ہے اور آیت ظاہر کر
مَيْنُه، وتبدى أن الروح الذى ذُكر هٰهنا هو عبد عاجز تحت حكم اللّٰه
رہی ہے کہ یہ اس کا جھوٹ ہے اور نیز ظاہر کرتی ہے کہ وہ روح جس کا ذکر اس جگہ ہے وہ ایک بندہ عاجز ہے
وقـدره، ومـا كان له خِيَرَةٌ فى أمره، وإن هو إلا من الطائعين، وما كان
جس کو خدا کے کسی امر میں اختیار نہیں اور کچھ نہیں صرف فرمانبردار ہے اور نیز یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ اس روح کو
لـه أن يشـفـع مِـن غيـر إذن الـلّٰـه، لأن الـلّٰه عزّوجلّ قال فى هذه الآية
شفاعت کا اختیار نہیں اور شفیع وہی ہوگا جس کو اذن ملے کیونکہ خدا تعالیٰ نے اس آیت میں صاف فرما دیا ہے کہ

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ
اس روز یعنی قیامت کے دن روح اور فرشتے کھڑے ہوں گے اور شفاعت کے بارے میں کوئی بول نہیں سکے گا مگر وہی
وَقَالَ صَوَابًا[1] وأُشير في آية عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا[2]
جس کو خدا تعالیٰ کی طرف سے اجازت ملے اور کوئی نالائق شفاعت نہ کرے اور آیت عسٰی ان یبعث میں اشارہ فرمایا
إلى أنه تعالٰى لا يعطى هذا المقام المحمود إلّا نبيَّه وصفيَّه محمدًا
گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ مقام محمود بجز اپنے برگزیدہ نبی محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے
المصطفى خير الرسل وخاتم النبيين. وأُلقِيَ في روعي أن المراد من
اور کسی کو عنایت نہیں کرے گا اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ اس آیت میں لفظ روح سے
لفظ الروح في آية يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ جماعةُ الرسل والنبيين والمحدَّثين
مراد رسولوں اور نبیوں اور محدثوں کی جماعت مراد ہے جن پر روح القدس ڈالا جاتا ہے
أجمعين الذين يُلقَى الروح عليهم ويُجعَلون مكلَّمين. وأما ذِكرهم
اور خدا تعالیٰ کے ہم کلام ہوتے ہیں مگر یہ شبہ کہ روح کے لفظ سے ان کو یاد کیا ارواح کے لفظ سے کیوں
بلفظ الروح لا بلفظ الأرواح، فاعلم أنّه قد يُذكَر الواحد في القرآن ﴿۷۴﴾
یاد نہیں کیا۔ پس جان کہ قرآن کا محاورہ ایسا ہے کہ کبھی وہ واحد کے لفظ سے جمع مراد لے لیتا ہے اور کبھی جمع سے
ويراد منه الجمع وبالعكس، سنّةٌ قد جرتْ في كتاب مبين. وذكرهم
واحد ارادہ رکھتا ہے یہ قرآن شریف کی ایک عادت مستمرہ ہے۔ اور پھر خدا تعالیٰ نے اپنے انبیاء کو روح کے لفظ سے یاد کیا
الله بلفظ الروح الذي يدل على الانقطاع من الجسم ليشير إلى أنهم في
یعنی ایسے لفظ سے جو انقطاع من الجسم پر دلالت کرتا ہے یہ اس لئے کیا کہ تا وہ اس بات کی طرف اشارہ کرے کہ وہ مطہر
عيشتهم الدنيوية كانوا قد فنوا بكل قواهم في مرضاة الله، وخرجوا من
لوگ اپنی دنیوی زندگی میں اپنی تمام قوتوں کی رو سے مرضات الٰہی میں فنا ہوگئے تھے اور اپنے نفسوں سے ایسے
أنفسهم كما يخرج الأرواح من الأبدان، وما بقى لهم النفس وأهواءها
باہر آگئے تھے جیسے کہ روح بدن سے باہر آتی ہے اور نہ ان کا نفس اور نہ اس نفس کی خواہشیں باقی رہی تھیں

[1] النبأ:۳۹ [2] بنی اسرآئیل:۸۰

وكانوا لا ينطقون من الهوى بل بوحيٍ يُوحٰى، فكأنهم صاروا روح
اور وہ روح القدس کے بلائے بولتے تھے نہ اپنی خواہش سے اور گویا وہ روح القدس ہی ہو گئے تھے جس کے ساتھ نفس کی
القدس فقط لا نفسَ معه ولا أعراضَها. ثم اعلم أن الأنبياء كنفس
آمیزش نہیں پھر جان کہ انبیاء ایک ہی جان کی طرح ہیں۔ نہیں کہہ سکتے کہ
واحدة، لا يقال إنهم أرواح بل يقال إنهم روح، وذلك لشدّة
وہ کئی روح ہیں بلکہ کہنا چاہیئے کہ وہ ایک ہی روح ہے اور یہ اس لئے کہ ان میں روحانی طور پر نہایت درجہ پر اتحاد
اتحادهم الروحانية وتناسُب جوهرهم الإيمانية، وبما أنهم فنوا من
واقع ہے اور جوہر ایمانی کی ان میں مناسبت غایت مرتبہ پر ہے اور نیز اس لئے کہ وہ اپنے نفس اور اپنی جنبش اور اپنے
أنفسهم وحركاتهم وسكناتهم وأهوائهم وجذباتهم، وما بقي فيهم
سکون اور اپنی خواہشوں اور اپنے جذبات سے بکلی فنا ہوگئے اور ان میں بجز روح القدس کے
إلا روح القدس، ووصلوا الله متبتّلين منقطعين، فأراد الله أن يبين
کچھ باقی نہ رہا اور سب چیزوں سے توڑ کے اور قطع تعلق کر کے خدا کو جا ملے پس خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اس آیت میں
في هذه الآية مقامَ تجرُّدِهم ومراتبَ تقدُّسهم وتطهُّرهم من أدناس
ان کے تجرد اور تقدس کے مقام کو ظاہر کرے اور بیان کرے کہ وہ جسم اور نفس کے میلوں سے کیسے دور ہیں
الجسم والنفس، فسمّاهم روحًا إظهارًا لجلالة شأنهم وطهارة
پس ان کا نام اس نے روح یعنی روح القدس رکھا تا کہ اس لفظ سے ان کی شان کی بزرگی اور ان کے دل کی پاکیزگی
جنانهم، وأنهم سيُلقَّبون بهذا اللقب في يوم القيامة ليُرِيَ اللّٰهُ خَلْقَه
کھل جائے اور وہ عنقریب قیامت کو اس لقب سے پکارے جائیں گے تا کہ خدا تعالیٰ لوگوں پر ان کا مقام انقطاع
مقام انقطاعهم، وليميز بين الخبيثين والطيّبين. ولَعَمْرُ اللّٰهِ إن هذا هو
ظاہر کرے اور تا کہ خبیثوں اور طیبوں میں فرق کر کے دکھلاوے۔ اور بخدا یہی بات حق ہے
الحق، فتدبَّروا في كتاب الله ولا تنكروا مستعجلين. وأمّا عيسٰى ﴿۷۵﴾
پس تم کتاب اللہ میں تدبر کرو اور جلد بازی سے انکار مت کرو۔ مگر عیسٰی

علیـه السلام فأنت تعلم أن القرآن لا یسمّیه إلٰـهًا ولا ابن إله، بل یبرّئه
علیہ السلام کے بارہ میں تو تو خوب جانتا ہے کہ قرآن ان کا نام خدا یا ابن خدا نہیں رکھتا بلکہ اس کو ان تمام قولوں سے بری
ممـا قیـل، ویـردّ الأقـاویل إفراطًا کانت أو تفریطًا ویقیم علیه الدلیل،
کرتا ہے جو اس کے حق میں بڑھا کر یا گھٹا کر کہے گئے تھے اور دلائل سے ثابت کرتا ہے کہ وہ بندہ اور مقرب الٰہی ہے۔ اور
ویبیّـن أنه عبد ومن المقرّبین. وقال فی مقام وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا
ایک مقام میں فرماتا ہے کہ عیسائی کہتے ہیں کہ عیسٰی خدا کا بیٹا ہے خدا بیٹوں سے پاک ہے بلکہ یہ عزت دار بندے ہیں۔
سُبْحٰنَهٗ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ.. . وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ
اور جو ان میں سے یہ کہے کہ بدوں خدا کے میں بھی خدا ہوں سو ایسے شخص کی سزا جہنم ہوگی اور اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیا
نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ . كَذٰلِكَ نَجْزِى الظّٰلِمِيْنَ[1] واشترط قولَ الظالمین بلفظ مِن
کرتے ہیں اور قرآن نے جو ظالمین کے لفظ کے ساتھ من دونہ کی شرط لگا دی ہے اور کہا ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ
دونـه لیُـخـرِج به قومًا أصبی الحبُّ قلوبهم وهیّج کروبهم حتی غلبت
میں خدا کے سوا خدا ہوں سو یہ شرط مـن دونــه کی یعنی سوا کی اس واسطے لگائی ہے تا ان لوگوں کو ظالم ہونے سے مستثنٰی
علیهـم الـمَـحْـوِیّةُ والسُّـکـر وجنونُ العاشقین، فخرجتْ من أفواههم
رکھے جن کے دلوں کو ان کے دوست حقیقی نے اپنی طرف کھینچ لیا اور ان کے دلوں میں بےقراریاں پیدا کر دیں
کـلـمـاتٌ فـی مـقام الفناء النظری والجذبات السماوی، وورد علیهم
یہاں تک کہ ان کے دلوں پر محویت اور سکر اور عاشقوں سا جنون آ گیا سو فنا نظری کی حالت اور جذب سماوی کے
وارد فـکـانـوا مـن الـوالهیـن؛ فـقـال بعضهم ما فی جُبّتی إلا الله، وقال
وقت میں ان کے منہ سے کچھ ایسی باتیں نکل گئیں اور بعض واردات ان پر ایسے وارد ہوئے کہ وہ عشق کی مستی سے
بـعـضـهـم إن یـدی هذه ید الله، وقال بعضهم أنا وجه الله الذی وجّهتم
بےہوشوں کی طرح ہو گئے سو بعض نے اس مستی کی حالت میں کہا کہ میرے جبہ میں خدا ہی ہے اور کوئی نہیں اور بعض
إلیـه، وأنـا جـنبُ الـلّٰـه الـذی فـرّطتم فیــه، وقـال بعضهم أنـا أقول
نے کہا کہ میرا یہ ہاتھ خدا کا ہاتھ ہے اور بعض نے کہا کہ میں ہی وجہ اللہ ہوں جس کی طرف تم نے

[1] الانبیاء:۲۷ تا۳۰

وأنـا أسمع، فهل فی الدار غیری، وقال بعضهم أنا الحق؛ فهؤلاء کلّهم
منہ کیا اور میں ہی جنب اللہ ہوں جس کے حق میں تم نے تقصیر کی اور بعض نے کہا کہ میں ہی کہتا ہوں اور میں ہی سنتا ہوں
معفّوون، فإنهم نطقوا من غلبة کمال المحویة والانکسار، لا من
اور میرے سوا اور گھر میں کون ہے اور بعض نے کہا کہ میں ہی حق ہوں سو یہ تمام لوگ مرفوع القلم ہیں کیونکہ وہ کمال محویت
الرعونة والاستکبار، وحفّتْ بهم سُکْرُ صهباء العشق وجذبات الحب
سے بولے ہیں نہ رعونت اور تکبر سے اور شراب عشق کے نشہ اور دوست برگزیدہ کے جذبات نے ان کو گھیر لیا سو یہ آوازیں
المختار، فخرجت هذه الأصوات من خوخة الفَنَاء لا من غرفة الخیلاء ﴿۷۶﴾
فنا کی کھڑکی سے نکلیں نہ تکبر کے بالا خانہ سے اور دون اللہ کی طرف انہوں نے قدم نہیں اٹھایا
وما نقلوا الأقدام إلی دون اللّٰه بل فنوا فی حضرة الکبریاء، فلا شک
بلکہ حضرت کبریا میں فنا ہوگئے سو کچھ شک نہیں کہ ان پر ان کلمات سے
أنهم غیر ملومین. ولا یجوز اتّباع کلماتهم وحرص مضاهاتهم، بل هی
کوئی ملامت نہیں۔ اور ان کے ان کلمات کی پیروی جائز نہیں اور نہ یہ روا ہے کہ ان کی مشابہت کی
کلمٌ یجب أن تُطوَی لا أن تُروی، ولا یؤاخذ اللّٰه إلا الذین کانوا من
خواہش کی جائے بلکہ یہ ایسے کلمے ہیں کہ لپیٹنے کے لائق ہیں نہ اظہار کے لائق اور خدا تعالیٰ انہیں سے مواخذہ
المتعمدین المجترئین.
کرتا ہے جو عمداً چالاکی سے ایسے کلمے منہ پر لاویں۔

وعجبتُ للنصاری ولا عَجَبَ من المسرفین، أنهم یقرّون بأن
اور مجھے عیسائیوں سے تعجب آتا ہے اور جو زیادتی کرے اس پر کچھ تعجب بھی نہیں وہ اقرار کرتے ہیں کہ
عیسٰی کان عبد اللّٰه وابن آدم، وکان یقول إنی رسول اللّٰه وعبده،
عیسیٰ خدا کا بندہ اور ابن آدم تھا اور کہا کرتا تھا کہ مَیں خدا کا بندہ اور اس کا رسول ہوں
وحثَّ الناسَ علی التوحید والاجتناب من الشرک، وانکسر وتواضع
اور توحید کے لئے رغبت دیتا تھا اور شرک سے ڈراتا تھا اور کسر نفسی اس میں اتنی تھی کہ

وقال لا تقولوا لی صالحا، ثم یجعلونه شریک الباریٔ ویحسبونه
اس نے کہا کہ مجھے نیک مت کہو پھر یہ لوگ اس کو خدا تعالیٰ کا شریک ٹھہراتے ہیں اور اس کو
رب العالمین، ویقولون ما یقولون ولا یخافون یوم الدّین. ویظنون
رب العالمین سمجھتے ہیں اور جو کہتے ہیں سو کہتے ہیں اور قیامت کے دن سے نہیں ڈرتے۔ اور یہ خیال کر رہے ہیں کہ
أن المسیح صُلب ولُعن لأجل معاصیهم وأُخذ لإنجائهم وعُذّب
مسیح ان کے گناہوں کے لئے مصلوب اور ملعون ہوا اور ان کے بچانے کے لئے ماخوذ اور معذب ہوا
لتخلیصهم، وأن الخَلْق أحفظَ الأبَ بذنوبهم، وکان الأب فظًّا غلیظ
اور خلقت نے باپ کو اپنے گناہوں سے غصہ دلایا اور باپ
القلب سریع الغضب، بعیدا عن الحلم والکرم، مغتاظًا کالحرق
سخت دل سریع الغضب تھا حلم اور کرم اس میں نہیں تھا
المضطرم، فأراد أن یُدخلهم فی النار، فقام الابن ترحمًا علی
بلکہ غصے سے آگ کی طرح بھڑکا ہوا تھا سو اس نے چاہا کہ خلقت کو دوزخ میں ڈالے سو بیٹا بدکاروں پر رحم
الفُجّار، وکان حلیما رحیما کالأبرار، فمنَع الأبَ من قهره وزیادته،
کرکے شفاعت کے لئے کھڑا ہو گیا اور بیٹا حلیم اور رحیم اور نیک آدمی تھا پس اس نے اپنے باپ کو قہر اور
فما امتنع وما رجع من إرادته، فقال الابن یا أَبَتِ إن کنتَ أزمعتَ
زیادت سے منع کیا مگر باپ اپنے ارادہ سے باز نہ آیا سو بیٹے نے کہا کہ اے باپ اگر تیرا یہی ارادہ
تعذیب الناس وإهلاکهم بالفأس، ولا تمتنع ولا تغفر، ولا ترحم ولا ﴿۷۷﴾
ہے کہ لوگوں کو ہلاک کرے اور کسی طرح تو ان کو نہیں بخشتا اور نہ
تزدجر، فها أنا أحمل أوزارهم وأقبَل ما أَبارَهم، فاغفِرْ لهم وافعَلْ بی
رحم کرتا ہے سو میں تمام لوگوں کے گناہ اپنی گردن پر لے لیتا ہوں سو ان کو تو بخش دے اور جو تو نے عذاب
ما ترید، إن کان قلیلا أو یزید. فرضِی الأب علی أن یصلب
دینا ہے وہ مجھے عذاب دے سو اس کلمہ سے باپ غضبناک راضی ہوگیا اور اس کے حکم سے بیٹا پھانسی دیا گیا

ابنـه لأجـل خـطـايـا الـناس، فنجّى المذنبين وأخذ المعصومَ وعذّبه
تا گناہ گاروں کو چھڑاوے اور گناہ گاروں کی طرح اس معصوم پر
بـأنـواع البـأس كـالـمـذنبيـن. هٰذا ما قالوا، ولكن العجب من الأب
عذاب ہوا۔ یہ وہ باتیں ہیں جو عیسائی کہتے ہیں لیکن باپ سے تعجب ہے کہ وہ اپنے
الـذى كـان نشـوانًا أو فى السُّبات أنه نسِى عند صليب ابنه ما كتب
بیٹے کو پھانسی دینے کے وقت اپنے اس قول کو بھول گیا جو توریت میں کہا تھا کہ میں اسی کو
فى التوراة وقـال لا أُهْلِكُ إلّا الذى عصانى، ولا خذ ☆ أحدًا مكانَ
ہلاک کروں گا جو میرا گناہ کرے اور میں ایک کی جگہ دوسرے کو نہیں پکڑوں گا سو اس نے
أحد من الـعصاة، فـنـكَـث الـعهـد وأخلف الوعد، وترك العاصين
عہد کو توڑا اور وعدہ کے خلاف کیا اور گناہ گاروں کو چھوڑ دیا اور
وأخـذ أحـدًا مـن الـمعصومين. لعله ذهَل قولَه السابق مِن كبر السن
ایسے آدمی کو پکڑا جس پر کوئی گناہ نہیں تھا۔ شاید وہ اپنا پہلا قول بباعث بڑھاپے
وأرذل العمر وكان من المعمّرين.
اور پیرانہ سالی کے بھول گیا کیونکہ معمر تھا۔

والـعـجـب من الابن أنه كان يعلم أن معشر الجن سَبَقَ الإنسَ
اور بیٹے سے یہ تعجب ہے کہ وہ خوب جانتا تھا کہ جنّوں کا گروہ آدمیوں سے
فى الخطأ ولا ينتهجون محجّة الاهتداء، بل تجاوزوا الحد فى شباءة
گناہ میں بڑھ گیا ہے اور وہ سیدھا راستہ اختیار نہیں کرتے بلکہ بے راہی کی تیزی میں حد سے زیادہ بڑھ
الاعتداء، ثم تغافلَ من أمر سيآتهم، وما توجّهَ إلى مواساتهم، وما شاء
گئے ہیں پھر اس نے ان کے بارے میں تغافل کیا اور ان کی ہمدردی کے لئے کچھ توجہ نہ کی
أن ينـتـفـع الـجـن مـن كَـفّـارتـه، ويـكـون لهم حيـاةٌ مـن إبـارتـه
اور نہ چاہا کہ اُس کے کفارہ سے جن کا گروہ فائدہ اٹھاوے اور ان کو اس ابدی عذاب سے

☆ سهو والصحيح " آخذ ". (الناشر)

ونجاة من نار أبدية التی أُعدّتْ لهم، فما نفعهم إبارته ولا كفّارته،
نجات ہو جو ان کے لئے تیار کیا گیا ہے سو جنوں کو اس کے مصلوب ہونے نے کچھ بھی فائدہ نہ پہنچایا حالانکہ
وكانوا يؤمنون بالمسيح كما شهد عليه الإنجيل بالبيان الصريح،
وہ اس پر ایمان لاتے تھے جیسا کہ اس پر انجیل گواہی دے رہی ہے پس گویا بیٹے نے اپنے اس
فكأنّ الابن ما دعا تلك المذنبين إلى هذا القِرى وتقاعسَ كبخيل
کفارہ کی مہمانی کی طرف ان گناہ گاروں کو نہیں بلایا اور بخیلوں کی طرح
وضنين. ومن المحتمل أن يكون للأب ابن آخر، صُلِبَ لتلك ﴿۷۸﴾
تاخیر کی اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ باپ کا کوئی اور بیٹا ہو جو جنّوں کے لئے پھانسی دیا گیا ہو
المعشر، بل من الواجبات أن يكون كذلك لتنجية العُصاة، فإنّ ابنًا
بلکہ یہ تو واجبات سے ہے کہ ایسے ہی ہو کیونکہ جب ایک بیٹا نوع انسان
إذا صُلِبَ لنوع الإنسان مع قلة العصيان، فكم مِن حريّ أن يُصلَب ابن
کے لئے جو تھوڑے ہیں پھانسی دیا گیا پس کس قدر لائق ہے کہ ایک دوسرا بیٹا جنّوں کے لئے پھانسی ملے جو
آخر لنوعٍ جِنّيٍّ الذی ذنبهم أكبر وأكثر، وإلا فيلزم الترجيح بلا
گناہ اور تعداد کے لحاظ سے بنی آدم سے بڑھے ہوئے ہیں ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی
مُرجِّح باليقين، ويثبت بخل الأب أو بخل البنين. ولا شک أن فِكْرَ
اور باپ اور بیٹوں کا بخل ثابت ہوگا اور کچھ شک نہیں کہ ایک قوم کی مغفرت کا فکر
مغفرة قوم عادين والتغافلَ من قوم آخرين، عُدولٌ صريح وظلم مبين،
دوسری قوم سے تغافل صریح ظلم اور بیجا کارروائی ہے بلکہ
بل يثبت مِن هذا جهلُ الأب المنّان. أمَا كان يعلم أن المذنبين قومانِ،
اس سے تو باپ کا جہل ثابت ہوتا ہے کیا اس کو معلوم نہیں تھا کہ گناہ گار لوگ دو قومیں ہیں
ولا يكفی لهم صليب بل اشتدت الحاجة إلى أن يكون ابنان
صرف ایک قوم تو نہیں سو دو قوموں کے لئے صرف ایک بیٹے کا پھانسی دینا کافی نہیں بلکہ کافی طور پر یہ مقصد

وصليبان لا يقال إن الابن كان واحدا فرضِي ليُصلَب لنوع الإنسان،
تب پورا ہوسکتا ہے کہ جب دو بیٹوں کو پھانسی دیا جاتا یہ بات کہنے کے لائق نہیں کہ بیٹا تو صرف ایک
وما كان ابن آخر لكفّارةِ أبناء الجانّ. لأنا نقول في جوابه إن الأب
ہی تھا وہ اسی پر راضی تھا کہ وہ فقط نوع انسان کے لئے پھانسی دیا جاوے کوئی دوسرا بیٹا تو نہیں تھا کہ تا جنوں کے لئے
كان قادرًا على أن يلد ابنا آخر، وما كان كالعاجز الحيران، فلا ريب
پھانسی دیا جاتا کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ باپ اس بات پر قادر تھا کہ اس بات کے لئے کوئی اور بیٹا جنے جیسا کہ اس نے پہلا بیٹا
أنه ترك الجنَّ عمدًا أو من النسيان، أو ما صلَب ابنًا ثانيًا مخافةَ بَتْرِه
جنا پس کچھ شک نہیں کہ اس نے جنّوں کے گروہ کو عمداً عذاب ابدی میں چھوڑا اور محض بخل کی راہ سے ان کے لئے کوئی
كالجبان. ومن المحتمل أن يكون الابن الآخر أحبَّ من الابن الأوّل
پھانسی پر نہ لٹکایا اور یہی گمان ہوسکتا ہے کہ چھوٹا بیٹا بڑے بیٹے سے زیادہ پیارا ہو اور یہ کچھ تعجب کی بات
إلى الأب التَّوْقان، وهذا ليس بعجيب عند ذوي الأذهان، فإنه قد
نہیں کیونکہ کبھی یہ بھی اتفاق ہوجاتا ہے کہ
يتفق أن الأصغر من الأبناء يكون أحبّ إلى الآباء. ففكِّرْ في هذه
چھوٹا بڑے سے باپ کو زیادہ پیارا ہوتا ہے پس اس بات میں فکر کر
الآراء، وفي إلٰه هو ذو بنات وبنين. وسبحان ربنا عما يخرج من
کہ جس کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں اور ہمارا خدا ان باتوں سے پاک ہے جو ظالموں کے
أفواه الظالمين.
منہ سے نکلتی ہیں۔

ثم بعد ذلك نرى أن آدم كان أول أبناء الله في نوع الإنسان، ﴿۷۹﴾
پھر بعد اس کے ہم دیکھتے ہیں کہ پہلا بیٹا تو نوع انسان میں سے آدم ہی تھا
وقد أقرّتْ أناجيل النصارى بهذا البيان، ومن المعلوم أن الفضل
چنانچہ انجیلیں اس بات کا اقرار کرتی ہیں اور یہ تو معلوم ہے کہ بزرگی پہلے ہی کو ہوتی ہے اور وہ تو بزرگ نہیں

لـلمتقدم لا للذی جاء بعده کالمضاهین. وقد خلق اللّٰہ آدم بیده وعلی
کہلاتا جو پیچھے سے آوے اور پہلے کی ریس سے کوئی بات منہ پر لاوے اور خدا نے تو آدم کو اپنے ہاتھ سے اور
صورته، ونفخ فیه روحه بکمال محبته، وأما المسیح فما کان لَبِنةَ أوّلِ
اپنی صورت پر پیدا کیا تھا اور کمال محبت سے اس میں اپنا روح پھونکا مگر مسیح تو
الأســاس، بـل جـاء فـی أُخـریـات الناس، وکـان من المتـأخـرین.
پہلی بنیاد کی اینٹ نہیں تھے بلکہ وہ تو آخری لوگوں میں آیا اور متاخرین میں سے کہلایا۔ پھر
ثـم الـعـجـب أن إلـه الـنـصـاری ولَد الابنَ ولم یلد البناتِ، کأنه عاف
تعجب یہ ہے کہ نصاریٰ کے خدا نے بیٹا توجنا مگر بیٹی کوئی نہیں جنی گویا اس نے دامادوں سے
الأَخُـتـانَ أو کـرِه أن یـصـاهـر إلا الصِّفُتات، أوُ لم یجد کمثله الشرفاء
کراہت کی اور نہ چاہا کہ کوئی غیر کفو اس کا داماد ہو یا اپنے جیسا کوئی عزّت دار نہ پایا
السراة . فهـل مـن أعـجوبة فی السکاری مثل أطروفة النصاری، أم هل
جس کو لڑکی دیوے پس کیا عیسائیوں کے عقیدوں کے اعجوبہ کی طرح کوئی اور بھی اعجوبہ ہے یا ان کی مانند
رأیـت مثلهـم مـن الـمـغلّسین؟ والأصل الموجب الجالب إلی هذه
تو نے کوئی اور بھی اندھیرے میں رات میں چلتا دیکھا۔ اور اصل موجب جس نے عیسائیوں کو اس
الـعـقـیـدة الفاسدة والأمتعة الکاسدة، انهماکُهم فی الدنیا مع هجوم
عقیدہ کی طرف کھینچا ان کا دنیا میں غرق ہونا ہے پھر اس کے ساتھ
أنـواع الـعصیان وشوق نعماء الجِنان مع رِجس الجَنان. وأنت تعلم
قسما قسم کے گناہ اور پھر دل کی پلیدی کے ساتھ آخرت کی نعمتوں کا شوق اور تو جانتا ہے کہ لالچ حق بینی کی
أن الشـحّ یُعمِی عینَ رؤیة الصواب، فلا یفتّش الشحیحُ العَجولُ مِن
آنکھ کو بند کر دیتا ہے پس لالچی اور شتاب کار آدمی نشیب فراز کو کچھ نہیں دیکھتا
الوِهاد والحِداب، بل یسعی مستعجلا إلی ملامح السراب، بمجرد
پس اس ریت کی طرف جلدی سے دوڑتا ہے جو پانی کی طرح دکھلائی دیتی ہے

استمـاع قـول الـكـذّاب، وإذا بـلـغهـا فلا يجد إلا وادی التبـاب،
اور ایک جھوٹے کی بات کوسن کر اعتبار کر لیتا ہے اور جب اس ریت پر پہنچتا ہے تو بجز ایک جنگل ہلاک کرنے والے کے
فتضـطـرم نـار الـعـطـش وتثِب عـلـيـه كالذياب، ويحترق القلب
اور کچھ نہیں پاتا تب اس وقت پیاس کی آگ بھڑکتی ہے اور اس پر بھیڑیوں کی طرح حملہ کرتی ہے اور اس کا دل ایسا جلتا
كـاحتـراق الـجـلـبـاب، فيسـقـط على الأرض من غلبة الاضطراب،
ہے جیسا کہ ایک چادر کو آگ لگ جاتی ہے پس بے قرار ہوکر زمین پر گر پڑتا ہے اور اس کی روح پرند
ويطير روحه كالطير ويلحق بالميّتين.
کی طرح پرواز کر جاتی ہے اور مردوں سے جا ملتی ہے ۔

فمثلُ قـوم اتّـكـأُوا عـلـى الكَفّارة من كمال الجهل والغرارة، ﴿۸۰﴾
پس ان لوگوں کی مثال جو کفارہ پر اپنے جہل اور نادانی کی وجہ سے تکیہ کئے بیٹھے ہیں ان لوگوں کی
كـمثـل حـمقى الذين كانوا من قوم متنصرين. طحطَحَ بهم قلّةُ المال
مانند ہیں جو ایک گروہ بے وقوف عیسائیوں کا تھا اور ایسا اتفاق ہوا کہ وہ لوگ قلت مال
وكثرة الـعـيـال، حتى كان الفقر حَصادَهم والتُرب مِهادَهم، وطعامهم
اور کثرت عیال کی وجہ سے ایسے پریشان خاطر ہوئے کہ محتاجگی نے جس طرح کہ گھاس کاٹا جاتا ہے
بـعـض الأفـانـی وسَحُناء هم كالشيخ الفانی، وكانوا من شدة بؤسهم
ان کو کاٹ دیا اور زمین ان کا بچھونا ہوگیا اور کھانا ان کا گھاس پات ہوگیا اور ان کی شکل مارے فاقوں کے بڈھوں
مـضـطـريـن. فـقيّض القدر لنَصَبِهم ووَصَبِهم أن جاء هم شيخ شَخُتُ
کی سی ہوگئی اور اپنے فقر فاقہ سے وہ سخت محتاج ہوئے پس بُری تقدیر نے ان کے لئے یہ اتفاق
الـخِـلُـقة، دقيق الشَـرَكة، حـقيـر السَّـحُنة، وكـان توجد فيـه آثـار
پیش کیا کہ ایک دبلا سا بڈھا ان کے پاس آیا جس کے مکروں کی جالی بہت ہی باریک تھی اور وہ کچھ رودار صورت
الـخـصـاصة والافـتـقـار، ويبيّـن حـالَـه الـحِذاءُ المرقَّعُ وبلى الأطمارِ
نہیں تھا اور اس میں ناداری اور محتاجگی کے آثار نمایاں تھے اور اس کی پھٹی پرانی جوتی اور پرانی چادریں بتلا رہی تھیں کہ

فدخل وعليه بُرْدانِ رثّانِ، وفي يده سُبحة كسبحة الرُهبان، وكان
کس شان کا آدمی ہے پس وہ ان عیسائیوں کے گھر میں داخل ہوا ایسی حالت میں کہ دو پرانی چادریں اس پر تھیں اور ایک
سائلا معترًّا، وشَعِثًا مغبرًّا، قد لقِي متربةً وضرًّا، حتى انثنى محقوقِفًا
تسبیح ہاتھ میں جیسا کہ راہبوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے اور دراصل وہ ایک محتاج پریشان حال تھا جو کمال درجہ کی محتاجگی
مصفرًّا وكان لبسُه كثيرَ الانخراق باديَ الإخريراق، وكانت هيئته
تک پہنچ چکا تھا یہاں تک کہ وہ زرد رنگ اور خم پشت ہو گیا اور کپڑے جا بجا پھٹے ہوئے تھے جن کو وہ چھپا نہیں سکتا تھا اور اس کی
تشهد على أنه ما أصاب هِلّةً ولا بِلّةً، وإن هو إلا معروق العظم ومن
صورت کہہ رہی تھی کہ ایک ادنیٰ سی بہبودی بھی اس کو حاصل نہیں اور وہ ایک بدبختی کی حالت میں ہے سو اسی حالت میں
الطالحين. فوَلَجَ حَلْقتَهم بسوء حاله وأفانينِ مقاله، ليخدَعهم بزخرفةِ
وہ ان کے حلقہ میں داخل ہوا اور لگا باتیں بنانے تا کہ اپنی آراستہ کلام سے ان کو دھوکا دے سو اس نے پہلے تو سلام کیا اور
محاله، فسلّم ثم كلّم، وقال هل أدلّكم إلى مكسب مال تنجيكم من إقلال،
پھر گفتگو شروع کی اور کہا کہ کیا میں تمہیں ایک ایسی آمدن کی راہ بتاؤں جو تمہیں ناداری کی حالت سے نجات بخشے اور تم اس سے
فتكونون ذوي أملاك ورياض، وترفلون في ذيلٍ فضفاض، وتُفعِمون
بڑے مال ملک والے ہو جاؤ گے اور تمہارے باغ ہوں گے اور فاخرانہ کپڑوں میں لٹکتے پھرو گے اور روپیہ سے اپنے
صناديقكم كما يفعم الماء في حياض، فتصبحون متنعّمين؟ فرغبوا مِن
صندوق اس قدر بھر لو گے کہ جس طرح حوضوں میں پانی ہوتا ہے اور بڑے مالدار ہو جاؤ گے سو انہوں نے بے وقوف
حمقهم وشدة شحّهم في الأموال، وقالوا مرحبًا لك تعال تعال، ودُلَّنا ﴿۸۱﴾
عیسائیوں کے دل اپنی حماقت اور لالچ کی وجہ سے ایسے مال لینے کے لئے للچائے اور کہا کہ مرحبا تشریف لائیے اور ہمیں
إلى هذا المنوال، وإنا نفعل كل ما تأمر، ونحضر أينما تحضر، وستجدنا
ایسا راہ بتائیے اور ہم وہی کریں گے جو آپ فرمائیں گے اور جس جگہ حاضر ہونے کو کہو گے حاضر ہو جائیں گے اور ہم کو
من المتمثّلين الشاكرين. ففرِح الخُدَعةُ في قلبه على قيد الصيد وإصابة
آپ فرمانبردار اور شکر گذار پاؤ گے۔ پس وہ مکار یہ باتیں سن کر اپنے دل میں بہت خوش ہوا اور سمجھا کہ شکار مارا گیا

الـكـيـد، وعـرَف أنهـم سـقـطـوا فى شبكته واغترّوا بخديعته، وجاء وا
اورفریب چل گیا اور وہ احمق اس کے دام میں پھنس گئے اور اس کے فریب میں آ گئے اور اس کی سیٹی سن کر اس کے جال کے
تـحـت فُـخّـه بـصـفيـره وزفـرتـه، فكلّمهم بأحاديث ملفّقةٍ، وأكاذيب
نیچے آ بیٹھے سو کہیں کی کہیں لگا کر جھوٹی باتیں سنانے لگا اور کہنے لگا کہ کیا سبب ہے کہ مجھ کو تم پر بڑا ہی
مزخرَفةٍ، وقال ما لى يأخذنى رقّةٌ عليكم، ويهوى قلبى إليكم؟ لعل اللّٰه
رحم آتا ہے شاید خدا تعالیٰ نے میرے چشمہ میں تمہاری کچھ قسمت لکھی ہے اور میرے
قـدّر لـكـم حـظًّـا فـى مـنهلى، ونُـزُلاً فى منزلى، وأراد أن يجعلكم من
مہمان خانہ میں تمہاری مہمانی مقدر ہے اور شاید خدا تعالیٰ نے چاہا ہے کہ تم کو مالدار کردے۔ اور مجھے
الـمتمولين. وقد كنتُ أعلم أنكم مِن أكرمِ جرثومةٍ وأطهرِ أرومةٍ، ومِن
پہلے سے معلوم ہے کہ تم لوگ بڑے خاندان کے آدمی اور اصیل ہو اور نیز رئیسوں کے بیٹے اور دولت مندوں
أبـنـاء بناة المجد وأرباب الجد، والآن أراكم بصفر اليد، فأُلقِىَ فى قلبى
کی اولاد ہو اور اب میں تم کو افلاس کی حالت میں دیکھتا ہوں سو میرے دل میں ڈالا گیا جو میں تم پر رحم اور
أن أرحـمكم وأشفق عليكم، وأقوم لمواساتكم ودفع آفاتكم، وكذلك
شفقت کروں اور تمہاری ہمدردی کے لئے کھڑا ہو جاؤں اور اسی طرح میری عادت ہے
وقـعـتُ شِيـمتـى، واستمرّت عادتى. وخيرُ الناس من ينفع الناس، ويعين
کیونکہ نیک آدمی وہی ہوتا ہے جو لوگوں کو نفع پہنچاوے اور مسکین لوگوں کی مدد کرے۔
ذوى الـفـاقـات والـمسـاكين. وستَعجُمون عُودَ دعواى وحلاوةَ جَناى،
اور تم عنقریب میرے دعویٰ کی شاخ کا پھل آزما لو گے اور میرے پھل کی حلاوت تمہیں معلوم ہو جائے گی
وإنّـى لـمـن الصادقين. فكلوا هنيئًا مريئًا هذه المائدة الواردة، واستقبِلوا
اور میں سچا ہوں سو تم اس کھانے کو جو اترا ہے خوب سیر ہو کر مزہ سے کھاؤ اور اس دولت کی طرف رخ کرو
هذه الدولة الحاردة، وخذوا تلك الغنيمة الباردة شاكرين.
جس نے تمہاری طرف آنے کا قصد کیا اور اس مال مفت کو شکر کے ساتھ لے لو۔

فاذهبوا سارعين مبادرين إلى بيوتكم، لتُعطَوا أجرَ قنوتكم،
سو اپنے گھروں کی طرف جلدی کر کے دوڑو تا کہ تم کو اس فرمانبرداری کا اجر ملے اور میرے پاس
وأْتونى بمّا كان عندكم من أثارةِ مال بقى من زوال، مِن نوع حِليةٍ من ﴿۸۲﴾
وہ سب مال لے آؤ جو از قسم زیور چاندی اور سونے کے تمہارے گھروں میں باقی رہ گیا ہو اور اپنے ہمسائیوں اور
ذهب كان أو فضّة، أو حُلى جيرانكم وخلانكم، ولا تتركوا شيئا منها،
دوستوں کے بھی زیور لے آؤ اور اپنے گھروں میں کچھ نہ چھوڑو اور پھر جلد واپس آ جاؤ۔
وارجعوا مستعجلين. وإنى أقرأ عليها كلماتٍ كرُقْيةٍ، وأعكف على
اور میں ان زیوروں پر ایک منتر پڑھوں گا اور چند گھنٹے وہی عمل کرتا رہوں گا تب
هذا العمل إلى بضع ساعة، فتهيج فى الحلى ثورةُ مَزِيَّة، وكلُّ حِلية
زیوروں میں ایک جوش بڑھنے کا پیدا ہوگا اور ہریک زیور پھولے گا اور بڑھے گا اور ان کا بڑھنا صاف
تربو وتنمو، والزيادات فيها تبدو، حتى تكون الحلى مئةَ أمثالها،
معلوم ہو جائے گا یہاں تک کہ وہ زیور سو گنا ہو جائے گا۔ اور اس پر کامل
وتنزل عليها بركات بكمالها وتُعجِب الناظرين.
برکتیں نازل ہوں گی اور دیکھنے والے تعجب کریں گے۔
ولا تعجبوا لهذا الحديث، فإن فيه سر كسرِّ التثليث، فلا
اور اس عمل سے کچھ تعجب مت کرو کیونکہ یہ بھی ایک ایسا ہی بھید ہے جیسا کہ تثلیث کا بھید سو تم
تسألونى عن دلائل كفلسفيين. العمل عجيب، والوقت قريب،
فلسفیوں کی طرح اس کے دلائل مت پوچھو۔ عمل عجیب ہے اور وقت قریب ہے اور تم
وتكونون من بعد قومًا متنعّمين. فاغترّوا بقول الكاذب المكّار،
بعد اس کے بڑے مالدار ہو جاؤ گے پس وہ لوگ اس فریبی کی بات پر دھوکا کھا گئے
وحسبوا هذا العمل كالتثليث من الأسرار، بما لكزهم حمارُ الجهل
کیونکہ جہالت کا گدھا ان کو ایسی لات مار چکا تھا جو کاٹنے والی تھی

الجذّارُ، وبتَرهم سيفُ الشحّ البتّارُ. فألقتُ فی الضلالة الثانية
اور لالچ کی تلوار ان کو دو ٹکڑے کر چکی تھی سو ایک گمراہی نے ان کو دوسری
الضلالاتُ الأولی، وتكونتْ مِن ظلمة ظلمة أخریٰ، فمالوا إليه
گمراہی میں ڈال دیا اور ایک اندھیرے سے دوسرا اندھیرا پیدا ہوگیا۔ پس اس کی طرف ایسے مائل
كما كانوا مالوا إلی عقائد المسيحيين. قالوا ما نشقّ عصا أمرک،
ہوگئے جیسا کہ وہ مسیحی عقیدوں کی طرف مائل تھے اور کہا کہ ہم تیرے حکم کا انکار نہیں کرتے اور تیرے
وما نلغی تلاوة شكرک، وقد أتيتَنا من الغيب كملائكة منجّين.
شکر کو ہم نہیں چھوڑیں گے اور تُو تو ہمارے لئے غیب سے ایسا اترا جیسا کہ فرشتے نجات دینے والے اترتے
فبادَروا إلی بيوتهم فی فكر قُوتهم وتنضير سَبُروتهم، وما شكّوا وما
ہیں پھر وہ لوگ اپنے گھروں کی طرف دوڑے اس فکر میں کہ قوت کا سامان ہو جائے اور زمین خشک سرسبز
تقاعسوا، بل كلٌّ منهم ذهبَ ليأتی به الذهب، وزاب ليزداب، ﴿۸۳﴾
ہوجائے اور کچھ شک نہ کیا اور نہ تاخیر کی بلکہ ہر ایک ان میں سے دوڑا تا کہ سونا لاوے اور چلنے میں جلدی کی تا کہ وہ کچھ بھار
وكانوا فی سكرة حرصهم كالمجانين. فلما دخلوا ربوعهم مَراحًا،
اٹھالیوے اور اپنی حرص کے نشہ میں سودائیوں کی طرح ہو رہے تھے۔ اور پھر جبکہ وہ اپنے گھروں میں خوش خوش داخل ہوئے
قالوا لأهلها أنعِموا صباحًا، ثم قصّوا عليهم القصّة، وهنّأوهم
تو داخل ہوکر کہنے لگے کہ گڈ مارننگ پھر ان لوگوں کو تمام قصہ سے مطلع کیا اور ہنس ہنس کر ان کو مبارک باد دی
متبسّمين. فصدّقوا قولهم الذين كانوا كمثلهم فی الجهالة
پس ان لوگوں نے جو جہالت اور گمراہی میں ویسے ہی تھے ان کی باتوں کی تصدیق کی
ونظيرهم فی الضلالة، وكانوا يتغنون فرحين. فنزعوا الحلی من
اور مارے خوشی کے گانے لگے۔ پھر ان لوگوں نے اپنی عورتوں کے اعضاء
أعضاء نسائهم وآذان إمائهم وآناف بناتهم وأيدی أخواتهم وأرجل
اور اپنی لونڈیوں کے کانوں اور اپنی بیٹیوں کے ناکوں اور اپنی بہنوں کے ہاتھوں اور اپنی

أمهــاتهــم، و أشــر كــوا فــی تــلــك الــتــجــارة نســاءَ أصدقــائهم و أزواج
ماؤں کے پیروں سے زیور اتارے اوراس تجارت میں ان لوگوں کوبھی شریک کرلیا جوان کے دوستوں کی عورتیں اوران کے
أحبّــائهــم، بــل نسوانَ جيرانهم وعذارى أقرانهم، وغادروهن كأشجار
آشناؤں کی بیویاں تھیں بلکہ اپنے ہمسائیوں کی عورتوں اوراپنے ہم مرتبہ لوگوں کی کنواریاں☆ لڑکیوں کوبھی اس تجارت میں داخل کیا
خــالية مــن ثــمــار وغــادر كل أحد بيته أنقَى من الراحة، طمعًا فی كثرة
اوران عورتوں کوایسی حالت میں چھوڑا جیسا کہ درختوں سے پھل اتارا جاتا ہے اور ہر یک نے اپنے گھر کو ہتھیلی کی طرح
المال وزيادة الــراحة ثــم رجعوا مستبشرين، ونبذوا الحلى أمام يديه
صفاچٹ چھوڑا اس طمع سے کہ مال بڑھے گا اور بہت آرام ہوگا پھر خوش خوش واپس آئے۔ اورآ کراس مکار کے آگے تمام زیور
فــرحيــن. فلما رأى المكّار امتلاء كيسه وانجلاء بؤسه، ورأى حمقهم
ڈال دیا اوراس حرکت کرنے کے وقت بہت خوش تھے پس جبکہ اس مکار نے دیکھا کہ اس کا تھیلا بھر گیا اور سختی جاتی رہی اور یہ
وجهلهم، فرِح فرحًا شديدًا، ووجد نفسه غنيًّا صنديدًا، قال أعلم أنكم
بھی دیکھا کہ یہ لوگ کیسے احمق اور جاہل ہیں تو بہت ہی خوش ہوا اوراپنے تئیں ایک غنی رئیس کی طرح پایا کہنے لگا کہ میں جانتا
ذوو حــظ عــظــيــم ومــن الــفــائــزيــن، وســتــجــتــنون جَنَى عملكم وتعلُون
ہوں کہ تم لوگ بڑے ہی خوش قسمت ہو اوران میں سے ہو جو مراد پاتے ہیں اور عنقریب تم اپنے عمل کا پھل چنو گے اوراپنے
مطاجملِكم، وتذكرونني إلى أبد الآبدين.
اونٹ پر سوار ہو گے اور ہمیشہ مجھے یاد رکھو گے۔

ثــم قــال يــا مــعــشــر الأخيــار وأكباد هذه الديار، اعلموا أن هذا
پھر کہنے لگا کہ اے نیکوں کے ٹولو اور اس ولایت کے جگر گوشو آپ لوگ یقیناً جانیں کہ یہ عمل
الــعــمل من الأسرار، وقد وجب إخفاء ها من الأغيار، ومن أشراط هذه
اسرار میں سے ہے اور غیروں سے چھپانا اس کا واجب ہے اور اس کی شرطوں میں سے ہے جو
الــرُّقْية قــراء تُهــا فــی الــزاوية عــلــی شــاطئ الوادی عند نهر جــار فی ﴿۸۴﴾
اس کو گوشہ خلوت میں پڑھیں کسی جنگل کے کنارہ پر اس جنگل میں جہاں نہر بھی

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے’’ کنواری ‘‘ ہونا چاہیے۔(ناشر)

البـادية، وكـذلک عُـلِّمت من المعلِّمين، فهل تأذنوننی أن أفعل كذا،
جاری ہو اور اسی طرح مجھے استادوں نے سکھلایا ہے۔ اب کیا آپ لوگ اجازت دیتے ہیں کہ میں ایسا ہی
وأرجـع إليـكـم بذهب كأمثال الرُّبَی، لترجعوا إلی شركائكم بمال ما
کروں اور ٹیلوں کی طرح مال لے کر واپس آؤں تا تم وہ مال لے کر اپنے شریکوں کے پاس جاؤ
رأتـه عيـن الـنـاظـريـن؟ وسترون قناطيرًا مقنطرة من الذهب الخالص
جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا ہو اور عنقریب تم ڈھیروں کے ڈھیر سونااور خوبصورت مال دیکھو گے
والـمـال الـمـلـيـح، ولا تـرون نـظـيـره فی التنجية إلّا كفّارة المسيح،
اور بجز کفارہ مسیح کے نجات دینے میں اس کی کوئی نظیر نہیں پاؤ گے تمہارے دین کے لئے تو کفارہ مسیح کافی
ويـكـفـی لدينكم الكفّارةُ ولدنياكم هذه الإمارة، فنجوتم فی الدارينِ
ہے اور تمہاری دنیا کے لئے یہ امیری مکتفی ہے سو تم دونوں جہانوں میں
مـن تـحـريـک اليدين ومِن جهد الجاهدين. قالوا الأمر إليک والقلب
محنت اور کوشش کرنے سے آزاد ہو گئے۔ انہوں نے عرض کیا کہ ہم تیرے حکم کے تابع ہیں اور
لـديـک، وإنـک الـيـوم لـديـنـا مـكـيـن أمـيـن. قـال طوبٰی لكم ستُفتَح
ہمارے دل تیرے پاس ہیں اور آج تو ہماری نظر میں با مرتبہ اور امین آدمی ہے۔ کہا شاباش عنقریب تم پر خوشی کے
عليكم أبواب المسرّة وتُعطٰی لكم مفاتيح الدولة، بل أعلّمكم رُقْيتی،
دروازے کھلیں گے اور تمہیں دولت کی کنجیاں دی جائیں گی بلکہ میں تمہیں یہ منتر بھی
لـكـی لا تضطربون عند غيبتی، ولكی تكون لكم دولة عظمٰی ومُلکٌ لا
سکھلادوں گا تا میری عدم حاضری میں تمہیں کچھ تکلیف نہ پہنچے اور تا تمہیں ایک ایسی دولت ملے جو بہت بزرگ
يبـلٰـی. قـالـوا لا نستطيع إحصاء شكرک وإنک أكبر المحسنين. قال
دولت ہے اور ایک ایسا ملک ملے جس کا انتہا نہیں انہوں نے کہا کہ ہم تیرا شکر نہیں کر سکتے تو سب احسان کرنے والوں
جَيُـرَ، مـا عـلّـمــتُ أحـدًا هـذا الـعـمـل مـن قبـلـكم، ولا أعلِّم بعدكم
سے بزرگ تر ہے۔ اُس نے جواب دیا کہ تم یقیناً سمجھو کہ یہ عمل مَیں نے تم سے پہلے کسی کو نہیں سکھایا اور نہ بعد تمہارے کسی کو

قومًا آخرين. فسألوا عنه سرَّ هذا التخصيص وحكمةَ تحديد
سکھاؤں گا۔ پس انہوں نے اس تخصیص کا بھید اس سے دریافت کیا اور اس چمک کے محدود رکھنے کی حکمت پوچھی
هذا التبصيص، فأقسمَ بالأقنوم الذی یجیر الجانی أنه ضاها فی
پس اس نے اس اقنوم کی قسم کھائی جو گناہ گار کو گناہ سے خلاصی بخشتا ہے کہ وہ اس عادت میں اقنوم ثانی سے مشابہ ہے۔
هذه العادة بالأقنوم الثانی، وجعلهم كالمسيح من المتفردين. ثم
یعنے جیسے اقنوم ثانی نے حضرت عیسٰے سے پہلے کسی اور سے تعلق نہیں کیا نہ بعد میں کرے گا ایسا ہی اس نے اس قوم سے
شمّر ذيله ليطير كالعقاب، فغدا بإزعام الذهاب ولا اغتداءَ
یہ تعلق پیدا کیا اور کہا کہ میں نے اقنوم ثانی کی طرح ہو کر تمہیں مسیح کی طرح اپنے تعلق سے خاص کر دیا ہے پھر اس
الغراب، وقال لهم عند الفرار يا سادات الأمصار وصناديد
نے اپنا دامن اکٹھا کیا تا کہ عقاب کی طرح اڑ جائے پس اس نے چلے جانے کی نیت سے صبح کی ایسی صبح کہ کبھی
الديار، سآتيكم إلى نصف النهار، فانتظِرونی قليلًا من الانتظار، ولا ﴿۸۵﴾
کوے نے بھی نہ کی ہو اور بھاگنے کے وقت ان کو کہنے لگا کہ اے شہروں کے سردارو اور ولائیتوں کے رئیسوں میں
تأخذكم شیء من الاضطرار، فإن الرُّقْية طويلة والبُغْية جليلة،
دوپہر تک تمہارے پاس آؤں گا سو تم نے کچھ تھوڑی سی میری انتظار کرنا اور تمہیں کچھ بے قراری نہ ہو کیونکہ منتر
والطبيعة عليلة، والمسافة بعيدة، والبرودة شديدة، وما كنت أن أشقّ
بہت لمبا ہے اور مطلب بہت بڑا ہے اور مراد بہت بڑی ہے اور طبیعت بیمار ہے اور دور جانا ہے اور سردی بہت
على نفسی فی هذا الضُّعف والنحافة، وما أجد فی بدنی قوّةَ قطع
پڑتی ہے اور میرا دل نہیں چاہتا کہ اس ضعف اور پیرانہ سالی میں یہ مشقت اپنے پر اٹھاؤں اور میرے بدن میں یہ
المسافة، وإنی نبذت عُلَق الدنيا كلها، وتركت كُثْرَها وقُلَّها، وما
قوت بھی نہیں کہ اتنی دور جا سکوں اور میں دنیا کے تمام علاقے چھوڑ بیٹھا ہوں اور مجھے بجز اس کے کچھ اچھا دکھائی
يسرّنی إلا ذكر المسيح ربّ العالمين (لعنة الله على الكاذبين)
نہیں دیتا جو مسیح کا ذکر کرتا رہوں جو رب العالمین ہے۔

ولٰكنّى كلّفت نفسى لكم بما رأيتكم من قبائل الشرفاء

مگر میں نے تمہارے لئے یہ کلفت اٹھائی کیونکہ میں نے شریف قبیلوں میں سے تمہیں پایا اور

ووجدتكم كأطلال الأمراء وفى الضرّاء بعد النعماء ، وبما تحقّقت

میں نے دیکھا کہ تم امیروں کے باقی ماندہ نشان اور بعد نعمت کے سختی میں پڑے ہو اور اس لئے بھی کہ ہم میں اور تم میں

المصافاة وانعقدت المودّات، فهاجت رحمتى وماجت شفقتى،

بہت پیار ہوگیا ہے اور دوستانہ ربط ہو چکا ہے سو میری رحمت اور شفقت تمہارے لئے اٹھی

وجذبنى بَخْتُكم المحمود ونجمكم المسعود، فأردت أن أجعلكم

اور موجزن ہوئی اور تمہارے طالع محمود اور نیک ستارہ نے مجھے اپنی طرف کھینچ لیا سو میں نے چاہا کہ

كالسلاطين. وسأرجع إليكم مع الجَنى الملتقط، فانتظِروا بالقلب

تمہیں بادشاہ کی طرح بنا دوں۔ اور میں عنقریب تازہ چنا ہوا میوہ لے کر تمہارے پاس آؤں گا سو آرزومند دل

المغتبط، سترون بيضاء وصفراء كحليلة جميلة زهراء ، وأُوافيكم

کے ساتھ میرے منتظر رہو عنقریب تم سونے اور چاندی کے ایسے جلوہ کو دیکھو گے جیسے کہ ایک خوبصورت

كالمبشّرين المستبشرين. فذهب وتركهم مغبونين. فما فهموا أنه غرَّ

عورت سامنے آجاتی ہے۔ سو اس نے یہ کہا اور چلا گیا اور ان کو ٹوٹے میں چھوڑ گیا۔ سو انہوں نے نہ سمجھا کہ

وطلب المفرّ، وفرحوا بتصور حصول المراد، ولبثوا يرقبونه رِقبةَ

وہ دھوکا دے گیا اور بھاگ گیا اور مراد ملنے کے تصور میں وہ خوش ہوئے اور اسی جگہ ٹھہر کر ایسے طور سے اس کی

أهلّة الأعياد، وينتظرونه انتظارَ أهل الوداد متنافسين، إلى أن

انتظار کرتے رہے جیسا کہ عید کے چاند کی انتظار کی جاتی ہے اور جیسا کہ دوست دوست کا منتظر ہوتا ہے یہاں تک کہ

تلبست الشمس كالمتندمين نقابَها، وسوّدت كالمحزونين ثيابها،

سورج نے شرمندوں کی طرح اپنا منہ چھپا لیا اور ماتم زدہ اور سخت غم ناک لوگوں کی طرح سیاہ کپڑے پہن لئے

وألغتْ كالمخدوعين حسابها، واختفتْ بوجّه مصفرّ كالمنهوبين. ﴿۸۶﴾

اور اپنے وجود کو دھوکا کھانے والوں کے مال کی طرح حساب سے نظر انداز کر دیا اور منہ زرد کے ساتھ ایسا چھپا جیسا کہ وہ

فلما طال أمد الانتظار، وتجاوز الوقت من موعد المكّار، وأضاعوا فی
لوگ زرد رنگ ہو جاتے ہیں جن کے مال لوٹے جاتے ہیں پس جبکہ انتظار کا زمانہ لمبا ہوگیا اور اس مکار کے وعدہ
رِقبة الزمانَ، وبانَ أن الرجل قد مانَ، نهضوا كالمجانين، وسعوا إلى كل
سے وقت بڑھ گیا اور جبکہ بہت سا وقت انہوں نے انتظار میں ضائع کیا اور کھل گیا کہ وہ آدمی تو جھوٹ بول گیا تو
طرف مفتّشين، وعدَوا إلى اليمين واليسار مرتعدين، بتصوُّر الحلی
سودائیوں کی طرح اٹھے اور ہر یک طرف تلاش کرتے ہوئے دوڑے اور دائیں بائیں طرف دوڑتے ہوئے گئے اور بڑے زیوروں
الكبار وفِكرِ هتک الأستار. فلما استيأَسوا منه كالثكلى سقطوا
کا خیال اور پردہ دری کا بھی فکر تھا پس جب کہ اس کے ملنے سے زن فرزند مردہ کی طرح نو امید ہو گئے تو
كالموتى، وأكبّوا على وجوههم باكين، وعرفوا أنهم قد خُدعوا بل
روتے ہوئے اپنے مونہوں پر گرے اور سمجھ گئے کہ ہمیں دھوکا دیا گیا بلکہ ہمارا ناک کاٹا گیا اور
جُدعوا ومن القوم قُدعوا، فضربوا على خدودهم قائلين يا ويلنا إنا كنا
قوم سے ہم ہٹائے گئے تب انہوں نے اپنی گالوں پر یہ کہتے ہوئے طمانچے مارے ہمارے پر واویلا ہم تو لوٹے گئے
منهوبين مخدوعين. ثم ألقوا على رؤوسهم غبار الصحراء، وصعدت
دھوکا دیئے گئے پھر انہوں نے اپنے سروں پر جنگل کا گھٹا ڈال لیا اور ان کی فریاد آسمان تک پہنچ گئی
صرخهم إلى السماء، وجمعوا الناس حولهم من شدة الجزع والفزع
تب قوم ان کے پاس دوڑتی ہوئی آئی اور انہوں نے اس بلا سے نازل ہوئی اور اس زخم سے جس کا شگوفہ نکلا
والبكاء. فجاءهم القوم مُهرَعين، فسألوا عن بلاءٍ نزل وجُرحٍ ابتزل، وعن
اور اس مصیبت سے جس نے دلوں کو گلایا اور اس حادثہ سے جس نے بے قراری پیدا کی
مصيبة مذيبة للقلوب وداهيةٍ مهيّجة للكروب، واستفسروا من تفاصيل
دریافت کیا اور مصیبت کی تفصیل دریافت کی اور اس قصہ کی کیفیت پوچھی سو انہوں
المصيبة وكيفية القصة. فعافُوا أن يبيّنوا خوفًا من طعن الناس والخزی بين
نے بیان کرنے سے دل چرایا کیونکہ وہ لوگوں کے لطن طعن اور خاص و عام

العوام والخواص، ومع ذلک كانوا صارخين. فقال القوم ما لكم لا
میں رسوا ہونے سے ڈرے مگر باوجود اس کے فریاد کر رہے تھے۔ پس قوم نے کہا کیا سبب کہ تمہارے آنسو
ترقأ دمعتكم ولا تسكن زفرتكم، أظُلِمْتم من قوم عادين؟ لِم تسترون
نہیں تھمتے اور تمہاری چیخیں کم نہیں ہوتیں کیا تم پر کسی ظالم نے ظلم کیا کیوں تم حقیقت کو چھپاتے
الحقيقة وتزيدون الكربة، ألا ترون إلى لوعةِ كرب المحبّين؟ فصاحوا
اور اپنے دوستوں کی بے قراری کو زیادہ کرتے ہو۔ پس انہوں نے پھر ایک چیخ ماری جو ایک زیاں رسیدہ
صيحة المغبون، واستحيوا مِن إظهار الكمد المكنون، ثم بيّنوا القصّة
مارتا ہے اور چھپے ہوئے غم کے ظاہر کرنے سے شرم کی پھر قصہ کو کھول دیا اور غصہ ظاہر
وأبدوا الغُصّة، وما كادوا أن يبيّنوا، ولكن عجزوا عن إصرار ﴿۸۷﴾
کر دیا اور نہیں چاہتے تھے کہ ظاہر کریں لیکن اصرار کرنے والوں کے اصرار سے عاجز آ گئے۔ پس ہریک
المصرّين. فلامَهم كلُّ أحد من العقلاء ، ومطرت مِن كل جهةٍ سهامُ
عقلمند نے ان کو ملامت کی اور ملامت کرنے والوں کے ہریک طرف
العُذلاء ، فنكسوا رؤوسهم متندمين. وقال المعيّرون يا معشر الحمقاء
سے تیر برسے۔ پس انہوں نے شرمندہ ہوکر سر جھکا لئے اور ملامت کرنے والوں نے کہا
وأئمة الجهلاء ، ألستم علِمتم أنه جاء كم فقير بادى الخذلان، وعليه
کہ اے احمقو اور جاہلوں کے پیشواؤ کیا تمہیں معلوم نہیں تھا کہ ایک محتاج تمہارے پاس آیا جس کی بے عزّتی کھلی کھلی تھی
بُردانِ رثّانِ كالعُثان؟ فمن كان فی أطمار كيف يهبكم رِياشَ أفخارٍ،
اور اس پر پرانی چادریں دھوئیں کی طرح تھیں سو جو شخص آپ ہی پرانی چادریں رکھتا تھا وہ تمہیں لباس فاخرہ
وينجيكم من أسرِ أوطار؟ أما رأيتم عليه أثر الإفلاس، فكيف شغفتم به
کہاں سے دیتا اور کیونکر تمہاری حاجت روائی کرتا کیا تم نے افلاس کے آثار اس میں نہیں پائے تھے
أكنتم أنعاما أو من الناس؟ ثم كانت هذه الخرافات بعيدة من قانون
پھر کیوں تم اس کے فریفتہ ہو گئے کیا تم چار پائے تھے یا آدمی تھے پھر قطع نظر اس سے یہ باتیں بھی از قبیل

القدرة وخارجة من السنن المستمرة، فكيف قبِلتموها وقائلَها إن
خرافات اور قانون قدرت سے بعید تھیں اور خدا تعالیٰ کی سنت مستمرہ سے دور تھیں پس اگر تم عقلمند تھے تو کیوں اس شخص کو
كنتم عاقلين.
اور اس کی باتوں کو قبول کر لیا۔

وكيف نسيتم تجارب الحكماء، أكنتم أنعامًا أو كنشوانِ
اور کیونکر تم نے حکیموں کے تجارب کو فراموش کر دیا کیا تم چار پائے تھے یا شراب سے مست تھے
الصهباء مخمورين؟ وكيف ظننتم أنه صدوق أمين مع أنه خالفَ
اور تم نے کیونکر جانا کہ وہ صادق اور امین ہے حالانکہ اس نے تمام صادقوں کے برخلاف
الصادقين أجمعين؟ أما رأيتم أطماره؟ أما شاهدتم إزاره؟ أما سمعتم من
بات کہی کیا تم نے اس کی پرانی چادریں نہ دیکھیں کیا تم نے مکاروں کے قصے
قبل قصصَ المكّارين؟ فلا تلوموا أحدًا ولوموا أنفسكم إنكم قد
نہیں سنے تھے سو تم اپنے آپ کو ملامت کرو نہ کسی دوسرے کو تم نے
أهلكتم نسوانكم وإخوانكم وخلانكم وجيرانكم، فليبكِ على
اپنی بیویوں اور اپنے بھائیوں اور اپنے دوستوں اور اپنے ہمسائیوں کو ہلاک کر دیا پس چاہیئے کہ ہر یک
فهمكم من كان من الباكين.
رونے والا تمہاری سمجھ پر رووے۔

هذا مثل المسيحيين وكفّارتهم وجهلهم وغرارتهم، وما قلنا
یہ عیسائیوں اور ان کے کفارہ کی مثال ہے اور ان کی نادانی کا نمونہ ہے اور ہم نے
إلا نصاحةً للّٰه لقوم جاهلين. ولكن المسيح والصالحين من أصحابه
محض للہ نادانوں کے لئے یہ نصیحت بیان کی ہے مگر مسیح اور اس کے نیک اصحاب اس تمثیل
مبرَّؤون من ذلك المثل وخطابه، وما نتوجه إلا إلى الخائنين ﴿۸۸﴾
سے مبرا ہیں اور ہمارا خطاب صرف ان خیانت پیشہ لوگوں کی طرف ہے

الـذيـن سيـرتهم سيـرة السرحـان ولبـوسهـم لبـوس الـرُّهبـان، وقد تبينَ
جن کی خصلت بھیڑیئے کی خصلت اور لباس راہبوں کا لباس ہے اور ان کی برگشتگی اور ان کی رات کی سختی ظاہر
انكفاء هم وبرح ليلا ئهم، وتبين أنهم من الضالين المضلين. ومن وقاحتهم
ہوچکی ہے اور ظاہر ہوچکا ہے کہ وہ گمراہ اور باطل پرست ہیں۔ اور ان کی کمال بے شرمی ہے
أنهـم مـع جهلهم يصولون على الإسلام، ويضلّون طوائف الأنام، ويشيعون
کہ وہ باوجود اپنی نادانی کے اسلام پر حملہ کرتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کر رہے اور انواع اقسام کے
أنـواع الآثـام، وكانوا قومًا دجّالين. فليندموا على بادرة الاعتقاد، وليخافوا
گناہوں کو پھیلا رہے ہیں اور وہ ایک دجال قوم ہے پس چاہیئے کہ اپنی جلدی کے اعتقاد سے پشیمان ہوں اور
خسرانهم يوم المعاد، وما أنا إلّا نذير من ربّ العالمين.
اپنے آخرت کے ٹوٹے سے ڈریں اور **میں تو ایک ڈرانے والا خدا تعالیٰ کی طرف سے ہوں۔**

إنّـي مـن اللّٰـه الـعـزيز الأكبرِ حـقٌّ فهـل مـن خـائفٍ مُتـدبّـرِ
میں اس خدا کی طرف سے ہوں جو بزرگ اور عزت والا ہے یہی بات سچ ہے پس کوئی ہے! جو ڈرے اور سوچے

جـاء ت مـرابيع الهدى ورِهامُها نـزلـتْ وجَـوْدٌ بـعدها كالعسكرِ
ہدایت کے بہاری مینہ آ گئے اور ہلکے ہلکے مینہ تو اتر آئے اور بڑا مینہ اس کے بعد ایک لشکر کی طرح آنے والا ہے

جُـعـلـت ديار الهند أرضَ نـزولها نـصـرًا بـمـا صارت محلَّ تنصُّرِ
ان مینہوں کے اترنے کی جگہ ہند کی زمین قرار دی گئی مدد کے طور پر کیونکہ عیسائی دین مسلمانوں میں پھیلنے کی یہی جگہ ہے

فيهـا جـمـوع يشتـمـون نبيَّنـا فيهـا زروع مـن ضـلالٍ مُـوثَـرِ
اس ملک میں ایسے لوگ ہیں جو ہمارے نبی صلعم کو گالیاں دیتے ہیں اس ملک میں گمراہی کی کھیتیاں ہیں جو پسند کی گئی ہیں

قـوم يـعـادون التُّـقٰـى مِن خبثهم ويـؤيـدون أمـورَ ضِـدِّ تـطـهُّـرِ
وہ ایک قوم ہے جو بوجہ اپنے خبث کے پرہیز گاروں سے دشمنی رکھتی ہے اور ناپاکی کی باتوں کو شائع کر رہے ہیں

وتـكـنّـسـتْ ذاتَ المِرار ظبيُّهُمْ إذ صُـلـتُ عـنـد تناضُلٍ كغضنفرِ
اور کئی مرتبہ ان کے ہرن مجھ سے چھپ گئے جب کہ میں نے لڑائی کے وقت شیر کی طرح حملہ کیا

منهم خبيث مفسد متفاحش ... أُخبِرتُ عنه وليتنی لم أُخبَرِ
ان میں سے ایک خبیث مفسد بدگو دشنام دہ ہے ... مجھے اس کی اطلاع دی گئی ہے کاش کہ نہ دی جاتی یعنی اس کا وجود ہی نہ ہوتا

﴿۸۹﴾ غُولٌ يسبّ نبيّنا خيرَ الورٰی ... لُكَعٌ وليس بعالم متبحّرِ
ایک شیطان ہے جو ہمارے نبی افضل المخلوقات کو گالیاں دیتا ہے ... سفلہ نادان فرومایہ ہے اور ایسا نہیں ہے کہ کوئی عالم متبحر حقائق کی تہ تک پہنچنے والا ہو

يا غُولَ باديةِ الضلالة والهوىٰ ... تهذی هوًی مِن غير عينِ تبصُّرِ
اے گمراہی اور حرص کے جنگل کے شیطان ... تُو محض ہوا پرستی سے بکواس کر رہا ہے اور معرفت کی آنکھ تجھ کو حاصل نہیں

قطّعتَ قلب المسلمين جميعهم ... كم صارم لك يا عَبِيطُ وخنجرِ
تو نے تمام مسلمانوں کا دل ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ... اے دروغگو جنگجو ہمیں یہ تو بتلا کہ تیرے پاس کتنی تلواریں اور خنجر ہیں

إنا تصبَّرْنا على إيذائكم ... والنفس صارخة ولم تتصبرِ
ہم نے تو تمہارے دکھ دینے پر بتکلف صبر کیا ... مگر جان فریاد کر رہی ہے اور صبر نہیں کر سکتی

إنا نرى فتنًا تذيب قلوبنا ... إنا نرى صورًا تهولُ بمنظرِ
ہم وہ فتنے دیکھ رہے ہیں جو دلوں کو گلاتے ہیں ... ہم وہ منہ دیکھ رہے ہیں جو ہمیں ڈراتے ہیں

جاء وا كمفترس بنابٍ داعسٍ ... دحسًا ككلب نابح متشذّرِ
وہ ایک شکار مارنے والے کی طرح نیزہ مارنے والے دانتوں کے ساتھ آئے ... قوم میں تفرقہ ڈالنے والے ہیں اس کتے کی طرح جو آواز کرتا اور حملہ کرنے کے لئے اپنی دم اکٹھی کر لیتا ہے

كانوا ذيابًا ثم وجدوا سَخْلةً ... فی البرّ منفردًا أسيرَ تحسُّرِ
وہ تو بھیڑیئے تھے سو انہوں نے جنگل میں ... ایک اکیلا برہ پایا جو ماندگی کا مارا ہوا تھا

وترى بطون المفسدين كأنها ... قِربٌ بما نالوا كمالِ تعَجُّرِ
اور مفسدوں کے پیٹوں کو تو دیکھتا ہے کہ گویا وہ ... مشکیں ہیں کیونکہ پیٹ اتنے بڑھ گئے کہ ان میں بل پڑتے ہیں

حاذت مطاياهم على أعناقنا ... حتى تكسّرنا كعظمٍ أنخرِ
انہوں نے اپنی سواریوں کو ہماری گردنوں پر سخت دوڑایا ... یہاں تک کہ ہم بوسیدہ ہڈی کی طرح ہوگئے

فاض العيون من العيون كأنها ... ماء جرى من عَنْدَمٍ متعصّرِ
آنکھوں سے چشمے جاری ہوگئے گویا کہ وہ ... دم الاخوین کا پانی ہے جو اس کے نچوڑنے کے وقت چک رہا ہے

فنهضتُ أنصَحهم و كيف نصاحتی قومًا أو ابدَ معجَبين كضيطَرِ

پس میں گالیاں دینے والوں کو نصیحت کرنے کے لئے اٹھا اور میرا نصیحت دینا ایسی قوم کو کیا مفید ہو سکتا تھا جو ایک وحشی اور خود بیں اور فرومایہ اور بے خبر آدمی کی طرح ہے

قد غُودِرَ الإسلام مِن جهلا تهم وخلَتْ أماعزُ عن سحابٍ ممطرِ

عوام نادان نے ان کے باطل وساوس سے اسلام کو ترک کر دیا اور وہ پتھریلی زمین برسنے والے بادل سے محروم رہ گئی

شاقت قلوبَ الناس ظُعُنُ جِيائهم فتأبّطوا بُرَحاءَ هم بتخيُّرِ ﴿۹۰﴾

لوگوں کے دلوں کو ان ہودج نشینوں نے شوق دلایا جو ان کی ہنڈیوں کے سرپوش کے اندر تھیں سو انہوں نے ان کی بلا کو دیدہ دانستہ بغل میں لے لیا

زُجَلٌ عمون منجّسو عرصاتِنا فجَأَتْ طوائحُهم كذِئبٍ مُبكِرِ

اندھی جماعتیں ہیں جو ہمارے ملک کو پلید کر رہی ہیں ان کے حوادث ناگاہ ہم پر پڑے اور وہ ایسے آئے جیسا کہ بھیڑیا فجر کے وقت شکار کے لئے نکلتا ہے

والعين باكية وليس بكاؤنا شيئًا سِوى الفضل المنير المسفِرِ

آنکھ تو رو رہی ہے مگر ہمارا رونا کچھ حقیقت نہیں بجز اس فضل کے جو روشن کرنے والا اور صبح کے وقت آنے والا ہے

إن البلايا لا يرُدُّ رِكابَها إلا يدا ملِكٍ قدير أكبرِ

بلاؤں کے اونٹ سواروں کو کوئی رد نہیں کر سکتا مگر اس بادشاہ کے دونوں ہاتھ جو قدیر اور اکبر ہے

إن المهيمن لا يُضِيع عباده فافرَحْ ولا تحزنْ بوقتٍ مُضجِرِ

خدا اپنے بندوں کو ضائع نہیں کرے گا سو تو خوش ہو اور ایسے وقت میں جو دل کو تکلیف دینے والا ہے غمگین مت ہو

أيها المتنصّرون والعادون العمون لقد جئتم شيئًا إدًّا، وجُزتم عن القصد جدًّا. تعبدون من مات وفاتَ، وعظّمتم العظام الرُّفاتَ، وغمصتم الصادقين. وفيكم مَن إذا كُلِّمَ كَلَّمَ، وإذا سُلِّمَ ثَلَّمَ. تقولون إنا لُقِّنّا الحلمَ، وعُلِّمْنا السلمَ، ولكنا لا نجد فيكم قارع

اے عیسائیو اور حد سے تجاوز کرنے والے اندھو تم ایک عجیب بات لائے اور یقیناً تم نے راہ راست کو چھوڑ دیا تم نے اس کو خدا پکڑا جو مر گیا اور گذر گیا اور بوسیدہ ہڈیوں کی تعظیم کی اور صادقوں کا تم نے عیب پکڑا اور تم میں ایسے شخص بھی ہیں کہ جب ہمکلام ہوں تو بدگوئی سے دلوں کو آزار پہنچاویں اور جب بدی کا جواب نہ دیا جاوے اور بے گزند رکھا جائے تو اور بھی رخنہ ڈالیں۔ اپنی زبان سے تو یہ کہتے ہو کہ

هٰذا☆ الصَّفات وقريع هذه الصفات، بل نجدكم حريصين على الضرّ،
ہم کو حلم سکھایا گیا ہے اور صلح کاری کی تعلیم ہوئی ہے مگر ہم تم میں ایسا شخص نہیں پاتے جو اس تعلیم کے پتھر کو ٹھو کنے والا
وراغبين في إيصال الشرّ. تسبّون الأخيار، وتلعنون الأبرار، وتختالون
اوران صفتوں کا مالک ہو بلکہ ہم تو تم کو دکھ دینے پر حریص پاتے اور شرارت کرنے پر راغب دیکھتے ہیں تم نیکوں کو
من الزهو، وتنصبّون إلى اللّهو، وما تنصرتم إلا لتكونوا ذوی جُرُدٍ
گالیاں دیتے اور راستبازوں پر لعنت بھیجتے ہو اور تمہارے نازکی چال میں تکبر بھرا ہوا ہے اور لہو لعب کی طرف
مربوطة وجِدَةٍ مغبوطةٍ، ولتميسوا في رِياش، وتتخلصوا من فكر
گرے جاتے ہو اور عیسائی ہونے سے تمہاری یہی غرضیں ہیں کہ تمہارے طویلوں میں گھوڑے ہوں اور قابل
معاش، وتجدوا ما تشتهی الأنفس وتتلذّ الأعين، ولتتجنّوا قطوف
رشک دولت مندی تم کو حاصل ہو اور لباس فاخرہ میں تم لٹکتے پھرو اور معاش کی فکر سے فارغ ہو جاؤ اور تم کو وہ سب
اللّذات فارغين. وواللّٰه إن فسق النصاری قد عظم فی الديار، وأخنوا ﴿۹۱﴾
چیزیں مل جائیں جن کو تمہارے نفس چاہتے ہیں اور جن سے تمہاری آنکھیں لذت حاصل کرتی ہیں اور تا کہ تم اپنی
على الناس بأنواع التبار. اتّسخت أبدانهم من أوساخ الذُنوب، فما
لذتوں کے چنے ہوئے پھل فارغ بیٹھ کر کھاؤ۔ اور بخدا نصاریٰ کا فسق ملکوں میں بڑھ گیا ہے اور قسم قسم کی ہلاکت
مالوا إلى الذّنوب، وبلغ أمرهم من كثرة الأدران إلى الحِمام، فما
میں لوگوں کو ڈال دیا ہے ان کے بدن گناہوں کی میل سے میلے ہو گئے مگر انہوں نے نہ چاہا کہ پانی کا بھرا ہوا بوکا
عجُّوا إلى الحَمّام، وصاروا بادیَ الجردة كالأنعام، فما آلوا إلى حلل
ان کو ملے اور میلوں کی کثرت سے ان کی نوبت موت تک پہنچی پس انہوں نے حمام کی طرف رغبت نہ کی اور
الإنعام، وأحبوا الذهبَ، والإيمانُ فرَّ وذهَب، فأكبّوا على الدنيا خائنين.
چار پاؤں کی طرح ننگے ہو گئے اور انعام کے لباس کی طرف توجہ نہ کی اور سونے سے پیار کیا اور ایمان بھاگ گیا سو
وكذلك زادت منهم سموم الطغيان، وركدت ريح الإيمان، حتی
دین سے نومید ہو کر دنیا پر گرے اور اسی طرح ان سے گمراہی کی زہریں پھیلیں اور ایمان کی ہوا تھم گئی یہاں تک کہ

☆ سهو والصحيح "هٰذه". (الناشر)

صـار الـزمان كليلة حالكة الجلباب هامية الرَّباب، تركوا طريق الخير
زمانہ ایسا ہوگیا جیسی کہ اندھیری رات جس کا بادل برس رہا ہے انہوں نے اس بھلائی کے طریق کو
الـمـأثـور، ودعَـوا إلى الويل والثبور، ثم صار الكذب عادتهم، وإشاعة
چھوڑ دیا جو مسلسل چلی آتی تھی اور موت اور ہلاکت کی طرف لوگوں کو بلایا۔ جھوٹ ان کی عادت ہوگیا
الفسق سيرتهم، وتوهين المقدسين خصلتهم، ومالُ الإعانات جَرّتهم.
اور فسق ان کی سیرت ہو گیا اور پاکوں کی توہین کرنا ان کی خصلت ہو گئی اور چندہ کا روپیہ ان کا
لا يبالون صغيرة ولا كبيرة، ولا يتقون جرأة ولا جريرة، ويفتِنون قلوب
جال ہوگیا نہ صغیرہ سے ڈریں اور نہ کبیرہ سے نہ دلیری سے اور نہ گناہ سے
الـنـاس بـأنـواع الـوَسـواس، أو يـنـطقون بالبهتان على رسل الرحمن.
تا اور لوگوں کو قسما قسم کے وساوس سے فتنہ میں ڈالیں اور خدا تعالیٰ کے پیغمبروں پر بہتان
وشِـنْشِـنـتُهـم الانـتـقالُ مِن صيد إلى صيد، والرجوعُ من كيد إلى كيد،
باندھتے ہیں اور ان کی خصلت یہ ہے کہ ایک شکار سے فارغ ہوکر دوسرے شکار کی طرف جائیں اور
فتارة يُـرُون الـنـسـاءَ، وطـورا بيـضـاءَ وصفراء، ومرةً مِياءَهم الغِزار،
ایک مکر سے دوسرے مکر کی طرف رجوع کریں بعض وقت عورتیں دکھاتے ہیں اور بعض وقت سونا اور چاندی اور
وأخـرى الأشـجـارَ والثمار. فنشَب الجهّالُ في شبكتهم، والفسّاق في
کبھی اپنے پانی کی کثرت اور کبھی درخت اور کبھی پھل۔ سو ان کے جال میں اکثر جاہل پھنس گئے اور اکثر فاسق
هوّتهم، ونسَلوا مِن كل حدبٍ مصطادين.
ان کے گڑھے میں جا گرے اور وہ ہر یک بلندی سے شکار کرنے کے لئے دوڑے۔

أُنظُرْ إلى الـمـتـنـصّرين وذانِـهـمْ وانـظُـرْ إلى مـا بـدأ مِن أدرانهمْ ﴿۹۲﴾
عیسائیوں کو دیکھو اور ان کے عیبوں کو اور ان میلوں کو دیکھ جو ان سے ظاہر ہوئیں
مِـن كـل حـدب يـنسِـلون تشذّرًا ويـنـجّـسـون الأرض من أوثانهم
وہ اپنی زیادتیوں اور تعدیوں کی وجہ سے ہر یک بلندی سے دوڑے ہیں اور اپنے بتوں سے زمین کو ناپاک کر رہے ہیں

نشکو إلی الرحمن شرَّ زمانهم ۔۔۔ ونعوذ بالقدّوس من شیطانهم
ہم ان کے زمانے کے شر سے خدا تعالیٰ کی طرف شکایت لے جاتے ہیں ۔۔۔ اور ان کے شیطان سے پاک پروردگار کی پناہ میں آتے ہیں

هل مِن صَدوق یُوجدَنْ فی قومهم ۔۔۔ أم هل عرفتَ الصدق فی بلدانهم
کیا کوئی راستباز ان کی قوم میں پایا جاتا ہے ۔۔۔ یا تو نے شناخت کیا کہ ان کے شہروں میں سچائی بھی ہے

هم یعبدون الآدمی کمثلهم ۔۔۔ هم ینشرون الفسق فی أوطانهم
وہ اپنے جیسے آدمی کی پرستش کررہے ہیں ۔۔۔ وہ اپنے وطنوں میں بدکاری کو پھیلاتے ہیں

الماکرون الکائدون من الهوی ۔۔۔ والزور کالأثمار فی أغصانهم
حرص کی وجہ سے مکار اور فریبی ہیں ۔۔۔ اور ان کی شاخوں میں جھوٹ پھلوں کی طرح موجود ہے

العین باکیة علی حالاتهم ۔۔۔ للعقل حسرات علی هذیانهم
آنکھ ان کے حالات پر رو رہی ہے ۔۔۔ اور عقل کو ان کے بکواس پر حسرتیں ہیں

مکرٌ علی مکر خیالُ قلوبهم ۔۔۔ کذبٌ علی کذب بیانُ لسانهم
ان کے دلوں کے خیال مکر پر مکر ہے ۔۔۔ اور ان کی زبان کا بیان جھوٹ پر جھوٹ ہے

إنی أراهم کالبنین لِغُوْلِهم ۔۔۔ إن التطهر لا تحل بخانهم
میں دیکھتا ہوں کہ وہ اپنے ابلیس کے لئے بطور بیٹوں کے ہیں ۔۔۔ اور پاکیزگی ان کے کاروان سرائے میں نہیں اترتی

کیف الرجاء وقد تأبّطَ قلبُهم ۔۔۔ شرًّا أراه دخیلَ جَذْرِ جنانهم
کیونکر امید کریں حالانکہ ان کے دل شرارت کو اپنی بغل میں لئے بیٹھے ہیں ۔۔۔ اور وہ شرارت ان کے دلوں کے اندر گھسی ہوئی ہے

بل کذّبوا بالحق لما جاءهم ۔۔۔ وتمایلوا حقدًا علی بهتانهم
بلکہ جب حق ان کے پاس آیا تو انہوں نے تکذیب کی ۔۔۔ اور کینہ سے اپنے بہتانوں کی طرف جھک پڑے

کم مِن سموم هبَّ عند ظهورهم ۔۔۔ کم مِن جَهول صِیدَ مِن أرسانهم
ان کے ظاہر ہونے سے بہت سی گرم ہوائیں چلی ہیں ۔۔۔ اور ان کی رسیوں سے بہت جاہل شکار ہو گئے

﴿۹۳﴾ هم أنکروا بحر العلوم بخبثهم ۔۔۔ واستغزروا ما کان فی کِیزانهم
انہوں نے اپنے خبث سے علموں کے دریا سے انکار کیا ۔۔۔ اور جو کچھ ان کے پیالوں میں تھا ان کو بہت کچھ سمجھا

لا یعلم النوکی دخیلةَ أمرهم	**مِن غیرِ رقّتهم ولینِ لسانهم**
بے وقوف لوگ ان کی اصل حقیقت کو نہیں جانتے	بس اسی قدر جانتے ہیں کہ وہ زبان کے نرم ہیں
واللّٰہِ لولا ضنکُ عیشٍ مُقلِقٍ	**ما مالَ مرتدّ إلی أدیانهم**
اور بخدا اگر تنگی رزق کسی کو تکلیف نہ دیتی	تو کوئی مرتد ان کے دین کی طرف میل نہ کرتا
قد جاء هم قوم بحرصِ لبانهم	**ولینفُضَنُ ما کان فی أردانهم**
ایک قوم تو ان کے دودھ کی حرص سے ان کے پاس آئی	تا کہ وہ جو کچھ ان کی آستینوں میں ہے جھاڑ لیں
کانوا کذئب البرِّ مکلومِ الحشا	**مِن جوعهم فسعوا إلی عمرانهم**
وہ جنگل کے بھیڑیے کی طرح بھوک سے خستہ اندرون تھے	پس وہ ان کی آبادی کی طرف دوڑے
قوم سُقوا کأس الحتوف بوعظهم	**قوم خَروفٌ فی یدَی سِرحانهم**
ایک قوم نے تو موت کے پیالے ان کے وعظ سے پی لئے	اور ایک دوسری قوم برّہ کی طرح اس بھیڑیے کے ہاتھوں میں ہے
عمّتْ بلایاهم وزاد فسادهم	**واشتدّ سیل الفتن من طغیانهم**
ان کی بلائیں عام ہوگئیں اور ان کا فساد بڑھ گیا	اور فتنوں کا سیلاب ان کی بے اعتدالیوں سے بہت سخت ہوگیا
یا رَبِّ خُذْهم مثلَ أخذِک مفسدًا	**قد أفسدَ الآفاقَ طولُ زمانهم**
اے خدا تو ان کو پکڑ جیسا کہ تو ایک مفسد کو پکڑتا ہے	ان کے طول زمانہ نے دنیا کو بگاڑ دیا
أدرِکْ رجالًا یا قدیرُ ونسوةً	**رحمًا ونَجِّ الخَلْق من طوفانهم**
اے قادر تو اپنے رحم سے مردوں اور عورتوں کی جلد خبر لے	اور مخلوق کو اس طوفان سے نجات بخش
حلّتْ بأرض المسلمین جنودهم	**فسرَتْ غوائلهم إلی نسوانهم**
ان کے لشکر مسلمانوں کی زمین میں اتر آئے	اور ان کی بلاؤں نے مسلمانوں کی عورتوں تک سرایت کی
یا ربَّ أحمدَ یا إلٰهَ محمّدٍ	**اِعصِمْ عبادک من سموم دخانهم**
اے احمد کے رب اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے الٰہ	اپنے بندوں کو ان کے دھوؤں کی زہروں سے بچا لے
یا عونَنا انصُرْ مَن سواک ملاذنا	**ضاقت علینا الأرض من أعوانهم**
اے ہمارے مددگار تیرے سوا ہمارا کون جاپناہ ہے	ہم پر ان لوگوں کے مددگاروں سے زمین تنگ ہوگئی

﴿۹۴﴾

كَسِّرْ زُجاجتهم إلهي بالصفا   واعصِمْ عبادك من سموم بيانهم

اے خدا پتھروں سے ان کے شیشے کو توڑ دے   اور ان کے بیان کی زہر سے اپنے بندوں کو بچا لے

سبُّوا نبيّك بالعناد وكذّبوا   خيرَ الورٰى فانظرْ إلى عدوانهم

تیرے نبی کو انہوں نے عناد سے گالیاں دیں اور جھٹلایا   وہ نبی جو افضل المخلوقات ہے سوتو ان کے ظلم کو دیکھ

يا ربّ سحِّقْهم كسحقك طاغيًا   وَانْزِلْ بساحتهم لهدم مكانهم

اے میرے رب ان کو ایسا پیس ڈال جیسا کہ تو ایک طاغی کو پیستا ہے   اور ان کی عمارتوں کو مسمار کرنے کے لئے ان کے صحن خانہ میں اتر آ

يا ربّ مَزِّقْهم وفَرِّق شَمْلَهم   يا ربّ قَوِّدْهم إلى ذوبانهم

اے میرے رب ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر اور ان کی جمعیت کو پاش پاش کر دے   اے میرے رب ان کو ان کے گداز ہونے کی طرف کھینچ

قد أزمعوا إضلالنا ووبالَنا   فاضرِبْ مكايدهم على أبدانهم

انہوں نے ہمارا گمراہ کرنا اور وبال میں ڈالنا دلوں میں ٹھان لیا ہے   سو تو ان کے مکر انہیں کے جسموں پر مار

وإذا رميتَ فإن سهمك قاتلٌ   حَدٌّ كأسياف على شجعانهم

اور جب تو تیر چلاوے تو تیر تیرا قتل کرنے والا ہے   تیز ہے اور تلواروں کی طرح ان کے بہادروں پر پڑتا ہے

صِرْنا حَمولةَ جورِهم وجفائهم   زُمّتْ ركاب الهجر مِن وثبانهم

ہم ان کے ظلم کے شتر باربرداری ہو گئے   جدائی کے اونٹوں کو ان کے حملوں کے سبب سے مہار دی گئی

لولا تَعافُيْنا تعاقُبَ سَبِّهم   لرميتُ سهم النار عند عُثانهم

اگر ہم ان کی گالیوں کا جواب دینے سے کراہت نہ کرتے   تو میں ان کے دخان کے مقابل پر آگ کے تیر چلاتا

ما يظلم الأشرار إلا نفسهم   سترى بندم القلب عَضَّ بنانِهم

ظالم کسی پر ظلم نہیں کرتے مگر اپنے نفس پر   سوتو عنقریب دیکھے گا کہ وہ دلی ندامت سے اپنی سرانگشت کاٹیں گے

ظنّوا بأن اللّٰه مخلِفُ وعده   فبغوا بأرض اللّٰه من طغيانهم

انہوں نے خیال کیا کہ خدا تعالیٰ اپنا وعدہ نہیں پورا کرے گا   تب وہ خدا تعالیٰ کی زمین میں اپنی بے اعتدالی کی وجہ سے باغی ہوگئے

وقبولُ أمر الحق عارٌ عندهم   صعبٌ على السفهاء عطفُ عِنانهم

سو حق کا قبول کرنا ان کے نزدیک عار ہے   اور نادانوں پر حق کی طرف باگ پھیرنا سخت ہوگیا ہے

سُودٌ كخافية الغراب قلوبهم   والخلْقَ مخدوعون من لمعانهم

ان کے دل ایسے سیاہ ہیں جیسے کوے کے وہ پر جو پیٹھ کی طرف ہوتے ہیں   اور خلقت ان کی ظاہری چمک سے دھوکا کھا رہی ہے

فارْقُبْ إذا صاحبتَهم بمحبّةٍ   فتنًا بدينک عند اِستحسانهم ﴿۹۵﴾

پس جب تو ان کی صحبت اختیار کرے تو تجھے   بباعث ان کے پسند رکھنے کے اپنے دین کے فتنوں کا امیدوار رہنا چاہیے

ولقد دعوتُ الرب عند تناضُلی   واللّٰهُ تُرْسی عند ضرب سِنانهم

اور میں نے اپنے مقابلہ کے وقت اپنے رب کو بلایا   اور ان کے نیزوں سے بچنے کے لئے خدا میری ڈھال ہے

يا مستعانی ليس دونک مَلجأی   فانصُرْ وأيِّدْنا لهدم قِنانهم

اے میرے مددگار تیرے سوا میری کوئی پناہ نہیں   پس مدد کر اور ان کے پہاڑوں کے توڑنے کے لئے ہماری تائید فرما

يا من يعيّرنی بموت إلٰههم   أفلا ترٰی ما جَذَّ أصلَ إهانهم

اے وہ شخص جو مجھے اس لئے سرزنش کرتا ہے کہ میں ان کے مصنوعی خدا یعنی حضرت عیسٰی کی موت کا قائل ہوں   کیا تو دیکھتا نہیں کہ کس اعتقاد نے ان کی بیخکنی کی ہے

واللّٰهِ إن حياة عيسى حيّةٌ   تسعی لتُهلِک کلَّ مَن فی خانهم

بخدا حضرت عیسٰی کی زندگی ایک سانپ ہے   وہ سانپ دوڑتا ہے تا ان سب کو قتل کرے جو ان کی سرائے میں ہیں

جعَل المهيمن حكمةً من عنده   فی موت عيسى قَطْعَ عرقِ جِرانهم

خدا تعالٰی نے اس بات میں حکمت رکھی ہے   کہ حضرت عیسٰی کی موت سے ان کا مذہب ذبح کیا جائے

كيف الحياة و قد تُوُفّیَ مثله   حزبٌ وخيرُ الخَلق بعد زمانهم

یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ حضرت عیسٰے زندہ ہوں حالانکہ ان سے پہلے جتنے نبی آئے   وہ فوت ہو گئے ہیں اور جو سب سے بہتر تھا اور پیچھے سے آیا وہ بھی فوت ہو گیا

هل غادرَ الحتفُ المفاجئ مرسلًا   أم هل سمعتَ الحیّ من أقرانهم

کیا اچانک پکڑنے والی موت نے کسی رسول کو بھی چھوڑا   یا تو نے کبھی سنا کہ ان کے ہم رتبوں میں سے کوئی زندہ رہا

أ تغيظُ ربَّک لابن مريم حِشنةً   وتحيد عن مولی إلی إنسانهم

کیا تو اپنے رب کو ابن مریم کے لئے غصہ دلاتا ہے کیا کچھ کینہ ہے   اور مولٰی کریم سے تو دور ہو کر عیسائیوں کے انسان کی طرف جاتا ہے

فاطلُبْ هُداه وما أخالُک تطلبُ   فاخْسَأْ وكُنْ منهم ومن إخوانهم

سو تو اللہ کی ہدایت کو ڈھونڈ اور مجھے امید نہیں کہ تو ڈھونڈے   پس دفع ہو اور عیسائیوں میں سے اور ان کے بھائیوں میں سے ہو جا

یا مَن تظنّی البولَ ماءً باردًا
اے وہ شخص جس نے بول کو ٹھنڈا پانی سمجھ لیا

أخطأتَ مِن جهلٍ بِاِستِسمانهم
تو نے اپنی نادانی سے خطا کی اور لاغروں کو موٹا خیال کیا

یا ربِّ أَرِنی یومَ کسرِ صلیبهم
اے میرے رب صلیب کا ٹوٹنا مجھے دکھلا

یا ربّ سلِّطْنی علی جدرانهم
اے میرے رب ان کی دیواروں پر مجھ کو مسلط کر

فإذا تکلَّمْنا فسیفٌ قولُنا ﴿۹۶﴾
اور جب ہم کلام کریں تو ہماری کلام ایک تلوار ہے

رمحٌ مبید لا کمِثل بیانهم
ایک نیزہ ہلاک کرنے والا ہے نہ ان کے بیان کی طرح

ولقد أُمرتُ من المهیمن بعدما
اور میں خدا کی طرف سے مامور ہوں

هاجت دخان الفتن من نیرانهم
اس وقت کے بعد جو پادریوں کی آگ سے دھوئیں اٹھے

ما قلت بل قال المهیمن هکذا
یہ میں نے نہیں کہا بلکہ خدا تعالیٰ نے اسی طرح کہا

ما جئتُهم بل جاء وقت هوانهم
میں ان کے پاس نہیں آیا بلکہ ان کی ذلت کا وقت آ گیا

طورًا أحارب بالسهام وتارةً
کبھی میں ان سے تیروں کے ساتھ جنگ کرتا ہوں

أَهوی بأسیاف إلٰی إثخانهم
اور کبھی میں اپنی تلواروں کے ساتھ ان کے قتل کثیر کی طرف توجہ کرتا ہوں

بمهنّدٍ صافِ الحدید جذمتُهم
نہایت عمدہ تلوار سے میں نے ان کو کاٹ دیا ہے

وعصایَ قد أفنَتْ قُوَی ثعبانهم
اور میرے عصا نے ان کے سانپ کی تمام قوتیں فنا کر دیں

روحی بروح الأنبیاء مضمَّخٌ
میرا روح انبیاء کی روح سے معطر کیا گیا ہے

جادتْ علیّ الجَودُ من فیضانهم
اور ان کے فیضان کا ایک بڑا مینہ میرے پر برسا

إنّا نرجّع صوتنا بغنائهم
ہم انہیں کے گیت کو سُروں کے ساتھ گاتے ہیں

إنّا سُقینا من کؤوس دِنانهم
ہم انہیں کے پیالوں میں سے پلائے گئے ہیں

قوم فنوا فی سبلِ مَربَعِ ربّهم
وہ ایک قوم ہے جو خدا کی راہ میں فنا ہوگئی

والعُمی لا یدرون مطلع شأنهم
اور اندھے ان کی شان کے مطلع کو نہیں دیکھتے

کم من شریر أُهلکوا بعنادهم
بہت شریر ہیں جو بوجہ ان کے عناد کے ہلاک کئے گئے

ورأوا مُدَی نحرٍ وراء کُبانهم
اور اپنی بیماری کے بعد ذبح کرنے کی کاردیں انہوں نے دیکھ لیں

وسیُرغِم اللّٰہُ القدیر أنوفھم — ویُری المھیمن ذُلَّ داءِ خُنانھم
عنقریب خدا تعالیٰ ان کی ناکوں کو خاک میں ملائے گا — اور ان کی ناک کی بیماری کی ذلت دکھاوے گا

الیوم قد فرحوا برجسِ تنصُّرٍ — والحق لا یخطو إلٰی آذانھم
آج وہ لوگ نصرانیت کی ناپاکی سے خوش ہو رہے ہیں — اور سچائی ان کے کانوں کی طرف قدم نہیں بڑھاتی

قوم تمیل مع الھوی أفکارھم — وعفَتْ نقوشُ الصدق من حیطانھم
یہ ایک قوم ہے جن کے فکر نفسانی خواہش کے ساتھ جھک پڑتے ہیں — اور سچائی کے نقش ان کی دیواروں سے مٹ گئے ہیں

ظھّرت کأثر السمّ ثورۃُ وعظھم — رحلتْ تُقاۃ الخَلق من إدجانھم ﴿۹۷﴾
زہر کے اثر کی طرح ان کے وعظ کا جوش ظاہر ہے — ان کے مقام سے لوگوں کی پرہیز گاری کوچ کر گئی

ھل شاھدتُ عیناک قومًا مثلھم — أم ھل سمعتَ نظیرھم فی ذانھم
کیا ایسی قوم تُو نے کوئی اور بھی دیکھی — یا ان کے عیب میں اُن کی کوئی دوسری نظیر بھی سنی

بطریقۃٍ سنّتْ لھم آباؤھم — یدعو إلی الجَھلات صوت کِرانھم
اس طریق سے جو ان کے باپ دادوں نے مقرر کیا ہے — ان کا طنبور باطل باتوں کی طرف بلا رہا ہے

فکأنّ أبواب المکائد کلھا — فُتحتْ لفتنتنا علٰی رُھبانھم
پس گویا کہ تمام فریبوں کے دروازے — ان پر اس لئے کھولے گئے کہ تا ہمارا امتحان ہو

قد آثروا طرق الضلال تعمّدًا — ما زاد خسران علٰی خُسرانھم
گمراہی کی تمام راہوں کو پسند کر لیا — جس ٹوٹے میں وہ پڑے ہیں اس سے بڑھ کر کوئی اور ٹوٹا نہیں

إن الصلیب سیُکسَرنْ ویُدَقَّقَنْ — جاء الجِیادُ وزھَق وقتُ أتانھم
صلیب تو عنقریب ٹوٹ جائے گا — گھوڑے آئے اور گدھیاں بھاگیں

الکذب مجبنۃٌ لکل مُباحث — لکنھم ترکوا حیاء جنانھم
جھوٹ بولنا ہر یک بحث کرنے والے کے لئے بددلی کا باعث ہوتا ہے — مگر انہوں نے تو اپنے دل کا حیا ترک کر دیا

سمٌّ مبید مھلکٌ فی لبنھم — مَکرٌ مُضِلٌّ الخَلقِ فی ھَدَجانھم
اُن کے دودھ میں زہر ہے جو ہلاک کرنے والی اور مارنے والی ہے — ان کی پیرانہ رفتار میں ایک مکر ہے جو خلقت کو گمراہ کرنے والا ہے

فَارْبَأْ بِدينک عند رؤية وجههم ... واقنَعْ بشَوكٍ مِن جَنى بستانهم
پس جب تو ان کو ملے تو اپنے دین کی نگرانی رکھ ... اور ان کے باغ کے پھل سے بیزار ہوکر کانٹے پر قناعت کر

الموت خير للفتٰى من خبزهم ... فاصبرْ ولا تجنَحْ إلى تَهُتانهم
جوانمرد کے لئے مرنا ان کی روٹی سے بہتر ہے ... پس صبر کر اور ان کی ایک ساعت کے مینہہ کی طرف مت جھک

و نضارة الدنيا تزول بطرفةٍ ... فاقنَعْ ولا تنظُرْ إلى أفنانهم
اور دنیا کی تازگی ایک دم میں دور ہوجاتی ہے ... سو قناعت کر اور ان کی شاخوں کی طرف نظر مت کر

النار تسقط كالصواعق عندهم ... فتجافَ يا مغرورُ عن أحضانهم
آگ ان کے پاس بجلی کی طرح گر رہی ہے ... پس ان کے کناروں سے اے دھوکا کھانے والے ایک طرف ہوجا

أينَ المفرّ من القضاء إذا دنا ... إلّا إلٰى رَبٍّ مُزيلِ قِنانهم ﴿۹۸﴾
تقدیر سے کہاں بھاگیں جب آ گئی ... صرف خدا تعالیٰ کی پناہ ہے جو ان کے ٹیلوں کو دور کرے گا

يَسْبُون جهّالًا برقّة لفظهم ... يُصْبُون قلب الخَلق من إحسانهم
جاہلوں کو اپنی نرمی سے غلام بنا لیتے ہیں ... اور اپنے احسانوں سے خلقت کے دل اپنی طرف کھینچتے ہیں

فلذا يُحِبُّ مزوِّرٌ أديارَهم ... مِن شحّه ميلًا إلى مرجانهم
اسی لئے ایک مکار ان کے گرجاؤں سے پیار کرتا ہے ... اپنے لالچ سے ان کے موتی کی خواہش سے

ولو انتقدتَ جموعهم فى دَيرهم ... لوجدتَ سقطًا شيخهم كعَوانهم
اور اگر تو ان کے گرجاؤں میں ان کی جماعتوں کو پَرکھے ... تو ان کے بڈھے کو ایسا ہی ردی پائیگا جیسا کہ ان کے درمیانی عمر والے کو

ما الفرق بين المشركين وبينهم ... بل هم بنوا قصرًا على بنيانهم
ان میں اور مشرکین میں فرق کیا ہے ... بلکہ انہوں نے تو مشرکوں کی بنیاد کو ایک محل بنا دیا

يهوى إليهم كلُّ نِكسٍ فاسقٍ ... ليبيت شَبْعانًا بلحم جِفانهم
ہر یک ضعیف فاسق اُن کی طرف گرتا ہے ... تا ان کے پیالوں کے گوشت سے پیٹ بھر کے رات گذارے

فى قلبنا وجعٌ وشوكُ دعابةٍ ... من نَخْزِهم خبثًا وطولِ لسانهم
ہمارے دل میں ایک درد اور ان کے ٹھٹھوں کی وجہ سے ایک کانٹا ہے ... کیونکہ انہوں نے اپنی زبان درازی اور خبث سے ہمارے دل کو خستہ کیا

ما إنْ أرى أثر الدلائل عندهم أصبَوا قلوبَ الخلق من عِقيانهم

میں ان کے پاس دلائل کا نشان نہیں دیکھتا لوگوں کے دل اپنے سونے کی وجہ سے کھینچ لیے ہیں

قد عاث فی الأقوام ذئب شيوخهم حدثتْ فنون الفسق مِن حدثانهم

ان کے بڈھوں کے بھیڑیئے نے قوموں میں تباہی ڈالی اور ان کے جوانوں سے طرح طرح کے فسق پھیلے

تعريسهم آثارُ عزمِ رحيلهم يُخفُون فی الأرْدان حبلَ ظِعانهم

رات کو اترنا ان کے کوچ کی نشانی ہے اور اپنی آستینوں میں لمبے رسے اسباب باندھنے کے چھپا رکھے ہیں

عارٌ على الفَطِن الزكیّ طعامُهم ضارٌ لخلق اللّٰه ماءُ شِنانهم

ایک دانا پاک طبع پر عار ہے کہ ان کا کھانا کھاوے اور خلق اللہ کے لئے ان پرانی مشکوں کا پانی مضر ہے

للمرء قربُ المؤذيات جميعها خيرٌ لحفظ الدين من قربانهم

انسان کے لئے تمام موذی جانوروں کا قرب اُن کے قرب سے اپنا دین بچانے کے لئے بہتر ہے

لکَ کلَّ يومٍ ربِّ شأنٌ معجِبٌ فانصُرْ عبادک ربِّ فی ميدانهم ﴿۹۹﴾

اے میرے رب ہر یک دن تیری عجیب شان ہے سو تُو اپنے بندوں کی ان کے میدان میں مدد کر

نَقنِی التضرّعَ والبكاء تصبّرًا نأوی إلى الرّحمٰن من رُكبانهم

ہم صبر کر کے تضرع اور رونے کو لازم پکڑتے ہیں اور ان کے سواروں سے ہم خدائے تعالیٰ کی پناہ لیتے ہیں

لِلّٰهِ سهمٌ لا يطيش إذا رمٰی للحقِّ سلطان على سلطانهم

خدا کا وہ تیر ہے کہ جب چھوٹا تو خطا نہیں جاتا اور خدا کا قہر ان کے قہر پر غالب ہے

أنزِلْ جنودک يا قديرُ لنصرنا إنا لقِينا الموت من لُقْيانهم

اے قادر ہمارے لئے اپنا لشکر اتار کیونکہ ہم ان کے ملنے سے موت کو ملے

يا ربّ قد بلَغ القلوب حناجرا يا ربّ نَجِّ الخَلق من ثعبانهم

اے میرے رب دل حلق کو پہنچ گئے اے میرے رب خلقت کو ان کے سانپ سے نجات دے

إن القلوب من الكروب تقطعتْ فارحَمْ وخَلِّصْ روحنا من جانهم

دل بیقراریوں سے ٹکڑے ہو گئے سو رحم کر اور ہماری جان کو ان کے دیو سے رہائی بخش

ودَعِ العِدا جزَرَ السِّباع يَنُشُنَهم واشفِ القلوب بخزيهم وهوانهم

اور دشمنوں کو بھیڑیوں کی بکری بنا تا ان کو پکڑیں اور نوچ نوچ کر کھاویں اور ہمارے دلوں کو ان کی رسوائی اور ذلت سے شفا بخش

☆☆☆

وأعجبَني طريق المعترض الفتّان أنه لا يمتنع من الهذيان،
اور اس فتنہ انگیز معترض کے طریق سے مَیں تعجب کرتا ہوں بکواس سے باز نہیں آتا اور
ويهذى كمثل النشوان، ويقول إن عيسٰى هو الروح الذى يوجد ذكره
شرابیوں کی طرح بکواس کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ عیسٰی وہی روح ہے جس کا جا بجا قرآن میں ذکر پایا جاتا ہے
فى جميع مقامات القرآن، وفى كتب أخرى التى هى من اللّٰه الرحمٰن،
اور ایسا ہی دوسری کتابوں میں بھی ذکر پایا جاتا ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئی تھیں حالانکہ وہ اس دعویٰ میں سراسر
وما هو إلا من الكاذبين. فاعلموا يا معشر الطّلاب أنه يسعٰى إلى
جھوٹ بول رہا ہے۔ سوائے حق کے طالبو! یقیناً سمجھو کہ وہ صرف ریت کی چمک کی طرف دوڑتا ہے جس میں پانی
السراب ولا يخطو إلى الصواب، وإن فى كلامه دجل عجيب وتمويه
نہیں اور حق کی طرف قدم نہیں رکھتا اور اس کی کلام میں ایک عجیب قسم کا دجل ہے اور دھوکا دہی اور
غريب وكذب مبين. ألا يعلم أن الروح نزل على عيسٰى كما نزل ﴿۱۰۰﴾
کھلا کھلا جھوٹ ہے۔ کیا نہیں جانتا کہ روح جیسا کہ حضرت عیسٰی پر نازل ہوا ایسا ہی حضرت موسیٰ پر نازل ہوا
على موسٰى ونبيّين آخرين؟ لِم يلبس الحق بالباطل كالدجّال الغالث؟
اور ایسا ہی دوسرے نبیوں پر۔ کیوں حق کے ساتھ جھوٹ ملاتا ہے جیسے کہ دجال اچھے کے ساتھ برے کو ملانے والے۔ کیا
ألا يقرأ فى الإنجيل متّى الإصحاح الثالث وإذا السماوات قد انفتحت له،
وہ انجیل متی کے تیسرے باب کو نہیں پڑھتا کہ یکدفعہ اس کے لئے آسمانوں کے دروازے کھل گئے
فرأى روحَ اللّٰه نازلةً مثل حمامة وآتيًا عليه ...... ثم أُصعِدَ يسوع إلى البرية
سو اس نے خدا کی روح کو کبوتر کی طرح اترتے اور اپنے پر آتے دیکھا۔ پھر یسوع روح سے جنگل کی طرف چلا گیا
من الروح ليجرَّب من الشيطان اللعين. فثبت أنّ روح القدس نزل على
تا شیطان سے آزمایا جاوے۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ روح القدس
المسيح كما نزل على إبراهيم وإسماعيل الذبيح وغيره من المرسلين.
مسیح پر ایسا ہی نازل ہوا جیسا کہ ابراہیم اور اسمٰعیل اور دوسرے نبیوں پر

فاتق ربَّ العباد وفكِّرْ لطلب السَّداد، مجتهدًا لتحصيل الرشاد،
سو خدا سے ڈر اور حق الامر کے ڈھونڈھنے کی فکر کر مگر اس فکر میں
وتاركًا سبل الرقاد وجاهدًا، هل يكون النازل والمنزَل عليه شيئا
کوشش کر اور نیند کی راہوں سے الگ ہو کیا نازل اور منزل علیہ ایک ہی چیز ہو سکتے ہیں
واحدا؟ كلّا بل لا بد من أن يكونا شيئين متغائرين، كما لا يخفى على
بلکہ یہ بات ضروری ہے کہ وہ دو متغائر چیزیں ہیں جیسا کہ عقلمندوں پر
ذى العينين، وعلى سائر العاقلين. فأىّ دليل أكبر من هذا لقوم
پوشیدہ نہیں۔ پس منصفوں کے لئے اس سے بڑھ کر اور کونسی دلیل ہوگی وہ منصف جو
منصفين، الذين ينثالون إلى الحق موجفين، ولا يتركون الصراط كعمين؟
حق کی طرف متوجہ ہوکر دوڑتے ہیں اور راہ کو اندھوں کی طرح نہیں چھوڑتے اور کونسا فرق ان دو روحوں میں ہے
وأىّ فرق فى الروح النازل على عيسٰى والروح الذى أُعطِىَ لموسٰى كليم
جو حضرت عیسٰی اور حضرت موسٰی پر نازل ہوئیں
رب العالمين؟ ألا تتفكرون يا معشر الظالمين وتسقطون على أراجيف
اے ظالمو ! کیا تم کچھ بھی فکر نہیں کرتے اور جھوٹوں کی خبروں پر گرے جاتے ہو۔ کیا تم
الكاذبين؟ ألا تقرأون فى التوراة الإصحاح الحادى عشر ما قيل إنه قول
توریت کے گیارھویں باب میں وہ کلام نہیں پڑھتے جس میں کہا گیا ہے کہ اس خدا کا کلام ہے جو اپنی باتوں میں سب
أصدق القائلين، وهو أنّ الربّ قالَ لِمُوسٰى فأنزلُ وأنا أتكلم معك، ﴿۱۰۱﴾
سے بڑھ کر سچا ہے اور وہ یہ ہے کہ رب نے موسٰی کو کہا کہ میں اتروں گا اور تجھ سے کلام کروں گا اور اس
وآخذ من الروح الذى عليك وأضع عليهم، أىْ على أكابر أمّته، وهم
روح میں سے لوں گا جو تجھ پر ہے اور ان پر ڈالوں گا یعنی بنی اسرائیل کے اکابر پر جو ستر آدمی
كانوا سبعين. وكذلك نزل هذا الروح على جد عيسٰى ومُرشده داؤد
تھے۔ اور اسی طرح روح حضرت عیسٰے کے دادے اور اس کے مرشد یحیٰی پر بھی نازل ہوئی

ویحییٰ وغیرهما من النبیین. ولا حاجة إلى أن نطوّل الكلام ونضیع
اور ایسا ہی دوسرے نبیوں پر۔ اور کچھ ضرورت نہیں کہ ہم اس کلام کو طول دیں اور وقت کو ضائع
الأوقات ونزید الخصام، فإن الخواص من النصاریٰ والعوام یعرفونه
کریں اور جھگڑے کو بڑھاویں کیونکہ نصاریٰ ان تمام باتوں کو جانتے ہیں
وما كانوا منكرین. فلم لا تَستشفّ أیها الجهول والغبی المعذول فی
اور منکر نہیں ہیں۔ پس اے نادان کیوں اپنی نظر کو پہلی کتابوں میں عمیق حد تک نہیں پہنچاتا
كتب الأولین؟ ولم لا تقبل النصیحة، وتعادی العقیدة الصحیحة، ولا
اور کیوں نصیحت کو قبول نہیں کرتا اور صحیح عقیدے کا دشمن ہو رہا ہے اور ہدایت کی راہ پر نہیں آتا۔
تكون من المسترشدین؟ نعطیک شهدًا یَنقَع، وتعدو إلى سمّ مُنقَع،
ہم تجھے ایک شہد پیاس بجھانے والا دیتے ہیں اور تو ایک تیز زہر کی طرف دوڑتا ہے تا اس کو پی
أترید أن تكون من الهالكین؟
لے کیا تیرا مرنے کا ارادہ ہے۔

وأمّا ما ظننتَ أن اللّٰه یسمّی المسیح فی القرآن روحًا من اللّٰه
اور یہ جو تو نے خیال کیا کہ اللہ تعالیٰ قرآن میں مسیح کا نام روح من اللہ رکھتا ہے
الرحمٰن، ولا یسمیه بشرًا ومن نوع الإنسان، فأعجبنی أنكم لم لا
اور اس کا نام بشر نہیں رکھتا اور منجملہ نوع انسان اس کو قرار نہیں دیتا سو مجھے تعجب ہے کہ تم لوگ کیوں بہتان
تأنفون من البهتان، ولم لا تستحیون من خرافات وتنضنضون نضنضة
سے کراہت نہیں کرتے اور خرافات بکنے کے وقت تمہیں کیوں شرم نہیں آتی اور اژدہا کی طرح
الثعبان، وما كنتم منتهین. وتمیسون كالسكاریٰ وجدانًا ووجدًا، ولا
زبان ہلاتے ہو اور باز نہیں آتے اور تم مارے غصہ اور غم کے ایسے چلتے ہو جیسا کہ ایک مست
ترون غورًا ولا نَجدًا، ولا تخافون هوّة السّافلین. أجعلتم قرّة عیونكم ﴿۱۰۲﴾
چلتا ہے اور نشیب و فراز کو کچھ بھی نہیں دیکھتے اور گڑھے میں گرنے سے نہیں ڈرتے۔ کیا جھوٹ بولنے میں ہی تمہاری

ومسرّة قلوبكم فی الأكاذيب، وطبتم نفسًا بإلغاء طلب الحق وإلقاء
آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی خوشی ہے اور تم اس بات پر خوش ہو گئے کہ حق کو چھوڑ دو اور
حبل اللّٰه القريب، وكنتم قوما عادين؟ ويل لكم. إنكم سقطم على
خدا کے رسہ کو جو بہت نزدیک ہے پھینک دو۔ تم پر افسوس کہ تم ایک مزبلہ پر گرے
دِمْنَة، وأعرضتم عن روضة، بل تركتم شجراءَ وآثرتم مَرْداءَ، ونزلتم
اور باغ سے کنارہ کیا بلکہ تم نے درختوں والی زمین کو چھوڑا اور ویران بے درخت زمین کو
عن متن الركوبة، واخترتم طريق الصعوبة، وقفوتم أثر المبطلين.
اختیار کیا اور سواری سے تم اتر بیٹھے اور خرابی اور سختی کا راہ اختیار کر لیا اور باطل پرستوں کے پیچھے لگ گئے۔
وإن كنتم تظنون أن القرآن صدّق قولكم وأعان، وقال فی شأن
اور اگر تمہیں یہ گمان ہے کہ قرآن تمہارے قول کی تصدیق کرتا اور تمہیں مدد دیتا ہے اور عیسیٰ کے بارہ میں کہا ہے کہ
عيسیٰ ورُوحٌ منه وقبِل أنه خرَج مِن لدنه، فما هذا إلا جهل صريح
وہ اس سے روح ہے اور اس بات کو قبول کر لیا ہے کہ وہ اس سے نکلا ہے تو یہ خیال تمہارا صریح جہل اور مکروہ وہم ہے اور
ووهم قبيح وخطأ مبين. ثم إن فُرِضَ أن قوله تعالى ورُوحٌ منه يزيد شأنَ
کھلا کھلا خطا ہے۔ پھر اگر ہم فرض کر لیں کہ روح منہ کا لفظ حضرت عیسیٰ کی شان بڑھاتا ہے اور اس کو
ابن مريم، ويجعله ابن اللّٰه وأعلى وأكرم، فيجب أن يكون مقام آدم
ابن اللہ اور بلند تر ٹھہراتا ہے سو اس سے لازم آتا ہے کہ حضرت آدم کا مقام حضرت مسیح
أرفع منه وأعظم، ويكون آدم أول أبناء ربّ العالمين؛ فإن فی شأن آدم
سے زیادہ بلند ہو اور پہلا بیٹا خدا تعالیٰ کا حضرت آدم ہی ہو۔ کیونکہ حضرت آدم کی شان میں
بيان أكبر من شأن عيسیٰ، فتفكَّرْ فی آية فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ[1] وتدبَّرْ
حضرت عیسیٰ کی نسبت زیادہ تعریف بیان کی گئی ہے سو عقلمندوں کی طرح لفظ فقعوا لہ ساجدین میں غور کر
كأولی النهی، وفكِّرْ فی لفظ خلقتُ بيدی ولفظ سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ
اور پھر اس لفظ میں غور کر جو خلقت بیدی اور سوّیتہ اور نفخت فیہ

[1] الحجر: ۳۰

مِنْ رُّوْحِیْ[1] وألفاظ أخری، لیظهَر علیک جلالةُ آدم وشأنه الأعلٰی.
من روحی ہے اور دوسرے لفظوں کو بھی سوچ تا کہ تیرے پر حضرت آدم کی شان اعلیٰ ظاہر ہو کیونکہ
فإن منطوق الآیة یدل علی أن روح اللّٰه نزل فی آدم بنزول أجلی، حتّٰی
منطوق آیت کا دلالت کرتا ہے کہ روح اللہ آدم میں اترا تھا اور وہ اترنا بہت روشن تھا یہاں تک کہ آدم
جعله مسجودَ الملائکة ومظهرَ تجلّیاتٍ وأقربَ إلی اللّٰه الأغنی، وأعلمَ ﴿۱۰۳﴾
ملائکہ کا سجدہ گاہ ٹھہرا اور تجلیات عظمیٰ کا مظہر بنا اور خدائے غنی سے بہت قریب ہوا
وأفضلَ من الملائکة أجمعین، وخلیفةَ اللّٰه علی الأرضین. وأما الآیة
اور افضل ٹھہرا۔ اور خدا تعالیٰ کا خلیفہ بنا مگر وہ آیت جو
التی نزلت فی شأن عیسی فما تجعله أرفع وأعلی ولا أصفٰی وأزکٰی، بل
حضرت عیسیٰ کی شان میں نازل ہوئی ہے سو وہ اس کو کچھ بہت اونچا نہیں بناتی اور نہ زیادہ پاک اور صاف بناتی
یثبت منه أن عیسٰی روحٌ من اللّٰه وعبدُه العاجز کأشیاء أخریٰ ومن
ہے بلکہ اس سے تو صرف اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک روح ہیں جیسا کہ دوسری
المخلوقین. ما سجَده إبلیس، بل أمره أن یسجد له، ومع ذلک جرّبه
چیزیں خدا تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور ثابت ہوتا ہے کہ وہ مخلوق ہے شیطان نے اس کو سجدہ نہ کیا بلکہ چاہا کہ وہ شیطان کو
ذلک الخبیث، وسجد لآدم الملائکة کلّهم أجمعین. وإنّ آدم أنبأ
سجدہ کرے اور اس کا امتحان لیا اور آدم کو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا اور آدم نے فرشتوں کو
الملائکةَ بأسماء سائر الأشیاء، فثبت أنه أعلم وسِرُّه محیط علی الأرض
تمام چیزوں کے نام بتلائے پس ثابت ہوا کہ وہ ان سے زیادہ عالم تھا اور اس کا سر تمام کائنات پر محیط تھا
والسماء، ولکن عیسی أقرّ بأنه لا یعلم الساعة، وأشار إلی أن الملائکة قد
مگر حضرت عیسیٰ نے تو اقرار کیا کہ اس کو قیامت کا علم نہیں کہ کب آئے گی اور یہ بھی اشارہ کیا کہ ملائک اس سے
فاقوه علمًا وأکملوا الخوف والطاعة، فتفکروا فی هذا ولا تمشوا کقوم
علم اور طاعت میں افضل ہیں سو اس بات کو سوچو اور اندھوں کی طرح مت چلو

[1] الحجر:۳۰

عمين. ثم إذا دقّقتَ النظر او أمعنت فيما حضر، فيظهر عليك أن قوله
پھر اگر تو غور سے دیکھے اور واقعات موجودہ میں غور کرے تو تیرے پر ظاہر ہوگا کہ اللہ جلّ شانہ کا یہ قول کہ
تعالٰى رُوحٌ منه يشابه قوله تعالٰى جميعًا منه، فمن الغباوة أن تُثبت من
روح منہ ایسا ہی قول ہے جیسا کہ اس کا دوسرا قول سو بڑی نادانی کی بات ہے کہ روح منہ
لفظ رُوحٌ مِنهُ ألوهيةَ عيسى، ولا تُقِرّ من لفظ جميعًا منه بألوهية أرواح
کے لفظ سے حضرت عیسٰی کی خدائی تو ثابت کرے اور جمیعاً منہ کے لفظ سے
الكلاب والقردة والخنازير وأشياء أخرى، فإن منطوق الآية يشهد
کتوں اور بلیوں اور سؤروں اور دوسری تمام چیزوں کی خدائی کا اقرار نہ کرے کیونکہ منطوق آیت کا
على أنها جميعا منه، فمُتْ من الندامة إن كنت من المستحيين
دلالت کر رہا ہے کہ ہر یک چیز جمیعاً منہ میں داخل ہے یعنی تمام ارواح وغیرہ خدا سے ہی نکلے ہیں پس اب ندامت
وتفكروا يا معشر النصارىٰ أليس فيكم رجل من المتفكرين؟ وليس
سے مر جا اگر کچھ شرم ہے اور اے نصرانی لوگو! اس میں غور کرو کیا تم میں کوئی بھی غور کرنے والا نہیں ہے اور کبھی ممکن نہیں
لك أن ترفع في جوابنا الصوتَ وأن تلاقى من فكرك الموتَ، فإن ﴿۱۰۴﴾
جو تو ہمارا جواب دے سکے اگرچہ اسی فکر میں مر جائے کیونکہ جھوٹا آدمی ایک گیند کی طرح
مثل الكاذب كخُذْروفٍ مُدَحْرَجٍ ولا قرار له عند الصادقين.
گردش میں ہوتا ہے اور سچوں کے سامنے اس کو قرار نہیں۔

ومن اعتراضات هذا الخائن الضنين أنه ذكر في توزينه الذى
اور اس بخیل خیانت پیشہ کے اعتراضات میں سے ایک یہ ہے جو وہ اپنی کتاب
هو عُشُّ الشياطين، أن وحى القرآن كان من الشيطان، وما كان من
توزین میں جو شیاطین کا آشیانہ ہے یہ لکھتا ہے کہ وحی قرآن شیطان کی طرف سے تھی اور
الرّوح الأمين، وأَوَّلَ لفظَ شَدِيدُ الْقُوَى ولفظ ذُو مِرَّة بالخُبث
روح الامین کی طرف سے نہیں تھی اور شدید القوٰی اور ذو مرّۃ کے لفظ کی اس نے

واتّباع الهوی وبتأویلات بعیدة ومکائد عُظمٰی، وآذی قلوب
ہوا پرستی کی وجہ سے تاویل کی ہے اور تاویلات بعیدہ اور فریبوں سے کچھ کا کچھ بنایا ہے اور مومنوں کے
المؤمنین، وکذلک ترَک الحیاء، وودَّعَ الارْعِواء، وحسِب أفضلَ
دل کو دکھ دیا ہے۔ اسی طرح اس نے حیا کو ترک کیا اور شرم کو رخصت کیا اور افضل الرسل کی نسبت یہ گمان
الرسل کالمجنون، وتباعدَ عن الحق تباعُدَ الضبّ من النون، وعادَی
کیا کہ نعوذ باللہ ان کو جنّ کا آسیب تھا۔ اور حق سے ایسا دور جا پڑا جیسا کہ سوسمار جو خشک زمین میں رہتی ہے مچھلی سے جو
المصلحین اللامّین. واعترض علٰی فصاحة صحف اللّٰه القرآن وبلاغة
پانی میں رہتی ہے دور رہتی ہے اور نیک کاموں کے حامی مصلحوں کی دشمنی اختیار کی اور قرآن شریف کی بلاغت
حبل اللّٰه الفرقان، ظلمًا وزورًا، لیرضی قومًا بورًا، مع أنه کان من
فصاحت پر اعتراض کیا تا ان باتوں سے ایک ہلاک شدہ قوم کو خوش کرے حالانکہ یہ شخص جاہل
الجاهلین العمین. وواللّٰه إنه جهول لا یعلم لسان العرب وطرق بیانه،
اور اندھوں کی طرح ہے اور بخدا یہ شخص سراسر نادان اور زبان عرب سے کچھ بھی واقف نہیں اور سوا زبان درازی
ولیس فیه جوهر سوی حصائد لسانه، ولأجل ذلک لا یوجد فی کتبه
کے اس میں کچھ بھی جوہر نہیں اس لئے اس کی کتابوں میں بغیر گالیاں اور بکواس کے اور کچھ بھی نہیں اور یہ تو
شیء من غیر سبّه وهذیانه، وما وسِعه کتمانُ الحق وتخطئةُ الأَولی
اس سے نہ ہو سکا کہ حق کو پوشیدہ اور اس میں کچھ نقص ثابت کرے پس وہ لاچار ہو کر
الأحقّ، فعدا کالعِدا إلی التوهین. وما قرأنا کتابًا أغیَظَ من کتبه، وما ﴿۱۰۵﴾
دشمنوں کی طرح توہین کی طرف دوڑا اور ہم نے کوئی ایسی کتاب نہیں پڑھی جو اس کی کتاب سے
رأینا عُبابًا أکثرَ مِن عَبَبِ کذبه، وما سمعنا سبًّا أکبر من سبّه، ولا خَبًّا
زیادہ غصہ دلانے والی ہو اور نہ کوئی سیلاب دیکھا جو اس کے جھوٹ سے زیادہ ہو اور اس کی گالیوں جیسی کسی کی
کخبّه، فنأوی إلی اللّٰه مِن جُبّه وهو خیر الناصرین. ونعوذ به
گالیاں نہیں سنیں اور اس کے فریبوں جیسا کسی میں فریب نہ دیکھا۔ پس اس کے فتنہ سے ہم خدا تعالیٰ کی طرف پناہ لے جاتے ہیں

من غـوائـلـه، ونشـكـو إليه من رذائله، وما نرى أن ينـزع عن الغى بغير
اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے اور اس شخص کی بلاؤں سے ہم اس کی پناہ مانگتے ہیں اور اس کی بدیوں سے ہم اس کی طرف شکوہ لے

الكىّ، وكذلك كانت سِير المفسدين.
جاتے ہیں اور ہم نہیں دیکھتے کہ یہ شخص بغیر کسی داغ کے اپنی گمراہی سے باز آ جائے۔ اور مفسدوں کی یہی خصلت ہوا کرتی ہے۔

وقـد صـدق فيـه أخـوه الحَفِىُّ والودود الولىُّ، القسيس رجب
''اور اس کے بارے میں اس کے بھائی مہربان اور دوست پادری رجب علی نے سچ کہا ہے چنانچہ اس کا

على ، قـال قـد صـنّف أخـونـا عماد الدين كتبًا فى ردّ الإسلام، وأشاع
قول ہے کہ جب سے ہمارا بھائی عماد الدین اسلام کے رد میں کتابیں تالیف کرنے لگا اور تثلیث کے دلائل شائع کئے

دلائـل التثـليـث فـى الـخـواص والـعـوام، فبما كانت دلائله مجموعة
سو اس سبب سے کہ وہ دلائل مجموعہ اباطیل تھے اور ان میں کوئی بھی سچی دلیل نہیں تھی

الأباطيل بعيدة مـن تـنـقيـد الـدليل، ندِمنا غاية الندامة، وصِرُنا هدف
ہمیں بہت ہی شرمندہ ہونا پڑا اور ہم ملامت کے نشانہ ٹھہر گئے اور بعد اس کے ہم مارے شرم کے

الملامة، وما وسِعنا بعدها استحياءً أن نُرِىَ وجوهَنا المسلمين☆ .
ایسے ہو گئے کہ اس قابل نہ رہے کہ مسلمانوں کو اپنا منہ دکھا سکیں۔''

وأما استدلاله من لفظ شديد القوىٰ على الشيطان، ووهمُه
مگر اس شخص کا شدید القویٰ کے لفظ سے شیطان پر استدلال پکڑنا اور یہ وہم کرنا کہ شدید القویٰ

أن الـقـوة كله لهذا السرحان، لا للّٰهِ ولا لِمَلَكِ الرحمٰن، فلأجل
اس لئے قرآن میں شیطان کا نام ہے کہ تمام قوتیں اسی بھیڑیئے کو حاصل ہیں نہ خدا تعالیٰ کو اور نہ اس کے کسی

ذلك خُـصّ بهـذا الاسم فى القرآن، فلا نفهم سرّ هذه الأقاويل،
فرشتہ کو حاصل ہیں سو ہم اس کے اس قول کا بھید نہیں سمجھتے

ولا نـجـد فيهـا رائـحة من الدليل؛ فلعله كذلك قرأ فى الإنجيل
اور ہم اس میں کسی دلیل کی بو نہیں پاتے پس اس نے شاید اسی طرح انجیل میں پڑھا ہے

☆ حاشیہ دیکھو صفحہ ۱۴۰

﴿۱۔حاشیہ﴾

الحاشیہ متعلق صفحہ ۱۰۵ ☆ نور الحق الحصّة الاُولٰی

و انّا نریٰ ان نکتب ھٰھنا بعض المقالات اھل الاٰراء واٰراء اھل الدھاء

اور ہم مناسب سمجھتے ہیں کہ اس جگہ بعض اہل الرائے کے وہ کلمات لکھیں

فی تصانیف عماد الدّین فنکتبھا بعباراتھم الاصلیة فی اللسان الھندیة

جو انہوں نے پادری عماد الدین کی تصانیف کے بارے میں تحریر فرمائے ہیں

اعنی اُردو ناقلین من رسالة عقوبة الضالین المطبوعة فی نصرة المطابع

سو ہم انہیں کی عبارات نقل کر دیتے ہیں جو رسالہ عقوبة الضالین مطبوعہ نصرۃ المطابع

دھلی فی ردّ ھدایة المسلمین وھو ھٰذا یا معشر المنصفین.

دہلی میں درج ہیں اور عقوبة الضالین وہ رسالہ ہے جو ایک صاحب نے ردّ ھدایت المسلمین میں لکھا ہے اور وہ یہ ہے:۔

رائے ہندو پرکاش امرتسر و آفتاب پنجاب لاہور کہ ان دونوں اخباروں کے مالک اہل ہنود ہیں

چونکہ پادری عماد الدین صاحب امرتسر میں پادری کا کام کرتے ہیں وہیں کے اخبار ہندو پرکاش جلد۲ نمبر۴ مطبوعہ ۱۲۔ اکتوبر ۱۸۷۴ء صفحہ ۱۰ و ۱۱ میں جو امرت سر کے اہل ہنود کی طرف سے جاری ہے لکھا ہے کہ کیا پادری عماد الدین کی تصنیفات تاریخ محمدی وغیرہ (وغیرہ سے مراد ھدایة المسلمین) کچھ اُس کتاب سے شورش انگیزی میں کم تر تھیں کہ جس نے بمبئی کے مسلمانوں اور پارسیوں کے صدہا سالہ اتفاق اور محبت کو نفاق اور عداوت سے مبدل کر دیا اور دونوں کو یکلخت ہلاکت کا منہ دکھایا یہاں پادری صاحب کی تصانیف یعنی تاریخ محمدیؐ اور ھدایة المسلمین اور تفسیر مکاشفات امن عامہ کی خلل اندازی میں کس لئے ناکام رہیں پنجابی مسلمان مفلس کم ہمت اور اکثر جاہل ہیں یا وہ اُن کو سمجھتے نہیں اور صرف مسلمانوں کا انگریزی گورنمنٹ سے دل پھاڑنے کی علت غائی پر تصنیف کی گئی ہیں۔ اگر بفرض محال وہ سارے الزامات سچے بھی سمجھے جاویں تاہم بے چارے پادری صاحب کے کام تعزیرات ہند کی دفعہ ۲۹۴ کے اعتراض سے محفوظ نہیں کیونکہ اس میں ہر ایسے فعل کا رفاہ عامہ کی نیت سے ہونا مستثنیٰ کے لئے مشروط ہے۔ مندرجہ بالا فقرے ہم نے اخبار آفتاب پنجاب جلد۲ نمبر ۳۹ سے انتخاب کئے ہیں جس بنا پر اخبار مذکور کے ایڈیٹر صاحب نے

☆ روحانی خزائن جلد ھٰذا کا صفحہ ۱۳۹

وہ تمام مضمون لکھا ہے ہم اس سے صرف مقتبس فقروں کی نسبت اپنا اتفاق ظاہر کرتے ہیں اور جو شکایت صاحب موصوف پادری عمادالدین کی تصنیفات کے بارہ میں کرتے ہیں بلحاظ ملکی مصلحتوں کے ہم اتنا زیادہ کہتے ہیں کہ اس کی تصنیفات سے جس کا حوالہ اوپر درج ہے بلاشبہ ملکی امن میں خلل پڑ سکتا ہے اور وہ کچھ عجیب ڈھنگ سے مرتب ہوئی ہیں کہ جن کو فی الجملہ شرارت انگیز بلکہ شر خیز کہنا ذرا بھی غیر حق بات نہیں۔ ایسے ایسے ملکی شوروشر کے حق میں جو اس قسم کی کتابوں سے پیدا ہوتا ہے بقول وقائع نگار موصوف کے سرکار کی طرف سے مناسب انتظام لابُد ہے۔ ہم بتلا سکتے ہیں کہ دانشمند گورنمنٹ نے اس طرح کے معاملات میں دخل دیا ہے۔ چنانچہ اسی ہندوستان کے اندر لارڈ وِلز لے صاحب سابق گورنر جنرل نے ۱۷۹۸ء میں ہندوؤں کی رسم جَل پَروا کو حکماً بند کر دیا اور ۱۸۲۷ء کے اندر لارڈ ولیم بنٹنگ صاحب گورنر جنرل نے ستی کی قدیم رسم کو قانون مرتب کر کے موقوف کروا دیا۔ گورنمنٹ اس بات کو معلوم کر لے کہ کیوں ہندوستان کے مسیحی مصنفوں میں سے تمام لوگ پادری عمادالدین ہی کو انگشت نما کرتے ہیں اس کی یہ وجہ ہے کہ وہ بھی یہی چاہتا ہے کہ میری تالیفات سے عام لوگ مذہبی ولولہ میں آ کر اور حرارت سے مغلوب ہو کر بے ادائیاں کریں اور سرکار میں مفسد شمار ہو جاویں۔ ہم نے سنا ہے کہ پنجاب ٹریکٹ سوسائٹی کی پبلشنگ کمیٹی نے شورش انگیز کتاب مذکور کے دوسرے حصہ کو اسی وجہ سے نامنظور کیا ہے کہ اس میں پہلے حصہ سے زیادہ دل شکن باتیں درج ہیں۔ اگر یہ بات سچ ہے تو بہت خوب کیا۔'' انتھٰی . تمام ہوئی عبارت ہندو پرکاش۔ ﴿۲﴾

پادری صاحبوں کے **شمس الاخبار لکھنؤ** مطبوعہ امریکن مشن پریس ۱۵؍اکتوبر ۱۸۷۵ء نمبر ۱۵ جلد ۷ باہتمام پادری کریون صاحب صفحہ ۹ میں لکھا ہے کہ نیاز نامہ جس کے مصنف صفدر علی صاحب بہادر مسیحی اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ضلع ساگر ملک متوسط ہند ہیں۔ عمادالدین کی تصنیفات کی مانند نفرتی نہیں کہ جس میں گالیاں لکھی ہوئی ہیں اور اگر ۱۸۵۷ء کے مانند پھر غدر ہوا تو اسی شخص کی بدزبانیوں اور بیہودگیوں سے ہوگا۔ جب ان کو باہر پندرہ روپیہ کو بھی کوئی نہ پوچھے اور مشن سترّ روپیہ ماہوار اور کوٹھی ملے جس کے احاطے کے اندر چاہیں تو تیل نکالنے کا کولہو بھی بنالیں۔ ایسے لالچیوں کو کیا کہنا چاہیے۔ انتہی۔

بعینہٖ نقل کالاصل

☆☆☆

﴿۱۰۶﴾ أو استنبط من قصّة إبليس إذا أتى المسيح كالفيل، وقاده بقوته العظمٰى
یا اس خیال کو مسیح کے اس قصہ سے استنباط کیا ہے جب شیطان ہاتھی کی طرح اس کے پاس آیا اور ایک بڑی قوت
إلٰى بعض جبال الجليل، وجرّبه بالأباطيل، وما استطاع المسيح أن لا
کے ساتھ گلیل کے ایک پہاڑ پر اس کو لے گیا اور اپنے اباطیل کے ساتھ اس کی آزمائش کی اور مسیح سے یہ نہ ہوا کہ
يميل إليه مِن قَوْدِه، ولا يخطو إلى طَوده، ويأخذ بفَوده، ويزيل لظاه
اس کی طرف جانے سے اپنے تئیں روک لے اور اس کے پہاڑ کی طرف قدم نہ اٹھاوے اور اس کے سر کو پکڑ لے اور
بجَوده، بل مشى تِلْوَه كالضعفاء المستضعفين. فإن كان مبدأ الوهم هذا
اور اپنے منہ سے اس کی آگ کو نابود کرے بلکہ مسیح تو اس کے پیچھے کمزوروں کی طرح چل پڑا پس اگر اس وہم کا اصل
الخيال، كما أنى أخال، فلا نُنكر واقعة المسيح، ونؤمن به كالأمر
موجب یہی خیال ہے جیسا کہ میں گمان کرتا ہوں پس ہم اس واقعہ سے انکار نہیں کرتے اور امر صحیح کی طرح اس کو مان
الصحيح، ونقرّ بأن شيطان ذٰلك المسيح كان شديد القوى، فلذٰلك
لیتے ہیں اور ہم اقرار کرتے ہیں کہ ایسے مسیح کا شیطان درحقیقت شدید القویٰ ہی تھا اسی وجہ سے تو وہ اس کو پہاڑوں
قاده إلى جبال عُلى، وقال اسجدلى، أعطيك دولة عظمٰى، ومُلكًا لا يبلٰى،
کی طرف کھینچ کر لے گیا اور کہا کہ مجھے سجدہ کر تجھے دولت اور بڑا ملک دوں گا اور ایک ضعیف
وطمِع فى إيمان ضعيفٍ غريب، ووثب عليه كذئب رغيب، وما تركه إلا إلٰى
غریب آدمی کے ایمان میں اس نے طمع کی اور حرص کی وجہ سے بھیڑیئے کی طرح اس پر حملہ کیا اور پھر اس سے
حين ولفظ الحين موجود فى إنجيل لوقا باليقين، فلينظر من كان من
دوبارہ آنے کا پختہ ارادہ رکھ کر دور ہو گیا اور حین کا لفظ انجیل لوقا میں بالیقین موجود ہے جس کا جی چاہے دیکھ لے۔
المرتابين. ولا شك أن الشيطان إذا أتى بعد زمان، فعلّم التثليث عند لقاءٍ
اور کچھ شک نہیں کہ جب شیطان دوسری مرتبہ آیا تو اس نے تثلیث سکھلائی
ثان، وأهلك الهالكين، لأن اللقاء كان من مواعيد الشيطان اللعين. وأما
اور مرنے والوں کو مارا کیونکہ دوسری مرتبہ آنا شیطان کا وعدہ تھا مگر مسیح کے شیطان

قیاسه علی أفضل الرسل وخیر الأنبیاء، فقیاس مع الفارق وبعید عن
شدید القویٰ کا قیاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کرنا قیاس مع الفارق ہے اور ایسا قیاس
الحیاء وقد قال نبیّنا صلی اللّٰه علیه و سلم لِعُمَرَ ما لقِیک الشیطان
حیا سے بعید ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر کو کہا تھا کہ اگر شیطان تجھ کو کسی راہ
فی فَجٍّ إلا سلک فجًّا غیر فجّک، ویثبت من هذا الدلیل أن الشیطان
میں پاوے تو دوسری راہ اختیار کرے اور تجھ سے ڈرے۔ اور اس دلیل سے ثابت ہوتا ہے کہ شیطان
یفرّ من عمر کالجبان الذلیل، وأما المسیح فیسمّی أفضل صحابته ﴿۱۰۷﴾
حضرت عمر سے ایک نامرد ذلیل کی طرح بھاگتا ہے لیکن حضرت مسیح نے اپنے بڑے صحابی کو شیطان فرمایا
شیطانا فی الإنجیل، فانظر الفرقَ بینهما خائفا من الرب الجلیل، ولا
پس خدا کے خوف سے دیکھ کہ ان دونوں باتوں میں کس قدر فرق ہے اور شیطانوں کی راہ
تبادر إلی سبل الشیاطین. ثم إذا کانت القوة کلّه للشیطان فما بال
کی طرف مت دوڑ۔ پھر جبکہ تمام قوتیں شیطان کے لئے ہی ٹھہریں تو تمہارے اس کمزور خدا کا
إلٰهکم الضعیف الذی ما له قِبَلٌ بهذا السرحان، بل تبِعه کالمغلوب
کیا حال ہے جو اس سے مقابلہ نہ کر سکا بلکہ ایک مغلوب اور حاجت مند کی طرح اس کے پیچھے
أو کمحتاج ذی الکروب، وقاده الشیطان بمکر عجیب، ودعاه
لگ گیا اور ایک مکر عجیب کے ساتھ شیطان نے اس کو کھینچا اور ایک عجیب دھوکا کی طرف اس کو بلایا
إلی إغرار غریب. والعجب أنه مع دعاوی الألوهیّة وإدلال الإبنیّة،
اور تعجب کہ وہ باوجود خدائی کے دعوے اور ابن اللہ ہونے کے ناز کے پیچھے لگ گیا
تبِعه بحسن الظن وما فهِم أنه حُوَّلٌ قُلَّبٌ، ووعده بَرْقٌ خُلَّبٌ، وهو
اور نہ سمجھا کہ وہ بڑا حیلہ ساز اور مُتفنّی ہے اور اس کا وعدہ برق بے باران ہے اور وہ
رئیس الکاذبین. وأنتم تعلمون الیهود کانوا یقولون للمسیح إنک ما تُری
جھوٹوں کا سردار ہے۔ اور تم جانتے ہو کہ یہود مسیح کو کہا کرتے تھے کہ تو خداتعالیٰ کی طرف

الخوارق من الرحمٰن بل من الشیطان، ومعک شیطان من الشیاطین.
سے نشان نہیں دکھلاتا بلکہ ایک شیطان کی مدد سے دکھاتا ہے۔
ثم إن کان هذا هو الحق أعنی إذا فرضنا أن القوة کله للشیطان الذلیل،
پھر اگر ہم فرض کریں کہ سب قوت شیطان ہی کو ہے تو اس
فما جاء فی الإنجیل بکمال التفصیل أن یسوع رجع بقوة الروح إلی
صورت میں انجیل کا وہ فقرہ صحیح نہ ہو گا جو یسوع گلیل کی طرف روح کی قوت سے گیا تھا
الجلیل لا یکون صحیحًا، بل کذبًا صریحًا وتحریف المحرفین،
بلکہ کہنا پڑے گا کہ روح سے مراد
ویکون المراد من الروح شیطانًا من الشیاطین.
شیطان ہے۔

ثم إنک ظننت أن القرآن لیس فی بلاغته إلی حد الإعجاز، بل
پھر تو نے یہ گمان کیا ہے کہ قرآن اپنی بلاغت میں حد اعجاز تک نہیں بلکہ
یوجد فیه رائحة التکلف والارتماز، ولا یمیز رقیقَ اللفظ من الجَزْل،
اس میں تکلف اور اضطراب کی بو پائی جاتی ہے اور وہ ہزل اور رقیق لفظوں سے
والجِدَّ منَ الهزل، وفیه ألفاظ وحشیة وکلمات أجنبیة، ولیس بعربی ﴿۱۰۸﴾
خالی نہیں اور اس میں وحشی الفاظ اور اجنبی کلمات ہیں اور فصیح عربی
مبین. أما الجواب فاعلم أن هذا القول منک ومن أمثالک أعجبُ
نہیں سو اب میں تیرا جواب لکھتا ہوں پس جان کہ یہ قول تجھ سے اور اوروں سے جو تیری مانند
العجائب وأعظم الغرائب، ولا یرضی به أحد من المنْصِفین. ألا تعلم یا
ہیں نہایت عجیب ہے اور کوئی منصف اس سے راضی نہیں ہو گا۔
مسکین أنک رجل من الجهّال، وما تدری إلا مکائد الضلال، ولا تعلم
اے مسکین تُو تو نادانوں میں سے ایک نادان آدمی ہے اور بجز گمراہی کے فریبوں کے اور کچھ تجھے معلوم نہیں اور

أسـاليـب لسـان الـعرب وطرق بلاغة المقال؟ بل أظن أنک لا تعرف

تجھے کچھ بھی خبر نہیں کہ لسان عرب کے اسلوب کیا ہیں اور بلاغت کی راہیں کون سی ہیں بلکہ میں گمان کرتا ہوں کہ تو

حـرفـا من العربية، فكيف اجترأت على هذه الغَذْمرة الكريهة؟ أتصول

عربی کا ایک حرف بھی نہیں جانتا۔ پس کیونکر تو نے اس آوازِ مکروہ پر جرأت کی

أيهـا الـجاهل الكاهل على الذى أفحمَ أكابرَ بلغاء الزمان، وأتمّ الحجة

اے جاہل کاہل کیا تو اس کلام پر حملہ کرتا ہے جس نے بڑے بڑے بلغاءِ زمانہ کو ساکت کر دیا اور

عـلـى فصحاء أهل اللسان، وخضعتْ له أعناق الأدباء، وآمن به نوابغ

زمانہ کے مشہور فصیحوں پر اپنی حجت پوری کی اور ادیبوں کی گردنیں اس کی طرف جھک گئیں اور شعراء میں بڑے بڑے نابغہ

الشـعـراء، وجـاء وا خاضعين مقرّين؟ أأنت أسبَقُ منهم فى معرفة مواد

اس پر ایمان لائے اور اقراری اور فروتن بن کر اس کی طرف رجوع کر لیا کیا زبان شناسی میں تو ان سے بڑھا ہوا ہے

الأقـاويـل وتـمييز الصحيح من العليل، أو أنت من المجنونين؟ ألا تعلم

اور صحیح اور غیر صحیح میں فرق کرنے میں تو زیادہ طاقت رکھتا ہے یا تو دیوانہ ہے۔ کیا تجھے خبر نہیں کہ

أنهـم كانوا أهل اللسان، وقد غُذّوا بلبان البيان، وكان يُصبون القلوب

وہ لوگ اہل زبان تھے اور خوش تقریری کے دودھ سے پرورش یافتہ تھے اور رنگا رنگ کی عبارات

بـأفـانيـن الـعبـارات ومُـلـح الأدب ونوادر الإشارات، وكانوا فى هذه

اور عجیب اشارات سے دلوں کو اپنی طرف کھینچ لیتے تھے اور ان کوچوں میں

السـكـک وعـلـمِ مـحـاسـنهـا من الماهرين؟ ألستَ تعلم أن القرآن ما

اور علم محاسن بیان میں ماہر تھے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ قرآن نے

ادّعى إعجاز البلاغة إلا فى الرياغة، فإن العرب فى زمانه كانوا فصحاء

اعجاز بلاغت کا دعویٰ کشتی گاہ کے میدان میں کیا ہے کیونکہ عرب اس کے زمانہ میں

الـعـصـر وبـلـغـاء الـدهـر، وكـان مـدار تـفـاخُـرهم على غُرَر البيـان ﴿۱۰۹﴾

فصحاء عصر اور بلغاء دہر تھے اور ان کے باہم فخر کرنے کا مدار فصیح اور با آب و تاب تقریروں پر تھا

وذُرَرِہ وثمار الکلام وزهره، وکانوا يناضلون بالقصائد المبتكرة
اور نیز کلام کے پھلوں اور پھولوں پر ناز کرتے تھے اور ان کی لڑائیاں نو ایجاد قصیدوں اور پاکیزہ
والخطب المحبَّرة، ولكن ما كان لهم أن يتكلموا فى اللطائف
خطبوں کے ساتھ ہوتی تھیں مگر ان کو لطائف حکمیہ میں بات کرنے کا سلیقہ نہ تھا
الحِكْمية، وما مسّتْ بيانَهم رائحةُ المعارف الإلهيّة، بل كان مسرح
اور ان کے بیان کو معارفِ الٰہیہ کی بُو بھی نہیں پہنچی تھی بلکہ ان کے فکروں کا چراگاہ
أفكارهم إلى الأبيات العشقية، والأضاحيك الملهية، وما كانوا
صرف عشقیہ شعروں اور ہنسانے والے اور غافل کرنے والے بیتوں تک تھا اور مضامین حکمیہ کی
على ترصيعِ مضامين الحِكم قادرين. وكانوا قد مرنوا من سنين على
مرصع نگاری پر وہ قادر نہ تھے حالانکہ وہ ایک زمانہ سے نظم اور
أنواع النظم والنثّر ولطائف البيان، وسُلِّموا وقُبِلوا فى الأقران،
نثر اور لطائفِ بیان کے مشتاق تھے اور اپنے ہم جنسوں میں مسلم اور مقبول تھے اور اہل زبان اور
وكانوا أهل اللسان وسوابق الميادين. فخاطبهم اللّٰه وقال اِنْ كُنْتُمْ فِيْ
میدانوں میں سبقت کرنے والے تھے۔ پس خدا تعالیٰ نے ان کو مخاطب کر کے فرمایا کہ اگر تمہیں اس کلام میں شک ہو جو
رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ .... فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ
ہم نے اپنے بندہ پر اتارا ہے تو تم بھی کوئی سورت اس کی مانند بنا کر لاؤ اور اگر بنا نہ سکو اور یاد رکھو کہ ہرگز
تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ[1] وقال
بنا نہیں سکو گے سو اس آگ سے ڈرو جس کے ہیزم افروختنی آدمی اور پتھر ہیں اور وہ آگ کافروں کے لئے طیار کی گئی
قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ
ہے۔ اور فرمایا کہ اگر تمام جن و انس اس بات کے لئے اکٹھے ہو جائیں کہ اس قرآن کی کوئی مثل بنا لاویں تو
بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا[2] فعجز الكفار عن
ہرگز نہیں لا سکیں گے اگرچہ ایک دوسرے کی مدد بھی کریں۔ پس کفار مقابلہ سے عاجز آ گئے

[1] البقرة:۲۴، ۲۵ [2] بنی اسرآئیل:۸۹

المقابلة وولّوا الدبر كالمغلوبين. ولما عجزوا عن النضال فی
اور مغلوب ہو کر پیٹھیں پھیر لیں اور جب خوش تقریری کی لڑائیوں سے عاجز آ گئے
البيان، مالوا إلى السيف والسنان، متندمين مغتاظين وكثير منهم
تو شرمندہ اور غضبناک ہو کر تلوار اور نیزہ کی طرف جھک گئے اور بہت سے ان میں سے
أسلموا نظرًا على هذه المعجزة كلبيد بن ربيعة العامری، صاحبِ
اعجاز بلاغت قرآن کو تسلیم کر کے ایمان لائے جیسا کہ لبید بن ربیعۃ العامری جو معلقہ رابعہ کا مصنف
المعلقة الرابعة، فإنّه أدرك الإسلام وتشرّفَ به وأرى الإخلاصَ ﴿۱۱۰﴾
ہے اس نے اسلام کا زمانہ پایا اور مشرف باسلام ہوا اور پورا اخلاص دکھایا اور
التّام، ومات سنة إحدى وأربعين. وكذٰلك كثير منهم أقرّوا بأنّ
سن اکتالیس میں فوت ہوا۔ اور اسی طرح بہتوں نے ان میں سے قرآن شریف کی بلاغت
القرآن مملوٌّ من العبارات المهذَّبة، والاستعارات المستعذَبة،
فصاحت کو قبول کر لیا اور اقرار کر لیا کہ درحقیقت قرآن عبارات پاکیزہ سے پُر اور شیریں استعارات سے مالا مال
والأفانين المستملَحة، والمضامين الحِكمية الموشَّحة، بل مَن أمعنَ
اور ملیح تقریروں اور آراستہ اور حکمیہ مضمونوں سے بھرا ہوا ہے بلکہ جس نے اس میں نظر غور کی
منهم النظرَ فسعى إلى الإسلام وحضر ودخل فی المؤمنين. فلو كان
سو وہ اسلام کی طرف دوڑا اور ایمان والوں میں داخل ہوا۔ پس اگر قرآن
القرآن متنزلًا من أعلى مدارج الكمال فی فصاحة المقال وبلاغة
فصاحت اور بلاغت کے اعلیٰ مدارج سے متنزل ہوتا تو مخالفوں پر بات
الأقوال، لكان الأمر أسهل على المخالفين، ولقالوا أيها الرجل إن الكلام
بہت آسان ہو جاتی۔ اور وہ کہہ سکتے تھے کہ اے مرد جو کلام تو نے پیش کی ہے
الذی عرضتَ علينا والحديث الذی أتيتَه لدينا ليس بفصيح بل ليس
اور جو بات تو لایا ہے وہ فصیح نہیں ہے بلکہ

بصحيح، ولا نجد فيه غير المعاني المطروقة الموارد والكلام الرقيق
صحیح بھی نہیں ہے اور اس میں معانی مطروقہ الموارد پائے جاتے ہیں اور اس میں الفاظ رقیق
البارد، وما جئت بأطيب وأحلى، وفيه ألفاظ كذا وكذا، وإنك أسقطتَ
موجود ہیں اور تو نے اپنی کلام میں غلطی کی ہے اور مطلب سے دور جا پڑا
في كلامك وباعدتَ عن مرامك، ولست من المُجيدين؛ فلا حاجة إلى
ہے اور کوئی نکتہ تیری کلام میں نہیں بلکہ اس میں تو ایسے ایسے لفظ ہیں پس کچھ حاجت نہیں
أن نأتي بمثله من الأقوال، أو نتوازن في المقال، ونتحاذٰى حذو النعال،
کہ ہم اس کی کوئی نظیر بناویں یا اس سے نعل بنعل مقابلہ کریں ہم سے الگ ہو اور اپنی کلام کی
فإليك عنّا وتجافَ، واترُك الأوصاف، فإن كلامك سَقَط عند الأدباء
تعریفیں چھوڑ دے کیونکہ تیرا کلام مشہور ادیبوں کے نزدیک
المشهورين والفصحاء الماهرين. ولكنهم ما سرَوا ذلك المسرى، وما
ردّی ہے مگر کفار عرب اس راہ نہیں چلے اور اس دعویٰ میں انہوں نے کچھ
قدحوا في هذا الدعوى، بل قبِلوا أعلٰى مراتب بلاغته، وعجبوا لعلوِّ شأنِ
جرح قدح نہیں کیا بلکہ انہوں نے تو قرآن کے اعلیٰ مراتب بلاغت کو قبول کرلیا اور اس کی عظیم الشان فصاحت سے تعجب
فصاحته، وقالوا إنْ هذا إلّا سحرٌ مبين. وأكثرهم آمنوا بإعجازه وأقرّوا ﴿۱۱۱﴾
میں رہ گئے اور کہا کہ یہ تو صریح جادو ہے۔ اور اکثر ان کے اس قرآنی معجزہ پر ایمان لائے اور اقرار کرلیا کہ اس کے باز کی
بتناوُش بازِه، وعجزوا عن دركِ هِنْدازِه، وقالوا كلامٌ فاقَ كلماتِ البشر،
سخت پکڑیں ہیں اور اس کی حقیقت کی دریافت سے عاجز رہ گئے اور کہا کہ یہ ایک کلام ہے کہ کلمات بشر پر غالب آگیا اور
وكلّه لُبٌّ وليس معه شيء من القشر، وعليه طلاوة، وفيه حلاوة، وهو
وہ سارے کا سارا مغز ہے اور اس کے ساتھ چھلکا نہیں اور اس پر ایک آب وتاب ہے اور اس میں ایک حلاوت ہے اور وہ
غَدَق لا ينفد مِن شُرب الشاربين. وما نبسوا بكلمة في قدح شأنه
ایک بے اندازہ اور بکثرت مصفا پانی ہے جو پینے والوں کے پینے سے ختم نہیں ہوتا۔ اور قرآن کے قدح شان

وما فاهُوا بكلامٍ فی جرح بيانه، ونسوا جمال الفكر فی ميدانه، ثم رجعوا

میں وہ کوئی کلمہ منہ پر نہ لائے اور اس کی جرح میں انہوں نے کوئی بات منہ سے نہ نکالی اور اس کے میدان میں انہوں نے

مرعوبين نادمين، وأكثرهم كانوا يبكون عند سماعه ويسجدون باكين.

فکر کے اونٹ دوڑائے تو سہی مگر خوفناک اور شرمندہ ہوکر رجوع کیا اور اکثر ان کے قرآن کو سن کر روتے اور سجدہ کرتے تھے۔

هٰذا ما نجد فی القرآن الكريم وأحاديث النبیّ الرؤوف

یہ وہ بیان ہے جو ہم قرآن کریم میں پاتے اور نبی رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث میں پڑھتے ہیں

الرّحيم، إيمانًا وديانةً وصدقًا وأمانةً، وما نجد كلمةً خلاف ذلك من

اور ہم نے اس کو ایماناً اور دیانتاً اور امانتاً لکھا ہے اور ہم اس کے برخلاف کوئی ایسا قول بھی نہیں پاتے جو اس وقت کے نصاریٰ

أسلاف النصارى أو المشركين، وكانوا خيرا منكم فی تنقيد الكلمات

اور مشرکوں کے منہ سے قرآن کی شان کے برخلاف نکلا ہو اور اے نادانو وہ نصاریٰ قرآن کی پرکھ میں تم سے بہتر تھے۔

يا معشر الجاهلين. وأما ما ظننتَ أن فی القرآن بعض ألفاظ غير لسان

اور یہ جو تو نے خیال کیا کہ قرآن میں بعض ایسے الفاظ ہیں کہ وہ زبان قریش کے مخالف ہیں سو

قريش، فقد قلتَ هذا اللفظ من جهل وطيش، وما كنت من

یہ بات تیری سراسر جہل اور نفسانی جوش سے ہے اور بصیرت کی راہ سے نہیں۔

المتبصرين. اعلم أيها الغبی والجهول الدنیّ، أن مدار الفصاحة على

اے غبی اور سفلہ نادان تجھے معلوم ہو کہ فصاحت کا مدار الفاظ مقبولہ پر ہوا کرتا ہے

ألفاظ مقبولة سواء كانت من لسان القوم أو مِن كلمٍ منقولة مستعمَلة

خواہ وہ کلمات قوم کی اصل زبان میں سے ہوں یا ایسے کلمات منقولہ ہوں جو بلغاء قوم کے استعمال میں

فی بلغاء القوم غيرِ مجهولة، وسواء كانت من لغة قوم واحد ومن محاوراتهم

آ گئے ہوں اور خواہ وہ ایک ہی قوم کی لغت میں سے ہوں اور ان کے دائمی محاورات

على الدوم، أو خالطَها ألفاظٌ استحلاها بلغاءُ القوم، واستعملوها ﴿۱۱۲﴾

میں سے ہوں یا ایسے الفاظ اُن میں مل گئے ہوں جو قوم کے بلغاء کو شیریں معلوم ہوئے اور انہوں نے ان کے

فـی النظم و النثر من غیر مخافة اللَّوم، مختارین غیر مضطرین. فلما کان مدار
استعمال اپنی نظم اور نثر میں جائز رکھے ہوں اور کسی ملامت سے نہ ڈرے ہوں اور نہ کسی اضطرار سے وہ الفاظ استعمال کیے
البـلاغة علی هذه القاعدة فهذا هو معیار الکلمات الصاعدة فی سماء البلاغة
ہوں پس جبکہ بلاغت کا مدار اسی قاعدہ پر ہوا پس یہی قاعدہ ان عبارات بلیغہ کے لئے معیار ہے جو فصاحت کے آسمان پر
الراعدة، فـلا حـرج أن یـکون لفظٌ من غیر اللسان مقبولًا فی أهل البیان، بل
چڑھے ہوئے اور بلندی میں گرج رہے ہیں پس اس بات میں کچھ بھی حرج نہیں کہ ایک غیر زبان کا لفظ ہو مگر بلغاء نے اس
ربـما یزید البلاغة من هذا النهج فی بعض الأوقات، بل یستملحونه فی بعض
کو قبول کر لیا ہو بلکہ اس طریق سے تو بسا اوقات بلاغت بڑھ جاتی ہے اور کلام میں زور پیدا ہو جاتا ہے بلکہ بعض مقامات
الـمـقـامـات، ویتـلـذذون به أهلُ الأفانین. ولٰـکنّـک رجلٌ غُمْرٌ جَهولٌ، ومع
میں اس طرز کو فصیح اور بلیغ لوگ ملیح اور نمکین سمجھتے ہیں اور تفنّن عبارات کے عشاق اس سے لذت اٹھاتے ہیں مگر تُو تو اے
ذلک مـعـاندٌ وعَجولٌ، فلأجل ذلک ما تعلم شیئا غیر حقدک وجهلک،
معترض ایک غبی اور جاہل ہے اور باوجود اس کے تُو جلد باز اور دشمن حق ہے اسی لئے تو بغیر کینہ اور جہل کے اور کچھ نہیں جانتا
ومـا تضع قدمًا إلا فی دَخْلِک، ولا تدری ما لسان العرب وما الفصاحة، ولا
اور بغیر گڑھے کے اور کسی جگہ قدم نہیں رکھتا اور تو نہیں جانتا کہ زبان عرب کیا شے ہے اور فصاحت کسے کہتے ہیں اور صرف
تصدر منک إلا الوقاحة، وما لُقِّنْتَ إلا سبّ المطهَّرین.
بے حیائی تجھ میں ہے نہ اور کوئی لیاقت اور تجھ کو تو کسی نے سکھایا ہے کہ تُو پاکوں کو گالیاں دیتا رہے۔

فاترُکْ أیهـا الـغـافـل سیرة الأشرار، واستحِ وانظرْ وجهک فی
سو اے غافل شریروں کی خصلت چھوڑ دے اور کچھ شرم کر اور ذرا اپنے منہ کو فکر کے شیشہ میں
مـرآة الأفکار. هل قرأتَ شیئا فی مدّة عمرک من فن الأدب، أو عرفت
دیکھ کہ کیا تو نے مدت عمر میں کبھی فن ادب سے کچھ پڑھا ہے یا رنگینی عبارات کے
فـی طرقه أفانینَ الوهد والحدب، أو ألّفتَ قطُّ بین کلمتین، ونظمتَ بیتًا
نشیب و فراز تجھے معلوم ہیں یا کبھی تو نے دو عربی کلموں کو جوڑا یا ایک دو بیت بنائے

أو بيتين؟ فَإِنْ ادّعيتَ فَأْتِ ببرهان مبين. وأنت تعلم أنی خاطبتک فی
پس اگر تُو دعویٰ کرے تو اس بات کا ثبوت پیش کر۔ اور تجھے معلوم ہے کہ مَیں نے براہین میں بھی
البراهين إذ صُلتَ على القرآن والدّين المتين، وما كان خطابی إلا لِأُبْدِیَ
تجھے مخاطب کیا تھا جبکہ تُو نے قرآن شریف پر اور دین اسلام پر حملہ کیا تھا اور میرا مخاطب کرنا صرف
على الناس جهلَک الشديد، وذهنَک البليد، فقلتُ إن كنتَ تزعم أنک ﴿۱۱۳﴾
اسی وجہ سے تھا کہ تا تیرا کُند ذہن اور سخت جاہل ہونا لوگوں پر ظاہر کروں پس مَیں نے کہا کہ اگر
تعلم العربية فأَرِنا مهارتک الأدبية، ونحن نقصّ عليک قصّةً فی لسان
تُو یہ گمان کرتا ہے کہ تُو عربی جانتا ہے سو ہمیں اپنی مہارت ادبیہ دکھلاؤ اور ہم ایک قصہ کسی زبان میں تجھ کو
فتَرْجِمْه فی العربية بأحسن بيان إن كنت فيها من الماهرين. وإن ترجمتَ
سنائیں گے اور تجھ پر واجب ہو گا کہ تو اس کی عبارت کو عربی بنا کر دکھلا دے
فلک خمسون روبية إنعامًا، ثم نقرّ بفضلک ونكرمک إكرامًا،
پھر ہم تمہاری بزرگی کے اقراری ہو جائیں گے اور تیری تعظیم کریں گے
ونحسبُک من الفضلاء المسلمين المرتدّين☆ ولكنّک سكتَّ كالأنعام،
اور تجھ کو متبحر فاضلوں میں سے تسلیم کریں گے مگر تو چارپایوں کی طرح چپ ہو گیا
وما مِلتَ إلى الإنعام، وما نبست بكلمة الخير والشرّ خوفًا من هتک
اور انعام لینے کی طرف رخ نہ کیا اور تو جواب میں چپ ہی کر گیا نہ کچھ نیک کہا نہ بد کیونکہ اس میں
الستر وفضوح الحصر، فثبت أنک غبی قصير الرسن، وما أصابک
تیری پردہ دری اور رسوائی تھی پس ثابت ہوا کہ تو ایک غبی کم استعداد آدمی ہے اور تجھ کو عربی زبان سے
حظّ من اللسن، وما حرصتَ فی الإنعام لأنّک كنت جاهلًا كالأنعام،
کچھ بھی حصہ نہیں اور تو نے انعام لینے کی طرف رغبت نہ کی کیونکہ تو ایک جاہل چارپایوں کی طرح تھا
وما كان لک حظّ من العربية بل ما كنت من الماسّين. فعلمتُ
اور عالموں میں سے نہیں تھا۔ پس مَیں نے قطعی علم

☆ ترجمہ سے ظاہر ہے کہ اصل لفظ ”المتبحرین“ تھا۔ شمس

بعلمٍ قطعی أنک لا تعلم العربیة، ولا تستطیع أن تخترق فی مسالکها
کے ساتھ جان لیا کہ تو زبان عربی بالکل نہیں جانتا اور تجھے طاقت نہیں کہ اس کے کوچوں میں چل سکے اور اس کی
وتنصلت فی سبلها وسِککها، وما فیک إلا حُمَةُ لاسعٍ، لا حمیم فهمٍ
تنگ راہوں میں گذر سکے اور تجھ میں تو صرف نیش زنندہ ہے اور ایک قطرہ بھی علم وسیع کے مینہ میں سے تیرے
واسعٍ، فلا تَفُجُسُ ولا تَعْلُ یا أسفل السافلین. أأنت مع جهلک هذا
پاس نہیں ہے پس تو اے اسفل السافلین بزرگ منشی مت دکھلا۔ کیا تو باوجود اپنی اس نادانی کے قرآن میں جرح قدح
تقدَح فی القرآن، وتزری علی کتاب فاق فصاحته نوع الإنسان، ولا
کرتا ہے اور اس کتاب کا عیب ڈھونڈتا ہے جس کی فصاحت نوع انسان کی فصاحتوں پر غالب آ گئی اور
تری صورتک ولا تنظر إلی مبلغ علمک یا مضیّعَ العقل والدّین؟ وإن
اپنی شکل کو نہیں دیکھتا اور اپنے اندازہ علم کی طرف نگاہ نہیں کرتا اے دین اور عقل کے دشمن یہ تو کیا کرتا ہے۔ اور اگر تو
کنت تحسب نفسک شیئا من الأشیاء ، وتظن أنک من الأدباء ، فها أنا
اپنے نفس کو کچھ چیز سمجھتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ تو بھی ایک ادیبوں میں سے ہے پس خبردار ہو جا کہ تیری پتھری کی آگ
قمتُ لاستبراء زَنْدِک، واستشفافِ فِرِنْدِک، وَ ابتدعتُ هذه الرسالة ﴿۱۱۴﴾
نکالنے کے لئے میں کھڑا ہو گیا ہوں اور تیری تلوار کا جوہر دیکھنے کے لئے میں اٹھا ہوں اور اس رسالہ عجالہ کو
العُجالة فی العربیة لهذه الأغراض الضروریة، وهی تحتوی علی غُرر البیان
میں نے عربی میں اسی غرض سے تالیف کیا ہے اور یہ رسالہ نادر اور چمکیلے بیانوں سے پُر ہے جو موتیوں
ودُرره، ومُلح الأدب ونوادره، ووشّحتُها بمحاسن الکنایات وبترصیع لآلِی
کی طرح ہیں اور نیز ادب کی نمکین عبارتوں پر مشتمل ہے اور مَیں نے اس کو بہت عمدہ کنایات اور نکات لطیفہ
النکات فی العبارات، وفیها کثیر من الأمثال العربیة، واللطائف الأدبیة،
کے موتیوں سے موشّح اور مرصّع کیا ہے اور اس میں امثال عربیہ بہت ہیں اور لطائف
والأشعار المبتکَرة، والقصائد المحبَّرة، ولم أودعُها من الأشعار
ادبیہ بکثرت ہیں اور اسی طرح اشعار نو طرز اور خوبصورت قصیدے بھی اس میں ہیں اور میں اس کتاب میں اشعار

الأجنبية بل كلها نتائج خاطری وثمار شجراء فكری؛ وما فعلتُ هذا إلا
اجنبیہ نہیں لایا بلکہ وہ سب میری طبیعت کے نتیجے اور میری زمین کے پھل ہیں اور مَیں نے یہ اس لئے کیا کہ تا
لأسبُر به غَوْرَ عقلك ومقدار فضلك، وأریٰ مبلغ علمك وعذوبة
تیری عقل کا عمق اور تیری فضیلت کا مقدار آزماؤں اور تیرا اندازہ علم اور شیرینی کلام کو دیکھوں
منطقك، وأُرِیَ الخَلْقَ أإنّك صادق فی دعواك وأهلٌ لبلواك، وهل
کیا تُو اپنے دعویٰ میں سچا اور اپنے شور و شر کا اہل ہے اور کیا تجھے حق ہے کہ تُو
لك حق أن تصول علی كتاب الله القرآن وبلاغته وسِفرِ الله الرحمٰن
کتاب اللہ قرآن پر حملہ کرے اور خدا تعالیٰ کے صحیفوں کی بلاغت اور اس کے میدان کشتی گاہ کی نسبت نکتہ چینی کرے
ورياغته كما أنت زعمت، أو من الكاذبين الدجالين. وإنی أُلهمتُ من ربی
سو مَیں نے چاہا کہ دیکھوں کہ تُو اپنے دعووں میں سچا ہے یا جھوٹوں میں سے ہے اور مجھے خدا تعالیٰ کی طرف سے الہام
أنك لا تقدر علی هذا النضال، ويبدی الله عجزك ويخزيك ويُثبت
ہوا ہے کہ تو اس مقابلہ پر قادر نہیں ہوگا اور خدا تعالیٰ تیرا عجز ظاہر کر دے گا اور تجھے رسوا کر دے گا اور ثابت کرے گا کہ تُو
أنك أسير فی الجهل والضلال، ولو اجتمعتْ قومك معك علی هذا
گمراہی میں اسیر ہے اور اگرچہ تیری قوم اس خیال مقابلہ میں تجھ سے متفق ہو جائے مگر آخر تم
الخيال، فترجعون مغلوبين. هذا مع اعترافی بأن هذه الرسالة ليست سبّاقَ
مغلوب ہو جاؤ گے یہ باوجود میرے اس اقرار کے ہے کہ یہ رسالہ اپنی بلاغت میں کوئی اعلیٰ درجہ کے
الغايات فی توشيح المقال، بل اقتضبتُها علی جناح الاستعجال، وأعلم
کمال پر نہیں بلکہ مَیں نے جلد جلد اس کو گھسیٹ دیا ہے اور مَیں جانتا ہوں
أن الإتيان بمثلها أمرٌ هيّن علی الأدباء، بل يكفی فی هذا أدنَی التِفاتِ ﴿۱۱۵﴾
کہ اس کی نظیر بنانا ادیبوں پر بہت ہی آسان ہے بلکہ اُن کی ادنیٰ التفات اس کی
البلغاء. فإن اتّسعتَ فی الأدب فليس من التعجب أن تقول أحلی
نظیر بنانے کے لئے کافی ہے پس اگر تو فن ادب میں وسیع مہارت رکھتا ہے تو کچھ تعجب نہیں کہ اس سے زیادہ تر شیریں

و أفصحَ مما قلتُ إلى أسبوع مع أنک تؤلّف بتأييدِ جموع، لأنک لست
اورزیادہ ترفصیح بنالیوے اور تجھ کو یہ اجازت بھی حاصل ہے کہ تو اپنے تمام گروہ کے ساتھ مل کر لکھے کیونکہ ہماری طرف سے
من إعانتهم بممنوع وإنّی ما اتخذت معينا فی رسالتی هذه، وقلتُ ما قلتُ
ان سے مدد لینے کی تجھ کو ممانعت نہیں اور میں نے اس رسالہ میں کسی دوسرے سے مدد نہیں لی اور جو کچھ
من عند نفسی من فضل ربّی فی أيّام معدودة كالمقتضبين. ومع ذلک إنی
مَیں نے کہا وہ خداتعالیٰ کے فضل سے چند دنوں میں حاضر نویس کی طرح اپنی طرف سے کہا ہے۔ اور
أُمهِلک وإخوانک وجميع خلانک وقومک وأعوانک الّذين يقولون
باوجود اس کے مَیں تجھے اور تیرے بھائیوں اور تیرے دوستوں اور تیری قوم اور تیرے مددگاروں کو
إنا نحن المولويون، إلى شهرين كاملين من يوم الإشاعة، لتُرِىَ كمال
جو کہتے ہیں جو ہم مولوی ہیں دو کامل مہینوں کی مہلت دیتا ہوں اور یہ مہلت اشاعت
البراعة، فإن أتيتم بمثلها فی هذه المدة التی هی أقل الآجال، وتوازنتم فی
کی تاریخ سے ہے تا کہ تم اپنا کمال بلاغت دکھلاؤ پس اگر تم اس رسالہ کی مثل بنا لائے اور اس مدت میں جو بڑی
كل أنواع المقال، ونرى أن قولكم تحاذی حذو النعال، فلكم خمسة
وسیع مدت ہے تم نے ہر یک مماثلت اور موازنت کے لحاظ سے رسالہ بنا کر پیش کر دیا اور ہم نے دیکھ لیا کہ نعل بنعل تم نے
آلافٍ روبية إنعامًا منّا وعدًا مؤكّدًا بقسم الله ذی الجلال وإن لم تطمئن
مقابلہ کر دکھلایا تو اس صورت ہم تمہیں پانچ ہزار روپیہ انعام دیں گے یہ وعدہ اللہ جلّ شانہٗ کی قسم کے ساتھ موکد ہے
بالأيمان الإيمانية فنجمع ذهب الشَرْطِ فی خزينة الحكومة البريطانية
کے جھوٹا ٹھہرانے کے لئے بھی ایک سہل اور صاف راستہ ان کو مل جائے گا اور ہزار لعنت کے داغ سے بھی بچ جائیں گے۔ ورنہ وہ نہ صرف مغلوب بلکہ الہام کے مصدق ٹھہریں گے۔ مگر شیخ صاحب نے ان باتوں میں سے کسی بات کی بھی پرواہ نہ کی اور کچھ بھی غیرت مندی نہ دکھلائی۔ **اس کا کیا سبب تھا؟** بس یہی کہ یہ مقابلہ شیخ صاحب کی طاقت سے باہر ہے سو ناچار انہوں نے اپنی رسوائی کو قبول کر لیا اور اس طرف رخ نہ کیا یہ اسی الہام کی تصدیق ہے کہ **انی مهين من اراد اهانتک** شیخ صاحب نے منبروں پر چڑھ چڑھ کر صدہا آدمیوں میں صدہا موقعوں میں بار بار اِس عاجز کی نسبت بیان کیا کہ یہ شخص زبان عربی سے محض بے خبر اور علوم دین سے محض نا آشنا ہے ایک جاہل آدمی ہے اور کذاب اور دجّال ہے اور اسی پر بس نہ کیا بلکہ صدہا خط اسی مضمون کے اپنے دوستوں کو لکھے اور جابجا یہی مضمون شائع کیا۔ اور اپنے جاہل دوستوں کے دلوں میں بٹھا دیا کہ یہی سچ ہے۔ سو خدا تعالیٰ نے چاہا کہ اِس متکبر کا غرور توڑے اور اس گردن کش کی گردن کو مروڑے اور اس کو دکھلاوے کہ کیونکر وہ اپنے بندوں کی مدد کرتا ہے۔ سو اس کی توفیق اور مدد اور خاص اس کی تعلیم اور تفہیم سے یہ کتابیں تالیف ہوئیں اور ہم نے کرامات الصادقین اور نور الحق کے لئے آخری تاریخ درخواست مقابلہ کی اس مولوی اور تمام مخالفوں کے لئے **اخیر جون ۱۸۹۴ء** مقرر کی تھی جو گذر گئی اور اب دونوں کتابوں کے بعد یہ کتاب **سرّ الخلافة** تالیف ہوئی ہے جو بہت مختصر ہے اور نظم اس کی کم ہے اور ایک عربی دان شخص ایسا رسالہ سات دن میں بہت آسانی سے بنا سکتا ہے اور چھپنے کے لئے دس دن کافی ہیں لیکن ہم شیخ صاحب کی حالت اور اس کے دوستوں کی کم مائیگی پر بہت ہی رحم کر کے دس دن اور زیادہ کر دیتے ہیں اور یہ ستائیس دن ہوئے سو ہم فی دن ایک روپیہ کے حساب سے ستائیس روپیہ کے انعام پر یہ کتاب شائع کرتے ہیں اور شیخ صاحب اور ان کے **اِسمی مولویوں** کی خدمت میں التماس ہے کہ اگر وہ اپنی سُوء قسمت سے ہزار روپیہ کا انعام لینے سے محروم رہے اور پھر پانچ ہزار روپیہ کا انعام پیش کیا گیا تو وہ وقت بھی اُن کی کم مائیگی ﴿۷۰﴾

کی وجہ سے ان کے ہاتھ سے جاتا رہا۔ اور تاریخ درخواست گذر گئی اب وہ **ستائیس روپیہ کو تو نہ چھوڑیں** ہم نے سنا ہے کہ ان دنوں میں شیخ صاحب پر تنگدستی کی وجہ سے تکلیفات بہت ہیں۔ خشک دوستوں نے وفا نہیں کی۔ پس ان دنوں☆ میں تو اُن کے لئے ایک روپیہ ایک اشرفی کا حکم رکھتا ہے گویا یہ ستائیس روپیہ ستائیس اشرفی ہیں جن سے کئی کام نکل سکتے ہیں اور ہم اپنے سچے دل سے اقرار کرتے ہیں کہ اگر رسالہ سر الخلافہ کے مقابل پر شیخ صاحب نے کوئی رسالہ میعاد مقررہ کے اندر شائع کر دیا اور وہ رسالہ ہمارے رسالہ کا ہم پلہ ثابت ہوا تو ہم نہ صرف ستائیس روپیہ ان کو دیں گے بلکہ یہ تحریری اقرار لکھ دیں گے کہ شیخ صاحب ضرور عربی دان اور مولوی کہلانے کے مستحق ہیں بلکہ آئندہ مولوی کے نام سے ان کو پکارا جائے گا۔ اور چاہیئے کہ اب کے دفعہ شیخ صاحب ہمت نہ ہاریں۔ یہ رسالہ تو بہت ہی تھوڑا ہے اور کچھ بھی چیز نہیں۔ اگر ایک ایک جُز روز گھسیٹ دیں تو صرف چار پانچ روز میں اس کو ختم کر سکتے ہیں۔ اور اگر اپنے وجود میں کچھ بھی جان نہیں تو اُن سوڈیڑھ سو مولویوں سے مدد لیں جنہوں نے بغیر سوچے سمجھے کے مسلمانوں کو کافر اور جہنم ابدی کی سزا کے لائق ٹھہرایا اور بڑے تکبر سے اپنے تئیں مولوی کے نام سے ظاہر کیا اگر وہ ایک ایک جُز لکھ کر دیں تو شیخ صاحب بمقابل اس رسالہ کے ڈیڑھ سو جُز کا رسالہ شائع کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر شیخ صاحب نے پھر بھی ایسا کر نہ دکھایا تو پھر بڑی بے شرمی ہوگی کہ **آئندہ مولوی** کہلاویں بلکہ مناسب ہے کہ آئندہ جھوٹ بولنے اور جھوٹ بلوانے سے پرہیز کریں۔ **شیخ** کا نام آپ کے لئے ﴿۷۱﴾
کافی ہے جو باپ دادے سے چلا آتا ہے یا منشی کا نام بہت موزوں ہوگا۔ لیکن ابھی یہ بات قابل آزمائش ہے کہ آپ منشی بھی ہیں یا نہیں۔ منشی کے لئے ضروری ہے کہ فارسی نظم میں پوری دسترس رکھتا ہو مگر میری نظر سے اب تک آپ کا کوئی فارسی دیوان نہیں گذرا۔ بہر حال اگر ہم رعایت اور چشم پوشی کے طور پر آپ کا منشی ہونا مان بھی لیں اور فرض

☆ نوٹ:۔ شیخ صاحب اپنے حال کے پرچہ میں اقراری ہیں کہ اگر اُن کے دوستوں نے اب بھی اُن کی مدد نہ کی تو وہ اس نوکری سے استعفاد ے دیں گے۔ منہ

کرلیں کہ آپ منشی ہیں گو منشیانہ لیاقتیں آپ میں پائی نہیں جاتیں تو چنداں حرج نہیں کیونکہ منشی گری کو ہمارے دین سے کچھ تعلق نہیں لیکن ہم کسی طرح مولوی کا خطاب ایسے نادانوں کو دے نہیں سکتے جن کو ہم پانچ ہزار روپیہ تک انعام دینا کریں تب بھی اُن کی مردہ روح میں کچھ قوت مقابلہ ظاہر نہ ہو ہزار لعنت کی دھمکی دیں کچھ غیرت نہ آوے تمام دنیا کو مددگار بنانے کے لئے اجازت دیں تب بھی ایک جھوٹے منہ سے بھی ہاں نہ کہیں ایسے لوگوں کو اگر مولوی کا لقب دیا جاوے تو کیا بجز مسلمانوں کے کافر بنانے کے کچھ اور بھی ان میں لیاقت ہے۔ ہرگز نہیں۔ چار حدیثیں پڑھ کر نام شیخ الکل **نعوذ باللّٰہ من فتن ھٰذا الدھر و اھلھا و نعوذ باللّٰہ من جھلات الجاھلین۔**

یہ بھی واضح رہے کہ ہر یک باحیا دشمن اپنی دشمنی میں کسی حد تک جا کر ٹھہر جاتا ہے اور ایسے جھوٹوں کے استعمال سے اُس کو شرم آجاتی ہے جن کی اصلیت کچھ بھی نہ ہو مگر افسوس کہ شیخ صاحب نے کچھ بھی اس انسانی شرم سے کام نہیں لیا جہاں تک ضرر رسانی کے وسائل اُن کے ذہن میں آئے انہوں نے سب استعمال کئے اور کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا۔ اوّل تو لوگوں کو اٹھایا کہ یہ شخص کافر ہے اور دجال ہے اس کی ملاقات سے پرہیز کرو اور جہاں تک ہو سکے اس کو ایذا دو اور ہر یک ظلم سے اس کو دکھ دو سب ثواب کی بات ہے۔ اور جب اس تدبیر میں ناکام رہے تو گورنمنٹ انگریزی کو مشتعل کرنے کے لئے کیسے کیسے جھوٹ بنائے کیسے کیسے مفتریات سے مدد لی لیکن یہ گورنمنٹ دور اندیش اور مردم شناس گورنمنٹ ہے سکھوں کے قدم پر نہیں چلتی کہ دشمن اور خود غرض کے منہ سے ایک بات سن کر افروختہ ہو جائے بلکہ اپنی خداداد عقل سے کام لیتی ہے۔ سو گورنمنٹ دانشمند نے اس شخص کی تحریروں پر کچھ توجہ نہ کی اور کیونکر توجہ کرتی اس کو معلوم تھا کہ ایک خود غرض دشمن نفسانی جوش سے جھوٹی مخبری کر رہا ہے گورنمنٹ کو اس عاجز کے خاندان کے خیر خواہ ہونے پر بصیرت کامل تھی اور گورنمنٹ خوب جانتی تھی کہ یہ عاجز عرصہ چودہ سال سے برخلاف ان تمام مولویوں کے بار بار یہ مضمون شائع کر رہا ہے کہ ہم لوگ جو گورنمنٹ برطانیہ کی رعیت ہیں ہمارے لئے اللّٰہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے گورنمنٹ ھٰذا کے زیر اطاعت ﴿۷۲﴾
رہنا اپنا فرض ہے اور بغاوت کرنا حرام۔ اور جو شخص بغاوت کا طریق اختیار کرے یا اس کے لئے

کوئی مفسدانہ بناڈالے یا ایسے مجمع میں شریک ہو یا راز دار ہو تو وہ اللہ اور رسول کے حکم کی نافرمانی کررہا ہے اور جو کچھ اس عاجز نے گورنمنٹ انگریزی کا سچا خیر خواہ بننے کے لئے اپنی کتابوں میں بیان کیا ہے وہ سب سچ ہے۔ نادان مولوی نہیں جانتے کہ جہاد کے واسطے شرائط ہیں سکھا شاہی لوٹ مار کا نام جہاد نہیں اور رعیت کو اپنی محافظ گورنمنٹ کے ساتھ کسی طور سے جہاد درست نہیں اللہ تعالیٰ ہرگز پسند نہیں کرتا کہ ایک گورنمنٹ اپنی ایک رعیت کے جان اور مال اور عزت کی محافظ ہو اور ان کے دین کے لئے بھی پوری پوری آزادی عبادات کے لئے دے رکھی ہو لیکن وہ رعیت موقع پا کر اس گورنمنٹ کو قتل کرنے کو تیار ہو یہ دین نہیں بلکہ بے دینی ہے اور نیک کام نہیں بلکہ ایک بدمعاشی ہے۔ خدا تعالیٰ ان مسلمانوں کی حالت پر رحم کرے کہ جو اس مسئلہ کو نہیں سمجھتے اور اس گورنمنٹ کے تحت میں ایک منافقانہ زندگی بسر کر رہے ہیں جو ایمانداری سے بہت بعید ہے۔ ہم نے سارا قرآن شریف تدبر سے دیکھا مگر نیکی کی جگہ بدی کرنے کی تعلیم کہیں نہیں پائی۔ ہاں یہ سچ ہے کہ اس گورنمنٹ کی قوم مذہب کے بارے میں نہایت غلطی پر ہے وہ اس روشنی کے زمانہ میں ایک انسان کو خدا بنا رہے ہیں اور ایک عاجز مسکین کو رب العالمین کا لقب دے رہے ہیں مگر اس صورت میں تو وہ اور بھی رحم کے لائق اور راہ دکھانے کے محتاج ہیں کیونکہ وہ بالکل صراط مستقیم کو بھول گئے اور دور جا پڑے ہیں۔ ہم کو چاہیے کہ ان کے احسان یاد کرکے ان کے لئے جنابِ الٰہی میں دعا کریں کہ اے خداوند قادر ذوالجلال ان کو ہدایت بخش اور ان کے دلوں کو پاک توحید کے لئے کھول دے اور سچائی کی طرف پھیر دے۔ تا وہ تیرے سچے اور کامل نبی اور تیری کتاب کو شناخت کر لیں اور دین اسلام ان کا مذہب ہو جائے۔ ہاں پادریوں کے فتنے حد سے زیادہ بڑھ گئے ہیں اور ان کی مذہبی گورنمنٹ ایک بہت شور ڈال رہی ہے مگر ان کے فتنے تلوار کے نہیں ہیں قلم کے فتنے ہیں سواے مسلمانوں تم بھی قلم سے اُن کا مقابلہ کرو اور حد سے مت بڑھو۔ خدا تعالیٰ کا منشاء قرآن شریف میں صاف پایا جاتا ہے کہ قلم کے مقابل پر قلم ہے اور تلوار کے مقابل پر تلوار مگر کہیں نہیں سنا گیا کہ کسی عیسائی پادری نے دین کے لئے تلوار بھی اٹھائی ہو۔ پھر تلوار کی تدبیریں کرنا قرآن کریم کو چھوڑنا ہے بلکہ صاف بے راہی اور الٰہی ہدایت سے سرکشی ہے۔ جن میں روحانیت نہیں وہی ایسی تدابیریں کیا کرتے ہیں جو اسلام کا بہانہ کرکے اپنی نفسانی اغراض کو پورا کرنا چاہتے ہیں۔ خدا تعالیٰ ان کو سمجھ بخشے۔

افغانی مزاج کے آدمی اس تعلیم کو برا مانیں گے مگر ہم کو اظہار حق سے غرض ہے نہ ان کے خوش ﴿۷۳﴾
کرنے سے اور نہایت مضر اعتقاد جس سے اسلام کی روحانیت کو بہت ضرر پہنچ رہا ہے یہ ہے کہ
یہ تمام مولوی ایک ایسے مہدی کے منتظر ہیں جو تمام دنیا کو خون میں غرق کر دے اور خروج
کرتے ہی قتل کرنا شروع کر دے۔ اور یہی علامتیں اپنے فرضی مسیح کی رکھی ہوئی ہیں کہ وہ
آسمان سے اترتے ہی تمام کافروں کو قتل کر دے گا اور وہی بچے گا جو مسلمان ہو جائے۔ ایسے
خیالات کے آدمی کسی قوم کے سچے خیر خواہ نہیں بن سکتے بلکہ ان کے ساتھ اکیلے سفر کرنا بھی
خوف کی جگہ ہے۔ شاید کسی وقت کافر سمجھ کر قتل نہ کر دیں اور اپنے اندر کے کفر سے بے خبر ہیں۔
یاد رکھنا چاہیے کہ ایسے بیہودہ مسائل کو اسلام کی جُزو قرار دینا اور نعوذ باللہ قرآنی تعلیم سمجھنا اسلام
سے ہنسی کرنا ہے اور مخالفوں کو ٹھٹھے کا موقعہ دینا ہے۔ کوئی عقل اس بات کو تجویز نہیں کر سکتی کہ
کوئی شخص آتے ہی بغیر اتمام حجت کے لوگوں کو قتل کرنا شروع کر دے۔ یا جس گورنمنٹ کے
تحت میں زندگی بسر کرے اسی کی تباہی کے گھات میں لگا رہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے لوگوں
کی روحیں بکلی مسخ ہو چکی ہیں اور انسانی ہمدردی کی خصلتیں بتمامہا ان کے اندر سے مسلوب
ہو گئی ہیں یا خالق حقیقی نے پیدا ہی نہیں کیں۔ خدا تعالیٰ ہر ایک بلا سے محفوظ رکھے۔ نا معلوم کہ
ہمارے اس بیان سے وہ لوگ کس قدر جلیں گے اور کیسے منہ مروڑ مروڑ کر کافر کہیں گے مگر ہمیں
ان کی اس تکفیر کی کچھ پرواہ نہیں۔ ہر ایک شخص کا معاملہ خدا تعالیٰ کے ساتھ ہے۔ ہمیں قرآن شریف
کی کسی آیت میں یہ تعلیم نظر نہیں آتی کہ بے اتمام حجت مخالفوں کو قتل کرنا شروع کر دیا جاوے۔
ہمارے سید و مولیٰ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرہ برس تک کفار کے جور و جفا پر صبر کیا۔ بہت سے دکھ
دیے گئے دم نہ مارا۔ بہت سے اصحاب اور عزیز قتل کئے گئے ایک ذرا مقابلہ نہیں کیا اور دکھوں سے
پیسے گئے مگر سوائے صبر کے کچھ نہیں کیا۔ آخر جب کفار کے ظلم حد سے بڑھ گئے اور انہوں نے چاہا
کہ سب کو قتل کر کے اسلام کو نابود ہی کر دیں تب خدا تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی کو اُن بھیڑیوں
کے ہاتھ سے مدینہ میں سلامت پہنچا دیا۔ حقیقت میں وہی دن تھا کہ جب آسمان پر ظالموں کو سزا
دینے کے لئے تجویز ٹھہر گئی ۔ تا دلِ مرد خدا نامد بدرد۔ ہیچ قومے را خدا رسوا نکرد۔ مگر افسوس کہ
کافروں نے اسی پر بس نہ کیا بلکہ قتل کے لئے تعاقب کیا اور کئی چڑھائیاں کیں اور طرح طرح

کے دکھ پہنچائے۔ آخر وہ خدا تعالیٰ کی نظر میں اپنے بے شمار گناہوں کی وجہ سے اس لائق ٹھہر گئے کہ اُن پر عذاب نازل ہو۔ اگر ان کی شرارتیں اس حد تک نہ پہنچتیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہرگز تلوار نہ اٹھاتے مگر جنہوں نے تلواریں اٹھائیں اور خدا تعالیٰ کے حضور میں بےباک اور ظالم ثابت ہوئے وہ تلواروں سے ہی مارے گئے۔ غرض جہاد نبوی کی یہ صورت ہے جس سے اہل علم بےخبر ﴿۷۴﴾
نہیں اور قرآن میں یہ ہدایتیں موجود ہیں کہ جو لوگ نیکی کریں تم بھی ان کے ساتھ نیکی کرو۔ جو تمہیں پناہ دیں اُن کے شکر گذار بنے رہو اور جو لوگ تمہیں دکھ نہیں دیتے ان کو تم بھی دکھ مت دو۔ مگر اِس زمانہ کے مولویوں کی حالت پر افسوس ہے کہ وہ نیکی کی جگہ بدی کرنے کو تیار ہیں اور ایمانی روحانیت اور انسانی رحم سے خالی۔ **اللهم اصلح امة محمد صلى الله عليه وسلم. اٰمين.**

شیخ محمد حسین بطالوی کا ہمارے کافر ٹھہرانے پر اصرار اور ہماری طرف سے ہمارے اسلامی عقیدہ کا ثبوت اور نیز شیخ صاحب موصوف کے لئے ستائیس روپیہ کا انعام اگر وہ رسالہ سر الخلافہ کے مقابل پر رسالہ لکھ کر شائع کریں

خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ ہم نے ایک ذرہ اسلام سے خروج نہیں کیا بلکہ جہاں تک ہمارا علم اور یقین ہے ہم اُن سب باتوں پر قائم اور راسخ ہیں جو نصوص قرآنیہ اور حدیثیہ سے ثابت ہوتی ہیں اور ہمیں بڑا افسوس ہے کہ شیخ محمد حسین صاحب اور دوسرے ہمارے مخالفوں نے صرف یہی نہیں کیا کہ ہمیں کافر اور دجّال بنایا اور خلود جہنم ہماری سزا ٹھہرائی بلکہ قرآن اور حدیث کو بھی چھوڑ دیا اور ہم بار بار کہتے ہیں کہ ہم اُن کی نفسانی خواہشوں اور غلطیوں اور خطاؤں کو تو کسی طرح قبول نہیں کر سکتے لیکن اگر کوئی سچی بات اور کتاب اللہ اور حدیث کے موافق کوئی عقیدہ اُن کے پاس ہو جس کے ہم بفرض محال مخالف ہوں تو ہم ہر وقت اس کے قبول کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ہم نے انہیں دکھلا دیا اور ثابت کر دیا کہ توفّی کے لفظ میں کتاب الٰہی کا عام محاورہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بول چال کا عام محاورہ اور صحابہ کی روزمرہ بول چال کا

عام محاورہ اور اس وقت سے آج تک عرب کی تمام قوم کا عام محاورہ مارنے کے معنوں پر ہے نہ اور کچھ۔ اور ہم نے یہ بھی دکھلایا کہ جو معنی توفی کے لفظ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوئے وہ اسی کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوگئے **بخاری** کھول کر دیکھو اور پاک دل کے ساتھ اس آیت میں غور کرو کہ مَیں قیامت کے دن اسی طرح
فلما توفّیتنی کہوں گا جیسا کہ ایک **عبد صالح** یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا اور سوچو کہ ﴿۷۵﴾
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ کلمہ لفظ توفی کے لئے کیسی ایک تفسیر لطیف ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر کسی تغییر اور تبدیل کے لفظ متنازعہ فیہ کا مصداق اپنے تئیں ایسا ٹھہرالیا جیسا کہ آیت موصوفہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کے مصداق تھے۔ اب کیا ہمیں جائز ہے کہ ہم یہ بات زبان پر لاویں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آیت فلما توفیتنی☆ کے حقیقی مصداق نہیں تھے اور حقیقی مصداق عیسیٰ علیہ السلام ہی تھے اور جو کچھ اس آیت سے درحقیقت خدا تعالیٰ کا منشاء تھا اور جو معنے توفی کے واقعی طور پر اس جگہ مراد الٰہی تھی اور قدیم سے وہ مراد علم الٰہی میں قرار پا چکی تھی یعنی زندہ آسمان پر اٹھائے جانا نعوذ باللہ اس خاص معنی میں آنحضرت صلعم شریک نہیں تھے بلکہ آنحضرت نے اس آیت کو اپنی طرف منسوب کرنے کے وقت

☆بعض نادان کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کلام میں کما کا لفظ موجود ہے جو کسی قدر فرق پر دلالت کرتا ہے اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توفی اور حضرت عیسیٰ کی توفی میں کچھ فرق چاہیے۔ مگر افسوس کہ یہ نادان نہیں سوچتے کہ مشبہ مشبہ بہ کی طرز واقعات میں خواہ کچھ فرق ہو لیکن لغات میں فرق نہیں پڑ سکتا۔ مثلاً کوئی کہے کہ جس طرح زید نے روٹی کھائی میں نے بھی اسی طرح روٹی کھائی۔ سو اگرچہ روٹی کھانے کے وضع یا عمدہ اور ناقص ہونے میں فرق ہو مگر روٹی کا لفظ جو ایک خاص معنوں کے لئے موضوع ہے اس میں تو فرق نہیں آئے گا۔ یہ تو نہیں کہ ایک جگہ روٹی سے مراد روٹی اور دوسری جگہ پتھر ہو۔ لغات میں تو کسی طرح تصرف جائز نہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اور اسی قسم کا مقولہ ہے جو ابن تیمیّہ نے زاد المعاد میں نقل کیا ہے اور وہ عبارت یہ ہے۔ **قال یا معشر قریش ما ترون انی فاعل بکم قالوا خیرًا اخ کریم وابن اخ کریم قال فانی اقول لکم کما قال یوسف لاخوتہ لا تثریب علیکم الیوم اذھبوا فانتم الطلقاء الصفحہ ۴۱۵**۔ اب دیکھو تثریب کا لفظ جن معنوں سے حضرت یوسف کے قول میں ہے انہیں معنوں سے آنحضرت صلعم کے قول میں ہے۔ منہ

اس کے معنوں میں تغییر وتبدیل کر دی ہے اور دراصل جب اس لفظ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کریں تو اس کے اور معنے ہیں اور جب حضرت مسیح کی طرف یہ لفظ منسوب کریں تو پھر اس کے وہی حقیقی معنے لئے جاویں گے جو خدائے تعالیٰ کے قدیم ارادہ میں تھے۔ پس اگر یہی بات سچ ہے تو علاوہ اس فساد صریح کے کہ ایک نبی کی شان سے بہت بعید ہے کہ وہ ایک قرارداده معنوں کو توڑ کر اُن میں ایک ایسا تصرف کرے کہ بجز تحریف معنوی کے اور کوئی دوسرا نام اِس کا ہو ہی نہیں سکتا۔ دوسرا فساد یہ ہے کہ جس اتحاد مقولہ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا یعنی **فلمّا توفیتنی** کا وہ اتحاد بھی تو قائم نہ رہا کیونکہ اتحاد تو تب قائم رہتا کہ **توفی** کے معنوں میں آنحضرت اور حضرت عیسیٰ شریک ہو جاتے۔ مگر وہ شراکت تو میسر نہ آئی پھر اتحاد کس بات میں ہوا۔ کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی اور لفظ نہیں ملتا تھا جو آپ نے ناحق ایک ایسے اشتراک کی طرف ہاتھ پھیلایا جس کا آپ کو کسی طرح سے حق نہیں پہنچتا تھا۔ بھلا زمین میں دفن ہونے والے اور آسمان پر زندہ اٹھائے جانے والے میں ایک ایسے لفظ میں کہ یا مَرنے کے اور یا زندہ اٹھائے جانے کے معنے رکھتا ہے کیونکر اشتراک ہو۔ کیا ضدین ایک جگہ جمع ہو سکتی ہیں۔ اور اگر آیت **فلما توفیتنی** میں **توفی** کے معنے مارنا نہیں تھا تو پھر کیا امام بخاری کی عقل ماری گئی کہ وہ اپنی صحیح میں اس معنے کی تائید کے لئے ایک اور آیت دوسرے مقام سے اٹھا کر اس مقام میں لے آیا یعنی آیت **انّی متوفیک** اور پھر اسی پر بس نہ کیا بلکہ قول ابن عباس رضی اللہ عنہ بھی اس جگہ جڑ دیا کہ **متوفیک ممیتک** یعنی **متوفیک** کے یہ معنی ہیں کہ **مَیں تجھے مارنے والا ہوں**۔ اگر بخاری کا یہ مطلب نہیں تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تمثیلی معنوں کو ابن عباس کے صریح معنوں کے ساتھ زیادہ کھول دے تو ان دونوں آیتوں کو جمع کرنے اور ابن عباس کے معنوں کے ذکر سے کیا مطلب تھا اور کون سا محل تھا ﴿۷۶﴾ کہ **توفّی** کے معنے کی بحث شروع کر دیتا۔ پس درحقیقت امام بخاری نے اس کارروائی سے **توفّی** کے معنوں میں جو کچھ اپنا مذہب تھا ظاہر کر دیا۔ سو اِس جگہ ہمارے تائید دعویٰ کے لئے تین چیزیں ہو گئیں۔ اوّل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قول مبارک کہ جیسے عبد صالح یعنی عیسیٰ نے

فلما توفیتنی کہا۔ مَیں بھی فلما توفیتنی کہوں گا۔ دوسرے ابن عباسؓ سے توفّی کے لفظ کے معنے مارنا ہے۔ تیسرے امام بخاری کی شہادت جو اس کی عملی کارروائی سے ظاہر ہو رہی ہے۔

اب سوچ کر دیکھو کہ کیا ہم نے حدیث اور قرآن کو چھوڑا یا ہمارے مخالفوں نے۔ کیا اُنہوں نے بھی توفّی کے معنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کسی صحابی سے ثابت کئے جیسا کہ ہم نے کئے ہیں اور پھر بھی ہم اِس بات کو قبول کرنے کے لئے تیار ہیں کہ اگر ہمارے مخالف اِس ثبوت کے مقابل پر جو توفّی کی نسبت ہم نے پیش کیا اب بھی کوئی دوسرا ثبوت پیش کریں یعنی توفّی کے معنوں کے بارے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی اور حدیث ہم کو دکھلا ویں اور اس کے ساتھ کسی اور صحابی کی طرف سے بھی توفّی کے معنی تائیدی طور پر پیش کریں اور بخاری جیسے کسی امام حدیث کی بھی ایسی ہی شہادت توفّی کے معنوں کے بارہ میں پیش کر دیں تو ہم اس کو قبول کر لیں گے مگر یہ کیسی چالاکی ہے کہ خود تو حدیث اور قرآن کو چھوڑ دیں اور الٹا ہم پر الزام دیں کہ یہ فرقہ قرآن اور حدیث سے باہر ہو گیا ہے۔ اے مخالف مولویو خدا تم پر رحم کرے ذرہ غور سے توجہ کرو تا تمہیں معلوم ہو کہ یہ یقینی اور قطعی بات ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ سے مقام متنازعہ فیہ میں توفّی کے معنی بجز مارنے کے اور کچھ بھی ثابت نہیں ہوئے اور جو شخص اس ثابت شدہ معنی کو چھوڑتا ہے وہ قرآن کریم کی تفسیر بالرائے کرتا ہے کیونکہ حدیث کی رو سے بجز مارنے کے اور کوئی معنے توفّی آیت متنازعہ فیہ میں منقول نہیں۔ اسی وجہ سے **شاہ ولی اللہ صاحب** نے اپنی تفسیر فوزالکبیر میں جو صرف آثار نبوی اور اقوال صحابہ کے التزام سے کی گئی ہے **متوفیک** کے معنے صرف **ممیتک** لکھے ہیں۔ اگر ان کو کوئی مخالف قول ملتا تو ضرور وہ **او** کے لفظ سے وہ معنے بھی بیان کر جاتے۔ اب ہمارے مخالفوں کو شرم کرنا چاہیئے کہ کیوں وہ نصوص صریحہ کو صریح چھوڑ بیٹھے ہیں۔ پس اے بے باک لوگو خدا تعالیٰ سے ڈرو۔ کیا تم نے ایک دن مرنا نہیں۔ اور نزول کے لفظ پر آپ لوگ ناز نہ کریں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اِس لفظ کا کچھ فیصلہ نہیں فرمایا کہ یہ نزول کن معنوں سے نزول ہے۔ کیونکہ نزول کئی قسم کے ہوا کرتے ہیں اور

مسافر بھی ایک زمین سے دوسری زمین میں جا کر نزیل ہی کہلاتا ہے۔ قرآن کریم میں ان ﴿۷۷﴾
نزولوں کا بھی ذکر ہے جو روحانی ہیں جیسے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جو ہم نے لوہا اتارا ہم نے لباس اتارا ہم نے چار پائے اتارے۔ اور ایلیا یعنی یوحنا کے قصہ سے جس پر یہود اور نصاریٰ کا اتفاق ہے اور بائیبل میں موجود ہے صاف کھل گیا ہے کہ فوت شدہ انبیاء کا نزول اس دنیا میں روحانی طور پر ہوا کرتا ہے نہ جسمانی۔ وہ آسمان سے تو ہرگز نہیں نازل ہوتے مگر اُن کی روحانی خصلتیں کسی مثیل میں باذن اللہ داخل ہو کر روحانی طور پر نازل ہو جاتی ہیں اور ان کی ارادات کا شخص مثیل پر ایک سایہ ہوتا ہے اس لئے اس مثیل کا ظہور مُمثّل بہ کا نزول سمجھا جاتا ہے۔ بعض اولیاء کرام نے بھی اس قسم کے نزول کا تصوف کی کتابوں میں ذکر کیا ہے۔ غرض عند اللہ یہ قسم بھی ایک نزول کی قسم سے ہے اور اگر یہ نزول نہیں تو پھر خدائے تعالیٰ کی کتابیں باطل ہوتی ہیں۔ ایلیا کا قصہ جو بائیبل میں موجود ہے ایک ایسا مشہور واقعہ ہے جو یہود اور نصاریٰ دونوں فرقوں میں مسلّم ہے اور یہ کمال حماقت ہوگی کہ ہم یہ کہیں کہ ان دونوں فرقوں نے باہم مل کر اس مقام کی آیات کو تحریف کر دیا ہے بلکہ نصاریٰ کو یہ قصہ نہایت ہی مُضر پڑا ہے اور اگر اِس جگہ نزولِ ایلیا کے ظاہری معنے کریں تو یہود سچے ٹھہرتے ہیں اور ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام سچے نبی نہیں تھے کیونکہ اب تک حضرت ایلیا علیہ السلام آسمان سے نازل نہیں ہوئے اور بائیبل کے رو سے ضرور تھا کہ وہ حضرت مسیح سے پہلے نازل ہو جاتے۔ حضرت مسیح کو یہ ایک بڑی دِقت پیش آئی تھی کہ یہود نے ان کی نبوت میں یہ عُذر پیش کر دیا جو درحقیقت ایک پہاڑ کی طرح تھا۔ پس اگر یہ جواب صحیح ہوتا کہ نزول ایلیا کا قصہ محرف ہے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہود کے آگے اسی جواب کو پیش کرتے اور کہتے کہ یہ بات سرے سے ہی جھوٹ ہے کہ ایلیا پھر دنیا میں آئے گا اور ضرور ہے کہ وہ مسیح سے پہلے بجسمہ العنصری آسمان سے اتر آوے۔ مگر انہوں نے یہ جواب نہیں دیا بلکہ آیت کی صحت کو مسلّم رکھ کر نزول کو نزول روحانی ٹھہرایا۔ اور انہیں تاویلوں کے سبب سے یہودیوں نے انہیں ملحد کہا اور بالاتفاق فتویٰ دیا کہ یہ شخص بے دین اور کافر ہے کیونکہ نصوص توریت کو بلا قرینہ صارفہ ان کے ظاہری معنوں سے پھیرتا ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ

اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تحریف کا عذر پیش کر دیتے اور کہہ دیتے کہ تمہاری آسمانی کتابوں کے یہ مقامات محرف ہو گئے ہیں تو اس جواب سے بھی اگرچہ وہ یہود کا منہ تو بند نہیں کر سکتے تھے تاہم اُن کے خوارق اور معجزات کو دیکھ کر بہت سے لوگ سمجھ جاتے کہ ممکن ہے کہ یہ دعویٰ تحریف کا سچا ہی ہو کیونکہ یہ شخص مؤید من اللہ اور الہام یافتہ اور صاحبِ معجزات ہے لیکن حضرت مسیح نے تو ایسا نہ کیا بلکہ آیت کی صحت کا ایلیا کے نزول کی نسبت اقرار کر دیا جس کی وجہ سے اب تک عیسائی مصیبت میں پڑے ہوئے ہیں اور یہود کے آگے بات بھی نہیں کر سکتے اور یہود ٹھٹھے سے کہتے ہیں کہ عیسیٰ اُس وقت نبی ٹھہر سکتا ہے کہ جب ہم خدائے تعالیٰ کی تمام کتابوں کو جھوٹی قرار دے دیں اور اَب تک عیسائیوں کو موقعہ نہیں ملا کہ اس مقام میں تحریف کا دعویٰ کر دیں اور اس بلا سے نجات پاویں کیونکہ اب وہ انیس سو برس کے بعد کیونکر اس قول کی مخالفت کر سکتے ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے منہ سے نکل گیا۔ یہ مقام ہمارے بھائی مسلمانوں کے لئے بہت غور کے قابل ہے۔ اُن کو سوچنا چاہیے کہ جن ظاہری معنوں پر وہ زور دیتے ہیں اگر وہی معنے سچے ہیں تو پھر حضرت عیسیٰ کسی طور سے نبی نہیں ٹھہر سکتے بلکہ وہ نبی اللہ تو اُسی حالت میں ٹھہریں گے جب کہ حضرت ایلیا نبی کے نزول کو ایک روحانی نزول مانا جاوے۔ ﴿۷۸﴾

افسوس کہ اٹھارہ سو نوے برس گذرنے کے بعد وہی یہودیوں کا جھگڑا اِن مولویوں اور فقیہوں نے اس عاجز کے ساتھ شروع کر دیا اور ایک بچہ بھی سمجھ سکتا ہے کہ جس پہلو کو اِس عاجز نے اختیار کیا وہ حضرت عیسیٰ کا پہلو ہے اور جس پہلو پر مخالف مولوی جم گئے وہ یہودیوں کا پہلو ہے۔ اب مولویوں کے پہلو کی نحوست دیکھو کہ اس کو اختیار کرتے ہی یہودیوں سے اُن کو مشابہت نصیب ہوئی۔ ابھی کچھ نہیں گیا اگر سمجھ لیں۔ اب جبکہ اس تحقیقات سے نزول جسمانی کا کچھ پتہ نہ لگا اور نہ پہلی کتابوں میں اس کی کوئی نظیر ملی اور ملا تو یہ ملا کہ ایلیا نبی کے دنیا میں دوبارہ آنے کا جو وعدہ تھا اُس سے مراد روحانی نزول تھا

نہ ظاہری تو اِس تحقیقات سے ثابت ہوا کہ جب سے دنیا کی بنا پڑی ہے یعنی حضرت آدم سے لے کرتا ایں دم کبھی کسی انسان کی نسبت نزول کا لفظ جب آسمان کی طرف نسبت دیا جائے جسمانی نزول پر اطلاق نہیں پایا اور جو دعویٰ کرے کہ پایا ہے وہ اس کا ثبوت پیش کرے۔ اور جب اب تک نزول جسمانی پر اطلاق نہیں پایا تو اب خلاف سنت اللہ اور محاورہ قدیمہ کے جو اس کی کتابوں میں پایا جاتا ہے کیوں کر اطلاق پائے گا **ولن تجد لسنة اللّٰه تبديلا**۔

اور پھر ہم تنزّل کے طور پر کہتے ہیں کہ اگر کوئی غبی اب بھی اِس صریح اور واضح بیان کو نہ سمجھے تو اتنا تو ضرور سمجھتا ہوگا کہ متنازعہ فیہ مقام میں **توفی** کا لفظ وہ محکم اور بیّن لفظ ہے جس کے معنے فیصلہ پا گئے اور قطعی طور پر ثابت ہوگیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے معنے مارنا ہی فرمایا ہے اور حضرت ابن عباسؓ نے بھی اِس کے معنے مارنا ہی لکھا ہے اور امام بخاری نے بھی مارنے پر ہی عملی طور پر شہادت دی ہے۔ لیکن اس کے مقابل پر نزول کا جو لفظ ہے اس کی نسبت اگر ایک بڑے سے بڑا متعصب کچھ تاویلیں کرے تو اس سے زیادہ نہیں کہہ سکتا کہ وہ ایک لفظ ہے جو متشابہات میں داخل ہے۔ لیکن فیصلہ شدہ لفظ اور اُس کے بیّن اور محکم معنوں کو چھوڑ کر متشابہات کی طرف دوڑنا انہیں لوگوں کا کام ہے جن کے دل میں مرض ہے۔ اگر ایمان ہے تو وہ لفظ جو بیّنات اور محکمات میں داخل ہوگیا اُسی سے پنجہ مارو نہ کسی ایسے لفظ سے جو متشابہات میں داخل رہا اور متشابہات کی تاویل خدا تعالیٰ کے علم کی طرف حوالہ کرو تا نجات پاؤ۔ ﴿۷۹﴾

بڑی بھاری نزاع جو ہم میں اور ہمارے مخالفوں میں ہے یہی ہے جو مَیں نے بیان کردی ہے اور ماحصل یہی نکلا کہ ہم بیّنات اور محکمات سے پنجہ مارتے ہیں جو قرآن سے ثابت، حدیث سے ثابت، اقوال صحابہ سے ثابت، پہلی کتابوں کے نظائر سے ثابت، سنت اللہ سے ثابت، امام بخاری کے قول سے ثابت، امام مالک کے قول سے ثابت،

ابن قیّم کے قول سے ثابت، ابـن تیمیّہ کے قول سے ثابت اور اسلام کے بعض دوسرے فرقوں کے اعتقاد سے ثابت۔ مگر ہمارے مخالفوں نے صرف نزول کا ذوالوجوہ لفظ پکڑا ہوا ہے جو لغت اور قرآن اور پہلی آسمانی کتابوں کے رو سے بہت سے معنوں پر اطلاق پاتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہیں تشریح نہیں کی کہ اِس سے حضرت مسیح علیہ السلام کا جسمانی نزول مراد ہے نہ اور کچھ کیوں کہ جب کہ نبیوں کے روحانی نزول کے بارے میں ایک پہلی امت قائل ہے اور یہود جو حضرت ایلیا کے جسمانی نزول کے منتظر تھے اُن کا غلطی پر ہونا حضرت مسیح کی زبان سے ثابت ہو گیا اور اِس سنت اللہ کا کہیں پتہ نہ ملا جو جسمانی نزول بھی کبھی کسی زمانہ میں گذر چکا تو یہی معنے متعین ہوئے کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام سے مراد روحانی نزول ہے ورنہ اگر جسمانی نزول بھی سنت اللہ میں داخل ہے تو خدا تعالیٰ نے یہودیوں کو کیوں اِس قدر ابتلا میں ڈالا کہ وہ اب تک اِس خیال میں مبتلا ہیں کہ سچا مسیح تب ہی آئے گا کہ جب ایلیا نبی آسمان سے نازل ہولے۔ جبکہ خدا تعالیٰ نے صاف وعدہ کیا تھا کہ ایلیا نبی دوبارہ دنیا میں آئے گا اور پھر اُس کے بعد مسیح آئے گا تو اِس وعدہ کو اس کی ظاہری صورت پر پورا کیا ہوتا اور ایلیا نبی کو آسمان سے زمین پر بجسمہ العنصری اتارا ہوتا تا یہود لوگ جیسا کہ ایک مدت دراز سے پیشگوئی کے معنے سمجھے بیٹھے تھے اور اُن کے فقیہوں اور عالموں اور محدثوں نے نزول جسمانی ایلیا کو اپنے اعتقاد میں داخل کر لیا تھا اس پیشگوئی کا اپنے اعتقاد کے موافق پورا ہونا دیکھ لیتے اور پھر اُن کو حضرت مسیح کی نبوت میں کچھ بھی شک باقی نہیں رہتا۔ مگر اُن پر یہ کیسی مصیبت پڑی کہ ان کی کتابوں میں تو ان کو صاف صاف اور صریح لفظوں میں بتلایا گیا کہ درحقیقت ایلیا ہی دوبارہ دنیا میں آئے گا اور وہی مسیح سچا ہوگا جو ایلیا کے نزول کے بعد آوے لیکن یہ پیشگوئی اپنے ظاہری معنوں پر پوری نہ ہوئی اور حضرت مسیح تشریف لے آئے اور اُن کو یہود کے سامنے سخت مشکلات پیش ﴿۸۰﴾
آ گئے۔ آخرکار ایک ایسی دور از حقیقت تاویل پر زور ڈالا گیا جس سے یہودیوں کو

کہنا پڑا کہ عیسیٰ سچا مسیح نہیں ہے بلکہ ایک مکار اور ملحد ہے جو اپنے مطلب کے لئے ایک صریح پیشگوئی کو ظاہر سے پھیر کر روحانی نزول کا قائل ہے۔ سو اس وجہ سے کروڑ ہا آدمی کافر اور منکر رہ کر داخل جہنم ہوئے۔ اے مسلمانوں اس مقام کو ذرا غور سے پڑھو کہ آپ لوگوں کی بات یہود کی بات سے ایسی مل گئی کہ دونوں باتیں ایک ہی ہوگئیں اور یقیناً سمجھو کہ مومن کی خصلت میں داخل ہے کہ وہ دوسرے کے حال سے نصیحت پکڑتا ہے۔ **فاعتبروا یا اولی الابصار واسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون۔**

اگر کہو کہ ہم کیونکر یقین کریں کہ یہ واقعہ صحیحہ ہے تو اس کا جواب یہی ہے کہ یہ مسئلہ دو قوموں کا متواترات سے ہے اور صرف یہ کہنا کہ وہ کتابیں محرف مبدل ہوگئیں ایسے متواترات کو کمزور نہیں کرسکتا۔ ہاں اس صورت میں ہوسکتا تھا کہ خدا تعالیٰ قرآن کریم میں اس قول کی تکذیب کرتا۔ پس جبکہ اس مسئلہ کی تکذیب حدیث اور قرآن سے ثابت نہیں ہوتی تو ہم متواترات قولی سے کسی طرح انکار نہیں کر سکتے۔☆ بلکہ اگر یہ بھی فرض کرلیں کہ وہ تمام کتابیں خدا تعالیٰ کی طرف سے نازل ہی نہیں ہوئیں اور سراسر انسانی تالیف ہے۔ پھر بھی ہم تاریخی سلسلہ کو کسی طرح مٹا نہیں سکتے اور جو امر تاریخی طرز پر دو قوموں کے متفق علیہ شہادت سے ثابت ہوگیا اب وہ شکی اور ظنی نہیں ٹھہر سکتا جیسا کہ ہم وجود رام چندر اور کرشن اور بکر ماجیت اور بدھ سے انکار نہیں کر سکتے حالانکہ ہم ان کتابوں کو خدائے تعالیٰ کی طرف سے نہیں سمجھتے۔ پھر کیوں انکار نہیں کر سکتے؟ تاریخی تواتر کی وجہ سے۔

بعض نیم ملا عجیب جہالت کے گڑھے میں پڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے جو ایک **تحریف کا لفظ** سن رکھا ہے بے محل پر اسی کو پیش کر دیتے ہیں اور تاریخی تواترات کو نظر انداز کر دیا ہے۔ بلکہ ان کو مٹانا چاہتے ہیں۔ یہ نہایت شرمناک بات ہے کہ ہماری قوم میں ایسے لوگ بھی

☆ نوٹ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا آنے والے مسیح کو اپنی امت میں سے قرار دینا روحانی نزول کا مؤید ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد روحانی نزول تھا نہ اور کچھ۔ منہ

مولوی کے نام سے مشہور ہیں کہ **متواترات قومی** کو جو تاریخ کے سلسلے میں آ گئے ہیں قبول نہیں کرتے اور خواہ نخواہ غیر متعلقہ جزئیات کو تحریف میں داخل کرتے ہیں اور یہ نہیں سوچتے کہ اس موقعہ پر اگر **یہودی تحریف** کرتے تو وہ تحریف عیسائیوں کے مقصد کے مخالف ٹھہرتی اور اگر عیسائی تحریف کرتے تو یہودیوں کے دعویٰ کے برعکس ہوتی اور جو لفظ **توریت** کی کتابوں میں موجود ہیں وہ عیسائیوں کے مقصد کو نہایت مضر پڑے ہیں۔ کیونکہ ان سے حضرت ایلیا ﴿۸۱﴾
کے نزول جسمانی کی پیشگوئی قبل از ظہور حضرت مسیح یقینی طور پر ثابت ہوتی ہے تو اس صورت میں تحریف کرنے میں عیسائیوں کا یہودیوں کے ساتھ اتفاق کرنا ایسا ہے جیسا کہ کوئی اپنے ہاتھ سے اپنا ناک کاٹے۔ وجہ یہ کہ اگر **نزول ایلیا** کی پیشگوئی کو ظاہر پر ہی حمل کریں تو پھر حضرت عیسیٰ کا **سچا نبی ہونا** محالات میں سے ہے کیونکہ اب تک ایلیا نبی **بجسمه العنصری** آسمان سے نازل نہیں ہوا تو پھر عیسیٰ جس کا اس کے بعد آنا ضروری تھا کیونکر پہلے ہی آ گیا۔ اور اگر ظاہر پر حمل نہ کریں اور نزول ایلیا کو **نزول روحانی** قرار دیں تو پھر نزول عیسیٰ کی پیشگوئی میں کیوں ظاہر پر جم بیٹھیں۔ نزول **برحق** اور اس پر ہم ایمان لاتے ہیں بلکہ اس کا ظہور بھی دیکھ لیا لیکن جن معنوں کے رو سے یہود بندر اور سور کہلائے اور خدا تعالیٰ کی کتابوں میں **لعنتی ٹھہرے** اس طور کے نزول کے معنے بعد پہنچنے **ہدایت** کے وہی کرے جس کو بندر اور سؤر بننے کا شوق ہو۔ خدا تعالیٰ صادق مومنوں کو ایسے معنوں سے اپنی پناہ میں رکھے جو اس لعنت کی بشارت دیتے ہیں جو پہلے یہود پر وارد ہو چکی ہے۔ زیادہ اس مسئلہ میں کیا **لکھیں** اور کیا کہیں **جن کو خدا تعالیٰ ہدایت نہ دے** ہم کیونکر دے سکتے ہیں۔ جن کی آنکھیں وہ مالک نہ کھولے ہم کیوں کر کھول سکتے ہیں۔ جن مُردوں کو وہ زندہ نہ کرے ہم کیوں کر کریں۔ اے **مالک و قادر** خدا اب **فضل** کر اور رحم کر اور اس تفرقہ کو درمیان سے **اٹھا** اور **سچ ظاہر** کر اور **جھوٹ کو نابود** کر کہ سب **قدرت** اور **طاقت** اور **رحمت** تیری ہی ہے۔ آمین آمین

پھر بعد اس کے واضح رہے کہ فرشتوں کے نزول سے بھی ہمیں انکار نہیں۔ اگر کوئی ثابت

کر دے کہ **فرشتوں** کا نزول اسی طرح ہوتا ہے کہ وہ **اپنے وجود** کو آسمان سے خالی کر دیں تو ہم بشوق اس ثبوت کو سنیں گے اور اگر درحقیقت ثبوت ہوگا تو ہم اس کو قبول کر لیں گے۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے فرشتوں کا وجود **ایمانیات** میں داخل ہے۔ خدا تعالیٰ کا **نزول سماء الدنیا** کی طرف اور فرشتوں کا نزول دونوں ایسی حقیقتیں ہیں جو ہم سمجھ نہیں سکتے۔ ہاں کتاب اللہ سے اتنا ثابت ہوتا ہے کہ **خلق جدید** کے طور پر زمین پر فرشتوں کا ظہور ہو جاتا ہے **دحیہ کلبی** کی شکل میں جبرئیل کا ظاہر ہونا خلق جدید تھا یا کچھ اور تھا۔ پھر کیا ضرور ہے کہ پہلی خلق کو نابود کر لیں پھر خلق جدید کے قائل ہوں بلکہ پہلا خلق بجائے خود آسمان پر ثابت اور قائم ہے اور دوسرا خلق خدا تعالیٰ کی وسیع قدرت کا ایک نتیجہ ہے کیا **خدا تعالیٰ** کی قدرت سے بعید ہے کہ **ایک وجود** دو جگہ دو **جسموں** سے دکھاوے۔ حاشا وکلّا ہرگز نہیں۔ **الم تعلم ان اللّٰہ علٰی کل شیء قدیر۔** ﴿۸۲﴾

پھر شیخ بطالوی صاحب نے اپنی دانست میں ہماری کتاب **تبلیغ** کی کچھ غلطیاں نکالی ہیں اور ہم افسوس سے لکھتے ہیں کہ تعصب کے جوش سے یا نادانی کی وجہ سے صحیح اور با قاعدہ ترکیبوں اور لفظوں کو بھی غلطی میں داخل کر دیا۔ اگر اس امر کے لئے کوئی **خاص مجلس** مقرر ہو تو ہم ان کو سمجھا دیں کہ ایسی شتاب کاری سے کیا کیا ندامتیں اٹھانی پڑتی ہیں۔ قیامت کی نشانیاں ظاہر ہو گئیں۔ یہ علم اور نام مولوی **انّا للّٰہ و انّا الیہ راجعون۔** وہ غلطیاں جو انہوں نے بڑی جانکاہی سے نکالی ہیں اگر وہ تمام اکٹھی کر کے لکھی جائیں تو دو یا ڈیڑھ سطر کے قریب ہوں گی اور ان میں اکثر تو سہو کاتب ہیں اور تین ایسی غلطیاں جو بوجہ نہ میسر آنے نظر ثانی یا طفرہ نظر کے رہ گئی ہیں اور باقی شیخ صاحب کی اپنی عقل کی کوتاہی اور سمجھ کا گھاٹا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ شیخ صاحب نے کبھی لسان عرب کی طرف توجہ نہیں کی۔ بہتر تھا کہ چپ رہتے اور اور بھی اپنی پردہ دری نہ کراتے۔ ہمیں شوق ہی رہا کہ شیخ صاحب ہماری کتابوں کے مقابل پر کوئی فصیح بلیغ رسالہ نظم اور نثر میں نکالیں اور ہم سے انعام لیں اور ہم سے اقرار کرا لیں کہ درحقیقت وہ مولوی اور عربی دان ہیں۔

میں کئی دفعہ بیان کر چکا ہوں کہ یہ **رسائل** جو لکھے گئے ہیں تائید الٰہی سے لکھے گئے ہیں۔

مَیں ان کا نام **وحی** اور **الہام** تو نہیں رکھتا مگر یہ تو ضرور کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی خاص اور خارق عادت تائید نے یہ رسالے میرے ہاتھ سے نکلوائے ہیں۔ میں نے کئی مرتبہ شائع کیا کہ اگر شیخ صاحب موصوف جن کی نسبت میرا اعتقاد ہے کہ وہ خذلان میں پڑے ہوئے ہیں اور علم عربیت سے کسی اتفاق سے محروم رہ گئے ہیں مقابلہ کر کے دکھلا دیں تو وہ اس مقابلہ سے میرے ان تمام دعاوی کو نابود کر دیں گے۔ مگر شیخ صاحب کیوں اس طرف متوجہ نہیں ہوتے کونسی مصیبت ہے جو ان کو مانع ہے۔ بس یہی مصیبت ہے کہ وہ لسان عرب سے بے بہرہ اور آج کل خذلان کی حالت میں مبتلا ہیں۔ ان کے لئے ہرگز ممکن نہ ہوگا کہ مقابلہ کر سکیں۔ یہ وہی الہام ہے جو ظہور کر رہا ہے کہ **انّی مھین من اراد اھانتک** یہ وہی محمد حسین ہے جو اس عاجز کی نسبت جا بجا کہتا پھرتا تھا کہ یہ شخص سخت جاہل ہے۔ عربی کیا ایک صیغہ تک اس کو نہیں آتا اور وہ اعلیٰ درجہ کے فاضل جو میرے ساتھ ہیں ان کو کہتا تھا کہ یہ لوگ صرف منشی ہیں۔ پس خدا تعالیٰ کی غیرت نے تقاضا کیا کہ اس کی پردہ دری کرے اور اس کے تکبر کو توڑے اور اس کو دکھلاوے کہ **خود پسندی** اور **عجب** کے **یہ ثمرات** ہیں۔ سو اس سے زیادہ اور کیا ﴿۸۳﴾ **اہانت** ہوگی کہ جس شخص کو جاہل سمجھتا تھا اور منبر پر چڑھ کر اور مجلسوں میں بیٹھ کر بار بار کہتا تھا کہ **زبان عرب** سے یہ شخص بالکل ناآشنا ہے اور اجہل ہے اسی کے ہاتھ سے خدا تعالیٰ نے اس کو شرمندہ اور **ذلیل** کیا۔ اگر یہ نشان نہیں تو چاہیئے تھا کہ محمد حسین اپنے تمام دوستوں سے مدد لیتا اور **نور الحق** اور **کرامات الصادقین** کا جواب لکھتا۔ اس شخص کو بڑے بڑے انعاموں کے وعدے دیئے گئے۔ ہزار لعنت کا ذخیرہ آگے رکھا گیا مگر اس طرف توجہ نہ کی۔ سو یہ نتیجہ مخالفت حق کا ہے **فاتقوا اللّٰہ یا اولی الابصار**۔

اور یاد رہے کہ یہ عذر شیخ صاحب موصوف کا کہ نور الحق میں پادری بھی مخاطب ہیں اس لئے رسالہ بالمقابل لکھنے سے پہلو تہی کیا گیا نہایت **مکارانہ عذر** ہے۔ گویا ایک بہانہ ڈھونڈھا ہے کہ کسی طرح جان بچ جائے لیکن دانا سمجھتے ہیں کہ یہ بہانہ نہایت کچا اور فضول اور ایک

شرمناک کارستانی ہے کیونکہ ہم نے تو لکھ دیا ہے کہ صرف پادری لوگ اور بے دین آدمی اس کے مقابلہ سے عاجز رہ سکتے ہیں سچے مسلمان عاجز نہیں ہیں۔ پس اگر شیخ صاحب بالمقابل رسالہ پیش کرتے تو پادریوں کی اور بھی ذلت ہوتی اور لوگ کہتے کہ مسلمانوں نے ہی یہ رسالہ بنایا تھا اور مسلمانوں نے ہی اس کے مقابل پر ایک اور رسالہ بنا دیا مگر پادریوں سے کچھ نہ ہو سکا۔ ماسوا اس کے تین ہزار روپیہ انعام پاتے الہام کا جھوٹا ہونا ثابت کر دیتے اور قوم میں عزت حاصل کر لیتے۔ اور بعض ان کے پرانے دوست جو کہہ رہے ہیں کہ بس معلوم ہوا جو محمد حسین اردو دان ہے عربی نہیں جانتا یہ تمام شک ان کے دور ہو جاتے۔ مگر اب جو وہ مقابلہ سے دستکش ہو گئے تو آئندہ حیا سے بہت بعید ہوگا کہ اس **جماعت کا نام منشی رکھیں** اور خود ان امور سے گریز کریں جو مولویت کے منصب کے لئے شرط ضروری ہیں۔ ان لوگوں کا عجیب اعتقاد ہے جو اب بھی ان لوگوں کو عربی دان ہی سمجھ رہے ہیں اور مولوی کر کے **پکارتے ہیں** نہایت خیر خواہی کی راہ سے پھر میں **آخری دعوت** کرتا ہوں اور پہلے رسالوں کے مقابلہ سے نومید ہو کر رسالہ **سرالخلافہ** کی طرف شیخ صاحب کو بلاتا ہوں۔ آپ کے لئے ستائیس دن کی میعاد اور **ستائیس روپیہ** نقد کا انعام مقرر کیا گیا ہے اور میں اس پر راضی ہوں کہ یہ روپیہ **آپ ہی کے سپرد کروں** اگر آپ طلب کریں اور ہم نہ بھیجیں تو ہم کاذب ہیں۔ ہم پہلے ہی یہ روپیہ بھیج سکتے ہیں مگر آپ اقرار شائع کر دیں کہ میں ستائیس دن میں رسالہ بالمقابل شائع کر دوں گا۔ اگر آپ اس مدت میں شائع کر دیں تو آپ نے نہ صرف ستائیس روپیہ انعام پایا بلکہ ہم عام طور پر شائع کر دیں گے کہ ہم نے اتنی مدت جو آپ کو شیخ شیخ کر کے پکارا اور مولوی محمد حسین نہ کہا یہ ہماری سخت غلطی تھی بلکہ آپ تو فی الواقع بڑے فاضل اور ادیب ہیں اور اس لائق ہیں کہ جو حدیث کے آپ معنے سمجھیں وہی قبول کئے جائیں۔ ﴿۸۴﴾

اب دیکھو کہ کس قدر آپ کو اس میں فتح میسر آتی ہے اور پھر بعد اس کے کچھ بھی حاجت نہیں کہ آپ روپیہ اکٹھا کرنے کے لئے لوگوں کو تکلیف دیں یا اس نوکری سے استعفاء

دینے کے لئے طیار ہو جائیں۔ کیونکہ جب آپ نے **میرا مقابلہ** کر دکھایا تو میرا الہام جھوٹا کر دیا تو اس صورت میں میرا تو کچھ باقی نہ رہا۔ پس آپ کو **خدا تعالیٰ کی قسم** ہے کہ اگر آپ کو علم عربی میں کچھ بھی دخل ہے **ایک ذرہ بھی دخل** ہے تو اب کی دفعہ تو ہرگز منہ نہ پھیریں اور اگر اس رسالہ میں کچھ غلطیاں ثابت ہوں تو آپ کے بالمقابل رسالہ کی غلطیوں سے جس قدر زیادہ ہوں گی **فی غلطی** ایک روپیہ آپ کو دیا جائے گا **پچیس جولائی ۱۸۹۴ء** تک اس درخواست کی میعاد ہے۔ اگر آپ نے **۲۵ جولائی ۱۸۹۴ء** تک یہ درخواست چھاپ کر بذریعہ کسی **اشتہار** کے نہ بھیجی تو سمجھا جاوے گا کہ آپ اس سے بھی بھاگ گئے۔

اور مسلمانوں کو لازم ہے کہ ان **نادانوں کو جو نام کے مولوی ہیں** اور اپنے وعظوں اور رسالوں کو **معاش کا ذریعہ** ٹھہرا رکھا ہے خوب پکڑیں اور ہریک جگہ جو ایسا مولوی کہیں وعظ کرنے کے لئے آوے اس سے نرمی کے ساتھ یہی سوال کریں کہ **کیا آپ درحقیقت مولوی ہیں** یا کسی نفسانی غرض کی وجہ سے اپنا نام مولوی رکھا لیا ہے۔ کیا آپ نے **نور الحق** کا کوئی جواب لکھا یا **کرامات الصادقین** کا کوئی جواب تحریر کیا ہے یا رسالہ **سرّ الخلافه** کے مقابل پر کوئی رسالہ نکالا ہے۔ اور یقیناً یاد رکھیں کہ یہ لوگ مولوی نہیں ہیں۔ مسلمانوں کو لازم ہے کہ نور الحق وغیرہ رسائل اپنے پاس رکھیں اور پادریوں اور اس جنس کے مولویوں کو ہمیشہ ان سے ملزم کرتے رہیں اور ان کی پردہ دری کر کے اسلام کو ان کے فتنہ سے بچاویں اور خوب سوچ لیں کہ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے دھوکا دہی کی راہ سے مولوی کہلا کر صدہا مسلمانوں کو کافر ٹھہرایا اور اسلام میں ایک سخت فتنہ برپا کر دیا۔ **والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ۔**

الراقم

خاکسار **غلام احمد** عفی اللہ عنہ

الشيخ عبد الحُسين

الناكفورى

﴿۸۵﴾

سأل عنى بعض الناس فى أمر الشيخ عبد الحسين ناكفورى، وقالوا إنه يدّعى أنه نائب المهدى الموعود، وأنه من اللّٰه رب العالمين. فاعلموا أنّى ما توجهتُ إلى هذا الأمر، وما أرىٰ أن أتوجه إليه، ويجرّد اللّٰه كلَّ حقيقة من أستارها، وكلّ شجرة تُعرَف من ثمارها، فستعرفون كل شجرٍ من ثمره إلى حين. والذى اتّبعَنا فى مشربنا فهو منّا، والذى لم يتّبع فهو ليس منّا، وسيحكم اللّٰه بيننا وبينهم وهو أحكم الحاكمين. إن الذين يبسطون يديهم إلى عرض الصحابة ويحسبون صَحْبَ رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم من الكفرة الفجرة، أولئک ليسوا منا ولسنا منهم، فرّقوا دين اللّٰه وكانوا كالمفسدين. أولٰئک الذين ما عرفوا رسول اللّٰه حق المعرفة، وما قدروا حق قدرِ خيرِ البريّة، فقالوا إن صحبه أكثرهم كانوا فاسقين كافرين. ما اتقوا الفواحش، وخانوا كل خيانةٍ، ما ظهر منها وما بطن، وكانوا منافقين. فصرف اللّٰه قلوبهم عن الحق، يتكبّرون فى الأرض بغير الحق، يقولون نحن نحبّ آل رسول اللّٰه وما كانوا مُحبّين.

يريدون أن يُرضوا قومهم بالسب والشتم، واللّٰه أحقُّ أن يُرضوه إن كانوا مؤمنين. ألا إنهم على الباطل، ألا إنهم من المفسدين. وغشِيهم من التعصب ما غشيهم

فانثنوا كالعَمين. فلن يكون منهم ولىُّ الرحمن أبدًا، ولهم عذاب أليم فى الآخرة، وهم من المحرومين. إلا الذين تابوا وأصلحوا وطهّروا قلوبهم وزكّوا نفوسهم، وجاء وا ربّ العرش مخلصين، فلن يضيع اللّٰه أجرهم ولن يُلحقهم بالمخذولين. وتجدون أنوار عشق اللّٰه فى جباههم، وآثار رحمة اللّٰه فى وجوههم، وتجدونهم من المحبين الصادقين. كُتب فى قلوبهم الإيمان، وحِيْلَ بينهم وبين شهواتهم، فلا يتبعون النفس إلا الحق، وخرّوا على حضرة اللّٰه متضرعين. وبنوا لمحبوبهم بنيانا فى قلوبهم، وبرزوا له متبتلين. يتبعون أحسنَ ما أُنزلَ إليهم من ربّهم، ويتقون حق التقاة، فتراهم كالميّتين. يجتنبون سبَّ الناس وغيبتهم، ويتّقون الفواحش مُستغفرين. ويتبعون الرسول حق الاتباع فتراهم فيه كالفانين. وكذالك تعرف الفاسقين بسيماهم وشِركهم ونَتَنِ كذبهم، وما للأُسود والثعالب يا معشر السائلين؟ ﴿۸۶﴾

ثم اعلموا أن معرفة الأولياء موقوفة على عين الاتقاء، فلا تجترء وا ولا تعجلوا علٰى أحد، فتنقلبوا مجرمين. وسارِعوا إلى حسن الظن ما استعطم☆، وأحسنوا واللّٰه يحب المحسنين. ولا يجرِمَنّكم شقاق أحد أن تعادوا قومًا صالحين. إن اللّٰه يمنّ على من يشاء من عباده، ولا يُسأل عما يفعل، فلا تنكروا كالمجترئين. ولا تستخفّوا سبَّ أولياء اللّٰه، إنهم قوم يغضب اللّٰه لهم، ويصول على معاديهم، وإنهم من المنصورين. ولا تجاوروهم إلا بالتى هى أحسن، ولا تجترئوا ولا تعتدوا إن كنتم متقين. ومن عادىٰ صادقا فقد مسّته نفحة من العذاب، فيا حسرة على المستعجلين وإن كان أحد منكم يُعادى الصادق فأَعِظُه أن يعود لمثله أبدًا إن كان من المتورّعين.

☆ سهو الناسخ والصحيح ”اسطعتم“. (الناشر)

ومن جاءه الحق فلم يقبله وزاورَ ذاتَ الشمال فسيبكى أسفا، وما كان اللّٰه مُهلِكَ قوم حتى يُتمّ حجته عليهم، فإذا أبوا فيأخذهم مليكٌ مقتدر، فاتقوه يا معشر الغافلين.

المكتُوب إلٰى عُلمَاء الهند

فمنهم المولوي عبد الجبار الغزنوي، والمولوي عبد الرحمان اللكوكوي، والمولوي غلام دستكير القصوري، والمولوي مشتاق أحمد اللودهيانوي، والمولوي محمد إسحاق البتيالوي، والقاضي سليمان، والمولوي رشيد أحمد الكنكوئي، والمولوي محمد بشير البوفالوي، والمولوي عبد الحق الدهلوي، والمولوي نذير حسين الدهلوي، والشيخ حسين عرب البوفالوي، والحافظ عبد المنان الوزير آبادي، والمولوي شاه دين اللودهانوي، والمولوي عبد المجيد الدهلوي، والمولوي عبد العزيز اللوديانوي، والمولوي عبد اللّٰه تلوندوي، والمولوي نذير حسن الأنبيتوي السهارنفوري.

بسم اللّٰه الرحمٰن الرحيم. الحمد للّٰه الذى يُطلع القمر بعد دُجى المحاق،
ويُغيث بعد المحل بالبُعاق، ويرسل الرياح بعد الاحتباس، ويهدي عباده ﴿۸۷﴾
بعد وساوس الخنّاس، ويُظهر نوره عند إحاطة الظلمات، وينزل رُشدًا عند طوفان الجهلات؛ والصلاة والسلام على سيد الرسل وخير الكائنات، وأصحابِه الذين طهّروا الأرض من أنواع الهنات والبدعات، وآلِه الذين

تركوا بأعمالهم أسوة حسنة للطيبين والطيبات، وعلٰى جميع عباد اللّٰه الصالحين.

أمّا بعد فيا عباد اللّٰه، إنكم أنتم تعلمون أن ريح نفحات الإسلام كيف ركدت، ومصابيحه كيف خبَتْ، والفتن كيف عمّت وكثُرت، وأنواع البدع كيف ظهرت وشاعت، وقد مضٰى رأس المائة الذى كنتم ترقبونه، ففكِّروا لِمَ ما ظهر مجدد كنتم تنتظرونه؟ أظننتم أن اللّٰه أخلفَ وعده أو كنتم قومًا غافلين. فاعلموا أن اللّٰه قد أرسلنى لإصلاح هذا الزمان، وأعطانى علم كتابه القرآن، وجعلني مجددًا لأحكم بينكم فيما كنتم فيه مختلفين. فلِمَ لا تطيعون حَكَمَكُم ولِمَ تصولون منكرين؟ وما كنتُ من الكافرين ولا من المرتدين، ولكن ما فهمتم سرَّ اللّٰه، وحار فهمكم، وفرط وهمكم، وكفّرتمونى، وما بلغتم معشار ما قلتُ لكم، وكنتم قومًا مستعجلين. وواللّٰه إنى لا أدّعى النبوة ولا أجاوز الملة، ولا أغترف إلا من فضالة خاتم النبيين. وأؤمن باللّٰه وملائكته وكتبه ورسله، وأصلى وأستقبل القبلة، فلِم تكفّروننى؟ ألا تخافون اللّٰه رب العالمين؟

أيها الناس لا تعجلوا علىّ، ويعلم ربّى أنى مسلم، فلا تُكفّروا المسلمين. وتدبَّروا صحف اللّٰه، وفكِّروا فى كتاب مبين. وما خلقكم اللّٰه لتكفّروا الناس بغير علم، وتتركوا طرق رفق وحلم وحسن ظن، وتلعنوا المؤمنين. لِمَ تخالفون قول اللّٰه وأنتم تعلمون؟ أخُلقتم لتكفير المؤمنين أو شققتم صدورنا، ورأيتم نفاقنا وكُفرنا وزورنا؟ فأيها الناس، توبوا توبوا وتندموا، ولا تغلُوا فى ظنكم ولا تُصرّوا، واتقوا اللّٰه ولا تجترءوا ولا تيأسوا من روح اللّٰه، وإنه لا يُضيع أمة خير المرسلين. خلَق الناس ليعبدوا، وأرسل الرسل ليعرفوا، وليحكُم فيما اختلفوا، وبيّن الأحكام ليطيعوا ويُوجَروا، وبعث المجدّدين ليُذكّر

الـنـاس مـا ذهـلـوا، ودقّـق مـعـارفهم ليُبتّلوا، وليعلَم اللّٰه قومًا أطاعوا وقومًا أعـرضـوا، وشـرع البيـعة لأهل الطريقة ليتوارثوا فى البركات ويتضاعفوا، وأوجـب عـليهـم حسـن الـظـن ليجتنبوا طرق الهلاک ويُعصَموا، وفتح أبواب التـوبة ليُـرحَـمـوا ويُـغـفَـروا، والـلّٰه أوسع فضلا ورحما وهو أرحم الراحمين. وما كان لى أن أفتري على اللّٰه، واللّٰه يُهلک قوما ظالمين. ﴿۸۸﴾

وإنـي سُـمّـيـتُ عيسٰـى ابـن مـريـم بـأحكام الإلهام، فما كان لى أن أستـقيـل مـن هـذا المقام بعدما أقامنى عليه أمر اللّٰه العلام، وما أراه مخالفا لـنصوص كتاب اللّٰه ولا آثار خير المرسلين. بل زلّتْ قدمكم، وما خشيتم نـدمكم، وما رجعتم إلى القرآن، وما أمعنتم فى الآثار حق الإمعان، وتركتم طـرق الرشد والسدد، وملتم إلى التعصب واللدد، وغشِيتكم هوى النفس الأمّارة ، فـمـا فهـمتـم مـعاني العبارة، ووفقتم موقف المتعصبين. يا حسرة عـليـكـم إنـكم تنتصبون لإزراء الناس، ولا ترون عيوب أنفسكم من خدع الـخـنّـاس، وتـمـايلتم على الدنيا وأعراضها غافلين. وواللّٰه إن جمع الدنيا والـديـن أمـرٌ لـم يـحصل قط للطالبين، وإنه أشد وأصعب من نكاح حُرّتَين ومعاشرة ضرّتَين، لو كنتم متدبّرين.

اعـلـمـوا أن لبـاس الـتـقـوٰى لا يـنفع أحدًا من غير حقيقة يعلمها الـمـولٰـى، ومـا كـلُّ سوداءَ تمرةً ولا كلّ صهباءَ خمرةً، وكم مِن مزوّر يـعـتـلـق بـرب الـعـبـاد، اعتـلاق الـحـربـاء بالأعواد، لا يكون له حظ من ثـمـرتهـا، ولا عـلـم مـن حلاوتها وكذلک جعل اللّٰه قلوب المنافقين؛ يـصـلّـون ولا يعلمون ما الصلاة، ويتصدقون وما يعلمون ما الصدقات، ويـصـومـون ومـا يـعـلـمـون مـا الـصيام، ويحجّون وما يعلمون ما الإحرام، ويتشهـدون ومـا يعلمون ما التوحيد، ويسترجعون ولا يعرفون مَن المالک

الوحيد، إنْ هم إلّا كالأنعام بل من أسفل السافلين. وأما عباد اللّٰه الصادقون، وعشّاقه المخلصون، فهم يصلون إلى لُبّ الحقائق، ودُهن الدقائق، ويغرس اللّٰه فى قلوبهم شجرة عظمته ودوحة جلاله وعزّته، فيعيشون بمحبته ويموتون لمحبته، وإذا جاء وقت الحشر فيقومون من القبور فى محبته. قوم فانون، ولِلّٰه موجَعون، وإلى اللّٰه متبتّلون، وبتحريكه يتحركون، وبإنطاقه ينطقون، وبتبصيره يبصرون، وبإيمائه يُعادون أو يُوالون. الإيمان إيمانهم، والعدم مكانهم، سُتِروا فى ملاحف غيرة اللّٰه فلا يعرفهم أحد من المحجوبين. يُعرفون بالآيات وخرقِ العادات والتأييدات مِن ربّ يتولاهم، وأنعمَ عليهم بأنواع الإنعامات. يدركهم عند كل مصيبة، وينصرهم فى كل معركة بنصر مبين. إنهم تلاميذ الرحمان، واللّٰهُ كان لهم كالقوابل للصبيان، فيكون كل حركتهم مِن يد القدرة، ومِن مُحرِّكٍ غاب من أعين البريّة، ويكون كل فعلهم خارقا للعادة، ويفوقون الناس ﴿۸۹﴾
فى جميع أنواع السعادة؛ فصبرهم كرامة، وصدقهم كرامة، ووفاءهم كرامة، ورضاءهم كرامة، وحلمهم كرامة، وعلمهم كرامة، وحياءهم كرامة، ودعاءهم كرامة، وكلماتهم كرامة، وعباداتهم كرامة، وثباتهم كرامة؛ وينزلون من اللّٰه بمنزلة لا يعلمها الخلق. وإنهم قوم لا يشقى جليسهم، ولا يُرَدُّ أنيسهم، وتجد ريّا المحبوب فى مجالسهم، ونسيم البركات فى محافلهم، إن كنتَ لست أخشَمَ ومن المحرومين. وينزل بركات على جدرانهم وأبوابهم وأحبابهم، فتراها إن كنتَ لستَ من قوم عمين.

أيها النّاس قد تقطعت معاذيركم، وتبينت دقاريركم، وأقبلتم عليّ إقبالَ سفّاكٍ، ولكن حفظنى ربّى من هلاك، فأصبحتُ مظفرًا ومن الغالبين. أيها النّاس. قد اعتديتم اعتداءً كبيرًا فاخشوا عليمًا خبيرًا، ولا تجعلوا أنفسكم بنَخِّها وجَخِّها كعِظام استخرجت مخّها، ولا تعثوا فى الأرض معتدين. وإنّى امرؤٌ

ما أبالي رفعة هذه الدنيا وخفضها، ورفعها وخفضها، بل أحِنّ إلى الفقر والمتربة، حنينَ الشحيح إلى الذهب والفضة، وأتوق إلى التذلل توقانَ السقيم إلى الدواء ، وذى الخصاصة إلى أهل الثراء ، وأتوكل على اللّٰه أحسن الخالقين. وما أخاف حصائد ألسنة، وغوائل كلِمٍ مزخرفةٍ، ويتولانى ربى ويعصمنى من كل شرّ ومن فتن المعاندين.

أيها النّاس لا تتبعوا مَن عادٰى، وقوموا فرادٰى فرادٰى، ثم فكروا إن كنتُ على حق، وأنتم لعنتمونى وكذّبتمونى وكفّرتمونى وآذيتمونى، فكيف كانت عاقبة الظالمين؟ وما اقتبلتُ أمر الخلافة إلا بحُكم اللّٰه ذى الرأفة، وإنى بيدَى ربى الدابل، كصبىٍّ فى أيدى القوابل، وقد كنت محزونا من فتن الزمان، وغلبة النصارى وأنواع الافتنان، فلما رأى اللّٰه استطارةَ فَرَقى واستشاطةَ قلقى، ورأى أن قلبى ضجر، ونهر الدموع انفجر، وطارت النفس شعاعًا، وأُرعدت الفرائص ارتياعا، فنظر إلىّ تحننًا وتلطفًا، وتخيَّرنى ترحما وتفضلا، وقال إِنِّى جَاعِلُكَ فى الْأَرْضِ خَلِيفَةً ، وقال أَرَدْتُ أَنْ أَسْتَخْلِفَ فَخَلَقْتُ آدَمَ ، فهذا كله من ربى، فلا تحاربوا اللّٰه إن كنتم متقين. يفعل ما يريد، أأنتم تعجبون؟ وإنى قبلتُ أنى أذَلُّ الناس وأنى أجهَل الناس كما هو فى قلوبكم، ولكن كيف أردّ فضل أرحم الراحمين؟ وما تكلمتُ قبلا فى هذا الباب، بل عندى شهادة من الآثار ﴿۹۰﴾ والكتاب، فهل أنتم تقبلون؟ أما ترون كيف بيّن اللّٰه وفاة المسيح، وصدّقه خيرُ الرسل بالتصريح، ورَدِفَهما تفسيرُ ابن عباس كما تعلمون؟ **أيها الناس** ثم أنتم تنكرون وتتركون قول اللّٰه ورسوله ولا تخافون، وتُكِبّون على لفظ النزول وتعلمون معناه من زُبر الأوّلين. وما قصّ اللّٰه عليكم قصّةً إلّا وله مثالٌ

ذُكر فی صحف السابقين. فكيف الضلال وقد خلت لكم الأمثال؟ أتذرون سبل الحق متعمدين؟ وقال اللّٰه ورزقكم فی السماء، وأخبركم عن نزول الحديد واللباس والأنعام وكل ما هو تحتاجون إليه، وتعلمون أن هذه الأشياء لا تنزل من السماء بل يحدث فی الأرضين. فما كان إلا إشارة إلی نزول الأسباب المؤثرة من الحرارة والضوء والمطر والأهوية، فما لكم لا تتفكرون وتستعجلون؟ تعلمون ظاهر الأشياء وتنسون حقائقها وتمرون علی آيات اللّٰه غافلين. وإن كنتم فی شک من قولی فانتظروا مآل أمری وإنی معكم من المنتظرين. وكم من علوم أخفاها اللّٰه ابتلاءً من عنده، فاعلموا أن السر مكنون، وما فی يديكم إلا ظنون، فلا تكفرونی لظنونكم يا معشر المنكرين. انتهُوا خيرًا لكم، وإنی طبتُ نفسا عن كل ما تفعلون من الإيذاء والتحقير والتكذيب والتكفير، وما أشكو إلا إلی اللّٰه، بل لما بصرتُ بانقباضكم وتجلّی لی إعراضُكم، علمتُ أنه ابتلاء من ربی، فله العُتبی حتی يرضی، وهو أرحم الراحمين. فذكرتُ ربًّا جليلًا، وصبرتُ صبرًا جميلًا، ولكنكم ما اهتديتم، وظلمتم واعتديتم، قال اللّٰه لَا تَنَابَزُوْا، فنبزْتم، وقال لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ، فسخرتم، وقال يا عيسٰی إنّی مُتَوَفِّيکَ، فأنكرتم، وقال اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ، فظننتم وكفّرتمونی ولعنتم، وقال لَا تَجَسَّسُوْا، فتجسّستم، ثم صعّرتم وعبستم، وقال لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا[1] وقال وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰٓی اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا[2]، فاغتبتم وكفّرتم، وما أراكم إلی هذا الحين منتهين. أنسيتم أَخْذَ اللّٰه وضغطةَ القبر، أو لكم براءة فی الزبر، أو أُذِنَ لكم من اللّٰه رب العالمين. فكروا ثم فكروا، أتفتی قلوبُكم

[1] الحجرات: ۱۳ [2] النساء: ۹۵

أن اللّٰه الذی یعینکم عند کل تردُّد هو أقوَی مثلَ هذا الزمان عن مجدد؟ وقد کنتم تستفتحون من قبل، فلما جاء نصر اللّٰه صرتم أول المعرضین. ولویتم عنی عِذارکم، وأبدیتم ازورارکم، وصرفتم عنی المودّة، وبدلتم بالبغض المحبة، وذاب حسن ظنکم واضمحلّ، ورحل حبکم وانسلّ، وصرتم أکبر المعادین. فلما رأیتُ أعراض التزویر وانتهاء الأمر إلی التکفیر، علمتُ أن مخاطبتی بهذه الإخوان مجلبة للهوان، فوجهتُ وجهی إلی أعزّة العرب والمتفقهین. وإنی أری أنهم یقبلوننی ویأتوننی ویعظّموننی، فسرَّنی مرأی هذه الوجوه المبارکة، ودعانی التفاؤل بتلک الأقدام المبشرة إلی أن عمدت لتنمیق بعض الرسائل فی عربی مبین. ﴿۹۱﴾
فهمَمْتُ لنفع تلک الإخوان بأن أکتب لهم بعض أسرار العرفان، فألفتُ "التحفة"[١] و"الحمامة"[٢]، و"نور الحق"[٣] و"الکرامة"[٤]، ورسالة "إتمام الحجة"[٥] وهذه "سِرّ الخلافة"[٦]، وفیها منافع للذین وردتُ منهم مورد الکافرین. وأرجو أن یغفر ربی لکل من یأتینی کالمقترفین المعترفین. ألا تنظرون وما بقي مِن حُلل الدین إلا أطمارًا مخرَّقة، وما مِن قصره إلا أطلالا محرَّقة، وکُنا مُضغة للماضغین. أتعجبون مِن أن اللّٰه أدرکَکم بفضله ومنّته، وما أضاحَکم عن ظل رحمته؟ أکانت لهذا الزمان حاجة إلی دجال، وما کانوا محتاجین إلی نصرة رب فعال؟ ما لکم کیف تخوضون؟ أین ذهبت قوة غور العقل وفهم النقل، وأین رحلت فراستکم، وأی آفة نزلت علی بصیرتکم، أنکم لا تعرفون وجوه الصادقین والکاذبین؟ وقد لبثتُ فیکم عُمُرًا من قبله أفلا تعقلون؟ وإن رجلا یبذل قواه وکل ما رزقه اللّٰه وآتاه، لإعانة مذهب یرضاه، حتی یُحسب أنه أهله وذراه، وقد رأیتم مواساتی للإسلام، وبَذْلَ جهدی لملّة خیر الأنام، ثم لا تبصرون. وعرضتُ علیکم

كـل آية قُبُلًا، ثـم لا تنظرون. وإنى جئتكم لأنجيكم من مكرٍ مُرمِض وروعٍ مُومِض، ثم أنتم لا تفكرون. وعزوتم إلىّ ادعاء النبوة، وما خشيتم اللّٰه عند هـذه الـفرية، ومـا كـنتـم خـائـفيـن. ولا تفهمون مقالى، وتحسبون أُجاجًا زلالـى، ولا تـعقلون. وكيف يفهم الأسرار الإلهية مَن سدل ثوب الخيلاء، وعـدل عـن الـحـق بـجـذبـات الـشـحـنـاء، ورضـى بالجهلات، ومال إلى الخزعبلات، وأعرض عن الصراط كالعمين؟

وتـقـولـون إعـراضـا عـن مـقـالتى، وإظهارًا لضلالتى، إن الملائكة ينـــزلـون إلـى الأرض بـأجسـامهـم ويُـقْـوُون أمـاكـنَ مقامهم، ويتركون السماوات خالية، وربما تمرّ عليهم برهة من الزمان لا يرجعون إلى مكان، ولا تـقـرَبونه☆ لتـمـادى الـوقـت عـلٰـى وجـه الأرض لإتمام مهمات نوع الإنسـان، ويـضـيـعـون زمان السفر بالبطالة كما هو رأى شيخ البطالة؛ وإنه قـال فـى هـذا البـاب مـجـملا، ولكن لزمه ذلك الفساد بداهة، فإن الذى مـحتاج إلى الحركة لإتمام الخطة، فلا شك أنه محتاج إلى صرف الزمان لقطع المسافة وإتمام العمل المطلوب من هذا السفر ذى الشأن، فالحاجة الأُولٰـى تـوجـب وجـود حاجة ثانية، فهذا تصرُّف فى عقيدة إيمانية. ثم من الـمـحتـمـل أن لا يفضُل وقت عن مقصود، ويبقى مقصود آخر كموءود؛ فـانـظر ما يلزم من المحذورات وذخيرةِ الخزعبلات، فكيف تخرجون من عـقيدة إيـمـانية إلـى التـصـرفـات والتـصريحات، وأنتم تعلمون أن وجود الـمـلائـكة مـن الإيمانيات، فنـزولهم يشابه نزول اللّٰه فى جميع الصفات. ﴿۹۲﴾
أيـقبـل عـقلٌ إيمانىٌّ أن تخلو السماوات عند نزول الملائكة ولا تبقى فيها شـىء بـعـد هذه الرحلة؟ كأنّ صفوفها تقوضت، وأبوابها قُفلت، وشؤونها عُـطّـلـت، وأمورهـا قُـلّبـت، وكـل سـمـاء ألقت ما فيها وتخلّتْ. إن كان

☆ سهو الناسخ والصحيح ”يقربونه“. (الناشر)

هـذا هو الحق فأَخرِجوا مِن نصٍّ إن كنتم صادقين. ولن تستطيعوا أن تـخـرجـوا ولو متم، فتوبوا واتقوا اللّٰه يا معشر المعتدين. اعلموا أن الـدراية والـرواية تـوأَمـانِ، فـمَـن لا يراهما بنظر واحد فيقع فى هوة الـخسـران، ويُـضيـع بـضـاعة الـعـرفان، ثم بعد ذلک يُضيع حقيقة الإيـمان ويلحق بالخاسرين. ومن خصائص ديننا أنه يجمع العقل مع الـنـقل، والدراية مع الرواية، ولا يتركنا كالنائمين. فنسأل اللّٰه تعالٰى أن يُـعـطيَـنـا حـقـائـق الإيـمـان، ويُـوطننـا ثرى العرفـان، ويـرزقَـنـا مَرْأَى الجِنان بأنوار الجَنان، ويُمْطِيَنا قَرَا الإذعان، لنقترىَ قِرى مرضات رب الرحمن، ونتخيم بالحضرة ونسلَى عن الأوطان ونُغلِّس غاديًا إلى مرضاة المولى، ونحفِد إلى ما هو أنسب و أولى، ونخترق فى مسالک العرفان، وننصلت فى سِكَكِ حُبِّ الرحمٰن، ونأوى إلى حصون وثيقة، ومَغانٍ أنيقة من صول الشياطين، **باتباع النبىّ الأمّىّ خاتم النّبيّين. اللّٰهم فصلّ وسلّمُ عليه إلٰى يوم الدّين وآخر دعوانا أن الحمد للّٰه رب العالمين.**

